

377



31°00′
45′
37°00′
37°00′
2844
JIBĀL WAQF AṢ ṢUWWĀN
2723
2674
33
2887
2835
3056
2651
36
Advisory
STRICTLY
3245
2930
37°00′
YRIAN DESERT



Marfat.com


29°00′
1657ft
2169ft
OSTAN E BALUCHESTAN VA SISTAN
OSTAN E KERMAN
27
29
59°30′
28°30′

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com




Marfat.com

میاں سلیمان ولد بلال

Marfat.com

سبحانک اللهم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا الہ غیرک اعوذ باللہ من الشیطان
یا کبیر نزول الی اللہ ادہ ساتھ تعریف تیری ہے

الحمد للہ رب العالمین الرحمن
شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بخشش والا مہربان ہے

Marfat.com

غلام رسول ولد میاں [illegible] ولد میاں کالو ولد [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم

بقلم خود

# غلام رسول بقلم خود

میاں

میاں سلیمان

Marfat.com

52919

Marfat.com

دو دشمن دین نے اپنا [illegible]

رفیق احمد صاحب کے پاس ۱۶ اگست ۱۹۶۹ء

بشیر احمد

Marfat.com

... در کھا ... تھہ با محل میں تمنے جا کے ... ہی لیا

تیری ... بھی کیا سوچ بھرا اُٹھے قدم تیری انگلی اُٹھ گئی مہ کا کلیجا چیر لیا
... چلی تیری ضیا اندھیر عالم سے گھٹا کھل گیا گیسو ترا رحمت کا بادل چھا گھر گیا
... گئی تیری ... اسا ... میں ... لگی ... کا دبلی تیری ضیا آتش پہ پانی بھر گیا
تیری رحمت سے صفی اللہ کا بیڑا پار تھا تیرے صدقے سے نجی اللہ کا بجرا تر گیا
تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرتھرا کر گر گیا
... کا لیا ہو اللہ اس کا ہو گیا کافر ان سے کیا پھرا اللہ ہی سے پھر گیا
... ان کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ جن سے اتنے کافروں کا دفعۃً منہ پھر گیا
... تھا وہ لیا بام ... جس سے ... صاحبوں کا ... منہ پھر گیا
... دو میں ... وہ دشمن صالح ملا ... سے ماتم اُٹھے وہ طیب و طاہر گیا
... خاص ... رضا بندا ملنے ... حضرت ... گیا
... تھا ... پھر ... ان کے در ... قافلہ تو اے رضا اول گیا آخر گیا
نعت شریف

پنجابی نعت [illegible]

دیکھو دیکھو بندیاں تے وکھیاں کیہڑا شور مچایا اے
کرتی ہمن پیغمبر ولیاں اپنا دین وکھایا اے

اک مدرکہ کھلیا یار دے وچ محمد نور سنارے
منکر نور دے نیڑے یار و بنی دا شان [illegible]
دیکھو دیکھو بندیاں

دے نور دے صاف انکاری دیکھو مت انہاں دی ماری
پہنچ گیا وچ بعد [illegible] دے [illegible]

[illegible] ایہ تیرا کر کافراں والا جو الا کر
پاک بندی دا شان [illegible] کری بیٹھ آیا آ [illegible]

ہری ویکھ کے گندی چال چپ ہو یا میں بہت ملال
کیہی کافراں والی ڈھال دے [illegible]
ہن تو لیا تے کون بیچارا دے [illegible] نشان نبی دا سارا
سب تعریفاں سر جنہاں دے نبی [illegible]
دیکھو دیکھو بندیاں

او ہے پہنچی اودہ سرکار جیسے [illegible] دا [illegible]
جبرائیل بھی بیٹھا [illegible] رب نے پاس بلایا

دیکھو دیکھو بندیاں تے وکھ بیاں کیہڑا شور مچایا اے

Marfat.com

یا اللہ

یا محمدؐ

محمدؐ کا سکہ پلٹا جھوٹ کر اکو

اللہ ھو اکبر نہ سکتا

غلام رسول ولد میاں سلیمان

زندہ خراب حال کو زائیدہ نہ چھوڑ تو مجھ سے برائی کیا بگڑی اپنی بنی گئی

Marfat.com

ف
۲۹۸

حَافِظُوا عَلَى الصَّلٰوۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی

الحمد للہ

والمنۃ کہ یہ کتاب لاجواب حجم میں چھوٹی مسائل میں موٹی

مسمی بہ

# پکی روٹی

حسب فرمائش

ملک محمد امین اینڈ سنز تاجران کتب

کشمیری بازار لاہور

انقلاب سٹیم پریس لاہور بیرون موری گیٹ

Marfat.com

# یا اللہ جل جلالہٗ یا غوث پیچ عینہ یا محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

جیکو پچھی بسم اللہ دے معنے کیہڑے ہین تون اکھ جے ایہ
شروع کرنال میں ایس کتاب نوں نال نام خدا تعالیٰ دے جہڑا
روزی دیندا ہے ہر جی نوں وچ دنیا دے اتے بخشیگا مومنانوں
نال کافرانوں دہاڑے قیامت دے جیکو پچھی توں بندہ
کسدا ہیں تو اکھ جی خدا تعالیٰ دا جیکو پچھی توں امت کسدی
ہیں توں اکھ جی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جی
جیکو پچھی توں دوستدار کسدا ہیں توں اکھ جی چوہاں یار
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیاندا پہلا یار حضرت ابابکر صدیق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوجا یار حضرت عمر خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ترتیجا یار حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ چوتھا یار
حضرت علی کرم اللہ وجہ جیکو پچھی توں اولاد کسدی ہیں
توں اکھ جی حضرت آدم صفی اللہ دی جیکو پچھی توں ملت کسدی

Marfat.com

ھین توں اکہ جی حضرت ابراھیم خلیل اللہ دی جیکو پچھی توں گروہ
کسدے ھین توں اکہ جی مسلماناں دے جیکو پچھی توں مذھب
کسدے ھین توں اکہ جی حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ
دے جیکو پچھی سبھے صاحب مذھب دے کتنے ھین
توں اکہ جی چار۴ پہلا مذھب حضرت امام اعظم رحمۃ
اللہ علیہ دا دوجا۲ مذھب حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
دا تریجا۳ مذھب حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ دا چوتھا۴
مذھب حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ دا جیکو پچھے
پیغمبر صاحب دیاں کتنیاں پیڑیاں جانیاں فرض ھین توں
اکہ جی چار۴ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم
بیٹا عبد اللہ دا عبد اللہ بیٹا مطلب دا مطلب بیٹا ھاشم دا
ھاشم بیٹا عبد المناف دا جیکو پچھی توں مسلمان کدوں دا
ھیں توں اکہ جی روز میثاق دا جس دیہاڑے خدا
نے سب ارواح پیدا کیتے ھین جیکو پچھی سبھے
کتنے ھین توں اکہ جی نہ جیہڑا ایمان پیغمبرا ا ۰ ۱

دا اُسدا نام ایمان مقبول ہے اتے جیہڑا ایمان فرشتیاں دا اسدا
نام ایمان متبوع اتے جیہڑا ایمان مومناں دا اسدا نام ایمان
معصوم ہے اتے جیہڑا ایمان بدعتیاں دا اسدا نام ایمان موقوف
ہے اتے جیہڑا ایمان کافراں دا اسدا نام ایمان مردود
**جیکو پچھی** تیرا ایمان بیٹھا ہے یا کھلوتا توں اکھ جس سے
حکم خدا تعالیٰ دے منے اسدا ایمان بیٹھا ہے اتے جس
نے بغیر مانیاں کیتیاں اسدا ایمان کھلوتا ہے و یکھان
لتو یلے تُر بخس **جیکو پچھی** تیرا ایمان ننگا ہے یا کجیا
ہویا توں اکھ جی جس وچ حیا ہے اسدا ایمان کجیا ہویا
اتے جس وچ حیا نہیں اسدا ایمان ننگا ہے **جیکو پچھی**
تیرے ایمان دی جاگہ کیہڑی ہے توں اکھ جے دل مومن دا
**جیکو پچھی** تیرے ایمان دی جڑھ کیہڑی ہے توں اکھ
پڑھنا علم شریعت دا **جیکو پچھی** رکن ایمان دے کتنے
توں اکھ جی دو اقرار بِاللسانِ وتصدیق بالقلب اقرار کیتا نال زبان
دے اتے سچ کر منیاں نال دل دے جی خدا اِک ہے خدا

اس ہو یا حضرت محمدؐ اتر سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برحق ہے جیکو پچھی
حکم ایمان دے کتنے ہین توں اکہ جی ست اول جیکو مسلمان ہووے اسنوں
قتل نہ کیجے دوجا اسنوں بند نہ کیجے تریجا اسدا مال نہ کھسئے چوتھا
سنوں حکم شرع دے نہ رنجائیے پنجواں اس اگلہ نہ کیجے چھیواں اسدا
لہو بہشت وچ ہوسی ستواں استے دوزخ دی بہاہ حرام ہوسی
جیکو پچھی شرطاں ایمان دیاں کتنیاں ہین توں اکہ جی ست اول
ایمان لیاؤناں نال غیب دے دوجا علم غیب دا خاص خدا تعالیٰ نوں معلوم
ہے تریجا اختیار اپنے تے ایمان لیاؤنا چوتھا افضلاں خدا تعالیٰ دیاں
دا امیدوار رہنا پنجواں عذاباں خدا تعالیٰ دیاں تھیں ڈرنا چھیواں
حلالاں خدا تعالیٰ دیاں نوں حلال کر جاننا ستواں حراماں خدا
تعالیٰ دیاں نوں حرام جاننا جیکو پچھی صفتاں ایمان دیاں کتنیاں
ہین توں اکہ جی ست اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ منیاں میں خدا تعالیٰ نوں وَ
مَلٰٓئِكَتِهٖ اتے منے میں سب فرشتے خدا تعالیٰ دے وَكُتُبِهٖ اتے منیاں میں
سب کتاباں اسدیاں وَرُسُلِهٖ اتے منے میں سب پیغمبر اسدے
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اتے منیاں میں دیہاڑ قیامت دا وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اتے منیاں میں اندازہ نیکیاں دا اتے بد یاں دا طرفوں
خدا تعالیٰ دیوں نیکیاں وچ خدا راضی ھے اتے بدیاں وچ راضی نہیں
وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط اللہ تعالیٰ مار یگا مار کے جوائیگا وت نہ ماریگا
جیکو پچھی ایمان مجمل کیہڑا ھے توں اکھ جی ایہ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ
بِاَسْمَائِہٖ منیاں میں خدا تعالیٰ نوں جیونکر ھے اوہ نال ناواں اپنیاں دے
وَصِفَاتِہٖ اتے نال صفتاں اپنیاں دے وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ قبول
کیتے میں سبھے حکم خدا تعالیٰ دے جیکو پچھی شرطاں بقار ھے
ایمان دیاں کتنیاں ھین توں اکھ جی تر۳ے اول بندہ شکر کرے جو اللہ
تعالیٰ نے ایمان دتا ھے دوجا ڈر دا ر ھے جی ایمان دتا ھو یا مت کھس
تریجا ظلم نہ کرے کسے تے جیکو پچھی بنائین ایمان دیاں کتنیاں
ھین توں اکھ جی پنج کلمہ پڑھنا ھک نماز پڑھنی دوماہ رمضان
دے روزے رکھنے ترے زکوٰۃ مال دی دینی چار حج کرناں پنج۔
جیکو پچھی واجب اسلام دے کتنے ھین توں اکھ جی شت خدمت
قبیلے بھلے دی کرنی ھک قربانی دینی د۲و صدقہ عید الفطر دا دینا ترے ماں
پیو خدمت کرنی چار و تر نوں ... صم دی کرنی پنج عمر بجا اناں چھ

وتر پڑھنے ست جیکو پچھی سنتاں اسلام دیاں کتنیاں ہین توں
اکہ جی ست سارا سر منانا ۱ ہک وال لباندے لینے ۲ دو وال نک دے لینے
۳ ترے وال بغلاندے لینے ۴ چار پاکی کرنی ۵ پنج سنتی بہنا ۶ چھ نونہ منانے ست
جیکو پچھی حکم شرع دے کتنے ہین توں اکہ جی ۸ اٹھ فرض ۱ ہک واجب
۲ دو سنت ۳ ترے مستحب ۴ چار حلال ۵ پنج حرام ۶ چھ مکروہ ست مباح
اٹھ جیکو پچھی فرض کلمہ دے کتنے ہین توں اکہ ست کلمہ پڑھنا
۱ ہک صحیح پڑھنا ۲ دو معنیاں نال پڑھنا ۳ ترے مد نال پڑھنا ۴ چار ساری
عمر وچ ۱ ہک واری پڑھنا ۵ پنج جتھے کوئی اکھے اوتھے پڑھنا ۶ چھ اتے
جتھے کوئی کفر بکے اوتھے پڑھناں ست جیکو پچھی فرض وضو دے
کتنے ہین توں اکہ جی پنج ۱ مونہ دھونا ہک باہاں دھونیاں ۲ دو
چوتھے حصے سر دا مسح کرنا ۳ ترے پیر دھونا ۴ چار اتے جس دی داڑھی
بھاری ہووے استخلال کرناں ۵ پنج جیکو پچھی سنتاں وضو
دیاں کتنیاں ہین توں اکہ جی دس ۱ اوّل اخر وضو دے ہتھ دھونے
ہک استنجا کرنا ۲ دو بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ اَلْاِ
سْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ پڑھنا ۳ ترے کرولی کرنی ۴ چار مسواک

Marfat.com

کرنی پنج نک وچ پانی پاؤناں چھ داڑھی دا خلال کرنا ست ھے
انگلیاں ھتھاں پیراں دیاں دا خلال کرنا اٹھ کناں دا مسح کرنا
نو تولوار ... لنگ تے پانی پاؤناں دس جیکو پچھی مستحب وضو
دے کتنے ھین توں الکہ جی ست نیت وضو دی نویت ان اتوضا لرفع الحدث
واستباحة الصلوٰة کرنی ھک بھلی سجا پاسا دھونا دو بربتر دھونا
ترے اتو توڑی دھونا چار سارے سر دا مسح کرنا پنج گردن دا
مسح کرنا چھ و نت وضو دے پگڑی گوڈیاں تے لاہ کے رکھنی
ست جیکو پچھی بھنڑ وضو دے کتنے ھین توں الکہ جی ھک ویہ
واؤ ھک بول دو ودی ترے مذی چار منی پنج سنگریزہ چھ لہو
حیض دا ست لہو نفاس دا اٹھ غائط نوں کرم دس رحیم یاراں
... پانی باراں لہو تیراں کلا پانی چوداں قی منہ بھر وکرے پندراں
مست ھو ونجے سولاں بیہوش ھو ونجے ستاراں دیوانہ ھو ونجے
اٹھاراں مباشرت فاحشہ انی ھسناں وچ نماز رکوع سجود والی دے ویہ
... نے سونا اکویہ جیکو پچھے نھاؤناں کتنیں گلیں فرض ھوندا ھے توں الکہ جی پنجیں با
... مک حشفه غائب تھو ... ہیض ... نفاس ... ھو جاوے

Marfat.com

عورت نوں دھاڑے پاکی گم ھو وجن ھر نماز نہا کے پڑھے پنج۵

جیکو پچھی واجب نہاؤنا کتنی گلیں ھوندا ھے توں اکھ جی ۲ گلیں

کافر نال جنب دے مسلمان ھووے ھک میّت نوں نہاؤنا ۲ دو

جیکو پچھی سنت نہاؤنا کتنی گلیں ھوندا ھے توں اکھ جی چونہ

گلیں دوھاں عیداں دے دھاڑے نہاؤناں ھک دھاڑے جمعہ

دے نہاؤنا دو دھاڑے عرام دے نہاؤنا ترے دھاڑے حج دے

نہاؤنا چار جیکو پچھی مستحب نہاؤنا کتنی گلیں ھوندا ھے توں اکھ جی

ترے۳ گلیں کافر سواجندے مسلمان ھووے ھک دیوانہ بناں بالغ

ھووے دو بالغ وطی کرے ترے۳ جیکو پچھی غسل وچہ فرض کتنے ھین

توں اکھ جی ترے کردلی کرنی ھک نک پانی پاؤنا دو سارا پنڈا ھکوار ترکرنا

جی ھکوال بھی سکا نہ رھے ترے۳ جیکو پچھی سنتاں غسل دیاں کتنیاں

ھین توں اکھ جی پنج۵ اوّل اخر غسل دے ھتھ دھونے ھک استنجا کرنا دو پنڈے

تھیں پلیدی دور کرنی ترے وضو کرنا چار تریواری پنڈ تے پانی پاونا

پنج جیکو پچھی فرض تیمم وچہ کتنے ھین توں اکھ جی ترے ھک تیمم دی نیت دو

اَنْ تَيَمَّمَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوةِ ذکر ھک دو ھتھ زمین پر لگنے جا کے منہ ملنے

Marfat.com

دو ۲ وزدھین پاکتے مار کے باواں ملنیاں تر ۲ ے جیکو پچھی تیمم ۳ کتنی گلیں درست ھوندا ہے تو اکہ جی پنجیش ۵ گلیں کوہ دانہ پانی دور ھووے ھلے کڈھ نہ سکے دو وضو ساز نہ سکے تر ۳ ے نزید دا خوف ھووس چار ۴ مال دجن دا خوف ھووس پنج ۵ جیکو پچھی جنب والی عورت نوں کتنیاں گلاں منع ھین تو اکہ جی چھ ۶ مسجی نہ وڑے ھک قران نہ پڑھے دو ۲ قران نوں بغیر غلاف دے ھتھ نہ لاوے تر ۳ ے قران مجید لکھے ناھیں چار ۴ نماز نہ پڑھے پنج ۵ طواف خانے کعبے دا ند کرے چھ ۶ دو گلاں عورت نفاس والی نوں زیادہ منع ھین روزہ نہ رکھے ست خصم کول نہ سووے اٹھ ۸ جیکو پچھی فرض نماز دے کتنے ھین تو اکہ جی چوداں ۱۴ چھ ۶ نماز دے اندر اٹھ ۸ نماز دے باھر چھے باھر ھین کپڑے پاک اک ۱ جاگہ پاک دو ۲ جسہ پاک تر ۳ ے مردان نوں لجناں گوڈیاں تھین دھنی توڑی غلام نوں گوڈیاں تھیں دھنی توڑی نرکل نوں سینے توڑی اصیلاں نوں لجناں سرتا پیراں توڑی چار ۴ وقت مینجانا پنج ۵ قبلہ جاننا چھ ۶ چھے فرض نماز دے اندر ھین نیت ۱ نماز دی کرنی ھک سدھا کعبہ نوں کھلونا دو ۲ واللہ اکبر اکھناں تر ۳ ے قران مجید پڑھنا چار ۴ رکوع کونا پنج ۵ سجود کرنا چھ ۶ چھیکڑ دا التحیات بھنا ست نماز

نہیں باھر او ُنا۸ اٹھ جیکو پچھی واجب نماز دے گنتے ہین نوں اکلہ
جی اکوُ ۲ ڈیہ سنت عام اتے چوڈاں خاص جیہڑے عام ھین اللہ اکبر اکھنا
ھک پہلا التحیات بہنا دو ۲ پڑھنا التحیات اول اخر دا تر۳ ے فرض نوں
اپنی جانا چار۴ واجب نوں اپنی جانا پنج۵ رکوع سجود وچ تسبیح دا قدر ڈھل
کرنی چھ۶ لفظ سلام دینال باھر او ُنا سنت انہاں ستاں عاماں وچوں
ھک دی ترک نال سجدہ سہو نہیں پوندا ڈھل کرنی واجب اسی نہ
کیتس سجدہ سہو دا نہیں پیا جیہڑے چوداں خاص ھین الحمد
پڑھنا ھک پہلیاں دو رکعتاں وچہ پڑھنا دو۲ ان کواری بڑھنا تر۳ ے
سورۃ نہین پہلاں پڑھنا چار۴ سورۃ جوڑنی پنج۵ جنھاں نمازاں وچہ ھولی
پڑھنا ہے ھولی پڑھنا چھ۶ جنہاں وچہ ڈاہڈی پڑھنا ہے ڈاہڈی
پڑھنا سنت وتراں وچہ دعا قنوت پڑھنی اٹھ۸ قران مجید ترتیب
دے نال پڑھنا نوں۹ انہاں نواں دی ترک دینال سجدہ سہو پوندا
ھے اتے پنجاں۵ اگلیاں دی ترک نال نہین پوندا جتھے امام نوں دیکھے
اوتھے ملنا دس۱۰ امام دے پچھے چپ کرکے کھلونا یاراں تکبیراں دوھاں
عیدان دیاں اکھنیاں بار۱۲اں تکبیراں رکوع سجودان دیاں کھنیاں تیر۱۳اں

Marfat.com

سجدہ قرآن مجید دا کڈھناں چوداں ۴ جیکو بچھی سنتاں نماز دیاں
کتنیاں ہین نوں اکٹھی اٹھا ۲۸ ویہہ سٹ قیام وچہ سٹ رکوع وچہ سٹ
سجدیاں وچہ سٹ التحیات وچہ جیہڑیاں سٹ سنتاں قیام وچہ ہین
ہتھ کھلے کرنے واسطے تکبیر تحریمہ دے مرداں نوں کناں توڑی
عورتاں نوں موڈیاں توڑی ہتھ ہتھ کھبے اوتے سجا ہتھ رکھنا مرداں نوں
دھنی اوتے اتے عورتاں نوں سینے اوتے ۲ دو قیام وچہ کھلوتیاں سجدے دی
جاگہ داؤں دیکھناں ۳ ترے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ پڑھنا چار ۴ اعوذ پڑھنا پنج ۵ بسم اللہ
پڑھنی چھ ۶ امین پڑھنی سٹ جیہڑیاں سنتاں رکوع وچہ ہین اللّٰهُ اَكْبَرُ
اکھناں واسطے رکوع دے ہتھ گوڈیاں نوں محکم پکڑنا ۲ دو پیراں دی
گنگی داؤں ویکھناں وچہ رکوع دے ۳ ترے ترے واری تسبیحاں
پڑھنیاں چار ۴ قومہ کرنا پنج ۵ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھنا چھ ۶ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ
پڑھنا سٹ جیہڑیاں سٹ سنتاں سجدیاں وچہ ہین اللّٰهُ اَكْبَرُ
اکھنا واسطے دوہاں سجدیاں دے ہتھ دوہاں ہتھاں وچہ متھا
ٹکاونا ۲ دو نک داؤں دیکھناں ترے ۳ ترے واری تسبیحاں پڑھناں چار ۴
دوہاں سجدیاں وچہ آرام کرنا پنج ۵ لنگاں نوں سجدہ دیواؤناں

Marfat.com

چھ انگلاں ہتھاں پیراں دیاں طرف قبلے دی کرنیاں سنت ۔
جیہڑیاں سنت سنتاں التحیات وچ ہین اللہ اکبر آکھنا واسطے
التحیات دے ٹھک دو ہتھ سنبھلانے تے رکھنے دو[2] سینے داؤں ویکھنا
وچ التحیات دے تر[3]ے سجا پیر کھلا کرنا چار[4] کھبے پیر اتے بہنا پنج[5] درود
پڑھنا چھ[6] دعا پڑھنی سنت **جیکو پچھی** مستحب نماز دے کتنے ہین
تو آکھ جی ستاویہ ہتھ کنّاں نوں لاونے واسطے تکبیر تحریمہ دے ٹھک سجے
کھبے داؤں نہ ویکھنا دو[2] فرض اگلا پڑھنا تر[3]ے اُباسی اوس منہ تے ہتھ
رکھنا چار[4] ہنگار نہ پونچھے پنج[5] سٹی نہ پونچھے چھ[6] جاں جاں زور ہووس
گھنگ ٹھلے ست وچہ رکوع دے کنڈ برابر پگڑی دے رکھنی اٹھ[8] دو گوڈے
سجدہ دیندیاں زمین تے ٹکاونے نوں وت ہتھ ٹکاونے دس[10] وت نال(؟)
ٹکاونا یاراں[11] وت متھا ٹکاونا باراں[12] وت اوّل متھا اٹھاونا تیراں[13]
وت نک اٹھاونا چوداں[14] وت ہتھ اٹھاوے پندراں[15] وت زانواں(؟) ...
سولاں[16] وقت نیت دے انگلیاں کھلیاں کرنیاں ستاراں[17] وچ رکوع دے
انگلیاں کھلاریاں اٹھاراں[18] وچہ سجدے دے انگلیاں جوڑیاں
انی[19] وچہ التحیات دے انگلیاں درمیان رکھنیاں

Marfat.com

٢٠ ویہ بار وبغلان نال نہ لاوے اکو٢١ ویہ پیٹ سنھلان نال
نہ لاوے باو٢٢ یہ پنیان سنھلان نال نہ لاوے تریو٢٣ یہ پچھے دا مقتدا پیران
وچہ وتھر رکھنی چو٢٤ یہ ھند استین تھین باھو کڈھنے پنجو٢٥ یہ ٹھہرا
کے پڑھنا چھو٢٦ یہ مسبوق نوں سلام امام دے توڑی بیٹھنا
ستا٢٧ ویہ جیکو پچھی بھنڈر نماز دے کتنے ھین نوں اکہ جی تریہ٣٠
گل١ اکھنی ھلك سلام دیونا٢ ڈوجھلان تر٣ے کھاونان٤ چار پیو نا ن
پنج٥ حسنان چھ٦ نالہ کوناسنت٧ اکرنی اٹھ٨ اوہ کرنی نوں بغیر عذر
دے سنگھ سوار ناں دس٩ پچھ دا جواب دینا یار١١ان پچھ دا جواب
بار١٢ان نال١ داز دے سوا خوف خدا تعالیٰ دے تیو١٣ان خوف سوا
اسلام اپنے دے دسنان دسنان چود١٤ان حرف سوا مقتدی اپنے
دے لینا پند١٥ران قران مجید غلط پڑھنا جے معنی الٹے ھو ونجن
سول١٦ان سجدہ جا پلید تے دیونا ستار١٧ان اوہ شئے خدا تعالیٰ کولون
منگنی جیھڑی آدمیان کولون منگی جائے اٹھار١٨ان دو دھتھان
نال کوئی کم کرنا انی١٩ سینہ طرفون کعبے دیون پھیرنا وی٢٠ یہ پچھ دا جواب
لینا اگر مصلی نماز اتون پچھ ای یرحمک اللہ اکھیا پھر مصلی نے قبول کرکے

Marfat.com

فرض نون ترک دیونی اکو [21] یہ ھسنا وچہ نماز رکوع سجود والی دے باو [22] یہ عورت دے نال برابر کھلونا وچہ تکبیر تحریمہ دے تریو [23] یہ دو پیر سجدے وچ زمین تھیں چاونے چاو [24] یہ قران ویکھ کے پڑھنا پنجو [25] یہ نماز وقتی پڑھدیاں قضا یاد اوس چھیو [26] یہ نماز جان پچھان کے بے وضو نیتنی ستاو [27] یہ چوتھا حصہ عضو دا ننگا ھووے اٹھاویہ جیکوئی آکھے خدا ھک ھے اوہ آکھے برحق ھے انتر [29] یہ وقت۔ دیگر دے سنتاں پڑھے تر [30] جیکو بچھی کھاؤں اندر فرض کتنے ھین نون اکہ جی تر [31] ے حلال کھاونان حلال دی توت نال بندگی خدا تعالیٰ دی کرنی دو [32] رذق طرفون۔

خدا تعالیٰ دیون جاننا تر [33] ے

## نصیحت نامہ تصنیف از مولوی غلام رسول صاحب مرحوم

| | |
|---|---|
| دلا غافل نہ ھو یکدم یہ دنیا چھوڑ جانا ھے | باغیچے چھوڑ کر خالی زمین اندر سمانا ھے |
| تیرا نازک بدن بھائی جو لیٹے سیج پھولوں پر | ھویگا ایک دن مردار جو کرموں نے کھانا ھے |
| اجل کے روز کو کر یاد کر سامان چلنے کا | زمین کے فرش پر سونا جو اینٹوں کا سرہانا ھے |

Marfat.com

نہ بیلی ہوسکے بھائی نہ بیٹا باپ تے مائی کیا پھرتا ھے سودائی عمل نے کام آنا ھے

جھاں کے شغل میں شاغل خدا کی یاد سے غافل کریں دعوے جو یہ دنیا میرا دائم ٹھکانا ھے

غلط فہمید ھے تیری نھیں آرام اس جا میں مسافر بے وطن ھیں تو کھاں تیرا ٹھکانا ھے

کھاں وہ ماہ کنعانی کھاں تخت سلیمانی گئے سب چھوڑ یہ فانی اگر نادان و دانا ھے

عزیزا یاد کر وہ دن جو ملک الموت آویگا نہ جاوے ساتھ تیرے کوا کیلے تیں نے جانا ھے

نظر کر دیکھ خویشوں میں جو ساتھی کون ھے تیرا انھوں نے اپنے ھاتھوں سے اکیلے کو دبانا ھے

فرشتہ روز کرتا ھے منادی چار کوٹوں پر محلاں چیاں والے تیرا گور میں ٹھکانا ھے

نظر کر ماڑیاں خالی کھاں وہ ماڑیاں والے سبھی کوڑا پسارا ھے دغابازی کا بانا ھے

غلام اکرم نہ کر غفلت حیاتی پر نہ ھو غرہ خدا کی یاد کر ھر دم جو آخر کام آنا ھے

ختم شد کتاب ھذا

ھر قسم کی کتابیں بارعایت ملنے کا پتہ

ملک محمد امین اینڈ سنز تاجران کتب لاہور

کشمیری بازار

Marfat.com

الٰہی عاقبت محمود گردان

الحمد للہ کہ کتاب مستطاب

موسومہ

# رکن دین

بفرمایش

حاجی ملک دین محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

Marfat.com

مدرسہ تعلیم الاسلام

مدرسہ تعلیم الاسلام

مدرسہ تعلیم الاسلام    مدرسہ تعلیم الاسلام

مدرسہ تعلیم الاسلام    مدرسہ تعلیم الاسلام

مدرسہ تعلیم الاسلام

Marfat.com

حقوق بذریعہ رجسٹری بنام سید محمد شفیع الدین مالک مطبع ہذا محفوظ ہیں

# الصلوٰۃ عماد الدین

الحمد للہ والمنۃ کہ دریں ایام فرخندہ فرجام و مسرت انجام
کتاب مستطاب مفید ہر شیخ و شاب

# المسمّٰی بہ رکن دین

نام مصنف

حامی دین متین پیشوائے سالکین زبدۃ العارفین حضرت مولٰنا و بالفضل اولٰنا
مولوی حاجی شاہ محمد رکن الدین صاحب نقشبندی مجددی سلسلہ الہادی الوری

باہتمام [illegible] شفیع [illegible]

اقبال پریس

بار دوم

اقبال پرنٹنگ پریس [illegible] میں چھپا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ حمداً کثیراً ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم وآلہ العظیم واصحابہ الفخیم

امابعد فقیر حقیر مسکین محمد رکن الدین حنفی نقشبندی مجددی مسعودی الوری ۔ خدمت میں برادران دینی کے ملتمس ہے کہ فقیر کو بسبب کمال بے بضاعتی وبے مائگی یہ ہوس ہرگز نہیں ہے کہ بزمرہ مؤلفین ومصنفین شمار کیا جاوے یہ حصہ جن حضرات کا ہے ۔ فقیر نے تو محض اپنی نجات کا ذریعہ سمجھ کر حسب خواہش بعض احباب یہ چند مسائل ضروری بطور سوال وجواب نہایت سلیس اردو میں شرح وقایہ کبیری غایۃ الاوطار ۔ فتاوی عالمگیری وغیرہ سے نقل کرکے ایک جگہ جمع کر دیتے ہیں ۔ تاکہ کم استعدادوں کو بھی مسائل کے سمجھنے میں دقت واقع نہ ہو اور اختلافی مسائل سے احتراز کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اگر حضرات اہل علم کسی مسئلہ کو خلاف اپنی تحقیق کے اس رسالہ میں پائیں تو بعد از ملاحظہ کتب مذکورہ بالا فقیر کو بھی مطلع فرماویں فقیر مشکور وممنون ہوگا ۔ اے الہ العالمین بطفیل حبیب پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس رسالہ کے پڑھنے اور سننے والوں کو توفیق عمل عطا فرمائے اور ان کے عمل کے صدقے میں اس عاجز کی مغفرت ۔ آمین ثم آمین ۔

## مقدمہ

سوال ۔ حکم شرع کتنی قسم پر ہے ۔؟

جواب ۔ دو قسم پر ۔ ایک امر ۔ دوسرا نہی ۔

سوال ۔ امر کس کو کہتے ہیں ؟

Marfat.com

**جواب** - امر وہ حکم شرع ہے جس سے کسی فعل کی طلب ثابت ہو۔
**سوال** نہی کس کو کہتے ہیں؟
**جواب** - نہی وہ حکم شرع ہے جس سے کسی فعل کی ممانعت ثابت ہو۔
**سوال** مشروعات کتنی قسم پر ہیں؟
**جواب** تین قسم پر
**سوال** وہ قسم کیا کیا ہیں؟
**جواب** - فرض - واجب - سنت۔
**سوال** - ان کی تعریف بیان فرمائیے؟
**جواب** فرض وہ ہے جو دلیل قطعی سے وجوباً ثابت ہو۔ واجب وہ ہے جو دلیل ظنی سے وجوباً ثابت ہو سنت دو قسم پر ہے۔ ایک موکدہ جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشگی کی ہو۔ دوسری غیر موکدہ یعنی مستحب جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کیا ہو اور کبھی چھوڑ دیا ہو۔
**سوال** - ان کا حکم بیان کیجئے؟
**جواب** - فرض کا کرنے والا ثواب پاویگا اور نہ کرنے والا عذاب اور انکار کرنے والا کافر۔ واجب کا کرنے والا ثواب پاویگا اور نہ کرنے والا عذاب مگر منکر کافر نہیں سنت موکدہ کا کرنے والا ثواب پاویگا اور ترک کرنے والا جھڑکی پاویگا لیکن سبک یعنی ہلکا جاننے والا کافر اور مستحب کا کرنے والا فضیلت حاصل کرنے والا ہوگا۔ چھوڑنے والے پر عتاب و عذاب کچھ نہیں۔
**سوال** - منہیات کتنی قسم پر ہیں؟
**جواب** تین قسم پر
**سوال** وہ قسمیں کون کونسی ہیں
**جواب** - حرام - مکروہ تحریمی - مکروہ تنزیہی
**سوال** - ان کی تعریف بیان کرو۔
**جواب** - حرام وہ ہے جس کی ممانعت قطعی دلیل سے وجوباً ثابت ہو۔ مکروہ تحریمی وہ ہے جس کی ممانعت دلیل ظنی سے وجوباً ثابت ہو مکروہ تنزیہی وہ ہے جس کی ممانعت شفقتاً ہو یا ادباً۔

Marfat.com

سوال۔ ان کا بھی حکم بیان کیجیے؟

جواب۔ حرام کا چھوڑنے والا ثواب پاوے گا اور کرنے والا عذاب اور اسکی حرمت کا منکر کافر۔ مکروہ تحریمی کا نہ کرنے والا ثواب پاوے گا اور کرنے والا عتاب۔ اور مکروہ تنزیہی کا ترک کرنے والا فضیلت حاصل کرنے والا ہوگا اور کرنے والے پر عذاب ہے نہ عتاب۔

سوال۔ اس آپ کے بیان فرض اور حرام سے مسائل اختلافی مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین میں بڑی خرابی واقع ہوئی کس لئے کہ اجتہادی مسائل میں ایک مجتہد دوسرے مجتہد کے فرض اور حرام کا منکر ہے اور اسی طرح مقلد بھی بہ تقلید اپنے امام کے دوسرے امام کے فرض اور حرام سے انکار کرتا ہے تو اب یہ انکار موجب، آپ کے بیان کے کیسا ہوا؟

جواب فرض اور حرام کی دو قسمیں ہیں ایک اعتقادی دوسرا عملی اعتقادی وہ ہے جسپر عمل کیساتھ اعتقاد بھی فرض ہے جیسے مطلق سر کا مسح یہ فرض متفق علیہ ائمہ اربعہ ہے۔ اگر کوئی مطلق سر کے مسح کا انکار کرے تو وہ سب کے نزدیک کافر ہے جس فرض اور حرام کے انکار پر کفر کا حکم ہے وہاں اعتقادی مراد ہے اور عملی وہ ہے کہ جسکا صرف عمل ہی فرض ہو یعنی اس کے فوت ہو جانے سے عمل کی صحت فوت ہو جاوے جیسے مقدار مسح سر کا اختلاف کہ حنفی کے نزدیک چوتھائی سر سے کم کا مسح صحت وضو کا مانع ہے اور مالکی اور حنبلی کے نزدیک سارے سر سے کم کا۔ اس کا انکار یا ہمی موجب کفر نہیں

سوال کیا ایسی اشیا نہیں ہیں کہ جن کے لئے نہ حکم امر ہے نہ نہی۔؟

جواب۔ ہاں ایسی بھی ہیں ان کو مباح کہتے ہیں۔

# کتاب الطہارت

## باب وضو کے بیان میں

سوال۔ وضو میں فرض حنفیوں کے نزدیک کیا کیا ہیں؟

جواب (اول) منہ کو دھونا[1] طول میں شروع پیشانی سے یعنی جہاں سے بال لگتے ہیں۔ ٹھوڑی کے نیچے تک اور عرض میں ایک کان کی لو سے دوسری کان کی لو تک (دوسرے) دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونا (تیسرے) چوتھائی سر کا مسح[2] کرنا (چوتھے) دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا۔

[1] دھونے سے مراد پانی کا بہانا ہے۔ [2] مسح سے مراد پانی کی تری پہنچانا ہے۔ (عالمگیری)

Marfat.com

**سوال ۔ وضو میں سنت کیا کیا ہیں؟**

**جواب** (اول) نیت کرنا رفع حدث کی یا قربت کی (دوسرے) زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ پڑھنا۔ اگر یہ یاد نہ ہو تو بسم اللہ الرحمن الرحیم ہی پڑھے (تیسرے) پہنچوں تک دونوں ہاتھ دھونا اگرچہ پاک ہوں (چوتھے) انگلیوں میں ہاتھوں کی خلال کرنا (پانچویں) کلی کرنا (چھٹے) مسواک کرنا (ساتویں) ناک میں پانی ڈالنا (آٹھویں) ہر عضو کو تین بار دھونا (نویں) ترتیب یعنی اول ہاتھ دھونا پھر کلی کرنا پھر ناک میں پانی ڈالنا وغیرہ وغیرہ (دسویں) پے در پے دھونا۔ (یعنے ایک عضو کے دھونے سے دوسرے عضو کے دھونے تک خشکی نہ ہو جائے (گیارہویں) ڈاڑھی کے اندر خلال کرنا اس صورت سے کہ پشت دست آنکھوں کے سامنے رہے اور ہتھیلی آگے کو (بارہویں) سارے[1] سر کا مسح کرنا (تیرہویں) کانوں[2] کا مسح کرنا (چودہویں) پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنا اس طرح سے کہ بائیں ہاتھ کی چھنگلی انگلی سے داہنے پاؤں کی چھنگلی انگلی سے شروع کرے اور بائیں پیر کی چھنگلی انگلی پر ختم کرے اور بروقت خلال بائیں ہاتھ کی چھنگلی انگلی کو پاؤں کی انگلیوں کے نیچے سے اوپر کی طرف کھینچے۔

**سوال ۔ مستحبات وضو کیا کیا ہیں۔**

**جواب** (۱) قبلہ رخ بیٹھنا (۲) مٹی کے برتن سے وضو کرنا (۳) آفتابہ وضو کا بائیں[3] طرف رکھنا (۴) اونچی جگہ پر بیٹھکر وضو کرنا (۵) بائیں ہاتھ سے ناک جھاڑنا (۶) ہر عضا کو ملنا (۷) وقت سے پہلے وضو کرنا (۸) انگوٹھی کو ہلانا (۹) ہر عضو دہوتے وقت بسم اللہ کہنا (۱۰) وضو میں درود شریف پڑھنا (۱۱) گردن کا مسح کرنا (۱۲) دھونے میں اعضا کو داہنی طرف سے شروع کرنا (۱۳) وضو کا پانی بچا ہوا کھڑے ہو کر پینا[4] (۱۴) اعضاء مامورہ کو حد معینہ سے زیادہ دھونا (۱۵) بائیں ہاتھ سے دونوں پاؤں کا دھونا (۱۶) غیر سے مدد نہ چاہنا۔ گو معذور[5] کو درست ہے (۱۷) بعد وضو کے انا انزلنا اور کلمہ شہادت مع اس دعا کے پڑھنا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ

---

[1] سر اور کان وغیرہ کے مسح کا طریق مسنون یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو مع انگلیوں کے تر کر کے اول مقدم سر سے گدی تک کھینچے [illegible] کھینچنے میں چھنگلیاں بیچ میں سا کر سر کے ملاقی رہیں اور ہتھیلیاں دونوں ہاتھوں کی غیر ملاقی بعدہ دونوں ہتھیلیوں کو وسط سر کے دونوں جانب ملاقی کر کے گدی سے جانب مقدم کھینچے بعدہ دونوں مسبحہ یعنی انگوٹھے کے پاس کی انگلیوں سے دونوں کان کے باطن اور انگوٹھوں سے ظاہر دونوں کانوں کو مسح کرے اور پشت انگلیوں سے گردن کا مسح کرے (حاشیہ بالا وہ) [2] جدید پانی کی کانوں اور گردن کے مسح کے لئے کوئی ضرورت نہیں ہاں اگر عمامہ یا ٹوپی کے ہاتھ پہلے مسح سے لگایا ہو تو اب سر اور کانوں کے مسح کے لئے جدید پانی کی ضرورت ہے (درمختار) [3] برتن ہو کہ جس میں چلو ڈالکر وضو کرے تو داہنی طرف رکھے (عالمگیری) [4] اس وقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ [illegible]

Marfat.com

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

**سوال** وضو کے اندر اور کیا دعائیں پڑہی جاتی ہیں مع ترجمہ کے بیان کیجئے؟

**جواب** ہر عضو دہونے کے وقت میں علیحدہ علیحدہ دعائیں پڑہی جاتی ہیں۔ چنانچہ کلی کرتے وقت یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (ترجمہ) یعنی اے اللہ مدد کر میری تلاوت قرآن پر اور اپنے ذکر اور اپنے شکر پر اپنی عبادت کی خوبی پر، اور ناک میں پانی ڈالتے وقت یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِيْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا تُرِحْنِيْ رَائِحَةَ النَّارِ (ترجمہ) اے اللہ سنگھا مجکو خوشبو جنت کی۔ اور نہ سونگھا مجکو بو نار دوزخ کی) اور بوقت منہ دہونے کے یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ (ترجمہ) اے اللہ روشن کر منہ میرا جس دن روشن ہونگے بہت سے منہ اور سیاہ ہونگے بہت سے منہ) اور جب داہنا ہاتھ دہوئے تو یہ پڑہے۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ وَحَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا (ترجمہ) اے اللہ نامہ اعمال میرا میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو اور حساب میرا آسان کیجیو) اور بایاں ہاتھ دہوتے ہوئے یہ پڑہے۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِشِمَالِيْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِيْ۔ (ترجمہ) اے اللہ مت دیجیو میرے بائیں ہاتھ میں میرا اعمال نامہ اور نہ میری پیٹھ کے پیچھے سے) اور جب سر کا مسح کرے تو یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِيْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ (ترجمہ) اے اللہ سایہ دیجو مجکو اپنے عرش کے نیچے جس روز نہ ہوگا کوئی سایہ مگر تیرے عرش کا سایہ) اور کانوں کے مسح کے وقت یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ (ترجمہ) اے اللہ کر تو مجکو ان لوگوں میں سے جو سنتے ہیں قول کو اور پیروی کرتے ہیں اسکی جو اچھا ہوتا ہے) اور جب گردن کا مسح کرے تو یہ پڑہے۔ اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِيْ عَنِ النَّارِ (ترجمہ) اے اللہ بچا تو گردن میری آگ سے) اور دایاں پاؤں دہوتے وقت یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِيْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ (ترجمہ) اے اللہ ثابت رکھ دونوں پاؤں میرے صراط پر جس دن پھسلیں گے پاؤں اور بایاں پاؤں دہوتے ہوئے یہ پڑہے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِيْ مَغْفُوْرًا وَّسَعْيِيْ مَشْكُوْرًا وَّتِجَارَتِيْ لَنْ تَبُوْرَ۔ (ترجمہ) اے اللہ کر میرے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵) وَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ (شرح سفر السعادت) ۵ عذر یہ ہیں۔ برتن بھاری ہو یا بیماری ہو یا کرسی ہو غایۃ الاوطار

۶ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی کلمہ شہادت کو بعد وضو کے پڑہیگا اس کے لئے آٹھوں دروازے بہشت کے کھولے جائیں گے جس سے چاہے داخل بہشت ہو (رواہ مسلم) ۷ حدیث شریف میں آیا ہے کہ بعد وضو کے اس دعا کو جو کوئی پڑہیگا اس کے عمل خبط نہ ہوں گے ۱۲ (نسائی شریف)

Marfat.com

گناہوں کو بخشتا ہوا اور میری کوشش کو مقبول اور میری تجارت نہ برباد ہونے والی اور ظفر یابی ذہن کے لئے ہر عضو دہونے کے وقت یَا قَادِرُ بھی پڑھتا رہے۔

**سوال** مسواک میں مستحب کیا کیا ہیں؟

**جواب** (۱) داہنے ہاتھ میں مسواک کا پکڑنا اس صورت سے کہ چھنگلی انگلی اور نر انگشت یعنی انگوٹھا نیچے رہے اور تین انگلیاں اوپر رہیں (۲) تلخ لکڑی کی ہونا یا زیتون کی (۳) سیدہی ہونا (۴) بے گرہ ہونا (۵) ایک بالشت کی مقدار ہونا اگر بالشت سے زیادہ ہو تو شیطان سوار ہوتا ہے (۶) موٹائی میں چھنگلی انگلی کی برابر ہو (۷) دانتوں میں عرضاً کرے طولاً نہ کرے اور ادنیٰ درجہ مسواک کا تین مرتبہ پھیرنا ہے اور اوپر کے دانتوں میں اور اسی قدر نیچے کے دانتوں میں تین پانی کے ساتھ اور یہ پانی علاوہ مضمضہ کے ہے۔ (در مختار)

**سوال**۔ مکروہات مسواک کیا کیا ہیں؟

**جواب**۔ لیٹ کر کروٹ سے کرنا کہ اس سے طحال یعنی تلی زیادہ ہوتی ہے (۲) مٹھی سے پکڑنا کہ اس سے بواسیر پیدا ہوتی ہے (۳) چوسنا کہ اس سے اندھا ہوتا ہے (۴) بعد فارغ ہونے کے مسواک کو نہ دہونا کہ اس سے شیطان کرتا ہے (۵) مسواک کو کھڑی نہ رکھنا کہ اس سے جنون ہوتا ہے (۶) بانس کی لکڑی سے کرنا (در مختار)

**سوال** مسواک وضو کی سنت ہے یا نماز کی؟

**جواب**۔ ہم حنفیوں کے نزدیک سنت وضو کی ہے اور شافعیوں کے نزدیک سنت نماز کی ہے ثمرہ اس اختلاف کا یہ ہے کہ اگر مسواک کرکے ایک وضو سے چند نمازیں پڑہیں تو ہم حنفیوں کے نزدیک ہر نماز کا ثواب ستر نماز بے مسواک کے برابر ہوگا۔ برخلاف شافعیوں کے کہ ان کے نزدیک علاوہ اس نماز کے جس میں مسواک کی ہے ہر نماز میں اس قدر ثواب نہ ہوگا جب تک ہر نماز کے واسطے جدا جدا مسواک نہ کرے۔

**سوال** اگر کسی کے ہاتھ یا پاؤں میں شگاف ہے تو وہ کیا کرے۔؟

**جواب**۔ اگر دہونے سے عاجز ہے تو نہ دہوئے صرف پانی بہا لیوے اور اگر پانی بہانے سے بھی تکلیف ہو تو اس موضع پر مسح کرے۔ اور اگر مسح بھی نہ کر سکے تو آس پاس کی جگہ دہو دے اس جگہ کو چھوڑ دے۔

**سوال** وضو کے توڑنے والی کیا کیا چیزیں ہیں۔؟

**جواب** (۱) پاخانہ اور پیشاب کی جگہ سے کوئی چیز نجس کا نکلنا (۲) جسم کے اندر کسی جگہ سے خون یا پیپ کا نکل کر مخرج سے پاک جگہ پر پہنچنا (۳) سہارے سے سونا (۴) منہ بھر کے قے آنا (۵) نماز کے اندر بالغ کا ....

Marfat.com

قہقہہ مارنا۔ اگرچہ سہواً ہی ہو (۶) بیہوشی اگرچہ نشے سے ہی ہو (۷)، مباشرت فاحشہ یعنی دونوں شرم گاہوں کا ملانا اگرچہ دو عورتوں کے درمیان ہی ہو۔

سوال۔ ریح اور پتھری اور کیڑے پیشاب کی جگہ سے نکلیں تو یہ بھی ناقص وضو ہیں یا نہیں؟

جواب۔ اگر یہ چیزیں زخم کے اندر سے نکلیں تو ناقص وضو نہیں پیشاب کی جگہ سے پتھری اور کیڑے کا نکلنا وضو کو توڑ دیگا۔ نہ ریح کا نکلنا کیونکہ ریح پیشاب گاہ کی درحقیقت عضو کا اختلاج ہے اور یہ ناقص وضو نہیں۔ مگر پاخانہ کی جگہ سے برآمد ہونا ان سب چیزوں کا ناقص وضو ہے۔ (درمختار)

سوال اگر کسی عورت کی پاخانہ اور پیشاب کی جگہ پھٹ کر ایک ہو جائے اور اسکو ریح آوے اور یہ نہیں معلوم ہو کہ یہ ہوا پاخانہ کی جگہ سے نکلی یا پیشاب کی جگہ سے تو اس کا وضو رہا یا نہیں؟

جواب۔ اگر اس عورت کی ریح میں بدبو ہے تب تو اس عورت کا وضو ٹوٹ گیا کیونکہ بدبو اس ریح میں ہوتی ہے جو پاخانہ کی جگہ سے نکلتی ہو اور وہ ناقص وضو ہے۔ اور اگر بدبو نہیں ہے تو یہ ریح پیشاب کی جگہ سے نکلی اور یہ اختلاج ہے اور اختلاج وضو کو نہیں توڑتا۔

سوال۔ جونک اور مچھر اور چچڑی وغیرہ کے خون چوسنے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ جونک کے خون چوسنے سے تو وضو جاتا رہیگا۔ مچھر اور کھٹمل وغیرہ کے چوسنے سے نہیں جاتا۔ چچڑی اگر بڑی ہے تو جونک کے حکم میں ہے اور چھوٹی ہے تو مچھر کے حکم میں (عالمگیری)

سوال۔ آنکھ دکھتے وقت جو پانی آنکھ سے بہتا ہے اس سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ جو پانی آنکھ یا کان یا ناک وغیرہ سے درد کیساتھ برآمد ہو وہ سب ناقص وضو ہے (غایۃ الاوطار)

سوال۔ آنسو اور پسینے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

جواب ان سے وضو نہیں ٹوٹتا (درمختار)

سوال تھوک میں اگر خون ملا ہووے تو وضو رہا یا نہیں؟

جواب جبتک خون غالب ہے یعنی اگر تھوک میں سرخی نمودار ہو تب تو وضو ٹوٹ گیا اور اگر زردی ہو تو وضو نہیں ٹوٹتا (درمختار)

سوال۔ بواسیر والے کے یا غیر بواسیر والے کی مقعد یعنی کانچ نکلی تو اس کا وضو رہا یا نہیں؟

جواب۔ نہیں رہا (عالمگیری)

سوال۔ اگر کسی نے زخم پر پٹی باندھی اور خون وغیرہ کی تراوٹ پٹی پر ظاہر ہو گئی تو اب وضو رہا یا نہیں؟

Marfat.com

جواب۔ وضو بعد ظاہر ہونے خون وغیرہ کے ٹوٹ جائیگا۔ کیونکہ یہ تراوت بجائے بہنے کے ہے۔

سوال۔ ایک شخص بیٹھا سو رہا ہے۔ اس طرح کہ جھک جھک کر زمین سے قریب ہوجاتا
اُسکے وضو کیلئے کیا حکم ہے؟

جواب۔ جب تک گرے نہیں وضو ہے۔ اگر گرتے ہی جاگ پڑا تب بھی وضو ہیگا۔ ورنہ نہیں
اسی طرح اگر سوتا ہوا قریب کی باتیں سنتا رہے تو بھی وضو نہیں جاوے گا (درمختار)

سوال۔ اپنی یا غیر کی شرمگاہ دیکھنے سے بھی وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ ہرگز نہیں۔ اگر اپنی یا غیر کی شرمگاہ کو چھو بھی لیا تب بھی وضو نہیں جاتا۔ (عالمگیری)

سوال۔ عورت کے مساس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ نہیں جاتا۔ جب تک مذی وغیرہ نہ نکلے۔

سوال۔ مکروہاتِ وضو کیا کیا ہیں؟

جواب۔ مکروہاتِ وضو یہ ہیں۔ (۱) چہرہ پر زور سے پانی مارنا (۲) پانی کا حاجت سے کم و بیش کرنا
یعنی نہ تو مثل تیل کے چپڑے نہ حد اسراف کو پہنچے (۳) وضو کے اندر بلا ضرورت دنیا کی باتیں کرنا (۴)
تین بار مسح کرنا نئے پانی سے (۵) ناپاک مکان میں وضو کرنا (۶) عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا (۷)
مسجد کے اندر وضو کرنا (۸) اسی پانی میں تھوکنا اور ناک سنکنا جس سے وضو کر رہا ہے اگرچہ پانی جاری ہو (۹) وضو
میں پیر دھونے کے وقت پاؤں کو قبلہ کی رُخ سے نہ پھیرنا (۱۰) بائیں ہاتھ سے منہ میں کلی کے لئے پانی ڈالنا اسی طرح
ناک میں بھی (۱۱) داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرنا بغیر عذر کے (۱۲) کسی برتن کو اپنے وضو کیلئے ہی خاص کر لینا (عالمگیری)

سوال۔ اگر ایک شخص کو شک ہوا کسی عضو کے دھونے یا مسح کرنے میں وہ کیا کرے؟

جواب۔ اگر یہ شک اول مرتبہ ہے اور اثناء وضو میں ہو تو جس عضو کی نسبت شک پیدا ہوا ہے اس کو
دھولے یا مسح کرلے اور اگر بعد فراغ وضو شک ہوا ہے تو خواہ اسکو یہ شک اول مرتبہ ہو یا ایسے شک کا
عادی ہو کچھ التفات نہ کرے اور اپنے کو باوضو سمجھے اور اگر اسکو یقیناً معلوم ہو کہ ایک عضو نہیں دھویا مگر تعیین
میں شک ہے تو بائیں پاؤں کو دھو ڈالے اور اگر بائیں پاؤں کا دھونا یقینی ہو تو داہنے کو دھو دے۔

سوال۔ ایک شخص کو وضو تھا مگر ٹوٹنے میں شک ہے یہ کیا کرے؟

جواب۔ یہ شخص اپنے کو باوضو سمجھے (درمختار)

Marfat.com

# باب (۲) غسل کے بیان میں

سوال۔ غسل کتنی طرح کا ہوتا ہے؟

جواب۔ چار طرح کا۔ ایک فرض۔ دوسرا واجب۔ تیسرا سنت۔ چوتھا مستحب

سوال۔ فرض غسل کون کون سے ہیں؟

جواب۔ غسل جنابت۔ غسل بعد انقطاع حیض۔ غسل بعد انقطاع نفاس +

سوال۔ واجب غسل کون کون سے ہیں؟

جواب۔ ایک میت کا غسل زندہ پر واجب ہے۔ دوسرا سارے بدن پر نجاست لگی ہے یا بعض یوں پر نجاست لگی مگر نجاست کا مقام مخفی ہے یعنی یہ نہیں معلوم کہ نجاست حقیقی کہاں لگی ہے تو اب سارے بدن کا غسل واجب ہے +

سوال۔ سنت غسل کتنے ہیں؟

جواب۔ پانچ ہیں۔ جمعہ کی نماز کیلئے۔ عیدین کی نماز کیلئے، احرام حج یا عمرے کے لئے، وقوف عرفات کے لئے۔ بعد داخل ہونے اسلام کے +

سوال۔ مستحب غسل کتنے ہیں؟

جواب۔ اکیس ہیں۔ دیوانگی اور غشی دور کرنے کے بعد۔ پچھنے لگوانے کے بعد۔ شب برات یعنی پندرہویں شعبان المعظم میں۔ شب عرفہ میں یعنی نویں رات ذوالحجہ کو۔ شب قدر میں۔ نزدیک ٹھہرنے مزدلفہ کے وقت قربانی کے۔ نزدیک داخل ہونے منا کے واسطے سنگباری کے۔ داخل ہونے کیوقت مکہ معظمہ میں واسطے طواف زیارت کے۔ وقت سورج گہن اور چاند گہن کے۔ طلب بارش کیلئے۔ خوف کے وقت دفع مصیبت مثل تاریکی دن یا سخت آندھی وغیرہ وغیرہ کے لئے۔ مدینہ منورہ میں داخل ہونے کیوقت برائے تعظیم جناب رسالتمآب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سنئے کپڑے پہننے کیوقت۔ مردہ نہلانے کے بعد۔ مقتول پر بوقت قتل خواہ وہ قتل کیسا ہی ہو۔ سفر سے مراجعت کیوقت۔ عورت استحاضہ پر ہر وقت نماز کیلئے +

## فصل اول جنابت کے بیان میں

Marfat.com

سوال۔ جنابت کس کو کہتے ہیں؟

جواب۔ لغت میں جنابت دوری کو کہتے ہیں اور مجازاً اُس حالتِ ناپاکی کو کہتے ہیں کہ جو منی نکلنے یا ادخال حشفہ کے بعد تمام جسم سے متعلق ہوتی ہے چونکہ اس حالت میں عبادت مخصوصہ سے دوری ہو جاتی ہے اسلئے یہ حالت مجازاً شریعت میں جنابت سے تعبیر کی گئی۔

سوال۔ غسل کے واسطے منی کا نکلنا کسی شرط کے ساتھ ہے یا مطلق؟

جواب۔ منی کا خارج ہونا دفق[1] اور شہوت کے ساتھ ہی شرط عام ہے اس سے کہ چھونے سے ہو یا دیکھنے سے یا ہاتھ کے عمل سے سوتے میں نکلے یا جاگتے میں مرد سے نکلے یا عورت سے اگر بغیر ان شرائط کے منی نکلیگی تو جنابت ثابت نہ ہوگی اسپر غسل بھی فرض نہ ہوگا مثلاً کسی نے بوجھ اٹھایا یا بیماری آئی یا کسی اور سبب کے علاوہ ان اسباب مذکورۃ الصدر کے منی نکلی۔ تو غسل فرض نہ ہوگا نہ وہ جنبی کہلائیگا (عالمگیری)

سوال۔ ادخال حشفہ بھی مخصوص ہے یا عام؟

جواب۔ مخصوص ہے عورت اور مرد زندہ اور بالغ کے قبل و دُبر کیساتھ۔ اگر آدمی کے سوا جانور اور زندہ کے سوا مردہ اور بالغ کے سوا صغیرہ کے ساتھ ہوگا تو غسل فرض نہ ہوگا جبتک انزال نہ ہو تو اُس وقت سبب غسل انزال ہوگا نہ کہ دخول۔ یہ حکم غسل کے لئے ہے۔ اس سے یہ نہ سمجھ لینا چاہئے کہ مرتکب ان اُمور کا مستحق سزا نہ رہا ہو۔

سوال۔ اگر کوئی شخص سوتے سے جاگے اور اس نے اپنے بچھونے پر یا ران پر یا احلیل[2] پر تری پائی تو وہ کیا کرے؟

جواب۔ اگر اس کو احتلام یاد ہے اور اسکو مذی یا منی کے ہونے میں یقین ہو یا شک ہو تو ان دونوں صورتوں میں اسپر غسل واجب ہوگا اور اگر یقین ہے کہ وہ ودی ہے تو غسل واجب نہ ہوگا۔ (درمختار)

سوال۔ یہ صورت احتلام یاد ہونے کیساتھ بیان کی گئی اور جسکو احتلام یاد نہ ہو تو وہ کیا کرے؟

جواب۔ یہ شخص اپنے یقین پر عمل کرے اور اگر ودی اور مذی کا یقین ہے تو غسل واجب نہ ہوگا اور اگر منی کا یقین ہے تو غسل واجب ہوگا اور اگر شک ہو کہ وہ منی ہے یا مذی تو اب اسکو یاد کرنا چاہیے کہ سونے سے پہلے اسکا عضو مخصوص منتشر تھا یا ساکن اگر منتشر تھا تو اسپر غسل واجب ہے ورنہ واجب نہیں (شامی)

سوال۔ منی اور مذی اور ودی کی تشریح بیان کیجیے؟

جواب۔ منی وہ ہے کہ جو شہوت سے لذت کیساتھ برآمد ہو۔ مذی وہ ہے کہ جو ملاعبت یا تصور عورت

[1] دفق۔ کود کر نکلنے کو کہتے ہیں۔ [2] احلیل ذکر کے سوراخ کو کہتے ہیں

Marfat.com

سے بجالت انتشار عضو مخصوص سے جپپ سا برآمد ہو۔ اور ودی گاڑھے پیشاب کو کہتے ہیں۔

سوال۔ منی اور مذی اور ودی کے حکم بھی بیان کیجئے ؛

جواب منی کے نکلنے سے غسل فرض ہوتا ہے۔ مذی اور ودی کے نکلنے سے غسل فرض نہیں ہوتا

سوال۔ مرد و عورت دونوں ہمبستر ہوئے اور دونوں میں مباشرت واقع نہیں ہوئی اور دونوں سو گئے۔ صبح بوقت بیداری بستر پر دھبہ پایا اور احتلام دونوں کو یاد نہیں اب غسل کس پر فرض ہے ؟

جواب۔ اس دھبہ کو دیکھنا چاہیئے۔ کہ اگر وہ دھبا لمبا سفید اور غلیظ ہے تب تو مرد پر غسل واجب ہے اور اگر دھبہ گول رقیق اور زرد ہے تو عورت پر۔

سوال۔ ایک مرد کو احتلام اور انزال کی لذت تو یاد ہے مگر بعد بیداری اس نے بدن و بستر پر کوئی نشان نہیں پایا۔ اسپر بھی غسل واجب ہے یا نہیں ؛

جواب۔ اس مرد پر غسل فرض نہیں اور اسی حکم میں عورت بھی داخل ہے (عالمگیری)

سوال۔ کسی عورت نے مجامعت کے بعد غسل کیا اور نماز ادا کی پھر اسکی پیشابگاہ سے منی اسکے شوہر کی برآمد ہوئی۔ تو یہ عورت اعادہ غسل کا کرے یا نماز کا ؛

جواب۔ اس عورت پر نہ اعادہ غسل کا ہے نہ نماز کا۔ (درمختار)

سوال۔ ایک شخص کو احتلام ہوا اور جاگنے کے وقت کوئی علامت نہ پائی۔ پھر وضو کیا اور نماز پڑھی اسکے بعد منی نکل آئی۔ اسپر غسل واجب ہے یا نہیں اور اس نماز کا اعادہ بھی ہے یا نہیں ؟

جواب۔ اس پر غسل واجب ہے۔ اور نماز کا اعادہ نہیں (عالمگیری)

سوال۔ اگر کسی کے پیشاب کرتے ہوئے منی نکلی ہو۔ تو اسپر غسل فرض ہوا یا نہیں ؛

جواب۔ اگر اس وقت میں تندی تھی تو غسل فرض ہوا۔ ورنہ نہیں (عالمگیری)

# فصل دوم حیض کے بیان میں

سوال۔ فرض غسل کے اقسام میں ایک قسم فرض غسل کے بعد انقطاع حیض بیان کی گئی ہے اب یہ بتلایئے کہ حیض کس کو کہتے ہیں ؛

جواب۔ جو خون کہ عورتوں کو ہر مہینے رحم کے اندر سے آتا ہے اسکو حیض کہتے ہیں۔ اس کی

Marfat.com

رنگت سُرخ سیاہ زرد ۔ سبز مکدر ۔ خاکستری ہوتی ہے ۔

سوال حیض کی کوئی مدت معین ہے ؛

جواب ہاں معین ہے خون حیض تین رات دن سے کم اور دس رات دن سے زیادہ نہیں ہوتا ہے ۔ اگر اِس مدت سے کم یا زیادہ ہو تو وہ خون حیض کا نہیں ہے اسکو استحاضہ کہینگے اور یہ زمانہ تین رات دن کا یا دس رات دن کا ساعت فلکی سے شمار ہوگا ۔ نہ ساعت زمانی و شرعی و لغوی وغیرہ سے ۔

سوال ساعت فلکی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ساعت فلکی پندرہ درجہ کی ہوتی ہے اسکا اندازہ نجومی گھڑیوں سے کیا گیا ہے ایک رات دن کی ۲۴ گھڑیاں یعنی گھنٹے ہوے ۔ اِس حساب سے تین رات دن کے کہ جو کمتر مدت حیض کی مقرر کی گئی ہے ۷۲ گھنٹے ہوتے ہیں ۔ تو اب شروع اور ختم کمتر مدت حیض کا وقت ۷۲ گھنٹے ہوا ۔ اسوقت میں اگر پاؤ گھنٹے کی بھی کمی ہوگی تو وہ حیض نہ ہوگا ۔ مثلاً ایک عورت کو اول بار خون آیا ۔ جب کہ صبح کے چھ بجے تھے اور چوتھے دن پونے چھ بجے خون منقطع ہوا اور پھر اُسکے بعد اکثر مدت کی بیچ تک کہ جو دس رات دن کہی گئی ہے جسکے ۲۴۰ گھنٹے ہوتے ہیں کسی دن خون نہیں دیکھا تو اب بوجہ اس پاؤ گھنٹے کی کمی کے یہ خون حیض کا شمار نہ ہوگا کیونکہ معین مقررہ سے پاؤ گھنٹہ کی کمی واقع ہوئی اگر چھ بجے منقطع ہوتا یا چھ سے تجاوز کرتا اسوقت میں حیض تھا اب استحاضہ ہے اسی طرح اکثر مدت میں اگر پاؤ گھنٹہ کی زیادتی خون میں ہو جاوے گی تو حیض شمار نہ ہوگا ۔ مثلاً ایک عورت کو صبح کے چھ بجے حیض شروع ہوا اور گیارہویں دن سوا چھ بجے پر ختم ہوا تو اسی پاؤ گھنٹہ کی زیادتی حیض نہیں ۔ چھ بجے تک حیض ہے اور پاؤ گھنٹہ استحاضہ کا ہے ۔

سوال ۔ استحاضہ کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ۔ استحاضہ بیماری کا نام ہے اسمیں خون رحم سے نہیں آتا بلکہ کوئی رگ کہ جو متعلق فرج داخل ہے پھٹ جاتی ہے اور اسمیں جماع و نماز وغیرہ سب درست ہے مگر مستحاضہ ہر نماز کیلئے تجدید وضو کرے [illegible]

سوال ۔ عورت کے پاس رہنے کی بھی کوئی میعاد شریعت میں مقرر ہے ؛

جواب ہاں کم از کم پندرہ دن میعاد طہر کے معین ہیں اور [illegible] بھی ممکن ہیں اور زیادہ طہر کی کوئی حد نہیں تمام عمر کو بھی گھیر سکتا ہے ۔

سوال ۔ اگر صغیرہ پہلے بلوغ سے اور حاملہ پہلے جننے سے اور بڑھیا پچپن یا ساٹھ برس والی بڑھاپے

Marfat.com

میں خون دیکھے تو حیض کا حکم ہے یا نہیں ؟
جواب یہ خون حیض کا نہیں ہے استحاضہ کا ہے خون حیض اور خون استحاضہ کی شناخت یہ ہے کہ خون حیض میں بدبو ہوتی ہے۔ اور استحاضہ کے خون میں بدبو نہیں ہوتی +
سوال۔ اگر عورت نے پاکی کی حالت میں نماز یا روزہ شروع کیا اور پھر نماز روزہ کے اندر حائضہ ہوگئی تو کیا کرے ؟
جواب اگر روزہ یا نماز نفل ہے۔ تو قضا دونوں کی لازم آئیگی۔ اور اگر فرض ہے تو صرف فرض روزہ کی قضا ہے۔ نماز کی نہیں +
سوال۔ اسکی کیا وجہ ہے کہ نماز اور روزہ نفل کی اور فرض روزہ کی تو قضا کرے اور فرض نماز کی نہیں ؟
جواب۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ہر نفل پہلے شروع کرنے سے نفل ہے اور بعد شروع کرنیکے وہ نفل واجب ہوتی ہے اب اس نفل کا ادا کرنا بعد انقطاع حیض واجب ہوگیا کیونکہ خود اس نے اپنے ذمہ واجب کر لیا ہے۔ اور واجب مقرر کردہ خدا ہے اسلیئے اپنا واجب تو خدا نے معاف کیا اور جو خود ضرید اہے وہ معاف نہیں کیا گیا +
سوال۔ فرض نماز کی قضا کیوں نہیں ہوئی اور فرض روزہ کی قضا کیوں ہے اسکا جواب نہیں ملا ؟
جواب۔ اس کی وجہ ایک تو یہ ہے کہ روزے فرض سال تمام میں یک ماہ کے ہوتے ہیں اور اکثر حیض کے دس دن ہیں اُن دس دن کے روزوں کی قضا تمام سال میں کوئی حرج نہیں رکھتی برخلاف نماز کے کہ اگر نماز معاف نہ ہوتی تو ہر مہینے میں قضا نماز پچاس اور سال میں چھ سو نماز اور اسمیں تکلیف اور حرج بہت تھا۔ اسلیئے شارع نے نماز کو معاف فرمایا لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا فرمان الٰہی ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت آدم علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب حضرت حوا علیہا السلام کو مبتلائے حیض دیکھا تو رب العزت سے حکم نماز دریافت فرمایا۔ بارگاہ قدس سے حکم معافی کا صادر ہوا حضرت صفی علیہ السلام نے روزہ کا حکم اپنے قیاس سے نماز پر دے دیا۔ شان بے نیازی نے اس فعل کو پسند نہیں فرمایا اسلیئے روزہ کی قضا ہوئی +
سوال۔ ایک عورت کو اول مرتبہ دو دن خون آکر بند ہوگیا اور پھر چھٹے دن خون آیا۔ چار دن پاک رہی اسکے لئے کیا حکم ہے ؟
جواب۔ عورت آٹھ دن تک حیض میں ہی شمار ہے اس چھ دن کی درمیانی پاکی کا کوئی اعتبار نہیں جو پاکی کہ درمیان دو خونوں کے دس دن کے اندر ہوئی ہے اسکو طھر متخلل بین الدمین

Marfat.com

کہتے ہیں۔ وہ سب حیض میں ہی داخل ہے خواہ یہ طہر عادت والی کو ہو یا غیر عادت والی کو۔

سوال۔ ایک عورت عادت والی ہو اسکو عادت کے خلاف خون آیا مثلاً پانچ دن کی عادت تھی ایکدفعہ چھ دن آگیا یا سات دن کی عادت تھی ایکدفعہ آٹھ یا نو روز تک آیا تو اس عورت کیلئے کیا حکم ہے؛

جواب۔ اس عورت کی عادت بدلی ہے۔ دس دن تک ایسے سب ایام حیض میں ہی داخل ہوتے ہیں۔

سوال۔ اگر عادت والی عورت کو گیارہ دن تک خون آئے تو اسکا کیا حکم ہے؛

جواب۔ جتنے دن عادت سے زیادہ ہیں وہ استحاضہ میں شمار ہیں مثلاً ایک عورت کی عادت ۴ دن کے حیض کی تھی اور ایکدفعہ اسکو گیارہ دن تک خون آیا گویا سات دن عادت سے زیادہ ہوئے ہیں تو یہ عورت اسی عادت کے موافق چار دن تک تو حیض میں شمار ہوگی اور سات دن کا اسکو استحاضہ شمار ہوگا غرض اکثر مدت یعنی دس دن سے جہاں خون متجاوز ہوا اب عادت کے ایام منہا کرکے ایام پر استحاضہ کا حکم ہو جاویگا۔ ان ایام استحاضہ کے روزے اور نماز سب ادا کرے گی۔

سوال۔ یہ حکم عادت والی کے لئے معلوم ہوا۔ غیر عادت والی مبتدیہ اگر پہلی مرتبہ گیارہ دن تک خون پائے تو وہ کیا کرے؛

جواب۔ غیر عادت والی دس دن تک حائضہ ہے۔ اور دس دن سے ایکدن یا دو دن جس قدر ایام زیادہ ہوں سو وہ سب استحاضہ ہیں۔

سوال۔ مستحاضہ عورت کہ جسکو عرصہ سے برابر خون جاری ہے اگر وہ اپنے حیض کے دنوں کو بھول جاوے۔ تو وہ کیا کرے؛

جواب۔ اٹکل دوڑائے اور خوب سوچے۔ ظن غالب پر عمل کرے یعنی جن دنوں کو طہر خیال کرے ان میں نماز وغیرہ سب ادا کرے اور جن دنوں کو حیض سمجھے ان میں نماز وغیرہ ترک کرنے۔

سوال۔ ایک مستحاضہ کو حیض کے دن تو یاد ہیں مگر عشرات ثلاثہ کا دورہ یاد نہیں کہ کونسے عشرہ میں حائضہ ہوتی تھی۔ پہلے عشرہ میں یا دوسرے میں یا تیسرے میں۔ یہ عورت کیا کرے؛

جواب۔ یہ بھی وہی کرے جو دنوں کو بھولنے والی کرے یعنی جس عشرہ میں حیض کا ظن غالب ہو اس میں اپنے کو حائضہ تصور کرے اور جس عشرہ میں اپنے کو طہر میں سمجھے۔ اس میں وہ طاہر ہے۔

سوال۔ ایک عورت کو کسی طرف بھی ظن غالب نہیں دونو جانب اسکی برابر ہیں وہ کیا کرے؛

Marfat.com

جواب۔ اس عورت کو اب یہ سوچنا چاہیئے۔ کہ طہر اور حیض میں تردد ہے یا طہر اور انقطاع حیض میں اگر طہر اور حیض میں شک ہے تب تو ہر نماز کے واسطے وضو کرے۔ صرف فرض واجب سنت مؤکدہ ادا کرے اور قرآن بقدر مفروض پڑھے۔ مسجد میں نہ جاوے اور قرآن شریف کو مس نہ کرے اور اگر طہر او انقطاع حیض میں تردد ہے۔ تو ہر نماز کے واسطے غسل کرے اور اس میں بھی نماز غیر مؤکدہ نہ پڑھے اور شوہر کو جماع سے روکے اور مسجد میں بھی نہ جاوے۔

سوال۔ یہ عورت رمضان شریف کے روزے کس طرح رکھے:

جواب۔ اس عورت کو یہ بھی یاد ہے کہ ابتدائے حیض رات میں ہوا تھا یا دن میں اگر رات میں شروع ہونا یاد ہے تو یہ عورت تمام رمضان کے روزے رکھکر بیس دن کے روزوں کی قضا کرے اور اگر دن میں حیض کا آنا یاد ہے۔ تو بعد رکھنے سارے روزے رمضان شریف کے بائیس روزے اور قضا کرے کیونکہ رات میں حیض شروع ہونے سے رات ہی میں ختم ہوگا اور دن میں حیض آنیسے روزہ فاسد ہوجاتا ہے۔ اسلیئے ۲ دن کے روزے اور بڑھ گئے اور اگر یہ بھی یاد نہیں کہ رات میں حیض شروع ہوا تھا یا دن میں۔ تو یہ عورت (اکثر مشائخ کے نزدیک) بتیس روزوں کی قضا کرے (عالمگیری)

سوال۔ یہی عورت طواف کعبہ بھی کرے یا نہیں؛

جواب۔ کریگی۔ مگر طواف الزیارۃ کہ جو فرض ہے اسکا تو بعد دس دن کے پھر اعادہ کرے اور طواف الصدر کہ جو رخصت ہونیکے وقت ہوتا ہے۔ اسکا اعادہ نہیں اسلیئے کہ یہ طواف حائضہ سے ساقط ہے (عالمگیری)

سوال۔ حائضہ عورت سے مساس وغیرہ بھی درست ہے یا نہیں؛

جواب۔ ناف اور گھٹنے کے درمیان کی جگہ کے علاوہ سب بدن سے مساس اور فائدہ لینا درست ہے

سوال۔ حائضہ عورت سے کھانا پکوانا اور اسکی مستعملہ چیزوں کا استعمال جائز ہے یا نہیں؛

جواب۔ سب جائز ہے۔ بلکہ حائضہ کو اپنے چھونے سے علیحدہ رکھنا لائق نہیں کہ یہ فعل ہنود اور یہود کیساتھ مشابہ ہے

سوال۔ اگر کوئی شخص حائضہ سے جماع یعنی صحبت کرلے تو اسکے لئے کیا حکم ہے؛

جواب۔ توبہ اور استغفار کرے۔ اور امیر صدقہ بھی دے صورت صدقہ کی یہ ہے کہ جماع اگر ایسی حالت میں کیا ہے۔ جب کہ خون سرخ آرہا ہے تب تو ساڑھے ۴ ماشہ سونا دے اور اگر خون کی زردی کی حالت میں جماع کیا ہے تو سوا دو ماشہ سونا دے۔

Marfat.com

سوال۔ کیا عورت کے لئے بھی یہی حکم ہے؟

جواب عورت کے لئے یہ حکم نہیں ہے کیونکہ ایسی حالت میں اس فعل کا ارتکاب مرد کی طرف سے ہوتا ہے ٭

سوال یہ بھی بتلا دیجئے کہ انقطاع حیض کے بعد صحبت کرنا غسل سے پہلے بھی حلال ہے یا نہیں؟

جواب جو عورت کہ بعد اکثر مدت یعنی دس دن کے پاک ہوئی اس سے قبل از غسل بھی وطی یعنی صحبت کرنا حلال ہے پہلی مرتبہ والی ہو یا دس دن کی عادت والی مگر مستحب ہے کہ ایسی عورت سے بھی جبتک غسل نہ کرے صحبت نہ کرے اور جو عورت ایسی ہو کہ جس کا خون دس دن سے کم میں بند ہو جائے وہ جبتک غسل نہ کرلے یا اس پر آخر وقت نماز کا اسقدر نہ گزرے کہ جو غسل اور تحریمہ کو کافی ہو۔ اسوقت تک اس سے وطی جائز نہیں۔ اسلئے کہ نماز بھی ایسی عورت پر اسی وقت واجب ہوتی ہے۔ جب کہ نماز آخر وقت کا اسقدر زمانہ موجود ہو۔ اور یہی حکم نفاس[1] کا ہے ٭

سوال وہ کونسی عورت ہے کہ جس پر بعد انقطاع حیض تاخیر غسل واجب ہے؟

جواب یہ عورت وہ ہے کہ جس کا خون عادت سے کم میں منقطع ہوا ہو مثلاً اس عورت کی عادت چار دن کے حیض کی تھی۔ اور اب کی دفعہ خون حیض تین دن کے بعد منقطع ہوا تو اب اس عورت کو غسل میں تاخیر کرنا واجب ہے جبتک کہ نماز کا وقت مکروہ نہ ہو جائے ( )

سوال حیض اور نفاس والی کو کیا کیا چیزیں حرام ہیں؟

جواب نماز کا پڑھنا۔ روزہ کا رکھنا۔ طواف کعبہ کرنا۔ مسجد میں جانا۔ قرآن شریف میں پڑھنا[2] اور چھونا[3] اور جماع کرنا یہ سب چیزیں حرام ہیں ٭

سوال اگر کوئی عورت معلّمہ ہو تو بحالت حیض و نفاس قرآن کی تعلیم کس طرح دے؟

جواب ایک ایک کلمہ سکھائے اور دو کلموں کے درمیان توقف کرے اور قرآن شریف کے ہجے بھی کرانا اسکو درست ہے ٭

---

[1] نفاس کا حکم مثل حیض کے ہے۔ ہر چیز میں سوائے سات چیزوں کے اور وہ سات چیزیں یہ ہیں۔ بلوغ۔ استبرا۔ عدت۔ طلاق۔ سنت اور بدعت میں فرق۔ کفارہ کے روزوں کے انفصال کا فرق۔ کمی نفاس کی کوئی مدت معین نہ ہونا۔ زیادتی کی مدت چالیس دن کا معین ہونا (غایۃ الاوطار)

[2] پڑھنا ایک آیت سے کم کا اگر بہ نیت دعا یا استعاذہ یا حمد اور ثنا ہے تو درست ہے اور یہی حکم جنابت والی کا ہے (غایۃ الاوطار)

[3] چھونا اگر غلاف اور اس جلد سے ہو کہ جو قرآن شریف سے علیحدہ ہے۔ تو درست ہے اگر غلاف اور جلد کے ساتھ ہے کہ جو قرآن شریف سے سلا ہوا ہے تو درست نہیں اور یہی حکم جنابت والی اور بے وضو پر بھی ہے مگر بچے اس حکم سے مستثنیٰ ہیں (عالمگیری)

سوال ایسی عورت تسبیح اور تہلیل اور کھانے کے وقت بسم اللہ بھی پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟
جواب ہاں ان کے پڑھنے کا مضایقہ نہیں۔ بلکہ مستحب یہ ہے کہ جب نماز کا وقت ہو تو وضو کرے اور گھر میں نماز کی جگہ پر آ بیٹھے اور جتنی دیر میں نماز ادا کرتی تھی اتنی دیر تک سُبْحَانَ اللّٰہِ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھتی رہے تاکہ نماز پڑھنے کی اوقات معینہ پر عادت پڑی رہے۔
سوال ایسی عورت کو عید گاہ اور قبرستان میں بھی جانے کی اجازت ہے یا نہیں؟
جواب ہاں اجازت ہے۔
سوال ایسی عورت یعنی حایضہ اور نفسہ کو تفسیر اور فقہ اور حدیث کی کتابیں یا روپیہ یا تختی وغیرہ جس پر آیات قرآنی لکھی ہوں۔ چھونا جایز ہے یا نہیں؟
جواب ان سب کا چھونا بھی جایز نہیں (شرح وقایہ)
سوال اس عورت کو ایسی کتابت کا لکھنا جسکی بعض سطروں میں قرآن کی آیت لکھی ہو درست ہے یا نہیں؟
جواب مکروہ ہے۔
سوال یہ بھی بتلا دیجئے کہ حیض کا شروع ہونا کب تک متحقق ہوتا ہے؟
جواب جب خون فرج خارج تک آ جائے۔ قبل اس کے نماز روزہ نہیں ٹوٹے گی۔
سوال کسی عورت نے بحالت طہارت اپنی فرج داخل میں کپڑا یا روئی کو لگایا اور وہ خون سے سرخ ہو گیا اور فرج خارج میں گدی رکھی اور وہ خون سے سرخ نہیں ہوئی بوجہ حائل ہونے کپڑے کے اب اس عورت پر کس وقت سے حکم حیض ہے؟
جواب اس عورت کی مدت حیض اس وقت سے متحقق ہوگی جب فرج داخل سے کپڑے کو اٹھائیگی یا خود وہ کپڑا خون کے زور سے اپنے مقام سے علیحدہ ہو جائے اور یہی حکم استحاضہ اور نفاس اور پیشاب کا ہے اور مرد کے لئے بھی یہی حکم ہے۔ جبکہ وہ اپنے سوراخ ذکر میں روئی رکھے مگر قلفہ یعنی جائے ختنہ اس حکم سے خارج ہے قلفہ میں جب پیشاب آ پہنچے گا وضو ٹوٹ جاویگا (شرح وقایہ)

# فصل سوئم۔ نفاس کے بیان میں

سوال فرض غسل کی قسموں میں ایک قسم فرض غسل کی بعد انقطاع نفاس بیان کیگئی ہے اس سے بھی

Marfat.com

آگاہی بخشئے گا کہ نفاس کس کو کہتے ہیں ؛

جواب نفاس وہ خون ہے کہ جو بعد بچہ پیدا ہونے کے عورت کے رحم سے آتا ہے +

سوال اسکی بھی کوئی حد معیّن ہے ؛

جواب اسکی کمی کی تو کوئی حد نہیں مگر زیادہ کی حد چالیس دن معین ہے اس سے زیادہ نہیں ہوتا +

سوال وہ نفاس والی کہ جسنے پہلی مرتبہ بچہ جنا اور اسکو پچاس دن تک خون آیا یا عادت والی عورت جسکی عادت بیس دن کے نفاس کی ہے اور ایکدفعہ پچاس دن تک خون آیا تو اُن دونوں عورتوں کیلئے کیا حکم ہے ؛

جواب وہ عورت کہ جس نے پہلی مرتبہ بچہ جننے کے بعد پچاس دن تک خون دیکھا چالیس دن تک نفاس والی ہے اور بعد چالیس دن کے مستحاضہ ہوگی اور عادت والی زچہ کو بیس دن تو عادت کے موافق زچگی میں شمار ہوں گے اور تیس دن زیادتی کے استحاضہ میں اسی طرح دنوں کی کمی زیادتی اور جماع اور غسل کے اوقات میں سب احکام نفاس کے مثل احکام حیض کے ہیں اور حیض کا مفصل بیان باب حیض میں گزر چکا۔

سوال اگر کسی عورت کا بچہ پیٹ چاک کر کے نکالا جاوے تو ایسی عورت کیلئے کیا حکم ہے :

جواب اگر خون رحم سے ہی جاری ہوا ہے۔ تب تو یہ عورت نفاس والی ہے۔ ورنہ زخم والی ٹھیریگی اور نماز روزہ سب ادا کرے گی +

سوال اگر کسی عورت حاملہ کے نصف سے کم بچہ نکل کر رہ گیا اور وقت نماز قریب الاختتام ہے تو یہ عورت نفاس والی ہے اور اس وقت تک کی نماز معاف ہے یا نہیں ؛

جواب یہ عورت اس وقت تک نفاس والی نہیں ہے اور جبکہ نفاس ثابت نہیں تو نماز کسطرح معاف ہوسکتی ہے۔ اُسوقت کی نماز بھی اشارہ سے ادا کرے جائے غور ہے کہ جب ایسی وقت میں بھی نماز ادا کرنیکا حکم ہے تو صحیح اور تندرست عورت ذرا سے عذروں کیساتھ کیونکر نماز قضا کرسکتی ہاں اگر بچہ نصف سے زیادہ نکل آئے اور خون بھی جاری ہوجائے تو اب نماز معاف ہے اور یہ عورت نفاس والی شمار ہوگی (درمختار)

سوال۔ جوڑوان بچوں کی ماں کا نفاس اول بچہ کی ولادت سے ہوگا یا دوسرے بچہ کی ولادت سے ؛

جواب۔ نفاس کے لئے اول بچہ کی ولادت معتبر ہے۔ اور عدت کیلئے دوسرے بچے کی (درمختار)

سوال۔ اسکی کیا وجہ ہے ؛

جواب اسکی وجہ یہ ہے کہ انفتاح[1] رحم ولد اوّل سے ہوگا تو اب اُسکے بعد کا خون ۴۰ دن تک

[1] یعنی رحم کا منہ کھلنا ٭

Marfat.com

نفاس ہے اور عدت کے انقضا کیلئے انخلائے رحم ضروری ہے۔ اور انخلائے رحم دوسرے مولود کے بعد ثابت ہوگا۔ اسلئے عدت کے انقضا میں ولد ثانی کی ولادت معتبر ہے۔

سوال جوڑواں بچے کب تک ہو سکتے ہیں؟

جواب چھ مہینے سے کم کے جوڑواں ہو سکتے ہیں۔

سوال اور چھ مہینے یا زیادہ کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر چھ مہینے یا زیادہ کا فاصلہ درمیان دو بچوں کے ہوا۔ تو وہ دو حمل اور دو نفاس قرار دیے جائینگے۔

سوال اسقاط والی کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر اسقاط ایسی حالت میں ہوا جب کہ ظہور اعضاء ہو چکا تھا تو اسکے بعد کے خون کیلئے نفاس کا حکم ثابت ہے اور اگر ظہور اعضاء سے پہلے اسقاط ہوا تھا تو وہ خون حیض کا ہے بشرطیکہ پندرہ دن کے طہر گزرنے کے بعد تین ہی دن خون جاری رہا ہو۔ اور اگر تین دن خون جاری نہیں رہا یا تین دن جاری رہا مگر پندرہ دن کا طہر پہلے نہیں گزرا تو اب یہ استحاضہ ہے۔

سوال ظہور اعضاء کب تک ہو جاتا ہے؟

جواب ایک سو بیس دن کے بعد۔

سوال ایک عورت کا حمل اسقاط ہو کر خون جاری رہا ہو اور یہ خبر نہیں کہ بعض اعضاء کی خلقت ظاہر ہوئی تھی یا نہیں مثلاً اندھیرے میں گر پڑا اور پھینکدیا گیا یا حمل کے دنوں کو بھول گئی تو اس عورت پر کیا حکم ہے

جواب یہ عورت اپنے حیض کے یقینی دنوں میں نماز وغیرہ ترک کرے اور باقی دنوں میں نماز وغیرہ ادا کرے معذور کی مانند۔ سوال۔ معذور کس کو کہتے ہیں۔ اور اس کا کیا حکم ہے؟

جواب معذور وہ ہے جس کا عذر ایک نماز کے پورے وقت برابر رہے اور وہ اسکے رکنے میں بے قابو ہو جیسے نکسیر جاری ہو یا خون استحاضہ یا ریح یا پیشاب یا دست یا پیپ یا پانی کسی مقام بدن سے درد کے ساتھ وغیرہ وغیرہ اور اس کا حکم یہ ہے کہ وضو ہر نماز کے وقت کیلئے کرے اور اس وضو سے اس وقت میں جو فرض و نفل چاہے پڑھے معذور کے وضو کو وقت کا جانا توڑتا ہی یا دوسرے حدث کا لاحق ہونا مثلاً ایک عورت مستحاضہ نے ظہر کا وضو کیا تو اب اس وضو سے نزدیک امام اعظم رحمۃ اللہ کے

Marfat.com

خروج ظہر کے وقت تک جو چاہے پڑھے جب وقت ظہر گزرا وضو ٹوٹا اور اگر اس عورت کو استحاضہ کے سوا دوسرا حدث یعنی ناک سے خون کا جاری ہونا وقت کے اندر لاحق ہوا۔ تو اب ناقض وضو اس دوسرے حدث کا لحوق ہے نہ پہلے کا ۔

سوال اگر کسی معذور کا سارے وقت نماز میں بالاستیعاب عذر نہیں ہے۔ بلکہ تھوڑی دیر کو اس کا عذر منقطع بھی ہو جاتا ہے اسکے لئے کیا حکم ہے ؟

جواب جس کا عذر قلیل زمانہ کو منقطع ہو جاتا ہے۔ وہ عدم انقطاع کی برابر ہے (نہایۃ الاوطار)

سوال قلیل زمانہ معذور کے حق میں کیا رکھا گیا ہے ؟

جواب جس میں معذور عذر سے خالی رہکر نماز ادا نہ کر سکے ۔

سوال معذور اپنے نجس کپڑے کو بھی دھولے یا اسی سے نماز پڑھ لے ؟

جواب اگر ایسی حالت ہے کہ جو دھوئے تو نماز سے فارغ ہونے سے پہلے ہی پھر دوبارہ نجس ہو جائے گا تو اسکے بغیر دھوئے نماز پڑھ لے۔ ورنہ کپڑے کا دھونا واجب ہے اسی طرح بدن اور مکان کا حکم ہے

# فصل چہارم احکامِ غسل میں

سوال مفروض غسل میں کیا کیا چیزیں فرض ہیں کہ جن کے بغیر ناپاکی دور نہیں ہوتی ؟

جواب تین چیزیں ہیں۔ اول منہ بھر کر کلی کرنا۔ دوسرے ناک میں پانی ڈالنا[2] تیسرے سارے بدن کا دھونا ۔ سوال سنتیں غسل میں کیا کیا ہیں ؛

جواب چار ہیں اول دونوں ہاتھوں کو پہونچوں تک دھونا۔ دوسرے شرمگاہ کو پہلے غسل سے دھونا خواہ نجاست ہو یا نہ ہو۔ تیسرے وضو کرنا۔ چوتھے تین بار سر اور تمام بدن پر پانی ڈالنا[3] ۔

سوال مستحبات غسل کیا کیا ہیں ؛

جواب آٹھ ہیں۔ نیت دور کرنے ناپاکی کی کرنا۔ ہاتھ دھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا قبلہ کی طرف نہ کرنا بشرطیکہ ننگا نہ ہو۔ تمام بدن پر پانی مل لینا تاکہ سارے بدن پر پانی اچھی طرح پہنچ جائے۔ ایسی جگہ

---

[1] مثل پیشاب کرنے یا پانی نہ پھرنے یا نکسیر جانے وغیرہ کے

[2] ناک میں پانی ڈالنے کی صورت یہ ہے کہ جہانتک ناک کا چمڑا نرم ہے۔ وہاں تک پانی پہنچ جاوے ۱۲ (عالمگیری)

[3] پانی ڈالنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین بار سر پر پانی ڈالے پھر داہنے مونڈھے پر ڈالے پھر تین بار بائیں مونڈھے پر ڈالے (ردمحتار)۔

Marfat.com

نہانا جہاں کوئی نہ دیکھے۔ غسل کرتے وقت فضول باتیں نہ کرنا۔ پانی میں کمی اور زیادتی نہ کرنا بعد غسل کے موٹے کپڑے سے بدن صاف کرنا۔ ( )

سوال ناک میں پیپڑی خشک مانع طہارۃ ہے یا نہیں؟

جواب بیشک مانع طہارۃ ہے اسی طرح گندھا ہوا آٹا ناخنوں میں لگا رہنا مانع طہارت ہے۔ پہلے ناک کی پیپڑی اور آٹے کو دور کرے تب غسل کرے۔ ورنہ غسل نہ ہوگا۔

سوال کسی کے بدن یا بالوں میں مہندی یا روغن ملا ہوا ہو تو یہ مہندی یا روغن مانع طہارت ہے یا نہیں؟

جواب یہ چیزیں مانع طہارت و غسل نہیں اسی طرح ناخنوں میں اگر میل یا مٹی ہو تو بھی طہارت ہو جائیگی۔

سوال دانتوں میں ریشہ گوشت کا یا اور کوئی کھانا رہ جائے تو غسل اتر جائے گا یا نہیں؟

جواب اتر جائیگا۔ ہاں اگر کوئی چیز سخت ہو گی کہ جو پانی پہنچنے کو مانع ہو تو غسل نہیں اتریگا۔

سوال انگوٹھی اور کان کی بالیاں غسل کے وقت اتاری جائیں یا کیا؟

جواب اگر انگوٹھی یا بالیاں سخت ہیں کہ پانی انکے اندر نہیں پہنچ سکتا تب تو اتارنا واجب ہے۔ ورنہ انکو حرکت دے دینا کافی ہے۔

سوال عورتوں کو چوٹی گندھی ہوئی کا کھولنا بروقت غسل کیا ہے؟

جواب ضروری نہیں ہے فقط بالوں کے جڑوں میں پانی پہنچالیں ہاں اگر بال کھلے ہوئے ہوں تو اب عورت پر سب کا دھونا واجب ہے اسلیئے کہ اب حرج اور مشقت نہیں ہے جس طرح کہ مردوں کو ڈاڑھی کا دھونا اور کھلے بالوں کا دھونا واجب ہے بوجہ حرج نہ ہونے کے صرف جڑوں کا تر کرنا کافی نہیں ہے مرد عورت سے گندھے ہوئے بالوں میں مستثنےٰ ہے۔ اگر مرد کے سر پر بال گندھے ہوئے ہوں تو مرد پر بالوں کا کھولنا اور چیرنا بھی واجب ہے (درمختار و شرح وقایہ)

سوال گیسو چوٹی سے علیحدہ گندھے ہوتے ہیں انکو بھی بروقت غسل کھول لے یا نہیں؟

جواب ہاں گیسوؤں کا کھولنا عورتوں پر واجب ہے۔

سوال اگر کسی عورت کو سر پر پانی ڈالنا ضرر کرتا ہو۔ تو وہ کیا کرے اور اس عذر سے اپنے خاوند کو جماع سے منع کر سکتی ہے یا نہیں؟

---

۱؎ مٹی خشک ہو یا تر　۲؎ مٹی جو کہ دانتوں کو بند کرے۔ ان سے غسل دور نہیں ہوتا۔

52919

Marfat.com

جواب سر کا مسح کرلے اور باقی بدن دھولے عورت کو نہیں پہنچتا ہے کہ اس عذر سے اپنے خاوند کو جماع سے روکے کیونکہ وہ حق خاوند ہے شریعت میں رعایت حق خاوند کی کسقدر رکھی ہے جائے غور ہے (درمختار)

سوال اگر کوئی شخص کلی کرنا غسل میں بھول گیا اور نماز کے وقت تک اسکو یاد بھی نہیں آئی البتہ اُس درمیان میں پانی ضرور پیا ہے تو اب اس شخص کو دوبارہ غسل کرنا چاہیئے یا کیا ؟ (درمختار)

جواب غسل دوبارہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے درمیان کا پانی پینا بجائے کُلی کرنیکے ہے

سوال غسل اور وضو کے لئے کس قدر پانی ہونا چاہیئے ؟

جواب ایک صاع پانی غسل کیلئے اور ایک مُد وضو کے لئے چاہیئے اور کم وبیش کا بھی مضایقہ نہیں

سوال جنابت والی کو غسل کی جگہ ایسی ملے کہ جہاں بے پردگی ہو۔ تو کیا کرے ؟

جواب اگر اجنبی مرد ہے اور بے پردگی بھی مردوں سے ہوتی ہے۔ تو کچھ پرواہ نہ کرے مرد مردوں کے روبرو نہالے اور عورت عورتوں کے سامنے نہالے کیونکہ نظر کرنا جنس کا ہمجنس کی طرف خفیف تر ہے برخلاف غیر جنس کے اور اگر اجنبی عورت ہے اور بے پردگی مردوں سے ہوتی ہے۔ تو یہ عورت تیمم کرلے۔ اگر خوف جاتے رہنے وقت نماز کا ہو ورنہ تاخیر کرے غسل میں (درمختار)

سوال پانی سے استنجا بھی کرے یا نہیں ؟

جواب استنجا تو کسی صورت میں نہ مرد مردوں کے سامنے اور نہ عورت عورتوں کی موجودگی میں کرے کیونکہ اول تو نجاست حقیقی ڈھیلوں سے دُور ہو گئی ہے اب صرف پانی سے فضیلت حاصل کرنا ہے اور اگر کاش نجاست حقیقی زائل نہیں بھی ہوئی ہے تو نجاست حقیقی غلیظ بقدر درہم مانع صلٰوۃ نہیں اور کشف عورت غیر کے سامنے سب طرح حرام ہے۔

# باب تیمم کے بیان میں

سوال تیمم کس کو کہتے ہیں ؟

جواب لغت میں تیمم مطلق قصد کو کہتے ہیں۔ اور اصطلاح شرع میں تیمم اُس قصد کو کہتے ہیں کہ

لہ ۔ ایک صاع چار سیر ۔ چھٹانک کا اور ایک مُد آدھی چھٹانک کم سیر انگریزی کا ہوتا ہے اور یہ مقدار صاع اور مُد کی اُس وقت ہے جب کہ مرد غسل و وضو کرے اور اگر غسل کیساتھ وضو کرے تو ایک مُد سے وضو کرنا علاوہ صاع کے ہے اور وضو میں مکی قید جب ہی ہے کہ جب استنجا نہ کرے اور اگر استنجا کرے تو مد کیوجہ [illegible] ڈیڑھ پاؤ سے زیادہ ہوتا ہے اور بعض مشائخ کے نزدیک یہ مقدار صاع اور مد کی کم سے کم پانی کے کافی ہونے کی بیان کیلئے ہے (عالمگیری)

Marfat.com

جو پاک کرنے والی مٹی یا جنس مٹی کی طرف طہارت حاصل کرنے کی غرض سے کیا جاتا ہے اور یہ مخصوصات اُمت محمد علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام ہے +

سوال۔ تیمم کس کس چیز پر جائز ہے ؟

جواب۔ مٹی اور جنس مٹی پہ یعنے پتھر، چونہ، اگیرو، ملتانی، سرمہ، ہرتال گندھک، یاقوت زبرجد۔ فیروزہ۔ عقیق، سیندھا۔ نمک وغیرہ ان سب پہ درست ہے +

سوال۔ تیمم میں شرطیں کیا کیا ہیں ؟

جواب۔ سات شرطیں ہیں (۱) اسلام کا ہونا (۲) نیت کا کرنا (۳) مسح کرنا (۴) تین یا زیادہ انگلیوں سے مسح کرنا (۵) مٹی یا جنس مٹی کا ہونا (۶) مٹی یا جنس مٹی کا مطہر ہونا[۱] (۷) پانی کا معدوم ہونا حکماً[۳] یا حقیقتاً[۲]

سوال۔ تیمم کے رُکن بیان کرو ؟

جواب۔ تیمم میں اوّل رُکن دو ضرب ہیں یعنی اول ضرب مٹی پہ مار کر منہ پر مسح کرلے اور دوسری ضرب مار کر دونوں ہاتھوں کا مسح کرے کہنیوں تک دوسرا رُکن تیمم کا استیعاب ہے۔ یعنے ایسے طور پر منہ اور ہاتھوں پر مسح کرے کہ کوئی مقام مسح سے خالی نہ رہے +

سوال۔ تیمم کی سنتیں بیان کیجیے ؛

جواب (۱) بسم اللہ کہنا (۲) دونوں ہتھیلیوں کو اندر کی طرف سے مٹی پر مارنا (۳) ہتھیلیوں کو مٹی پر رکھکر آگے کو کھینچنا (۴) ہتھیلیوں کا پیچھے کو ہٹانا (۵) ہاتھوں کو جھاڑنا (۶) مٹی پر ہاتھ رکھنے کیوقت انگلیوں کا کشادہ رکھنا (۷) ترتیب[۴] یعنی اوّل چہرہ کا مسح کرنا پھر داہنے کو پھر بائیں ہاتھ کو مسح کرنا (۸) پئے بپئے بلا توقف مسح کرنا اس طرح کہ اگر پانی کا استعمال کیا جاتا تو عضو متقدم خشک نہ ہوتا (غایۃ الاوطار)

سوال۔ تیمم کرنا کس کس شخص کو جائز ہے ؟

---

[۱] اگر مٹی ناپاک خشک ہے تو اس پر نماز درست ہے مگر اس سے تیمم درست نہیں مستعمل پانی کی مانند پاک کرنے والی نہیں +

[۲] حقیقتاً یہ کہ پانی کا اصلاً موجود نہ ہونا خواہ مسافر ہو یا مقیم شہر ہو یا باہر (شرح وقایہ)

[۳] حکماً یہ کہ بیماری یا خوف زیادتی بیماری سے پانی کا استعمال نہ کر سکنا اور یہ فقدان آب کی شرط مخصوص ہے جواز فرض کے لیے ۱۲

[۴] تیمم کا اچھا طریقہ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی چھنگلی انگلی کی طرف سے بائیں ہاتھ کی تین انگلیاں مع تھوڑی ہتھیلی کے اُوپر ظاہر سید ہے ہاتھ کی انگلیوں کے سروں سے کہنیوں تک کھینچے۔ بعد اس کے انگلی شہادت اور انگوٹھے اور باقی ہتھیلی سے باطن ہاتھ کا مسح کہنی سے انگلیوں کے سروں تک اسی طرح پھر بائیں ہاتھ کو مسح کرے (شرح وقایہ)

Marfat.com

جواب۔ اول اس شخص کو جو عاجز ہو اس مطلق پانی کے استعمال سے جو کافی ہو اسکی طہارت کو بسبب دوری ایک میل[1] کے دوسرے اس شخص کو جو بسبب لاحق ہونے بیماری یا خوف زیادتی بیماری کے استعمال پانی سے عاجز ہو تیسرے اُس شخص کو جسکو پانی لینے میں دشمن کے سبب سے خوف آبرو جانیکا ہو۔ مثلاً عورت کو مرد فاسق کا مفلس یا مقروض کو قرضخواہ کے قید کر لینے کا خوف ہو یا جان جانے کا خوف ہو عام ہے اِس سے کہ یہ دشمن آدمی ہو یا غیر آدمی مثلاً سانپ یا آگ وغیرہ +

سوال۔ آب مطلق اور کافی کی قید کس واسطے لگائی گئی ہے؟

جواب۔ یہ قید اس واسطے ہے کہ آب مقید اور غیر کافی بمنزلہ معدوم کے ہے یعنی اگر کسی شخص کے پاس آب مقید یعنی گلاب، کیوڑہ، آب باقلہ۔ آب تربوز وغیرہ موجود ہے تو اِس پانی سے وضو نہیں کر سکتا یا اور غیر کافی اسقدر پانی ہے کہ خواہ اُس سے وضو کر لے یا نجاست حقیقی جو کپڑے اور بدن کو مانع نماز لگی ہوئی ہے دُور کرے تو اسقدر پانی سے بھی وضو درست نہیں کپڑے اور بدن کو دھوئے اور وضو کے بدلے تیمم کرے سب کے نزدیک یا بقدر دفع پیاس پانی ہے عام ہے اِس سے کہ اپنی پیاس ہو یا غیر کی آشنا ہو یا اجنبی تو اِن سب صورتوں میں باوجود کافی پانی وضو کے لئے ہونے کے پھر غیر کافی سمجھا گیا۔ اور تیمم جائز ہوا (دُرمختار)

سوال۔ جن نمازوں میں بسبب خوف مخلوق کے تیمم کر کے نماز پڑھنا جائز ہوا ہے جیسے کہ عورت کو مرد فاسق کے سبب، مدیون کو قرضخواہ کے سبب وغیرہ وغیرہ۔ آیا بعد دفع خوف اِن نمازوں کا اعادہ ہے یا نہیں؟

جواب۔ اگر یہ خوف مرد فاسق اور قرضخواہ کے ڈرانے سے پیدا ہوا ہے تب تو بعد دفع خوف اس نماز کا اعادہ ہے اور اگر مرد فاسق اور قرضخواہ وغیرہ کو دیکھکر خود بخود خوف پیدا ہوا ہے اور اس خوف سے تیمم کر کے نماز پڑھے تو اس نماز کا اِعادہ نہیں +

سوال۔ اس کی کیا وجہ ہے۔ کہ جو خوف کسی کے دِلانے سے پیدا ہو اُسکے دفع کرنے پر تو اعادہ نماز کا ہوا اور جو خود بخود پیدا ہو۔ اُس سے اعادہ نماز کا نہیں؟

جواب اُس کی وجہ یہ ہے کہ جو خوف کسی کے دلانے سے پیدا ہوا اور پھر اُس نے تیمم کر کے نماز پڑھی

[1] ایک میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے اور گز ۲۴ انگل ہے جو کا اس میل کا فاصلہ مختار قول میں جانب توجہ ہے یعنے جس طرف کو جاتا ہے اسی طرف پانی ایکمیل ہو دائیں بائیں جانب کا پانی ایک میل معتبر نہیں (شرح وقایہ)

تو یہ عجز بندہ کی جانب سے پیدا ہوا اور فعل عباد حق اللہ کے اسقاط میں معتبر نہیں اور جو خوف بغیر کسی دشمن کے خود بخود اسکو دیکھکر پیدا ہوگیا تو وہ ایسا ہے جیسے مرض پیدا ہوگیا۔ چونکہ اسکے پیدا کرنے میں کوئی درمیان نہیں ہے اور وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے اسلیئے اسپر اعادہ نماز کا حکم نہیں ٭

سوال اگر عاجز نے قرآن پڑھنے کے لیئے یا قبرستان میں جانیکے لیے یا دفن میت کے لیے یا اذان کے لیئے یا کسی اور غیر مقصود عبادت کیلیئے تیمم کیا تو اس تیمم سے فرض نماز ادا کرسکتا ہے یا نہیں؛

جواب۔ اس تیمم سے بالاتفاق فرض نماز نہیں ادا کرسکتا کیونکہ تیمم میں ایسی عبادت مقصودہ کی نیت کی شرط ہے کہ جو بغیر طہارت کے صحیح نہیں اور یہ سب باتیں مذکورہ سوال بے طہارت بھی درست ہیں۔ اسلیئے اس تیمم سے نماز فرض عاجز کو درست نہیں (عالمگیری۔ شرح وقایہ)

سوال۔ اگر عاجز نے سجدۂ تلاوت کیلیئے یا نماز جنازہ کے لئے تیمم کیا تو کیا اس سے بھی فرض نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں

جواب۔ ہاں اس تیمم سے فرض نمازیں پڑھ سکتا ہے کیونکہ یہ دونوں بلا طہارت درست نہیں۔

سوال۔ کیا نماز جنازہ کو غیر معذور اس حالت میں کہ پانی پاس موجود ہے اور تندرست بھی ہے صرف تیمم سے ادا کرسکتا ہے؛

جواب۔ ہاں ادا کرسکتا ہے جبکہ نماز جنازہ فوت ہوجانیکا خوف ہو اگرچہ جنبی و حائضہ کیوں نہ ہو۔ مگر ولی میت کو درست نہیں اسی طرح کسوف اور خسوف اور عیدین کی نمازوں کا بھی بخوف فوت ہوجانیکے تیمم سے صحیح آدمی اور پانی والا پڑھ سکتا ہے۔ غرض جو نمازیں اپنا خلیفہ نہیں رکھتی ہیں وہ فوت ہوجانے کے خوف سے تیمم کے ساتھ باوجود موجود ہونے پانی کے اور تندرستی کے پڑھی جاسکتی ہیں[1] ٭

سوال۔ کیا سجدۂ تلاوت کو ایسی حالت میں تیمم سے نہیں کرسکتا؛

جواب۔ نہیں کرسکتا کیونکہ اسکے فوت ہوجانے کا خوف نہیں وضو کرکے کرسکتا ہے ٭

سوال۔ جمعہ کی نماز بھی تیمم سے بخوف تلف ہوجانے کے پڑھ سکتا ہے یا نہیں؛

جواب۔ اس نماز کو بھی نہیں پڑھ سکتا۔ کیونکہ جمعہ کا خلیفہ ظہر موجود ہے (در مختار)

سوال۔ ایک شخص کنوئیں پر پہنچا مگر رسی ڈول نہ ہونے سے پانی لینے سے عاجز ہے اب اُس شخص پر بھی تیمم کرنا درست ہے یا نہیں؛

---

[1] یہ حکم کل نماز فوت ہونے پر ہے اور اگر بقدر ہی وضو کرکے شریک ہوسکتا ہو بعض نمازمیں تو تیمم اب درست نہیں رہا (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

جواب درست ہے بشرطیکہ اس کے پاس کوئی کپڑا ایسا نہ ہو کہ اسکو کنوئیں میں ڈالکر اور نچوڑ کر وضو کر سکے ٭
سوال ایک شخص کے پاس کپڑا تو موجود ہے مگر قیمتی ہے اگر اسکو کنوئیں میں ڈالے تو کپڑا بگڑ جانے کا اندیشہ ہے۔ یہ شخص وضو کرے یا تیمم ٭
جواب۔ اگر بقدر ضرورت پانی کی قیمت سے زیادہ نقصان اس کپڑے کے تر ہونے سے لازم آوے تو تیمم کرے ورنہ اسی صورت سے کنوئیں میں ڈالکر وضو کرے ٭
سوال ایک جنبی آدمی کے ساتھ جانور ہے اور پانی صرف اسقدر ہے کہ غسل کر لے یا جانور کو پلا دے۔ اب فرمائیے کیا کرے ؛
جواب۔ اگر اس کے پاس ایسا برتن موجود ہو کہ جسمیں غسالہ جمع ہو سکے تو اس برتن میں بیٹھکر خود غسل کرے اور اس غسالہ سے جانور کی رفع تشنگی کرے اور اگر ایسا برتن نہیں ہو تو خود تیمم کرے اور جانور کو پلادے
سوال ایک شخص نے بوجہ پانی نہ ہونے کے تیمم کیا اور پانی اسکو بعد تیمم کے مل گیا مگر اسی وقت کسی ایسے مرض میں مبتلا ہوا کہ غسل یا وضو نہیں کر سکتا تو اب وہ ہی تیمم پہلا باقی رہا یا اور تیمم کرے ٭
جواب وہ تیمم کہ جو بحالت پانی نہ ہونے کے کیا گیا تھا باطل ہوا اسلیئے کہ رخصت کے اسباب کا متغیر ہونا پہلے رخصت کے شمار اور کفایت کرنے کو مانع ہے اور اب دوسرا تیمم دوسرے سبب سے کرے ٭
سوال ایک نماز کے تیمم سے کئی وقت کی نماز ادا کر سکتے ہیں یا صرف اسی وقت کی ؛
جواب ہمارے نزدیک تیمم مطلق بدلا ہے وضو اور غسل کا تو جس طرح ایک وضو اور غسل سے کئی وقت کی نماز فرض اور نفل ادا کر سکتے ہیں اسی طرح اس سے بھی ادا کر سکتے ہیں ٭
سوال اگر تیمم کرنے وقت انگوٹھی یا عورتیں چوڑیوں کو اتاریں نہیں تو تیمم جائز ہوگا یا نہیں ؛
جواب بغیر اتارے انگوٹھی اور چوڑیوں کے تیمم درست نہ ہوگا کیونکہ مسح کے وقت تحت انگوٹھی اور چوڑیوں کا مسح سے خالی رہے گا۔ ہاں اگر چوڑیوں اور انگوٹھی کو جگہ سے ہٹا لیں اور مسح اس مقام کا کر لیں تو پھر نہ اتاریں۔ تیمم درست ہو جاوے گا (غایۃ الاوطار)
سوال۔ کوئی شخص خود تیمم نہیں کر سکتا۔ تو کیا دوسرا اس کو تیمم کرا دے۔
جواب ہاں کرادے انہیں دو ضربوں کے ساتھ اول ضرب سے اسکے منہ کو مسح کرادے پوری طرح پر

---

لہ پورے طور پر اس طرح کہ اگر ایک بال یا نتھنوں کے کناروں کو یا دیوار ناک کو چھوڑ دینگا تو تیمم درست نہوگا خود دوسرے کو تیمم کرادے یا خود کرا دینے

دوسری ضرب کے ساتھ اپنے ایک ہاتھ سے اُسکے ایک ہاتھ کو اور دوسرے اپنے ہاتھ سے اسکے دوسرے ہاتھ کو مسح کرائے مگر نیت تیمم کرنے والے پر ہے نہ کرانے والے پر (غایۃ الاوطار)

سوال۔ ایک مسافر کے پاس دوسرا آدمی ایسا ہے جس سے پانی کا حال دریافت کرسکتا ہے لیکن اس مسافر نے بغیر دریافت کئے تیمم سے نماز پڑھ لی بعد نماز کے اُس آدمی سے دریافت کیا اور اُس نے قریب پانی بتلادیا اب یہ نماز جائز ہوئی یا نہیں؛

جواب۔ یہ نماز جائز نہیں ہوئی ہاں اگر یہ مسافر پہلے نماز سے دریافت کرتا اور وہ نہ بتاتا پھر یہ مسافر تیمم کرکے نماز پڑھتا اور بعد میں پانی کے قریب ہونیکا نشان دیتا تو اس صورت میں نماز جائز ہوجاتی اس لئے اسپر واجب تھا یعنی تلاش وہ اس مسافر نے کرلیا اور پہلی صورت میں مسافر نے تلاش کو ترک کردیا اسلیئے نماز جائز نہیں ہوئی (عالمگیری)

سوال۔ اگر مسافر بغیر تلاش کئے پانی کے نماز پڑھ لے تو کیا؛

جواب۔ گنہگار ہوگا کیونکہ اس نے اُس چیز کو ترک کیا جو اُسپر واجب تھی یعنی تلاش +

سوال۔ اگر پانی ملنے کی اُمید میں وقت تنگ ہوجائے تو یہ انتظار کیسا؟

جواب۔ مستحب ہے اخیر وقت نماز تک انتظار کرنا اور اگر اُمید نہ ہو تو تاخیر نہ کرے (عالمگیری)

سوال۔ ایک کافر نے اسلام لانیسے پہلے تیمم کیا اور دوسرے نے وضو کیا۔ آیا یہ دونو بعد اسلام کے نماز تیمم اور وضو سے ادا کرسکتے ہیں؛

جواب۔ جس نے تیمم کیا ہے وہ عند الطرفین[1] نماز نہیں ادا کرسکتا کیونکہ تیمم میں نیت شرط ہے اور وہ اسلام لانیسے پہلے نیت کا اہل نہیں تھا اور جس نے وضو اسلام لانے سے پہلے کیا تھا وہ بعد اسلام لانے کے اُسی وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے کیونکہ وضو میں نیت شرط نہیں ہے (عالمگیری)

سوال۔ اگر کسی کے آدھے سے زیادہ اعضا زخمی ہوں تو وہ کیا کرے؟

جواب۔ تیمم کرے شمار کی راہ سے وضو میں اور پیمایش کی راہ سے غسل میں (غایۃ الاوطار)

سوال۔ کیا تیمم اور دھونا جمع نہیں ہوتا؛

جواب۔ ہاں یہ دونو جمع نہیں ہوتے +

[1] عند الطرفین یعنی نزدیک امام اعظم و امام محمد رحمہم ۱۲

Marfat.com

سوال۔ ایک مسافر کے پاس پانی ہے مگر گمان اُسکے کہ یہ پانی کافی نہیں ہے نماز تیمم سے پڑھ لی اور بعد نماز کے معلوم ہوا کہ پانی کافی ہے تو اب کیا کرے ؟

جواب۔ وضو کرکے دوبارہ نماز پڑھے گا '

سوال ایک مسافر نے تیمم کرکے نماز شروع کی اور اثنائے نماز میں دوسرے شخص کے پاس پانی معلوم ہوا تو اب کیا کرے ؛

جواب، اگر اسکو گمان غالب ہے کہ پانی مانگنے سے دیدیگا تو نماز کو توڑ دے اور اگر نہ دینے پانی کا گمان ہے تو نماز نہ توڑے اور اگر پہلے نماز سے ایسا شخص پاوے اور پھر اُس سے بغیر مانگے ہوئے صرف اس وہم پر کہ پانی مانگنے سے نہ دیگا۔ تیمم سے نماز پڑھے گا تو درست نہ ہوگی کیونکہ اس وقت میں قدرت اور عجز بشکوک فیہ نہیں اور اگر شک کی حالت میں نماز پوری کرلی اور پھر نماز کے اُس شخص سے پانی مانگا اور اُس نے دیدیا تو پھر وضو کرکے نماز پڑھے اور اگر پہلے انکار کیا اور پھر دے دیا تو نماز پہلے تیمم کے ساتھ درست ہوئی لیکن اب تیمم جاتا رہا +

سوال دو برتنوں میں پانی بھرا ہے۔ اور ان میں سے ایک برتن کا پانی پاک ہے اور دوسرے کا ناپاک اور مصلی نہیں جانتا کہ ناپاک کونسا ہے اور پاک کونسا۔ ایسی صورت میں کیا کرے ؟

جواب، تیمم کرے (شرح وقایہ)

سوال، قیدی وغیرہ کو اگر پانی اور مٹی دونوں پر قدرت نہ ہو تو کیا کریں ؛

جواب بسبب حرمت اوقات نمازیوں کے مشابہ[1] ہو جائیں اگر پاک زمین پائیں رنہ نماز کا اشارہ ہی کریں کھڑے ہو کر پھر جب پانی اور مٹی وغیرہ پر قدرت حاصل ہو تو اس نماز کا اعادہ کریں +

سوال اگر کسی کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کٹے ہوئے ہوں اور چہرہ پر زخم بھی ہو وہ کس طرح نماز پڑھے[2]

جواب، اس سے طہارت اُٹھ گئی یعنی طہارت یعنی تیمم اور وضو کے نماز پڑھے اور اگر ایک ہاتھ یا پاؤں یا کچھ چہرہ سلامت ہو تو اُسی کا وضو کرلیا کرے اور اگر صرف چہرہ ہی سلامت ہے تو چہرہ کا [illegible]

سوال سفر میں ایک مرد ہے اور ایک عورت مرد پر غسل جنابت ہے اور [illegible] پر ایک میت بھی ہے پانی صرف اسقدر ہے کہ ایک کو کافی ہو تو اب یہ پانی کون استعمال میں لاوے ؛

---

[1] خواہ وہ قیمتی ہی پانی ہے مگر قیمت دستور سے زیادہ نہ ہو [2] یعنی رکوع سجود کریں وغیرہ (در مختار)

Marfat.com

جواب۔ اگر یہ پانی انہیں میں سے کسی کی مِلک ہے تو مالک ہی پر صرف کرنا اس پانی کا اولیٰ ہے اور اگر وہ پانی سب کی مِلک ہے تو نیت مستحق ہے سب تیمم کریں اور اگر پانی مباح ہے تو جنبی سب سے اولیٰ ہے کیونکہ نجاست جنابت کی سب سے اشد ہے (عالمگیری۔ غایۃ الاوطار)

سوال۔ تیمم غسل اور وضو کا ایک ہی طرح پر ہے یا کچھ فرق ہے؟

جواب۔ ایک ہی طرح پر ہے۔

سوال۔ ایک مٹی سے کئی آدمی یا ایک ہی شخص کئی مرتبہ تیمم کر سکتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ ایک آدمی کئی مرتبہ کر سکتا ہے اور ایک جماعت بھی کر سکتی ہے مٹی پانی مستعمل کے حکم میں نہیں (درمختار)

سوال۔ تیمم کن کن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب۔ جن چیزوں سے تیمم کی اصل یعنی وضو اور غسل جاتا رہتا ہے۔ انہیں سے تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے۔ اور پانی پر قادر ہونے سے بھی۔

سوال۔ تیمم باطل کب ہوتا ہے؟

جواب۔ جب کہ وہ شرائط جو ہم اوپر لکھ آئے ہیں اٹھ جائیں تیمم باطل ہو جائے گا۔

سوال۔ جنبی کو پانی ملا مگر غسل کیوقت کوئی عضو باقی رہ گیا بعد اسکے حدث اصغر ہو گیا پھر دونوں حدثوں کیلئے ایک تیمم کیا بعد اسکے اتنا پانی ملا کہ وضو و بقیہ عضو غیر مغسولہ جنابت کو کفایت کرتا ہے تو اب کیا کرے؟

جواب وضو اور بقیہ عضو غیر مغسولہ دونوں کو دھولے تیمم دونوں حدثوں کا باطل ہو جاویگا اور اگر اتنا پانی ہے کہ صرف بقیہ عضو غیر مغسولہ کو کفایت کرتا ہے وضو کو تو غسل کے حق میں تیمم ٹوٹ گیا وضو کے حق میں باقی ہے اور اگر صرف ایک کیلئے کافی ہے خواہ اس سے وضو کرے یا عضو غیر مغسولہ کو دھولے تو پہلے اُس عضو کو دھوئے جو غسل میں باقی رہا ہے مگر وہ تیمم جو واسطے حدث اصغر کے تھا نزدیک امام محمدؒ کے ٹوٹ گیا۔ اس حدث کا تیمم دوبارہ کرے اور امام ابو یوسف کے نزدیک وہ پہلا تیمم بدستور رہے گا اور اگر اُس نے اسقدر پانی سے وضو کر ہی لیا اور عضو غیر مغسولہ کو نہیں دھویا تو جنابت کے حق میں اس کا تیمم ٹوٹ گیا۔ دونوں روایتوں کے موافق تو اب پھر تیمم کرے گا (شرح وقایہ)

سوال۔ ایک شخص نے ایک جماعت کو جنگل میں پانی مباح کیا یعنی ایک جماعت کو تیمم کرتے دیکھ کر کہا کہ اے جماعت والو یہ پانی ہے جو تم میں سے چاہے وضو کرے اور وہ پانی ایک شخص کے وضو کے لائق ہے اس صورت میں

Marfat.com

جماعت والوں کو کیا کرنا چاہیئے اور اگر یوں کہا کہ اسقدر پانی میں نے تم سب کو دیا تو کیا کرنا چاہیئے۔ مفصل اس مسئلہ کا جواب دینا چاہیئے؟

جواب صورت اول میں جب ایک شخص وضو کرے گا سب کے تیمم باطل ہو جائیں گے کیونکہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ قدرت اسقدر پانی کی حاصل ہوئی کہ جس سے وضو کرسکتا تھا اور دوسری صورت میں کسی کا بھی تیمم نہ جائیگا کیونکہ اُس موہوب پانی میں سب کا حصہ ہے اور ہر ایک کا حصہ اتنا نہیں جو وضو کو کافی ہو تو گویا کسی نے پانی اپنی طہارت کے موافق نہیں پایا ہاں اگر سب مل کر ایک شخص کو ہبہ کردیں تو امام اعظم رحمۃ اللہ کے نزدیک تیمم اِس شخص کا کہ جسکو جماعت نے پانی ہبہ کیا ہے باطل نہ ہوگا کیونکہ ہبہ مشترک شئی کی امام کے نزدیک درست نہیں تو گویا پانی مالک واجب پر ہی ہے اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک تیمم اُس شخص کا جسکو پانی جماعت نے دے دیا ہے جاتا رہا۔ اس شخص کو اسی پانی سے وضو درست ہے (شرح وقایہ)

# باب موزوں پر مسح کے بیان میں

سوال۔ موزوں پر مسح کرنا کیسا؟

جواب۔ درست ہے حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے عقاید میں علامت اہلسنت والجماعت سے اسکو رکھا ہے۔

سوال۔ کیا سفر و حضر دونوں میں درست ہے؟

جواب۔ ہاں دونوں میں درست ہے مگر مدت کے تعین میں مقیم اور مسافر کے حق میں فرق ہے۔

سوال۔ کیا فرق ہے؟

جواب۔ مقیم کی مدت مسح ایک رات دن ہے وقت حدث[1] سے اور مسافر کی مدت مسح تین رات دن ہے وقت حدث سے اب اس عرصہ ایک رات دن یا تین دن رات میں جب حدث ہو تمام وضو کرے مگر پیر نہ دھوئے۔ اسپر مسح کرتا ہے اور یہ حکم بے وضو کے لئے ہی جنابت والے کے لئے نہیں ہے۔

سوال۔ مقیم نے موزوں پر مسح کیا اور ایک دن رات گزرنے سے پہلے مسافر ہوا تو اُسکے لئے کیا حکم ہے؟

---

[1] ایک مقیم نے مسح کے وقت وضو کرکے موزہ پہنا اور اُس کو گیارہ بجے دن کے وضو ٹوٹا تو اب دوسرے دن گیارہ بجے تک حدث سے وضو کرے بجائے پیر دھونے کے موزوں پر مسح کرتا رہے اور دوسرے دن گیارہ بجے کے وقت اگر باوضو ہو تب تو صرف موزوں پر سے موزے نکال کر دھوئے باقی وضو درست ہے اور اگر بے وضو ہو تو پورا وضو کرے اور مسافر کے واسطے اسی طرح مسافر تین دن تین رات تک وقت حدث سے مسح کرتا ہے۔

Marfat.com

جواب۔ اسکی مدت مسح تین رات دن جو مسافر کیلئے ہی مقرر ہوجائیگی اسی طرح اگر مسافر تین رات دن سے پہلے کہ جو اسکی مدت مسح ہی مقیم ہوجائے تو اب اس مسافر کی میعاد مسح ایک رات دن کی ہوگی۔

سوال۔ اگر مقیم بعد مدت مسح مسافر ہُوا یا مسافر مقیم ہُوا تو اسکے لئے کیا حکم ہے؟

جواب۔ موزوں کو پیر سے نکال کر پھر کرے دھووے۔

سوال وہ کون سے موزے ہیں جنپر مسح درست ہے؟

جواب۔ وہ موزے چمڑے یا بانات وغیرہ کے ہیں جن میں پانی اثر نہ کرے اور اُنکو پہنکر سفر طے کر سکتا ہو۔ اگر لوہے یا لکڑی کے ہونگے۔ تو مسح درست نہ ہوگا اسلئے کہ انکو پہنکر آدمی عادت کے موافق بے تکلف چل نہیں سکتا۔

سوال۔ سُوت کی جرابوں پر بھی مسح درست ہی یا نہیں؟

جواب۔ ہرگز نہیں کیونکہ ان میں پانی سرائیت کرتا ہے۔

سوال۔ کس مقدار کا موزہ مسح کے لئے چاہئے؟

جواب۔ جس سے دونوں ٹخنے چھپ جائیں (عالمگیری)

سوال۔ اگر موزہ ایسا ڈھیلا ہو کہ ڈھیلے پن کے سبب اوپر سے پاؤں دکھائی دیں تو کیا اسپر بھی مسح درست ہی؟

جواب۔ ہاں درست ہے (عالمگیری)

سوال۔ اگر موزہ پھٹا ہُوا ہو تو کس مقدار تک مسح جائز ہے؟

جواب۔ اگر پیر کی تین انگلیوں کے برابر پھٹا ہُوا ہے اور چلنے کیوقت پیر موزوں سے اسقدر کھلجاتا ہی تو مسح درست نہیں اور اگر اس سے کم ہی تو درست ہی اور اگر لمبا پھٹا ہی کہ اس میں تین اُنگلیاں برابر سما جاتی ہیں لیکن اتنا کُھلتا نہیں تو مسح درست ہی اور اگر چلنے کیوقت اتنا کُھل جاتا ہی تو مسح درست نہیں (عالمگیری)

سوال۔ ایک موزہ کئی جگہ سے پھٹا ہُوا ہے اُسکے لئے کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر ایک موزہ کئی جگہ سے تھوڑا تھوڑا پھٹا ہُوا ہے اور جمع کرنے میں تین انگلیوں کے موافق ہو گیا ہی تو مسح درست نہیں اور اگر دونوں موزے تین انگلیوں کی مقدار پھٹے ہوئے ہیں تو مسح درست ہے۔

سوال۔ ایک شخص کا ایک پاؤں پُورا موزے سے نکلا یا بعض حصہ تو یہ شخص اسی پاؤں کو دھوئے یا دونوں کو۔ یا اسی کو دھوئے اور دوسرے پر مسح کرے مفصّل بیان کیجئے؟

Marfat.com

جواب۔ اکثر قدم نکل جانے سے مسح دونوں پاؤں کا ٹوٹ جاتا ہے۔ اب دونوں ہی پاؤں کو موزے سے نکالکر دہونیگا۔ یہ نہیں ہوسکتا۔ کہ ایک پاؤں کو دہوئے اور دوسرے پر مسح کرے اِسلیئے کہ موزوں میں دہونا اور مسح کرنا جمع نہیں ہوتا (در مختار۔ شرح وقایہ)

سوال۔ مسح کس طرح کرے؟

جواب۔ مسنون طریقہ یہ ہے کہ اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیاں مع ہتھیلیوں کے داہنے موزے کے اگلے حصہ پر رکھے اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں مع ہتھیلیوں کے بائیں پاؤں کے موزے کے اگلے حصہ پر رکھے اور انگلیوں کو کھولے ہوئے پنڈلی کی طرف ٹخنوں سے اوپر تک کھینچے (عالمگیری)

سوال۔ ایک شخص نے انگلیاں کشادہ نہ کیں مگر مقدار تین انگلیاں ہاتھ کے مسح کیا آیا اسکا مسح درست ہے؟

جواب۔ ہاں درست ہے۔

سوال۔ ایک نے ایک ہی انگلی سے ایک مرتبہ مسح کیا۔ یہ بھی درست ہے یا نہیں؛

جواب۔ ہرگز درست نہیں ہے۔

سوال۔ ایک نے ایک ہی انگلی سے ایک ہی جگہ تین مرتبہ خط کھینچا یہ بھی درست ہے یا نہیں:

جواب۔ درست نہیں۔ ہاں تین جگہ علیحدہ علیحدہ اگر خط کھینچا تو درست ہے (عالمگیری)

سوال۔ اگر کوئی شخص اُلٹا کرے یعنی پنڈلیوں سے پاؤں کی انگلیوں کی طرف خط کھینچے تو کیسا ہے:

جواب۔ خلافِ سنت ہے۔

سوال۔ ایک شخص موزوں پر مسح بھول گیا پھر مینہ پڑا یا پانی بقدر تین انگشت کے پڑا یا گھاس پر چلا کہ جو مینہ کے پانی سے تر ہے۔ اسکا بھی مسح ہو گیا یا نہیں؛

جواب۔ اِس شخص کا مسح ہو گیا اسی طرح سر پر مینہ کا پانی پڑنے سے بھی مسح سر کا ہو جائیگا (...)

سوال۔ موزوں پر ایسی جگہ مسح کرنا کہ جو پاؤں سے خالی ہے درست ہے یا نہیں:

جواب درست نہیں۔ اگر اس خالی جگہ میں پاؤں لے جاکر مسح کرے تو درست ہے پھر اس جگہ سے پاؤں جُدا ہونے پر دوبارہ مسح کرے گا۔ (عالمگیری)

سوال اگر موزہ کے اندر پانی چلا جاوے جس سے تمام پاؤں بھیگ جاوے اس صورت میں مسح قائم رہیگا یا نہیں

جواب اس صورت میں بھی مسح ٹوٹ جائیگا۔ پاؤں کو موزوں سے نکال کر پھر سے دہوئے

Marfat.com

سوال۔ مسح کو توڑنے والی چیزیں کیا کیا ہیں ؟

جواب جو چیزیں وضو کے توڑنے والی ہیں وہ سب مسح موزہ کو بھی توڑنے والی ہیں اور دونوں موزوں سے دونوں پاؤں کا نکلنا یا صرف ایک یا اکثر قدم کا نکلنا بھی ناقض مسح ہے اور مدت کا گزرنا بھی مسح کو توڑتا ہے پانی کے موجود ہونے کے وقت ؁

سوال۔ دستانوں پر بھی مسح درست ہے یا نہیں ؟

جواب دستانوں پر مسح درست نہیں اسی طرح عمامہ و ٹوپی اور برقعہ پر جائز نہیں (　　)

سوال اس مسح کا اُس معذور کے حق میں جس کا وضو وقت کے جاتے رہنے سے ٹوٹ جاتا ہے کیا حکم ہے ؟

جواب معذور کو اگر وضو کے وقت عذر موجود نہ تھا اور اس نے بعد وضو کامل موزہ پہنا تو اُس کو مثل تندرستوں کے مدت معلومہ تک مسح جائز ہے اور اگر وضو کرتے وقت یا ایک موزہ پہنتے وقت عذر پیدا ہوا تو مسح وقت کے اندر جائز ہے خارج وقت میں جائز نہیں ؁

سوال جس شخص کو مدت مسح ختم ہونے کے بعد خوف پاؤں کے اکڑ جانے کا بسبب سردی کے ہو اُس کے لئے کیا حکم ہے ؟

جواب اس شخص کے لئے موزوں کے مسح کا حکم ساقط ہوا اور جبیرہ کے مسح کا حکم طاری ہوا تو اب اس وقت میں ایک بار سے زیادہ کا مسح کفایت کرتا ہے برخلاف مسح موزہ کے (　　)

سوال جبیرہ کس کو کہتے ہیں ؟

جواب جبیرہ وہ لکڑی یا تختی ہوتی ہے جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جاتی ہے ؁

سوال اس کا کیا حکم ہے ؟

جواب اس کا یہ حکم ہے کہ جب تک زخم کا دھونا یا پٹی کا کھولنا سخت ضرر کرے اس وقت تک جبیرہ پر مسح کرے

سوال کیا پھایہ اور پٹی اس حکم میں داخل نہیں ہو سکتی ؟

جواب یہ بھی اسی حکم میں داخل ہیں ؁

سوال زخم کے ساتھ بعض اچھی صحیح جگہ بھی بند ہنے میں آجاتی ہے اس کے لئے کیا حکم ہے ؟

جواب اس جگہ کا بھی مسح تبعاً زخم کے ساتھ درست ہے بلکہ گرد پٹی کے اگر دو گرہ بدن سے کھلا ہے اور

---

[1] اگر پانی موجود نہیں اور مدت مسح کی پوری ہو گئی اور مسح کرنے والا نماز میں ہے تو اب اس کی نماز کو نہ توڑے کیونکہ ضرورت نے مدت مسح کو بڑھا دیا (　عالمگیری　نھایۃ الاوطار)

دھونے میں خوف ہو کہ پٹی ترہونے سے زخم میں نقصان ہوگا تب بھی مسح درست ہے (شرح وقایہ)

سوال۔ ایک شخص کا زخم تو ایسا نہیں ہے کہ جس پر مسح ضرر کرے مگر پٹی ایسی صورت سے باندھی گئی ہے کہ جس کے کھولنے میں نقصان ہے یعنے خون سے چپک گئی ہے اس طرح کہ اگر اسکو اکھاڑتے ہیں تو زخم کی زندگی کا احتمال ہے۔ تو اس صورت میں مسح باطل ہوگا یا نہیں؟

جواب ایسی صورت میں بھی مسح باطل نہیں ہوتا (درمختار)

سوال ایک شخص کو پٹی کھولنے میں ضرر ہے یعنی ایسی جگہ پر بندھی ہوئی ہے کہ یہ خود نہیں باندھ سکتا اور نہ کوئی دوسرا آدمی باندھنے والا ہے اب بھی مسح کرے یا کھولکر دھوئے +

جواب یہ شخص بھی صاحب عذر ہے مسح کرے گا +

سوال کسی کا پھایہ خود گر پڑے بغیر گرائے۔ اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر زخم اچھا نہیں ہوا اور جبیرہ یا پھایہ گر پڑا تو نہ دھونا اس جگہ کا لازم ہوا اور نہ مسح سابقہ باطل ہوگا اور اگر زخم کے اچھے ہونیکے سبب سے پھایہ گرا ہے تو اب مسح باطل ہے اور دھونا اسجگہ کا واجب ہے (عالمگیری)

سوال زخم کی پٹی پر مسح کیا پھر وہ گر گئی اور دوسری پٹی بدلی تو اب پھر دوبارہ مسح کرے یا نہیں:

جواب دوبارہ مسح کرنا بہتر ہے (عالمگیری)

سوال پٹی اور جبیرہ پر مسح کس حد تک ضروری ہے؟

جواب آدھے سے زیادہ پر۔ اگر آدھے سے کم پر مسح کرے گا تو درست نہ ہوگا (درمختار)

سوال کیا اس میں حدث اکبر اور حدث اصغر کی کچھ قید ہے؟

جواب نہیں دونوں حالتوں میں برابر ہے خواہ بے وضو باندھے یا جنابت والا سب پر مسح ہے[1]

سوال اگر اوپر کی پٹی دور ہو جاوے تو نیچے کی پٹی پر مسح کا اعادہ ہے یا نہیں:

جواب نیچے کی پٹی پر اعادہ واجب نہیں مگر مستحب ہے (درمختار)

سوال اگر کوئی دوسرے آدمی سے موزہ پر مسح کرالے تو درست ہے؟

جواب ہاں درست ہے (عالمگیری)

# باب نجاسات کے بیان میں

[1] نیت مسح کرنے والے پر ہے کرانے والے پر ۱۲

سوال ـ نجاست کتنی طرح کی ہوتی ہے ؛

جواب ـ دو طرح کی ہوتی ہے ـ ایک نجاست حکمی دوسری نجاست حقیقی +

سوال ـ نجاست حکمی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ـ نجاست حکمی وہ ہے جو نظر نہ آوے صرف شارع کے حکم سے بذریعہ ایسی ناپاکی طاری ہوتی ہو کہ جس کا وجوب ازالہ عذر سے ساقط نہیں جیسے حدث اکبر[1] یا حدث اصغر[2] کہ بظاہر کوئی ناپاکی بدن سے لگی ہوئی معلوم نہیں ہوتی اور پھر ایسی ناپاکی ہو کہ عذر سے اُسکے وجوب ازالہ کی معافی نہیں +

سوال ـ نجاست حکمی کس چیز سے دُور ہوتی ہے ؛

جواب ـ مطلق پانی سے دُور ہوتی ہے نہ مقید پانی سے +

سوال ـ مطلق پانی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ـ مطلق پانی وہ ہے جس کے اندر بہنا اور پیاس کا دور کرنا اور نباتات کا اُگانا اور بیرنگ ہونا پایا جائے کہ جو اُسکی پیدائشی صفتیں ہیں جیسے مینہ کا پانی ـ دریا اور ندیوں کا پانی کنوئیں اور چھوٹے بڑے چشموں کا پانی اور ان پانیوں کی پاکی اور ناپاکی کا بیان مفصل پانی کے بیان میں آگے آئیگا +

سوال ـ مقید پانی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ـ مقید پانی وہ ہے جو بغیر قید کے نہ بولا جاوے مثلاً تربوز کا پانی ـ باقلہ کا پانی ـ عرق گلاب عرق کیوڑہ ـ عرق بادیان ـ عرق مکوہ وغیرہ وغیرہ ایسے پانیوں سے نجاست حقیقی دُور ہوتی ہے نہ نجاست حکمی +

سوال ـ نجاست حقیقی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ـ نجاست حقیقی وہ ہے جو نظر آوے جیسے پاخانہ پیشاب وغیرہ وغیرہ اور اس نجاست کے لئے مقدار معافی کی بھی معین ہے +

سوال ـ نجاست حقیقی کتنی قسم کی ہے ؛

جواب ـ دو قسم کی ایک غلیظہ ـ دوسری خفیفہ +

سوال ـ غلیظہ کس کو کہتے ہیں ؛

جواب ـ غلیظہ اسکو کہتے ہیں جس میں دو نص متعارض ہوں اور اسمیں مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

---

[1] جس کو جنابت یا نہانے کی حاجت کہتے ہیں [2] بے وضو ہونے کی حالت +

Marfat.com

کا اختلاف بھی نہ ہو (درمختار)

سوال۔ نجاست غلیظہ میں کیا کیا چیزیں ہیں؟

جواب۔ جو چیزیں کہ آدمی کے بدن سے ایسی نکلتی ہیں کہ جن سے غسل یا وضو واجب ہوتا ہے سوائے ریح کے جیسے پاخانہ، پیشاب، منی، مذی، ودی، خون حیض، خون نفاس، خون استحاضہ، کچلہو، پیپ، خون جاری (بدن میں کسی جگہ سے ہو) منہ بھر قے[1] اُنکے علاوہ شراب، پاخانہ اور پیشاب اُن جانوروں کا جن کا گوشت حرام ہے خواہ درندے ہوں مثل بلی[2] وغیرہ کے یا نہ ہوں مثل گدہے وغیرہ کے پاخانہ بط اور مرغی کا اور سانپ اور جونک کا اور گوبر گائے اور بھینس کا یہ سب نجاست غلیظہ ہیں

سوال۔ نجاستِ غلیظہ کا کیا حکم ہے؟

جواب۔ نجاستِ غلیظہ اگر گاڑھی ہے تو ساڑھے ۴ ماشہ کے وزن اور پتلی ہے تو ہتھیلی کے گڑھے کے برابر کپڑے یا بدن پر لگ جاوے تو اسقدر معاف[3] ہے ٭

سوال۔ نجاست خفیفہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب نجاست خفیفہ اسکو کہتے ہیں جس میں دو نص متعارض ہوں اور اُسکے ساتھ مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا اختلاف بھی ہو ٭

سوال۔ نجاست خفیفہ میں کیا کیا شئے ہیں؟

جواب گھوڑے اور حلال جانوروں کا پیشاب مثل گائے بکری وغیرہ کے یہ حال اُن پرندہ جانوروں کی جن کا گوشت کھانا حرام ہے ٭

سوال نجاستِ خفیفہ کا کیا حکم ہے؟

جواب۔ کمتر چوتھائی سے ہر کپڑے اور بدن کا معاف ہے مثلاً اگر کہیں کپڑے یا بدن پر نجاست خفیفہ لگی تو اب دیکھنا چاہیے کہ دامن میں نجاست لگی یا آستین میں یا کلی میں اگر دامن میں لگی ہے تو چوتھائی سے کم حصہ دامن یا آستین آلودگی سے معاف ہے اسی طرح بدن میں لگے تو دیکھئے کہ ہاتھ میں ہے یا کمر میں

[1] بچہ کی قے کا بھی یہی حکم ہے ۱۲ درمختار [2] بلی اور چوہے کا پیشاب جب نہ بچنے پاوے معاف ہے [illegible]

[3] معاف سے مراد یہ ہے کہ اسقدر نجاست کیساتھ نماز اصلی میں صحیح ہے اور یہ مراد نہیں ہے کہ وہ مکروہ بھی نہیں بمقدار معینہ [illegible] ہے۔ اور اگر وہ دھو نہ کیے گا تو نماز مکروہ تحریمی ہوگی۔ اور اس مقدار سے کم کا دور کرنا سنت ہے۔ اور [illegible] ہے اور زیادہ مقدار معینہ سے ہونا تو فرض بھی ہے اور نہ دھونا مبطل نماز ہے۔ یہی حکم نجاست خفیفہ کا ہے ٭

Marfat.com

یا پیٹ میں - اگر ہاتھ میں ہو تو ہاتھ کا چوتھائی حصّہ معاف ہے ہر عضو کا علیحدہ علیحدہ کم چوتھائی سے دیکھا جاویگا اور یہ حکم خفت کا کپڑے اور بدن کے واسطے ہے نہ کہ پانی کے لئے اسلئے کہ پانی کے حق میں خفیفہ بھی غلیظہ ہے (عالمگیری)

سوال - نجاست حقیقی کس کس چیز سے دُور ہوتی ہے ؛

جواب - (۱) آب مطلق اور آب مقید کے دھونے سے (۲) رگڑنے سے[1] (۳) پونچھنے سے مثل آئینہ اور روغنی برتنوں وغیرہ کے جن میں بعد پونچھنے کے اکثر نجاست باقی نہ رہے (۴) جو کھتے خشک ہونے[2] سے خشکی حرارت آفتاب سے ہو یا ہوا سے (۵) چھیلنے سے (۶) ذات کے بدلنے سے مثلاً شراب سرکہ ہو جاوے یا گدھا نمک میں نمک بن جاوے (۷) آگ[3] میں جلانے سے (۸) اکثر میں سے بعض کے نکال دینے سے جیسے اناج کہ بروقت جُدا کرنے بھوسی کے جسکو گاہنا زمیندار کہتے ہیں بیل گوبر اور پیشاب کرتے ہیں اگر اس میں سے کچھ حصہ نکل گیا تو سب اناج پاک ہوگیا یا روئی تھوڑی کہ جو نصف سے کم ناپاک تھی اور پھر دُھنی گئی تو بعض حصہ کے نکل جانے سے کہ جو دُھنی میں جاتا رہا باقی روئی پاک ہوگئی (درمختار)

سوال - چھاچھ اور دودھ اور تیل وغیرہ سے بھی نجاستِ حقیقی دُور ہو جاتی ہے یا نہیں ؛

جواب - ان چیزوں سے نجاست حقیقی درست نہیں ہوتی اسلیے کہ ان میں چکنائی ہوتی ہے (
)

سوال - مستعمل پانی سے بھی نجاستِ حقیقی دُور ہو جاتی ہے یا نہیں ؛

جواب - ہاں مستعمل پانی سے نجاستِ حقیقی دُور ہو جاتی ہے (درمختار)

سوال - اکثر یہ مشہور ہے کہ یہ پانی پاک تو ہے مگر پاک کرنیوالا نہیں اسکے کیا معنے ؛

جواب - اسکے یہ معنی ہیں - کہ یہ پانی نجاست حکمی کا پاک کرنے والا نہیں ہے یعنی اس پانی سے غسل اور وضو نہیں کر سکتے (عالمگیری)

سوال - مستعمل پانی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب - مستعمل پانی وہ ہے جس سے حدث دور کیا جاوے یا عبادت کی نیت سے بدن پر صرف

---

[1] رگڑنا خواہ زمین پر ہو خواہ لکڑی یا ناخن یا پتھر وغیرہ سے ہو [2] یہ حکم زمین اور ان چیزوں کے حق میں ہے جو زمین پر ثابت اور قائم ہیں (درمختار)
[3] اگر برتن مٹی یا پتھر کا ہے اور نجاست اُسکے اجزا میں گھس گئی تو آگ میں جلانے سے نجاست دور ہو جاتی ہے اور اگر نجاست بوجہ پانی ہونے کے سبب اجزا میں نہیں گھستی تو دھونا کافی ہے اسیطرح گوبر اور لید کی راکھ پر طہارت کا فتوے ہے بکری کی سری خون کی بھری ہوئی جلا دی جاوے وہ بھی پاک ہے مٹی کے برتن میں جو نجس مٹی سے بنائے جاویں یا وہ اینٹیں جو نجس پانی سے بنائی جائیں اور پھر آگ میں پکائی جاویں سب پاک ہیں (عالمگیری)

Marfat.com

کیا جائے جس وقت یہ پانی عضو سے جدا ہو مستعمل ہو جاتا ہے (درمختار)

سوال۔ بدن یا کپڑے پر غلیظہ اور خفیفہ دونوں نجاستیں لگیں اور اپنی اپنی مقدار معافی سے دونوں نجاستیں کم ہیں تو اب کیا حکم ہے؟

جواب۔ ایسی صورت میں نجاستِ خفیفہ نجاستِ غلیظہ کے تابع ہوتی ہے دونوں کی مقدار کو ملا کر دیکھا جائے اگر غلیظہ کی مقدار کو پہنچ جائیں تو غلیظہ کا حکم ہوگا (عالمگیری)

سوال۔ کپڑے کو کس طرح دھوئے؟

جواب۔ جو نجاست کپڑوں پر نمودار نہیں اُس کا تو محل دھونے والے کے گمان غالب میں ایک بار کے دھونے سے پاک ہو جانا ہی اور وسواس والے کے لئے تین بار یا سات بار دھونا اور نچوڑنا مبالغہ کیساتھ معتبر ہے۔ اور جو نجاست کہ نمودار ہو اُس کا زوال عین معتبر ہے خواہ دھونے سے تین بار کے ہو یا رگڑنے سے یا چھیلنے وغیرہ سے +

سوال۔ اگر کسی چیز پر ایسی بدبودار نجاست لگ جائے کہ جسکی بدبو دھونے کے بعد بھی نہ جائے یا ناپاک تیل یا مردار جانوروں کی چربی لگ جائے۔ کہ جو بعد دھونے کے دُور نہ ہو انکے لئے کیا حکم ہے؟

جواب۔ تین بار دھو ڈالنے کے بعد بوئے نجاست یا تیل کی چکنائی کا رہنا مضر طہارت نہیں ہے ہاں اگر مُردار جانور کی چکنائی ہے تو البتہ مضر طہارت ہے اسلئے کہ وہ عین نجاست ہے (درمختار)

سوال۔ ایک شخص نے نجس کپڑے کو بقدر اپنی طاقت کے بعد دھونے کے نچوڑا پھر دوسرے شخص نے اپنی طاقت کے موافق اسی کپڑے کو نچوڑا اب اس کپڑے میں سے چند قطرے پانی کے نکلے اس کپڑے کی طہارت کا کیا حکم ہے پہلے نچوڑنے میں

جواب۔ ہر شخص بقدر اپنی طاقت کے احکام کا مخاطب ہے دوسرے کی طاقت سے یہ شخص قادر نہیں ہے پھر اگر پہلے شخص نے اپنی طاقت کے موافق نچوڑ لیا تھا تو اسکے نزدیک پاک ہو گیا تھا دوسرے نے جب نچوڑا تو اب اسکے نزدیک پاک ہوا۔ (درمختار)

سوال۔ اگر کوئی شخص کپڑے کے باریک ہونے کے سبب نچوڑنے میں مبالغہ نہ کرے تو اب بھی وہ کپڑا پاک ہوگا یا نہیں کیونکہ اس نے اپنی طاقت کے موافق نچوڑا نہیں ہے؟

جواب۔ یہ کپڑا بسبب ضرورت کے پاک ہو جائیگا ٥ (درمختار)

سوال۔ بڑے فرش دری وغیرہ جو نچوڑنے میں نہیں آتے انکی طہارت کس طرح پر ہے۔

Marfat.com

جواب بعد زوال عین نجاست پانی جاری ہونیسے طہارت ہوجاتی ہے بلا شرط نچوڑنے[۱] اور سکھانے[۲] کے ۔

سوال۔ نجاست غلیظہ اور خفیفہ کا بخار اور دھواں اگر کپڑے اور بدن کو لگ جائے تو کیسا؟

جواب جبتک اثر نجاست مثل رنگ یا بدبو کے کپڑے پر پیدا نہ ہو کپڑا اور بدن پاک ہے ۔

سوال ایک شخص کے کپڑے یا بدن پر نجاست لگ گئی اور یہ یاد نہیں کہ کون سے مقام پر لگی ہے۔ یہ شخص کیا کرے؟

جواب وہ شخص اپنے گمان غالب پر بدن یا کپڑے کو دھو ڈالے خواہ نجاست دوسری طرف لگی ہوئی ہو۔ اگر بدون اٹکل کے بھی دھو سکتا تو بھی کپڑا پاک ہو جاوے گا ۔

سوال کیا یہ طہارت بعد علم کے بھی رہیگی۔ یعنی اب معلوم ہوا کہ ناپاکی فلاں جگہ پر لگی تھی۔ کیا اب پہلا دھونا کافی ہوگا ۔

جواب بعد علم کے طہارت نہیں رہ سکتی اب جس طرح کا علم ہوا ہے اسی طرف کو دھو ڈالے ۔

سوال دیوار یا چھت کہ جو گوبر اور مٹی سے لیپی جاوے بعد خشک ہونیکے اگر اسپر گیلا کپڑا رکھدیں تو ناپاک ہوگا یا نہیں؟

جواب اس سے کپڑا ناپاک نہیں ہوتا جبتک کہ اثر نجاست نہ پایا جاوے (عالمگیری)

سوال ناپاک کپڑا پاک پانی میں تر[۳] کیا گیا اور خشک پاک کپڑا اس میں لپیٹا گیا۔ پھر پاک کپڑے میں تری اثر کر گئی تو اس پاک کپڑے کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب جبتک ناپاک کپڑے کی تری سقدر ناپاک کپڑے میں نہ پیدا ہو کہ نچوڑنے میں قطرے نکلیں۔ اس وقت

سوال۔ جانور کے ذبح کے بعد جو خون اسکی رگوں میں اور گوشت میں رہ جاتا ہے اور اس سے کپڑے آلودہ ہوجاتے ہیں وہ کیسا؟

جواب وہ پاک ہے اسلئے کہ یہ خون جاری نہیں ہے اس سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے اگرچہ بہت ہو اگر جاری خون گوشت میں لگجاوے اور اس خون سے کپڑے اس مقدار تک کہ جو نجاست غلیظہ کی مقدار اوپر بیان کی گئی ہے آلودہ ہو جائیں تو کپڑے ناپاک ہو جائینگے (عالمگیری) ۔

سوال۔ جگر اور تلی کا خون کیسا؟ جواب۔ پاک ہے (درمختار)

[۱] جس جگہ نچوڑنا مشکل ہو وہاں پے درپے دھونا یا پانی کا جاری کرنا قائم مقام نچوڑنے کے ہے (غایۃ الاوطار) [۲] سکھانے سے مراد تقاطر کا بند ہو جانا ہے (غایۃ الاوطار) [۳] یعنی دھویا گیا اور تیسری دفعہ دھونے اور نچوڑنے کے بعد تری رہگئی (قاضی خان) ۔

Marfat.com

سوال۔ جانور کا پتہ کیسا ہے؟
جواب۔ ہر جانور کے پتے کا حکم اُس کے پیشاب کے حکم میں ہے نجاست غلیظہ اور خفیفہ ہونے میں +
سوال۔ جگال جانوروں کا کیسا؟
جواب۔ جگال ہر جانور کا اُسکے پاخانہ کے حکم میں ہے (عالمگیری)
سوال۔ مُردہ جانور کی کیا کیا چیزیں پاک ہیں؟
جواب۔ بال، ہڈی، پٹھا، کھر، سم، سینگ، پشم، پر، چونچ، ناخن یہ سب چیزیں پاک ہیں
بشرطیکہ اِن میں سے کسی پر چکنائی نہ ہو (درمختار)
سوال۔ دُودھ جو بکری کے تھن میں بعد مرنے کے رہ جائے وہ کیسا؟
جواب۔ پاک ہے (عالمگیری)
سوال آدمی کے سر کے بال کیسے ہیں؛
جواب پاک ہیں +
سوال خون مچھر اور پسو اور جوں اور مچھلی اور جسقدر جانور پانی میں رہتے ہیں اُن کا کیسا؟
جواب اِن سب کا خون پاک ہے اگرچہ بہت نہ ہو (عالمگیری)
سوال۔ دُودھ دوہتے وقت بکری کی مینگنی دودھ میں گر جائے تو دودھ ناپاک ہوا۔ یا کیا؟
جواب اسی وقت سالم کو پھینکدے تو دودھ پاک ہے اور اگر ٹوٹ جاوے تو دودھ ناپاک ہوگیا (عالمگیری)
سوال پاخانے کی مکھیاں کپڑے اور بدن پر بیٹھیں تو کپڑا اور بدن اُنسے ناپاک ہوتا ہے یا نہیں؟
جواب۔ اگر بہت سی ہوں تو ناپاک ہو جائیگا ورنہ نہیں (عالمگیری)
سوال۔ چوہے کی مینگنی گیہوں کی گون میں گر جاوے اور گیہوں کے ساتھ پس کر آٹا ہو جاوے یا
تیل میں گر جاوے تو کیا حکم ہے؟
جواب۔ جب تک اُس کا مزہ نہ بدلے آٹا پلید نہ ہوگا +
سوال اگر گھی جما ہوا ہو اور اس میں چوہا مر جاوے اور نجاست پڑ جائے تو یہ اب گھی کس طرح پاک ہو سکتا ہے
جواب چوہے مع کے آس پاس کا گھی نکال کر پھینکدیا جاوے باقی گھی پاک ہے۔ اور پتلے ہوئے
گھی کی حد یہ ہے کہ اگر کسی طرف سے گھی نکالا جاوے تو اُسی وقت سب مل کر برابر نہ ہو جاوے +

Marfat.com

سوال اگر تپلا گھی یا تیل یا اور کوئی چیز ہو اور اس میں نجاست گر جائے تو کیسے پاک کرے؛

جواب اس میں پانچواں حصّہ کا پانی ڈالکر جوش دیں اسی طرح تین دفعہ جوش دیں اور پانی کو جلاویں تیسری دفعہ پاک ہو جائے گا (دُر مختار)

سوال گوشت، گھی، اور دودھ سڑا ہوا کھانا درست ہے یا نہیں!

جواب۔ گوشت تو درست نہیں۔ دودھ اور گھی درست ہے (درمختار)

سوال اگر چوہا مرد ہ یا اور کوئی نجاست لوٹے میں پائی جائے اور پانی حمام یا مشک سے لیا جاتا ہے مگر یہ خبر نہیں کہ یہ چوہا حمام میں مرا یا مشک میں یا کنوئیں میں یا نجاست کنوئیں میں سے یا حمام مشک میں سے آئی تو اب ایسی حالت میں نجاست کا حکم کس پر کیا جائے؛

جواب۔ جس برتن میں نجاست پائی جاوے اسی پر نجاست کا حکم ہوگا اور لوٹے کا پانی نجس ہوا۔ نہ کہ مشک اور کنواں اور حمام اسلئے کہ حادث کی اضافت اقرب اوقات کی طرف ہوتی ہے ✦

سوال ایک شخص کے پاس تین گھڑے ہیں۔ ایک گھڑے میں شہد ہے دوسرے میں گھی ہے اور تیسرے میں شیرۂ خرما ہے۔ پھر ہر ایک میں سے ایک حصّہ لیکر باہم مخلوط کیا۔ اس میں سے مردہ چوہا نکلا یا اور کوئی نجاست نکلی تو اب کیا کرے؛

جواب اس چوہا کو آفتاب کی تپش میں رکھنے اگر اس میں سے چکنائی نکلی تو گھی کا گھڑا ناپاک ہے اور سا گر جما ہوا رہا تو شہد کا گھڑا ناپاک ہے اور اگر نرمائی اور چیپ پیدا ہوا تو شیرۂ خرما کا گھڑا ناپاک ہے کیونکہ دھوپ سے گھی پگھلتا ہے اور شہد سمٹتا ہے اور شیرۂ خرما نرم ہوتا ہے۔ (درمختار)

سوال ذبیحہ اور آب اور طعام کی حرمت اور حلّت میں دو خبریں متعارض سُنی جائیں تو کس پر عمل کرے!

جواب۔ دونو خبروں کو ساقط الاعتبار کر کے اصل پر عمل کرے یعنی ذبیحہ کو تو حرام سمجھے کیونکہ ذبیحہ میں بوجہ تعذیب اصل حرمت ہے اور پانی کھانے کو حلال جانے۔ کیونکہ پانی اور کھانے میں اصل حلّت ہے (غایۃ الاوطار)

سوال۔ کافروں کے مستعمل کپڑے پاک ہیں یا ناپاک؛

جواب پاک ہیں سوائے پاجامہ کی میانی کے۔ اگر بغیر دھوئے ہوئے میانی کے نماز پڑھیگا تو نماز مکروہ ہوگی (درمختار)

Marfat.com

سوال مشرکوں کا جُوٹھا پاک ہے یا ناپاک ؟

جواب مطلق آدمی کا جُوٹھا پاک ہے۔ خواہ وہ کافر ہو یا مشرک مرد ہو یا عورت جُنبی ہو یا حائضہ +

سوال۔ عورت کا جُوٹھا مکروہ مشہور ہے اسکی کیا وجہ ہے ؟

جواب۔ یہ کراہت بسبب لذت گیری کے ہے نہ بسبب نجاست کے +

سوال۔ کافر اور مشرک تو نجس ہیں۔ اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ اِن کی شان میں وارد ہے اور آپ اِن کے جُوٹھے کو پاک کہتے ہیں یہ کیونکر ہے ؟

جواب کفار اور مشرکین کی نجاست اعتقادی ہے نہ حسی۔ اگر حسی نجاست ہوتی تو جناب فخر عالم صلے اللہ علیہ وسلم کافر کو مسجد شریف میں شب باش نہ ہونے دیتے۔ حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہے۔ یہ ضرورت کے وقت کا مسئلہ ہے کہ بغیر ضرورت کبھی اسلئے انکے جھوٹے میں اثر ضرور ہے +

سوال وہ کون سے جانور ہیں جن کا جوٹھا پاک ہے ؛

جواب گھوڑے اور گدہے اور خچر کا جوٹھا اور کل اُن جانوروں کا جُوٹھا جو حلال ہیں خواہ چارپائے ہوں یا پرند پاک ہے سوائے مرغی کوچہ گرد اور گائے نجس خوار کے (عالمگیری)

سوال وہ کون سے جانور ہیں جن کا جُوٹھا ناپاک ہے ؟

جواب سؤر اور کتا اور ہاتھی اور کل چارپایہ حرام گوشت کا جوٹھا ناپاک ہے +

سوال وہ کون سے جانور ہیں جن کا جُوٹھا مکرُوہ ہے ؛

جواب بلی کا جوٹھا مکروہ ہے بشرطیکہ اس نے فوراً پانی نہ پیا ہو جو کھانے کے بعد اور اُن جانوروں کا جو گھروں میں رہتے ہیں جیسے چوہے اور چھپکلی وغیرہ اور اُن پرند جانوروں کا بھی جوٹھا مکروہ ہے جن کا گوشت حرام ہے مثل کوّے اور چیل و باز وغیرہ کے اور یہ کراہت بھی دولتمندوں کیلئے ہے نہ غریبوں کے لئے (عالمگیری)

سوال۔ گدھے اور خچر کا جُوٹھا پاک بیان کیا گیا ہے حالانکہ ان کا جُوٹھا مشکوک مشہور ہے یہ کیونکر ہے ؟

جواب اسکا مشکوک ہونا خود پاک ہونے کے اندر نہیں ہے بلکہ دوسرے کو پاک کرنے کے اندر ہے (درمختار)

سوال۔ کسی جگہ سوائے اس مشکوک پانی کے اور کوئی پانی نہیں ہے تو کیا کرے ؟

جواب اس مشکوک پانی سے وضو بھی کریگا۔ اور پھر تیمم بھی کرے صرف ایک پر یعنی وضو یا تیمم پر اکتفا جائز نہیں

سوال۔ پسینہ جانوروں کا کیسا ہے ؛

جواب پسینہ ہر جانور کا اُسکے جھوٹے کے حکم میں ہے جس کا جُوٹھا پاک ہے اسکا پسینہ بھی پاک ہے اور جس کا جھوٹا ناپاک ہے اسکا پسینہ بھی ناپاک ہے اور جسکا جھوٹھا مکروہ ہے اسکا پسینہ بھی مکروہ +

سوال۔ آدمی کا پسینہ کیسا ہے ؛

جواب پاک ہے خواہ کافر ہو یا مشرک جُنبی ہو یا حائضہ نہ اس کے کپڑے ناپاک ہوتے ہیں نہ بدن اور منہ

سوال لعاب ہاتھی کا کہ جو اسکی سونڈ کی اندر سے گرتا ہے کیسا ہے ؛

جواب ناپاک ہے (عالمگیری)

# باب پانی کی پاکی اور ناپاکی کے بیان میں

سوال مطلق پانی کہ جس سے نجاست حکمی دُور ہوتی ہے کتنے قسم ہے ؛

جواب دو قسم پر ہے۔ ایک جاری پانی، دوسرا بند پانی +

سوال جاری پانی کس کو کہتے ہیں ؛

جواب۔ جس کو لوگ عرف میں بہتا ہوا کہیں +

سوال۔ کس مقدار میں نجاست گر جانے سے جاری پانی ناپاک ہوگا ؛

جواب۔ جاری پانی نجاست کی مقدار پر نجس نہیں ہوتا۔ جب تک کہ نجاست کا اثر جاری پانی کے اوصاف ثلاثہ یعنے رنگ اور بُو مزہ کو بدل دے۔ جس وقت نجاست کے سبب ایک بھی صفت پانی جاری کی متغیر ہو گی۔ جاری پانی ناپاک ہو جائیگا +

سوال۔ جاری پانی کا کوئی وصف جب نجاست سے بدلجائے تو پھر کس طرح پاک ہو سکتا ہے ؛

جواب۔ جب پانی پاک اِس میں اس قدر مل جائے۔ کہ اُس کے وصف متغیرہ کو دُور کر دے۔ تب پاک ہو جاوے گا (عالمگیری)

سوال۔ بہت سے آدمی دھورے یا نہر کے کنارے بیٹھکر وضو کریں۔ تو کیا وضو جائز ہوگا ؛

جواب۔ ہاں جائز ہے (عالمگیری)

سوال چھت پر نجاست پڑی ہوئی ہو اور مینہ برسا اور چھت ٹپک کر کپڑے پر پانی پڑا تو اب یہ کپڑا ناپاک ہوا یا نہیں ؛

Marfat.com

جواب۔ جب تک مینہ برس رہا ہے جاری پانی کے حکم میں ہے اسوقت تک ٹپکہ سے کپڑا ناپاک نہیں ہوتا جسوقت مینہ بند ہوگا پھر اگر ٹپکہ گریگا تو کپڑا ناپاک ہو جاوے گا اور یہ حکم طہارت کا عین برسنے کیحالت میں بھی اسوقت تک ہے۔ جبکہ پانی کے اوصاف ثلاثہ میں تغیر نہ ہوا ہو اور اگر چھت کی نجاست اثر سے ٹپکے کے پانی میں تغیر ہوگیا ہے تو عین برسنے کیحالت میں بھی کپڑا ناپاک ہو جائیگا۔ اسیطرح اگر چھت پر متفرق مقامات میں نجاست پڑی ہوئی ہے مگر پرنالے کے سرے پر نہیں ہے اور مینہ کا پانی بغیر تغیر اوصاف ثلاثہ کے پرنالہ سے جاری ہوا، وہ بھی پاک ہے اور اگر نجاست پرنالہ کے پاس ہے اور اکثر پانی یا نصف پانی اس نجاست سے مل کر آتا ہے۔ تو اب یہ پانی ناپاک ہے (عالمگیری)

سوال بند پانی کے قسم پر ہے؛

جواب۔ دو قسم پر ایک قلیل دوسرا کثیر۔

سوال۔ بند پانی کثیر کس کو کہتے ہیں؟

جواب۔ بند پانی کثیر وہ ہے۔ کہ ایک طرف کی نجاست پڑی ہوئی کا اثر دوسری طرف کو نہ پہنچے علماء متاخرین نے اسکی مقدار عام فہم یوں کر دی ہے کہ جو حوض دہ در دہ مربع یعنی چالیس گز اور دور اڑتالیس گز ہو اس میں پانی کثیر ہوتا ہے۔ اس مقدار کے حوض میں ایک طرف کی نجاست کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچتا ہے اور حوض کبیر بھی اسی مقدار سے تعبیر کیا جاتا ہے (درمختار)

سوال مقدار طول اور عرض کی تو کثیر پانی کی معلوم ہو گئی مگر عمق یعنی گہرائی کی مقدار نہیں معلوم ہوئی یہ بھی بیان فرمایئے کہ گہرائی کس قدر معتبر رکھی گئی ہے۔

جواب گہرائی صرف اسقدر معتبر ہے جس سے پانی بھرنے کیوقت چلّو سے زمین نہ کھل جائے۔ اور پانی میں گدلاپن نہ آجائے۔ اور یہی گہرائی جاری پانی کے لئے بھی ہے (عالمگیری)

سوال کثیر پانی کی پاکی اور ناپاکی کا کیا حکم ہے؛

جواب اسکی پاکی اور ناپاکی کا حکم وہی ہے جو جاری پانی کا ہے یعنے جب اثر نجاست سے کوئی صفت بھی بدلے گی خواہ رنگ بدلے یا مزہ بدلے یا بو بدلے اسوقت پانی بھی ناپاک ہو جائیگا۔

سوال حوض کبیر میں جہاں نجاست پڑی ہوئی ہے وہ جگہ بھی پاک ہے یا نہیں؛

جواب وہ جگہ بالاجماع ناپاک ہے اسجگہ سے بقدر ایک چھوٹے حوض کے ہٹکر وضو اور غسل کرے (عالمگیری)

Marfat.com

سوال ایک جوہڑ جس میں پانی ناپاک بھرا تھا۔ پھر وہ خشک ہوگیا۔ دوبارہ اس میں پانی بارش کا جمع ہوا تو اب وہ پہلی نجاست اس پانی سے عود کریگی یا نہیں؟

جواب عود نہیں کرے گی اور یہ پانی پاک ہے (عالمگیری)

سوال کسی حوض میں خواہ متغیر ہو یا کبیر کائی جمی ہوئی ہو اس سے بھی وضو اور غسل درست ہے یا نہیں؟

جواب اگر کائی ہلانے سے ہل جاتی ہے اور پانی اندر کا نکل آتا ہو تب تو درست ہے، ورنہ نہیں اسی طرح پانی پر جمی ہوئی برف کا بھی یہی حکم ہے (عالمگیری)

سوال اکثر جنگلوں میں کثیر اور قلیل مقدار کے پانیوں میں بوجہ گرجانے پتے وغیرہ کے بدبو آنے لگ جاتی ہو ایسے پانی سے بھی وضو اور غسل درست ہے یا نہیں؟

جواب۔ ہاں درست ہے نجاست کے سبب سے تو ذراسی تغیر کا بھی اعتبار ہے اور پاک چیز کے سبب سے تغیر کا اس وقت اعتبار ہے جب کہ پتلا پن جاتا رہے۔ یا نام پانی کا پانی نہ رہے +

سوال کسی پانی میں بدبو تو آرہی ہے مگر یہ نہیں معلوم کہ بدبو نجاست کی ہے یا پاک چیز کی ایسے پانی سے وضو اور غسل درست ہے یا نہیں؟

جواب۔ درست ہے جب تک وقوع نجاست کا علم نہ ہو اسلئے کہ اکثر پانی ٹھیرنے سے بھی بدبودار ہو جاتا ہے (درمختار)

سوال۔ بند پانی قلیل کس کو کہتے ہیں؟

جواب جو مقدار میں وہ دردہ سے کم ہو +

سوال قلیل پانی کا وقوع نجاست سے کیا حکم ہے؟

جواب قلیل پانی تو قلیل نجاست سے ہی ناپاک ہو جائے گا اس پانی کے لئے تغیر اوصاف ثلاثہ کی قید نہیں ہے +

سوال کتنی قلیل نجاست اس پانی کو ناپاک کردے گی؟

جواب جس کے گرنے سے پانی کو حرکت ہو جائے (درمختار)

سوال کنوئیں میں اونٹ اور بکری کی مینگنیاں یا گوبر اور لید گرجائے تو کیا حکم ہے؟

جواب۔ جبتک بہت نہ گریں کنواں پاک ہے اور یہ حکم ٹوٹی اور ثابت تر اور خشک سب پر یکساں ہے (عالمگیری)

Marfat.com

سوال۔ بہت کس کو کہتے ہیں؟

جواب۔ بہت وہ ہے جسکو مبتلیٰ بہت سمجھے (عالمگیری)

سوال۔ کوّے اور چیل کی بیٹ سے بھی کنوٗاں نجس ہوتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ اِن سے کنواں نجس نہیں ہوتا (درمختار)

سوال۔ آپ نے تو یہ بیان کیا ہی کہ قلیل نجاست قلیل پانی کو نجس کردیتی ہی۔ پھر اس کی کیا وجہ کہ گوبر اور لید وغیرہ مذکورۃ الصدر نجاستوں سے کنوٗاں نجس نہیں ہوتا؟

جواب۔ بیشک قیاس تو یہی چاہتا تھا کہ کنوٗاں ان چیزوں سے ناپاک ہوجائے۔ مگر عموم بلوہ کے سبب ایک حدتک خاص چیزوں کے ساتھ کنوئیں کو نجس نہیں کیا گیا۔ دوسرے کنوئیں کے احکام برخلاف قیاس آثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہیں۔ یہی وجہ ہی کہ کسی شے نجس ہی تو سارا پانی کنوئیں کا نکالا جائے اور کسی شے سے چند ڈول برآمد ہوں اور کسی شے نجس سے کچھ بھی نہیں جیسے کہ آگے مفصل مسائل معلوم ہونگے۔ اسلئے کنوئیں کے ساتھ اور قلیل پانی ملحق نہیں ہو سکتے اگر مٹکے وغیرہ میں اِن نجاستوں مذکورہ میں سے تھوڑی سی نجاست بھی گرجائے گی۔ تو فوراً سارا پانی پھینکا جائے گا (درمختار)

سوال۔ اِس حکم میں جنگل اور شہر کے کنوؤں میں کچھ فرق ہی یا نہیں؟

جواب۔ ہاں فرق ہی یہ حکم بسبب ضرورت اور نہ بچاؤ ہوسکنے کے جنگل اور اُن کنوؤں کے ساتھ جہاں مویشی کی آمدورفت زیادہ رہتی ہے مخصوص ہی اور شہر میں بھی اگر ضرورت مجبور کرے تو بموجب اس مسئلہ کے الضرورات تبیح المحظورات جبتک بہت نہ ہوں مینگنی وغیرہ سے ناپاک نہیں ہوگا

سوال۔ کنوئیں کے مفصل احکامات بیان کیجیئے؟

جواب۔ کنوئیں کا پانی جن چیزوں کے گرنیسے نکالا جاتا ہی دو قسم کی چیزیں ہیں ایک قسم کی چیزیں تو وہ ہیں کہ جنکے گرنیسے باجماع سلف پانی کا نکالنا واجب ہی اور پانی نکالنا ہی کنوئیں کی طہارت ہی۔ دوسری قسم کی چیزیں وہ ہیں جن سے کنوئیں کا پانی نکالنا مستحب ہی اور یہ اُسی کنوئیں کے لئے ہی جو دہ دردہ کی مقدار

له جنگل وہ ہی کہ جسکو محلے اس کنوئیں کے پانی کے در پانی نہیں ته سه ضرورتیں ناجائز کو جائز کردیتی ہیں جیسا اس ہیاری کو کہ جسکو مہلک مرض ہو شراب کا پینا یا ایسی بھوک کہ خنزیر کا گوشت کھانا حلال تھا اور بہت سی چیزیں ہیں کہ جنکو شریعت نے جائز کردیا اسی قاعدے کے تحت میں ہی۔ ہندوستان میں ہمکو کنوئیں ہی داخل ہیں کہ جن میں بسبب غلبہ کفار مخلوط ملک انکی دہریوں کی چھینٹیں پڑتی ہیں اور علوم ہوا کہ بھی اسے لکھتے ہیں۔ عفی اللہ عنہ

Marfat.com

کا نہیں ہے۔ اور اگر دہ در دہ کی مقدار کا کنواں ہوگا۔ تو وہ مثل جاری اور کثیر پانی کے ہوگا۔ اور اُسکے احکامات اُوپر درج ہو چکے ہیں +

سوال۔ وہ کیا کیا چیزیں ہیں۔ جن سے پانی کنوئیں کا نکالنا واجب ہے؛

جواب۔ وہ دو قسم کی چیزیں ہیں۔ ایک قسم کی چیزیں تو ایسی ہیں کہ جنکے گرنیسے سارے کنوئیں کا پانی نکلتا ہے دوسری قسم کی چیزیں وہ ہیں جن سے سارا پانی نہیں نکلتا کچھ معین ڈول نکالے جاتے ہیں +

سوال۔ وہ کیا کیا چیزیں ہیں کہ جن کے گرنے سے سارا پانی نکالنا واجب ہے؛

جواب اول کنوئیں میں گر کر مر جانے سے کبیر الاندام جاندار کا مثل بکری و آدمی وغیرہ کے دوسرے پھٹنا اور پھول جانا[1] ان جانوروں کا کہ جن کے اندر خون جاری ہے خواہ چھوٹے ہوں مثل چڑیا اور چوہے وغیرہ کے یا متوسط ہوں مثل مرغی وغیرہ کے مگر آبی[2] نہ ہوں۔ عام ہے اس سے کہ یہ جانور باہر کنوئیں سے پھٹ پھول کر اندر کنوئیں کے گرے ہوں یا اندر گر کر پھٹے پھولے ہوں۔ تیسرے[3] سؤر جانور کا مجرد گرنا خواہ مرے یا نہ مرے چوتھے کافر مردہ[4] کا گرنا۔ پانچویں مسلمان مردہ کا غسل سے پہلے گرنا۔ چھٹے اس جانور کا زندہ برآمد ہونا جس کا جھوٹا ناپاک ہو یا مشکوک بشرطیکہ منہ اس کا گرنے کے پانی میں ڈوبا ہو۔ ساتواں نجاست[5] حقیقی کا گرنا خواہ خفیفہ ہو یا غلیظہ (کبیری، عالمگیری وغیرہ وغیرہ)

سوال۔ کنوئیں میں اگر جوتی گر جائے تو کیا کیا جاوے؟

جواب سارا پانی نکالا جاوے کیونکہ جوتی مستعمل میں نجاست کا لگا رہنا یقینی ہے۔ اور یہاں عموم بلوہ بھی نہیں ہے کہ جس سے بچاؤ مشکل ہو +

سوال وہ چیزیں کیا کیا ہیں۔ جن سے سارا پانی نہیں نکلتا ہے مع مقدار برآمدگی پانی کے بیان فرمائیے؟

جواب۔ جو جانور کہ دموی[6] ہیں مثل کبوتر اور بلی کے اگر وہ کنوئیں میں سے مردہ نکلیں تو چالیس[7] ڈول

---

[1] پھٹنے اور پھولنے میں بالوں کا جھڑنا بھی داخل ہے (درمختار) [2] جیسے مچھلی کچھوا۔ مینڈک وغیرہ +

[3] یہ حکم بوجہ نجس العین ہونے کے ہے اُس کا اگر ایک بال بھی گر جائے۔ تو کل پانی کنوئیں کا نکالا جائے گا +

[4] خواہ بعد غسل کے گرے یا قبل غسل کے +

[5] اگر ایک قطرہ پیشاب کا گر جائیگا تو سارا پانی نکالا جائے گا۔ خواہ وہ قطرہ پیشاب آدمی کا ہو یا گائے بھینس وغیرہ کا +

[6] دموی وہ جانور ہے کہ جس کے اندر خون جاری ہو + [7] وبوبا +

Marfat.com

سے ساٹھ ڈول تک نکالے جائیں گے اور اگر وہ جانور دموی مثل چوہے اور چڑیا کے ہیں تو اُنکے مرنے سے صرف بیس ڈول سے تیس ڈول تک نکالے جائیں گے +

سوال وہ کون سے جانور ہیں کہ جن کے مرنیسے کوئیں کا پانی نجس نہیں ہوتا ؛

جواب جن جانوروں میں خون جاری نہیں ہو - اُنکے گر کر مر جانے سے کنواں نجس نہیں ہوتا - مثل بچھو اور کنکھجورا اور بھڑ وغیرہ کے +

سوال جو جانور کہ چوہے اور بلی کے درمیان ہیں اُنکے لئے کیا حکم ہے ؛

جواب اُنکے لئے وہی حکم ہے جو چوہے کے لئے یعنی بیس سے تیس ڈول تک +

سوال جو جانور کہ بلی اور بکری کے درمیان کے ہیں اُنکے لئے کیا حکم ہے ؛

جواب اِن کے لئے وہی حکم ہے جو بلی کے لئے ہے یعنے چالیس ڈول سے ۶۰ ڈول تک اسکو یاد رکھنا چاہیے - کہ جو جانور چھوٹے جسم اور متوسط جسم کے درمیان کا ہے وہ ہمیشہ چھوٹے کے حکم میں ہیگا - اور جو جانور کہ متوسط اور کبیر الاندام کے درمیان کا ہو وہ ہمیشہ متوسط الاندام کے حکم میں ہے گا +

سوال دو چوہے کس کا حکم رکھتے ہیں ؛

جواب ایک چوہے کا حکم رکھتے ہیں +

سوال تین چوہے کس کا حکم رکھتے ہیں ؛

جواب تین چوہے سے پانچ تک بلی کا حکم رکھتے ہیں +

سوال چھ چوہے کس کا حکم رکھتے ہیں ؛

جواب چھ چوہے ایک بکری کا حکم رکھتے ہیں +

سوال دو بلی کس کا حکم رکھتی ہیں ؛

جواب دو بلی ایک بکری کا حکم رکھتی ہیں +

سوال آدمی کا بچہ اور بکری کا بچہ کس کا حکم رکھتا ہے ؛

جواب ہر بچہ اپنے بڑے کا حکم رکھتا ہو - تو آدمی کے بچے کے گر کر مرنیسے خواہ سقط ہی ہو سارا پانی نکالا جائیگا - اسی طرح بکری کے بچے سے بھی (رعایۃ الاوطار)

سوال اگر چوہا زخمی کنوئیں سے برآمد ہو تو کس قدر پانی نکلے گا ؛

Marfat.com

جواب سارا پانی نکالنا چاہئے۔
سوال یہ چیزیں کہ جن سے پانی نکالا جاتا ہے اگر کنوئیں میں پڑی رہیں اور پانی نکال لیا جائے تب بھی پاک ہو جائے گا یا نہیں؟
جواب ہرگز نہیں۔ پہلے اُن چیزوں کو نکالے بعد میں پانی نکالے تب کنواں پاک ہوگا۔ ہاں اگر کنوئیں میں ایسی چیز گری کہ جو غائب ہو جائے اور اسکا نکالنا غیر ممکن ہو مثل لکڑی ناپاک یا نجس کپڑے کے ٹکڑے کے تو کنوئیں کے ساتھ ہی یہ چیزیں بھی پاک ہو جائینگی (عالمگیری)
سوال کسی مٹکے یا گھڑے میں کوئی جانور مر گیا اور وہ پانی کسی کنوئیں میں ڈالا گیا تو اس کنوئیں کے لئے کیا حکم ہے؟
جواب جو اس جانور کے کنوئیں میں گر کر مرنیکا حکم تھا وہ ہی اُس پانی پر ہوگا مثلاً چوہا مٹکے میں مرا اور وہ پانی کنوئیں میں ڈالا گیا۔ تو اب بیس سے تیس ڈول تک نکل جائینگے اور اگر مٹکے میں پھٹ پھول گیا تھا اور پھر پانی کنوئیں میں ڈالا گیا تو اب سارا پانی کنوئیں کا نکلے گا علی ہذا اور پانیوں کو بھی دوسرے مردہ جانوروں پر قیاس کر لینا چاہئے (عالمگیری)
سوال یہ حکم مٹکہ پانی کے ساتھ ہے۔ یا ایک قطرہ گر جانے پر بھی یہی حکم ہے؟
جواب ایک قطرہ کے گر جانے سے بھی وہ ہی حکم جاری ہوگا جو ایک مٹکہ سے ہوگا (عالمگیری)
سوال دو کنوئیں ہیں ایک ان میں سے ایسا ہے جس میں سے بیس ڈول نکالنے واجب ہیں نکالنے والے نے بیس ڈول نکال کر دوسرے پاک کنوئیں میں ڈالدیئے اب کیا کرنا چاہئے؟
جواب اس دوسرے کنوئیں سے بھی بیس ڈول نکال ڈالے پانی پاک ہو جائے گا۔
سوال اگر کنواں نجاست کے گڑھے کے قریب ہو تو اس کنوئیں کے پانی کا کیا حکم ہے؟
جواب جب تک اس کنوئیں کے پانی میں اثر نجاست معلوم نہ ہو پاک ہے خواہ دس گز کے فاصلے پر ہو یا ایک گز کے۔ اس میں فاصلہ معتبر نہیں ہے۔ اثر معتبر ہے۔
سوال دوسری قسم کی چیزیں اُوپر وہ بیان کی گئی ہیں جن کے گرنے سے کنوئیں کا پانی نکالنا مستحب ہے۔ اب بیان کیجئے کہ وہ کیا کیا چیزیں ہیں؟
جواب چوہے کے گرنے سے بیس ڈول نکالنا مستحب ہے۔ دوسرے بلی اور مرغی جو کھلی پھرتی ہوں نکلے

Marfat.com

گرنے سے چالیس ڈول پانی نکالنا مستحب ہی تیسرے جن جانور کا جھوٹا مکروہ ہی اُنکے گرنیسے پانی کا اسی قدر نکالنا جس قدر اُنکے مرنے سے نکلتا ہی مستحب ہی جیسے چوہے کے گرنیسے بیس ڈول اور مرغی اور بلی کے گرنے سے چالیس ڈول وغیرہ وغیرہ چوتھے جنبی اور بے وضو کے کنوئیں میں اُترنے سے چالیس ڈول نکالنا مستحب ہے (در مختار، عالمگیری)

سوال ڈول کی کوئی مقدار معین ہے یا نہیں؛

جواب جو ڈول جس کنوئیں پر ہو اُسی ڈول کی مقدار اس کنوئیں کے لئے معتبر ہی اور اگر کوئی ڈول مقرر نہیں ہی تو جس ڈول میں ایک صاع پانی آجائے وہ معتبر ہی اور صاع کی تحقیق ہم پہلے لکھ چکے ہیں (در مختار)

سوال بعض کنوئیں ایسے ہوتے ہیں کہ وہاں کنوئیں کا پانی چرس سے کھینچا جاتا ہی اور چرس میں کئی ڈول پانی آتا ہے اب معینہ ڈولوں کا کیسے اندازہ کیا جائے؛

جواب حساب کرلیا جائے کہ جب اسقدر پانی کہ جس کا نکالنا واجب ہے برآمد ہو جائے طہارت حاصل ہو جائیگی مثلاً بیس ڈول واجب ہوں اور چرس میں آتے ہیں تو دو چرس پانی نکال لینے سے کنواں پاک ہو جائیگا اور آدھے سے زیادہ ڈول کا پانی سے بھرا ہوا ہونا شمار میں کفایت کرتاہے (رعایۃ الاوطار)

سوال ایک کنوئیں میں سے پانی چالیس ڈول نکالنا واجب ہوا اور اس میں پانی بیس ڈول ہے تو اب کیا کرے؛

جواب اسی قدر یعنی بیس ڈول پانی نکالدینے سے کنواں پاک ہو جائیگا۔ بعد اس پانی نکالنے کے پھر کنوئیں میں زیادہ پانی ہو جائے تو پھر پانی نہ نکالا جائے +

سوال بعض کنوؤں کی سوتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جس قدر پانی نکالو مگر خالی نہیں ہوتا جب ایسے کنوؤں میں سارا پانی نکالنے کی ضرورت ہو تو سارا پانی کس طرح نکالا جائے؛

جواب جس قدر پانی اس کنوئیں میں نکالنے سے پہلے ہو اسکا اندازہ دو مرد متقیوں سے جنکو پانی کی خوب اٹکل ہو کرالے۔ ورنہ یوں کرے کہ ایک رسی کے سرے میں ایک وزنی شے باندھکر کنوئیں میں ڈالی جائے اور جس وقت وزنی شے سطح پانی پر پہنچے اسوقت کنارہ کنوئیں پر رسی میں ایک گرہ دیدے دیکھیں اس وزنی شے کو کوئیں کی تہ تک پہنچائے۔ جب رسی ڈھیلی معلوم ہونے لگے اسوقت اسکو اچھی طرح قایم کرکے دوسری گرہ پھر کنارہ کنوئیں پر رسی میں دے دے پھر ان دونوں گرہوں کے درمیان کی رسی کو ہاتھوں سے ناپے جس قدر پیمایش میں آوے اسی قدر پانی اس کنوئیں سے برآمد ہوگا۔ پانی نکالنے کا

Marfat.com

طریقہ یہ ہے کہ ایک گھنٹہ یا ایک پہر پانی نکلنے پر جس قدر پانی کم ہو جائے اسی قدر گھنٹوں یا پہروں کے حساب سے پانی نکلوایا جائے مثلاً ایک کنوئیں میں دس ہاتھ پانی ہو اور ایک گھنٹہ میں دو ہاتھ پانی متواتر نکالنے پر کم ہوا، تو پانچ گھنٹے تک پانی اس میں سے متواتر کھینچا جاوے خواہ جدید پانی آتا ہے اور کنواں خالی نہ ہوا اور جن کنوؤں میں سے کچھ بھی پانی کم نہ ہو تو ایسا کرے کہ ایک گڑھا کنوئیں کے پانی کے مقدار چوڑائی اور گہرائی میں کھود کر اسکو بھر دے +

سوال ایسے کنوئیں کی نسبت کہ جو پیندا چھٹ نہیں ہو سکتے ہیں اور بعض علماء نے دو سو ڈول سے تین سو ڈول تک فتوے دیا ہے یہ کیونکر ہے؟

جواب یہ فتوے قول ضعیف پر ہے اور اس کی اصل یہ ہے کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس نقشہ کو بغداد شریف کے کنوؤں کے ساتھ ہی مخصوص کر دیا تھا جبکہ انہوں نے دیکھا کہ تین سو ڈول سے زائد پانی بغداد شریف کے کنوؤں میں نہیں ہے تو اس قول سے بھی سارا پانی نکال دینا ثابت ہوا بھلا یہ کیونکر ہو سکتا تھا کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ ایک عدد مخصوص پر تمام دنیا کے کنوؤں پر فتوے دے دیتے جبکہ فقہاء صحابہ کا عمل سارے پانی نکالنے کا نجاست کے سبب سے ہو۔ چنانچہ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ وحضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مخالف اسکے منقول ہے بڑی غلطی ہے ان علماء کی جو بے سمجھی سے اس قول کو حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب کر کے فتوے دے رہے ہیں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے جہاں پر یہ فتوے دیا ہے اس عدد مخصوص سے سارے ہی پانی نکالنے کا فتوے دیا ہے جیسا کہ ثابت ہوا اگر اس مسئلہ کی پوری تحقیق کسی کو منظور ہو تو جناب مولانا مولوی بیدار علی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کے رسالہ تحقیق المسائل کو ملاحظہ کرے +

سوال۔ کنواں پاک ہونے کے بعد ڈول اور رسی کو بھی دھوئے یا کیا؟

جواب کنوئیں کی طہارت کے ساتھ اسکی سب چیزیں طبعاً پاک ہو جاتی ہیں یہانتک کہ چرخی اور کنوئیں کا گرد وپیش اور پانی نکالنے والے کا ہاتھ بھی پاک ہو جاتا ہے جیسا کہ استنجا کرنے والے کا ہاتھ پاک ہو جاتا ہے۔ محل کی طہارت سے +

سوال۔ جانور کے گرنے سے پانی کی ناپاکی کا حکم کب سے ہوگا؟

جواب۔ جب سے جانور کے گرنے کا وقت معلوم ہوگا +

Marfat.com

سوال اگر وقت گرنے کا نہیں معلوم ہوا۔ تو کب سے نجاست شمار ہو گی؛
جواب اگر جانور پھٹا پھولا نہیں ہے تو ایک رات اور ایک دن پہلے وقت علم سے کنوئیں پر ناپاکی کا حکم ہوگا اور اگر پھٹ پھول گیا ہے تو تین رات دن پہلے سے نجاست کا حکم ہوگا۔ پہلی صورت میں ایک رات دن کی نمازیں اور دوسری صورت میں تین رات دن کی نمازیں پھیری جاویں گی بشرطیکہ غسل اور وضو اس پانی سے کیا ہو (عالمگیری)
سوال جنگل میں یا اور کسی جگہ پانی ملا مگر اس پانی کی حالت دیکھنے سے شبہ ہوتا ہے کہ پانی ناپاک ہے اور کوئی وہاں پر آدمی بھی نہیں جس سے دریافت کرے ایسی حالت میں کیا کرے؛
جواب اسی پانی سے وضو کرنا جائز ہے۔ جب تک یقین نجاست کا نہ ہو اور اس شخص پر دریافت حال واجب بھی نہیں ہے۔
سوال درندہ جانور قلیل پانی پر سے گزرا اور جنگل میں سوائے اس پانی کے اور کوئی پانی بھی نہیں ہے۔ اب کیا کرے؛
جواب اگر اسکو یہ یقین ہے کہ اس درندے نے اس پانی میں سے پانی پیا ہے، تب تو وضو درست نہیں ہے ورنہ درست ہے (درمختار)
سوال اکثر نہاتے ہوئے یا وضو کرتے ہوئے پانی مستعمل کی چھینٹیں پاک پانی میں پڑ جاتی ہیں اُن کے لئے کیا حکم ہے؛
جواب پاک ہے۔ جب تک مستعمل پانی غالب نہ ہو (عالمگیری)
سوال مستعمل پانی کا پینا کیسا؛
جواب مکروہ ہے۔
سوال جو پانی کہ نجاست حقیقی کے سبب سے خراب ہو جاتے ہیں ان کو کسی اور کام میں بھی لا سکتے ہیں یا نہیں؛
جواب تھوڑا پانی اوصاف ثلاثہ کے ایک صفت کی تغیر سے بھی مثل پیشاب کے ہے اسکو تو کسی کام میں نہیں لا سکتے۔ اور اگر ایسا نہیں ہے تو جانوروں کو پلانا اور اس سے گارہ کرنا درست ہے۔ لیکن اس گارہ کو مسجد میں نہ صرف کرے (عالمگیری)

Marfat.com

# باب استنجا کرنے کے بیان میں

سوال۔ بیت الخلاء میں کس طرح جاوے اور کیا کیا پڑھے؛

جواب۔ بیت الخلاء میں جانے سے پہلے اس انگوٹھی اور تعویذ کو دور کرے جس میں آیات قرآنی یا اسمائے الٰہی لکھے ہوں، پھر جاتے وقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ یعنی اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ پلیدیوں سے اور پلید چیزوں سے پاخانہ میں داخل ہوتے وقت اول بایاں پاؤں رکھے اور جب پاخانہ سے نکلے تو اول اپنا قدم باہر کو نکالے کھڑے ہوکر پاجامہ یا تہبند نہ کھولے جب قدمچہ پر قریب بیٹھنے کے ہو تب کشف عورت کرے بیٹھنے میں[1] پاخانہ کے وقت بائیں طرف کو جھکا رہے بعد فارغ ہونے کے یہ دعا پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ دَفَعَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ یعنے شکر ہے اس اللہ کا جس نے مجھ سے تکلیف دور کی اور سلامتی عطا کی +

سوال وہ کونسی جگہ ہیں جہاں پاخانہ اور پیشاب منع ہے؛

جواب مسجد اور عیدگاہ کے آس پاس۔ قبرستان[2] اور چوپایوں کے درمیان پانی کے اندر خواہ جاری ہو یا بستہ[3]۔ لوگوں کے راستہ میں[4] گڑھے[5] ہوئے کھیتوں میں ہر سوراخ[6] کے اندر۔ غسل[7] اور وضو کی جگہ پھلے[8] پھولے درخت کے نیچے۔ اسی طرح اس[9] درخت کے نیچے جس کے سایہ میں لوگ بیٹھتے ہوں ان سب جگہ پیشاب پاخانہ منع ہے۔

سوال وہ کیا کیا باتیں ہیں جو پاخانہ اور پیشاب کے وقت مکروہ ہیں؛

جواب ننگے[1] سر پاخانہ پھرنا یا پیشاب کرنا، پاخانہ[2] یا پیشاب کرتے ہوئے کلام[3] کرنا۔ پاخانہ میں بہت دیر تک[4] بیٹھا رہنا۔ کھڑے ہوکر یا لیٹ کر بلا عذر پاخانہ پھرنا یا پیشاب کرنا۔ بلا ضرورت پاخانہ اور پیشاب اور شرمگاہ کو دیکھنا، تھوکنا، ناک[5] سنکنا، پیشاب گاہ[6] سے عبث فعل کرنا۔ دائیں[7] بائیں پھر پھر کر بار بار دیکھنا آسمان کی طرف سر اٹھا کر دیکھنا۔ قبلہ کی طرف[12] منہ کرنا، یا پشت[8] کرنا۔ اسی طرح چاند[13]

---

[1] اسی طرح کوئیں اور حوض کے کنارہ پر بھی مکروہ ہے۔ [2] اس سے جنگل کا درخت نکل گئے وہاں بیٹھکر پانی پیشاب کرنا مکروہ نہیں (نہایۃ الاوطار)

[3] اسی طرح ذکر خدا بھی زبان سے نکسے اور نہ سلام کا جواب دے نہ چھینک اذان کا [4] اس سے بواسیر پیدا ہوتی ہے [5] اس حکم میں ہم [6] منزل کے نزدیک جنگل اور شہر سب برابر ہیں چھوٹے بچوں کی ماؤں کو زیبا ہے کہ اپنے بچوں کو قبلہ کے رخ سے پھیر لیا کریں جو وقت کہ پاخانہ پھرا دیں ۱۲

Marfat.com

سورج اور ہوا کی جانب رُخ کرنا ۔ نیچے کی جگہ سے اوپر کو پیشاب کرنا یہ سب باتیں مکروہ ہیں ٭

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں جن سے استنجا کرنا مکروہ ہے ؛

**جواب** اینٹ پختہ، ٹھیکری، ہڈی، کوئلہ، کاغذ، جانوروں کا چارہ اور ہر چیز حُرمت والی اور نفع دینے والی سے استنجا کرنا مکروہ تحریمی ہے (درمختار)

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں جن سے استنجا درست ہے ؛

**جواب** مٹی کے ڈھیلوں سے، پتھر سے، پانی سے، ریت سے تو سنت ہے علاوہ انکے ہر ایک اِس چیز سے جو حرمت والی اور نفع دینے والی نہ ہو ۔ جائز ہے، جیسے پُرانی روئی اور پُرانے کپڑے اور پُرانی کھال اور لکڑی وغیرہ ٭

**سوال** ڈھیلے اور پتھر سے استنجا کس طرح کرے ؛

**جواب** سردی کے موسم میں مرد کو ڈھیلوں سے استنجا اس طرح کرنا چاہئے کہ پہلا ڈھیلہ پیچھے سے آگے کو کھینچے اور دوسرا ڈھیلا آگے سے پیچھے کو، تیسرا ڈھیلا پہلے کے مانند کھینچے گرمی کے موسم میں مرد اسکے برعکس کرے یعنی اوّل ڈھیلا پیچھے کو لے جائے ۔ اور دوسرا آگے کو اور پھر تیسرا پیچھے کو اِسلیئے کہ سردی کے موسم میں اُنثیین سُکڑے سمٹے رہتے ہیں اور گرمیوں میں جھُلکے ہوئے اگر یہ عکس نہیں کریگا یعنی اول ڈھیلا پہلے آگے کو لاوے گا تو اُنثیین آلودہ نجاست ہوجائیں گے اور عورت دونوں موسموں میں آگے کو ہی کھینچے (عالمگیری) ٭

**سوال** کِس قدر شمار ڈھیلوں میں چاہئے ؛

**جواب** کوئی شمار معتبر نہیں ہے اسلیئے کہ استنجا کرنے سے مقصود پاکی ہے ۔ خواہ ایک سے ہو یا تین سے یا پانچ یا زیادہ سے اور بعض احادیث میں جو تین ڈھیلوں کا ذکر آیا ہے وہ غالب عادت کے موافق ہے (غایۃ الاوطار، عالمگیری)

**سوال** بعد ڈھیلے وغیرہ کے پانی سے دھونا کیسا ؛

**جواب** سنت ہے اور اگر مخرج سے نجاست تجاوز کرگئی ہے تو فرض ہے (عالمگیری)

**سوال** پانی سے استنجا کرنے کا کیا طریقہ ہے ؛

**جواب** یہ ہے کہ قبلہ کی طرف سے رُخ بچا کر بیٹھے ۔ اگر روزہ دار نہ ہو تو پاخانہ کی جگہ کو خوب

Marfat.com

ڈھیلا کرے اور بائیں ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی کو ابتداء استنجے میں دوسری اُنگلیوں سے اُونچا کرکے سنجاست کی جگہ کو دھوئے پھر بیچ کی اُنگلی کے پاس کی اُنگلی کو نیچا کرکے اس سے دھوئے پھر چھٹلی اُنگلی سے دھوئے سب کے بعد انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی سے دھوئے یہانتک کہ چکنائی دُور ہو جاوے اور طہارت کا یقین ہو اور عورت اوّل دو اُنگلیوں سے شروع کرے یعنی بیچ کی اُنگلی اور اُسکے برابر والی سے پھر مرد کی طرح طہارت شروع کرے اگر موسم سرما ہو اور پانی بھی سرد ہو تو دھونے میں زیادہ مبالغہ کیا جاوے وہ ظن غالب پر عمل کرے اور انگلیوں کی چوڑائی سے استنجا کرے انگلیوں کے سرے سے نہ کرے پانی بھی سیدھا ڈالے اور انگلیوں سے ملنے میں بھی سختی نہ کرے۔

سوال پانی سے استنجا کرنے میں پہلے پاخانہ کی جگہ کو دھوئے یا پیشاب کی جگہ کو؟

جواب طرفین کے نزدیک اوّل پیشاب کی جگہ کو دھوئے بعد میں پاخانہ کی جگہ کو۔

سوال عورت مستحاضہ کو علاوہ وقت پاخانہ اور پیشاب کے کیا استنجا کرنا ضروری ہے؟

جواب مستحاضہ عورت پر ہر وقت کی نماز کے لئے استنجا کرنا واجب ہے (عالمگیری)

سوال اگر کسی کا بایاں ہاتھ شل ہو جاوے یا کوئی عارضہ ایسا ہو کہ اس سے استنجا نہ کر سکے تو وہ کس طرح پانی سے استنجا کرے؟

جواب جاری پانی پر قدرت نہیں ہے تو صرف ڈھیلوں پر ہی کفایت کرے استنجا اسکے حق میں ساقط ہے اور اگر بیوی یا لونڈی جاری پانی پر قادر ہو تو داہنے ہاتھ سے ہی دھولے۔ ایسی حالت میں داہنے ہاتھ سے دھونے میں کراہت نہیں ہے۔

سوال اگر کسی کے دونوں ہاتھ لُنجے ہوں تو وہ کس طرح کرے؟

جواب ایسے شخص سے استنجا بالکل اُسی وقت میں ساقط ہوگا جبکہ بیوی یا لونڈی نہ ہو اگر بیوی یا لونڈی ہو تو اُن سے استنجا کرالے اسی طرح وہ بیمار جسکے پاس کوئی عورت ایسی نہیں جس سے کہ جماع حلال ہو اُس سے بھی استنجا ساقط ہے۔

سوال کسی بیمار عورت کا شوہر موجود نہ ہو بہن اور بیٹی موجود ہوں اُن سے بھی استنجا کرا سکتی ہے یا نہیں؟

جواب ہرگز نہیں۔ اُس عورت سے بھی استنجا ساقط ہوا جس طرح کہ مرد سے استنجا ساقط ہوا۔ جب کہ اُسکی بیوی یا لونڈی نہ ہو۔

سوال مرد کو اپنی پیشاب گاہ دائیں ہاتھ میں پکڑ کر استنجا کرنا کیسا؟

جواب مکروہ ہے بشرطیکہ بایاں ہاتھ صحیح موجود ہو۔ ورنہ پھر کراہت بھی نہیں۔

Marfat.com

# کتاب الصلوٰۃ

## باب نمازوں کے اوقات کے بیان میں

سوال فرض نمازوں کے اوقات بیان کیجیے۔ کہ کیا کیا ہیں؟

جواب پانچ ہیں۔ فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء +

سوال فجر کی نماز کا وقت کب سے ہوتا ہے؟

جواب فجر کی نماز کا وقت صبح ثانی یعنے صادق سے شروع ہوتا ہے اور آفتاب کے نکلنے تک رہتا ہے +

سوال۔ کیا کوئی اور بھی صبح ہے؟

جواب ہاں ہے۔ جس کو صبح اول یعنے کاذب کہتے ہیں +

سوال اُنکی شناخت بتلایئے؟

جواب صبح ثانی یعنی صادق اس سفیدی کو کہتے ہیں کہ جو کنارہ آسمان پر عرضاً پھیلتی ہے۔ برخلاف صبح اول یعنی کاذب کے کہ وہ طولاً تھوڑی دیر کو ظاہر ہوتی ہے اور پھر اس کے بعد اندھیرا ہو جاتا ہے صبح کاذب میں نہ نماز کا وقت داخل ہے نہ روزہ کا +

سوال ظہر کی نماز کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب ظہر کی نماز کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے اور جب تک سایہ دو مثل ہو سوائے سایۂ اصلی کے اس وقت تک رہتا ہے +

سوال سایۂ اصلی کس کو کہتے ہیں؟

جواب سایۂ اصلی اس کو کہتے ہیں کہ جو عین استوا کے وقت میں ہر چیز کا رہتا ہے +

سوال زوال کس کو کہتے ہیں؟

جواب اصلی سایہ کے تجاوز کو زوال کہتے ہیں +

سوال اصلی سایہ اور زوال کے پہچاننے کا طریقہ مشروعاً بیان کیجیے؟

جواب یہ طریقہ ہے کہ ایک سیدھی لکڑی ہموار زمین میں گاڑئیے جب تک سایہ کم ہوتا ہے اس وقت تک آفتاب بلندی پر ہے اور جب سایہ بڑھنا شروع ہوا۔ معلوم ہوا۔ کہ آفتاب ڈھلا اور وقت

Marfat.com

اس سایہ کے سرے پر ایک نشان بنا دیں اس نشان سے لکڑی تک جو سایہ ہے وہ سایہ اصلی ہے یہ سایہ پیمایش میں ہمیشہ چھوٹا جائیگا۔ اس سایۂ اصلی سے جہاں سایہ بڑھا اور زوال یعنی اول وقت ظہر شروع ہوا۔ ظہر کا اول وقت میں اختلاف نہیں ہے آخر وقت میں اختلاف ہے امامؒ کے نزدیک آخر وقت دو نا سایہ ہر چیز کے ہونے تک ہے اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک ہر چیز کے سایہ مثل تک۔ لیکن احتیاط اسی میں ہے کہ ظہر کی نماز سایہ کے ایک مثل سے پہلے ہی پڑھ لے تاکہ بالاتفاق وقت پر نماز ادا ہو۔

سوال عصر کی نماز کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب سایہ کے دو مثل یعنے دونا ہو جانے سے غروب آفتاب تک۔

سوال مغرب کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب مغرب کا وقت سورج کے غروب سے شفق کے غائب ہونے تک۔

سوال شفق کس کو کہتے ہیں؟

جواب امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق اس سفیدی کا نام ہے کہ جو بعد غائب ہونے سُرخی کے پیدا ہوتی ہے۔ تو امام صاحب کے نزدیک مغرب کا وقت اس وقت تک ہے۔ اور اسی قول میں زیادہ احتیاط ہے۔

سوال عشاء کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب عشاء کا وقت اس شفق کے چھپنے سے صبح صادق تک ہے اور وتر کا وقت بھی یہی ہے (عالمگیری کبیر)

سوال اب تو یہ معلوم ہو گیا کہ ابتدا اور انتہا ہر ایک وقت کی یہ ہے مگر یہ نہیں معلوم ہوا کہ ان اوقات میں مستحب وقت ہر ایک نماز کا کونسا ہے۔ یہ بھی بتلا دیجئے؟

جواب مردوں کے لئے فجر کی نماز مستحب وقت ایسے اجالے میں ہے کہ اگر نماز کا فساد ظاہر ہو۔ تو پھر قرأت مستحبہ کے ساتھ نماز ادا کرسکے اور یہ حکم ہر زمانہ میں ہے لیکن نحر کے دن حج کرنیوالوں کے لئے مزدلفہ میں برخلاف اسکے ہے۔ اُن کو اس دن اول وقت غلس یعنے اندھیرے میں پڑھنا افضل ہے اور عورتوں کے حق میں ہر زمانہ میں فجر کا وقت مستحب اندھیرے میں ہے کہ جو شروع وقت فجر ہے اور ظہر کے وقت میں سایہ مثل سے پہلے موسم گرما میں تاخیر اور سرما میں تعجیل مستحب ہے اور عصر کے وقت

Marfat.com

میں ہر زمانے میں تاخیر متغیر[1] ہونے سورج تک مستحب ہے۔ مغرب کے وقت میں تعجیل ہر زمانہ میں مستحب ہے عشا کا وقت تہائی رات تک مستحب ہے۔ اور تہائی سے آدھی رات تک مباح ہے (کبیری)

سوال ابر کے دن کونسے وقت میں جلدی کرے اور کون سے وقت میں تاخیر؟

جواب فجر، ظہر اور مغرب کے وقتوں میں تو ادائیگی نماز کے لئے دیر کرے تاکہ فجر کی نماز رات میں اور ظہر کی زوال سے پہلے اور مغرب کی نماز غروب آفتاب سے پہلے نہ ہو اور عصر و عشاء میں جلدی کرے تاکہ عصر میں مکروہ وقت نہ آ جائے اور عشاء میں بسبب بارش و اندھیری کے جماعت میں لوگ نہ آسکیں (کبیری)

سوال عشاء میں تاخیر زاید از نصف شب اور مغرب میں تاخیر تا ظہور نجوم اور عصر میں زردی روئے آفتاب کیسی ہے؟

جواب یہ سب تاخیریں اگر بلا عذر سفر وغیرہ کے ہوں تو مکروہ تحریمی ہیں (کبیری)

سوال وہ کونسے اوقات ہیں جن میں فرض و واجب اور نفل سب نمازوں کا پڑھنا ممنوع ہے +

جواب وہ تین وقت ہیں۔ ایک تو وقت طلوع یعنی آفتاب نکلنے کا وقت دوسرے وقت استوار یعنی سورج کے قائم ہونے سے زوال تک تیسرے وقت غروب یعنی سورج کے سرخ ہونے سے چھپنے تک مگر عصر اسی دن کا کراہت تحریمی کے ساتھ ادا ہو جائیگا (کبیری) +

سوال نماز جنازہ اور سجدہ تلاوت ان اوقات ثلاثہ میں درست ہے یا نہیں؟

جواب اگر یہ دونوں ان وقتوں سے پہلے واجب ہوئے ہیں تو ان اوقات میں نہ پڑھے اور اگر انہیں اوقات میں واجب ہوئے ہیں تو جائز ہے کیونکہ اس صورت میں جیسا کہ ان کے وجوب میں نقصان ہے برخلاف پہلی صورت کے کہ اس میں ان کے وجوب میں نقصان نہیں تھا (کبیری)

سوال وہ کون سے اوقات ہیں جن میں صرف نوافل ہی مکروہ ہیں؟

جواب وہ اوقات یہ ہیں۔ طلوع فجر سے نماز فجر تک کا وقت اس وقت میں سوائے سنتوں فجر کے

---

[1] تغیر ہونے سورج سے مراد ہے کہ سورج کا گردہ ایسا ہو جائے کہ اسکے دیکھنے سے آنکھ نہ چندھیائے اور اگر تغیر سے پہلے نماز شروع کی اور تغیر تک نماز دراز ہو گئی۔ تو مکروہ نہیں اور اگر کسی مشغولی دنیاوی کے سبب نماز میں تاخیر تغیر آفتاب کی گئی تو مکروہ ہے ۱۲

[2] جب بلا تکلف ان سورج کے گردہ دیکھنے پر قادر ہو اسوقت آفتاب طلوع کی حالت میں (عالمگیری۔ مصری)

[3] سجدہ تلاوت کی گو اس وقت میں اجازت ہے۔ مگر افضل تاخیر ہے اور جنازہ کی نماز میں تاخیر مکروہ ہے (کبیری)

در سب نفل مکروہ ہیں۔ نماز فجر کے بعد سے سورج نکلنے تک کا وقت عصر کی نماز کے بعد سے سورج کے چھپنے تک کا وقت۔ غروب آفتاب کے بعد قبل از نماز مغرب کا وقت ہر فرض نماز کی اقامت کا وقت خطبوں کے پڑھے جانے کے وقت تنگی کا وقت یعنی اگر کسی نماز کا وقت تنگ ہو جائے۔ تو اسوقت کے فرض کے سوا سب مکروہ ہیں عیدالفطر اور عیدالضحےٰ کے دن آفتاب نکلنے کے بعد سے عیدین کی نماز تک کا وقت، عرفات اور مزدلفہ میں جن نمازوں کو جمع کرتے ہیں ان نمازوں کے درمیان کا وقت (غنیۃ الطالبین)

سوال وہ کونسی جگہیں ہیں جہاں پر نماز مکروہ ہوتی ہے!

جواب کعبہ کی چھت پر نماز مکروہ ہے، راستوں میں، کوڑیوں پر، کمیلوں میں جہاں جانور ذبح ہوتے ہیں غسلخانہ میں، حمام میں، نالے میں، پاخانہ کی چھت پر، پاخانہ میں، عیدگاہ میں پہلے اور پیچھے عیدین کی نماز سے +

سوال ایک شخص نے پچھلی رات میں دو رکعت نفل کی نیت باندھی۔ بعد ایک رکعت کے طلوع ہو گیا اب اسکو کیا کرنا چاہیے؟

جواب اس شخص کو دوسری رکعت کا فجر کے اندر پورا کر لینا قطع سے افضل ہے۔ یہ دونوں رکعت نفل ہو جائینگے۔ اسلیے کہ یہ نفل بعد فجر کے بدوں قصد کے واقع ہوتے ہیں +

سوال اگر کسی کی فجر کی سنتیں جاتی رہیں، تو وہ بعد نماز فرض کے پڑھ لے یا نہیں؟

جواب نہیں پڑھے کیونکہ اسوقت میں تا طلوع آفتاب کوئی سنت درست نہیں (عالمگیری)

سوال اگر کسی شخص کی فجر کی سنتیں قضا ہو جائیں تو بعد طلوع آفتاب کے بھی پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

جواب نہیں پڑھ سکتا +

سوال تو پھر کس وقت پڑھے؟

جواب کسی وقت بھی نہیں پڑھے کیونکہ جب فجر کی سنتیں اپنے وقت میں فوت ہو جائیں بغیر فرض کے تو ساقط ہو جاتی ہیں اور اگر فرض کیساتھ فوت ہوں تو قبل از زوال فرض کے ساتھ پڑھے (عالمگیری)

سوال وتر کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب بعد عشاء کے صبح صادق تک ہے +

سوال وہ نفل نمازیں کہ جو علاوہ فرض اوقات کے موقت ہیں کیا کیا ہیں؟

Marfat.com

جواب پانچ ہیں۔ اشراق، چاشت، زوال، تہجد، اوابین +

سوال اُنکے اوقات بیان کیجئے۔ کیا کیا ہیں ؟

جواب اشراق کا وقت بعد طلوع آفتاب کے گرم ہونے آفتاب تک ہے اور جب آفتاب گرم ہو جائے اُسوقت سے دوپہر تک چاشت کا وقت ہے اور زوال کے بعد ظہر سے پہلے زوال ہے اور تہجد کا وقت بعد آدھی رات کے صبح صادق تک ہے۔ تہجد کے لئے افضل وقت اگر رات کے تین حصے کرے تو پچھلا حصہ ہے اور اگر آدھو آدھ کرے تو اخیر کی آدھی شب ہے اوابین کا وقت بعد نماز مغرب ہے +

سوال دو وقتوں کی نماز ایک وقت میں جمع کر کے پڑھنا کیسا ؟

جواب عرفات اور مزدلفہ کے سوا اور کسی وقت میں ہم حنفیوں کے یہاں درست نہیں +

# باب اذان اور اقامت کے بیان میں

سوال اذان کس کو کہتے ہیں ؟

جواب اذان لغت میں آگاہ اور خبردار کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح شرع میں فرض نماز کے لئے بطریق مخصوص چند کلموں معینہ مرتبہ کے ساتھ خبردار کرنے کو کہتے ہیں +

سوال وہ کلمے معینہ مرتبہ کتنے ہیں ؟

جواب پندرہ ہیں اور وہ یہ ہیں اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اقامت اور فجر کی اذان میں دو کلمے ورزیادہ کئے جاتے ہیں تو ان دونوں میں سترہ کلمے ہوئے فجر کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ دو مرتبہ ورزیادہ کیا جاتا ہے اور اقامت میں جسکو عوام تکبیر کہتے ہیں بعد حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ دوبار اور کہا جاتا ہے +

سوال اذان کہنے کا مخصوص طریقہ کیا ہے ؟

جواب موذن خارج مسجد اونچی جگہ پر قبلہ رُخ کھڑا ہووے اور اپنے دونوں کانوں میں دونوں انگلیاں شہادت کی ڈال کر اول چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ایک آواز میں دوبار اور دوسری آواز میں کبھی دوبارہ

Marfat.com

پھر شہادتین کو چار مرتبہ چار آوازوں کے ساتھ ادا کرے۔ پھر داہنی طرف کو التفات کرکے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ دو آوازمیں دوبار کہے اسی طرح بائیں طرف التفات کرکے دوبار دو آواز میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہے۔ پھر ایک آواز کے ساتھ میں دوبار تکبیر اور ایک آواز کے ساتھ میں تہلیل کو ادا کرکے اذان کو ختم کرے۔ فجر کی اذان میں دو آواز کے ساتھ بعد حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ بغیر التفات کے دوبار اور کہے۔ (درمختار)

سوال اذان اور اقامت میں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ پیش کے ساتھ ادا کرے تو کیا؟

جواب ناجائز ہے۔ کیونکہ نحو کا قاعدہ ہے کہ جس لفظ پر اَنَّ آجاتا ہو وہ نصب کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

سوال وہ کیا کیا باتیں ہیں کہ جو اذان میں موجب کفر ہیں؟

جواب اللہ کے ا کو مد کے ساتھ میں کہنا۔ اشہد اَن کے نون کے زبر کو بڑھا کر پڑھنا یعنی اَنَّا کہنا۔

سوال وہ کیا چیز ہے کہ جس سے اذان فاسد ہو جاتی ہے؟

جواب وہ اکبر کی ب اور ر کے مابین ا بڑھا کر ہے۔ یعنی اکبار کہنا۔

سوال وہ کیا چیزیں ہیں جو اذان میں مکروہ ہیں؟

جواب جلدی جلدی بغیر توقف مثل اقامت کے کہنا ترجیع کرنا[1]۔ بوقت کہنے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے دائیں بائیں طرف التفات نہ کرنا۔ بیٹھکر اذان[2] کہنا۔

سوال وہ کیا کیا چیزیں ہیں جو اذان میں سنت ہیں؟

جواب استقبال قبلہ۔ دائیں بائیں التفات[3] کرنا۔ بوقت کہنے حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کے تکبیرات میں دو کلموں پر ٹھہرنا اور علاوہ تکبیرات کے ہر ایک کلمہ میں ٹھہرنا۔ مثل راگنی کے حروف کے حرکات و سکنات میں کمی بیشی واقع نہ ہونا۔

سوال اگر مؤذن کسی کلمہ کو مؤخر مقدم کر گیا یا بھول گیا تو اب کیا کیا جائے؟

---

[1] ترجیع اسکو کہتے ہیں۔ کہ پہلے آہستہ آہستہ کہے پھر چاروں شہادتین کو لوٹا دے کہے [2] بیٹھکر اذان اگر خاص اپنے کے لئے کہے تو مضایقہ نہیں۔ [3] التفات یعنی دائیں اور بائیں طرف کو پھیر نا۔ اس وقت بھی چاہئے۔ جب کہ بچہ کے تولد کے وقت اذان کان میں دیجاتی ہے ۱۲ (عالمگیری)

Marfat.com

**جواب** - جہاں یاد آوے وہاں سے ہی لوٹ جاوے شروع سے ہی اعادہ کی ضرورت نہیں مثلاً اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ پہلے کہدیا اور بعد میں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کہا تو اب اس کلمہ کے بعد پھر اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ کہہ لے یا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کہنا بھول گیا تو اب پھر اسی کلمہ کو کہہ کے آگے شروع کرے ◆

**سوال** اذان کہنا کیسا ہے ؟

**جواب** پانچ وقتوں کی فرض نمازوں کے لیے خواہ ادا ہو یا قضا[1] اذان کہنا سنت مؤکدہ ہے یہاں تک کہ اگر تمام شہر والے اذان ترک کر دیں تو اُن سے قتال حلال ہے اس لیے کہ یہ فعل شعائر اسلام میں سے ہے ◆

**سوال** اقامت کا کہنا کیسا ؟

**جواب** اقامت بھی صرف فرضوں کیلیے سُنّت ہونے میں مثل اذان کے ہے ◆

**سوال** عورتوں پر اذان یا اقامت ہے یا نہیں ؟

**جواب** عورتوں پر اذان اور اقامت نہیں۔ خواہ نماز تنہا پڑھیں خواہ جماعت کے ساتھ (عالمگیری)

**سوال** اذان اور اقامت کس کو کہنا جائز ہے اور کس کو ناجائز ؟

**جواب** ہر آزاد بالغ مرد کو جائز ہے عورت اور خنثیٰ اور مدہوش[2] اور صغیر لایعقل اور مجنون اور فاسق اور غلام اور اجیر خاص[3] ان سب کی اذان ناجائز اور مکروہ ہے ◆

**سوال** اگر اشخاص مذکورۃ الصدر اذان یا اقامت کہیں تو کیا کیا جائے ؟

**جواب** سوائے فاسق کے اور سب کی اذان لوٹائی جائیگی۔ مگر اقامت نہ لوٹائی جائیگی کیونکہ اذان کا اعادہ شریعت سے ثابت ہے نہ اقامت کا (عالمگیری - غایۃ الاوطار)

**سوال** بے وضو کے بھی اذان اور اقامت درست ہے یا نہیں ؟

**جواب** اذان درست ہے اور اقامت مکروہ (عالمگیری) ◆

---

[1] قضا نماز اگر مسجد میں پڑھی جائے تو اذان نہ کہنا مسنون ہے کیونکہ اس میں لوگوں کے لیے پریشان خاطری اور غلط اندیشی (غایۃ الاوطار)

[2] مدہوش جنون کے سبب سے ہو یا نشہ کے سبب ◆

[3] اگر غلام اپنے آقا اور اجیر اپنے مستاجر کی اجازت سے اذان کہے تو درست ہے (غایۃ الاوطار) ◆

Marfat.com

سوال مؤذن شروع اذان میں باوضو تھا مگر درمیان میں بے وضو ہو گیا تو اب کیا کرے؛
جواب اذان اسی حالت میں پوری کرے قطع نہ کرے کیونکہ جب بے وضو کو شروع سے ہی اذان کہنا درست ہے تو اب کیوں نہیں۔ اور اگر وضو کرنے چلا گیا تو اب پھر سے اذان دے +

سوال تنہا مسافر اذان کو ترک کرے یا اقامت کو؛
جواب یکبارگی دونوں کا ترک مکروہ ہے اگر ایک وقت کی اذان ترک ہو جائے تو مسافر پر مکروہ نہیں مگر اقامت کا ترک ہر حالت میں مکروہ ہے (غایۃ الاوطار)

سوال اگر چند مسافروں نے جنگل میں بغیر اذان کے نماز ادا کی صرف اقامت پر اکتفا کیا اب بہ ترک اذان سے گنہگار ہونگے یا نہیں؛
جواب اذان خبردار کرنے کے لئے مسنون ہوئی ہے سو حاضری رفقا سے مقصود حاصل ہے ایسی حالت میں گنہگار نہیں ہونگے ہاں اقامت کا ترک مکروہ ہے +

سوال ایک شخص شہر اور گاؤں میں سوائے اپنے گھر کے نماز مسجد میں نہیں پڑھتا اور نہ کبھی اذان کہتا ہے نہ اقامت۔ اس شخص کے لئے یہ فعل کیسا؛
جواب اس شخص کے لئے شہر اور گاؤں کی اذان اور اقامت کافی ہے بشرطیکہ شہر اور گاؤں کی مسجدوں میں اذان اور اقامت ہوتی ہو۔ ورنہ اس شخص کا حکم مسافر کا سا ہے کہ اذان اور اقامت دونوں کو ترک نہ کرے +

سوال مؤذن کی بلا اجازت اگر کوئی اقامت کہدے تو کیسا؛
جواب اگر مؤذن کی غیبت میں کہے تو بلا کراہت درست ہے اور جب مؤذن موجود ہو اور وہ دوسرے کی اقامت سے ناراض بھی ہوتا ہے۔ تو اب مکروہ ہے +

سوال اذان اور اقامت کے مابین کس قدر فصل چاہیئے؛
جواب اذان اول وقت میں چاہیئے۔ اور اقامت اوسط وقت میں سوائے مغرب کے کہ اس میں تین چھوٹی آیتوں کی مقدار فصل کرے +

سوال ایک مؤذن دو مسجدوں میں اذان کہے تو کیسا؛
جواب اگر اول اذان کے بعد نماز بھی پڑھ لی ہے۔ تو دوسری مسجد میں اسی مؤذن کو اذان کہنا

Marfat.com

مکروہ ہے۔ ورنہ مکروہ نہیں ہے (درمختار)

سوال اذان کا جواب کیسا؛

جواب اذان کا جواب دو طرح پہ ہے۔ جو شخص مسجد سے خارج ہو اس کیلئے تو فعلی جواب واجب ہے یعنے اذان سنتے ہی سب کام چھوڑدے یہاں تک کہ تلاوتِ قرآن شریف بھی ترک کرکے مسجد کو چلے اُسکا یہی جواب ہے اور زبان سے بھی جوابدینا اس شخص کو مستحب ہے۔ اور جو شخص مسجد کے اندر ہے اُسپر زبان سے جوابدینا واجب ہے بشرطیکہ علم دین کا سیکھنے والا اور سکھانے والا نہ ہو (غایۃ الاوطار)

سوال زبان سے جواب کس طرح دے؛

جواب جب مؤذن تکبیر کہہ چکے اسی طرح تکبیر آہستہ آہستہ زبان سے کہے اسی طرح شہادتین کے بعد شہادتین ادا کرے اور بجواب حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کے آہستہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے اور صبح کی نماز میں الصلوٰۃ خیرٌ من النوم کے جواب میں صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ کہے یعنی تو سچا ہے اور نیکو کار ہے اور اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ کہے یعنی قائم رکھے اللہ اسکو اور ہمیشہ رکھے اُسکو جب تک آسمان و زمین ہیں۔ بعد فراغ اذان کے مؤذن اور سامع اس دعا کو پڑھیں حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی بعد اذان کے میرے لئے طلب وسیلہ کرے گا میری شفاعت اسپر واجب ہوگی اور وہ دعا یہ ہے:-

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ

ترجمہ یعنی اے اللہ پاک اس دعائے کامل کے اور نماز قائم کے عطا کر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور بزرگی

وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادِ

اور اٹھا ان کو مقام محمود پر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے تحقیق تو وعدہ خلاف نہیں ہے۔

سوال بعض لوگ وَالْفَضِیْلَۃَ کے بعد وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ اور وَعَدْتَّہٗ کے بعد وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ اور ختم دعا پر یا ارحم الراحمین اور زیادہ کرتے ہیں انکو بھی پڑھنا چاہئے یا کیا؛

جواب ان کلمات کی کوئی اصل نہیں ہے (غایۃ الاوطار)

سوال وہ کون ہیں جنپر اذان کا دینا واجب نہیں؛

جواب وہ یہ ہیں ۱۔ حائضہ۔ ۲۔ نفسا۔ خطبہ کا سننے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ جنازہ میں مصروف ہونیوالا

جماع کرنے والا، پاخانہ اور پیشاب کرنے والا، علم دین سیکھنے اور سکھانے والا +

سوال اگر ایک مسجد میں کئی اذانیں ہوں جیسے کہ دہلی کی جامع مسجد میں ہوتی ہیں۔ یا شہر کی کئی مسجدوں میں کئی اذانیں سُنی جائیں تو کونسی اذان کا جواب دینا چاہیئے ؛

جواب جو اذان پہلے ہوئی ہے اُسکا جواب دے (غایۃ الاوطار)

سوال اقامت کا جواب کیسا ہے ،

جواب مستحب ہے +

# باب نماز کی شرطوں کے بیان میں

سوال شرط کس کو کہتے ہیں ؛

جواب شرط وہ ہے جو ماہیت سے خارج ہو۔ اس طرح پر کہ اُس کے نہ ہونے سے مشروط کا نہ ہونا لازم ہوئے اور اُسکے وجود سے مشروط کا وجود لازم نہ ہو +

سوال نماز کی شرائط کے قسم پر ہیں ؛

جواب دو قسم پر ایک شرائط واجب ہونے نماز کی، دوسری شرائط صحیح ہونے نماز کی +

سوال واجب ہونے نماز کی شرائط کیا کیا ہیں ؛

جواب چار ہیں۔ اول اسلام، دوم صحت عقل، تیسری بلوغ، چوتھی وقت کا پایا جانا۔ پس ہر مسلمان عاقل بالغ پر کتاب و سنت اور اجماع سے اوقات مقررہ مذکورہ بالا میں نماز کا ادا کرنا فرض عین ہے یہاں تک کہ اس کا تارک منکر کافر ہے اور غیر منکر تارک اعلیٰ درجہ کا فاسق ہے ہم حنفیوں کے یہاں یہ فاسق ترک نماز پر قید کیا جائیگا۔ جب تک کہ توبہ نہ کرے برخلاف اور آئمہ کے کہ ان کے یہاں قتل کیا جائیگا۔ تو اب بلا عذر شرعی کسی طرح نماز چھوٹ نہیں سکتی +

سوال عذر شرعی کیا کیا ہیں ؛

جواب سات ہیں۔ حیض، نفاس، بیہوشی، غشی، نسیان، دیوانگی، نیند +

سوال بلوغ کی علامت کیا ہے ؛

جواب مرد کے لئے احتلام کا ہونا اور عورت کے لئے حیض کا آنا +

Marfat.com

سوال۔ بلوغ برسوں کے اعتبار سے کب ہوتا ہے؛

جواب ہمارے زمانہ میں بوجہ کوتاہی عمر ادنیٰ مدت بلوغ کی لڑکے کے حق میں بارہ برس اور لڑکی کے حق میں ۹ برس اور زیادہ کی حد دونوں کے حق میں پندرہ برس رکھی گئی ہے اگر اس درمیان میں لڑکا لڑکی دعوے بلوغ کر بیٹھیں تو بلا قسم مقبول ہوگا۔ اور اگر ۹ برس سے پہلے لڑکی اور بارہ برس سے پہلے لڑکا دعوائے بلوغ کرے تو مقبول نہیں نماز باعتبار برسوں کے پندرہ برس کی عمر میں فرض ہوگی مگر ماں باپ پر واجب ہے کہ ۷ برس کی عمر سے نماز بچہ کو پڑھوائیں یہ تاکید قبل از وقت بلوغ عادی کرنے کے لئے ہے

سوال اچھا اب بتلاؤ صحت نماز کی شرطیں کیا کیا ہیں ؛

جواب پہلی شرط پاک ہونا ہے نمازی کے بدن کا نجاست حکمی یعنی حدث اصغر و اکبر سے اور نجاست حقیقی مغلظہ اور مخففہ سے۔ دوسری شرط پاک ہونا نمازی کے اس کپڑے کا ہے جو کہ نمازی کے بدن سے متصل ہے۔ مثلاً ایک چادر کا آنچل اسکے بدن پر ہے۔ اور دوسرے آنچل پر ایسی نجاست لگی ہے۔ جو مانع نماز ہے تو اگر نمازی کی حرکت سے ناپاک آنچل بھی حرکت کرے تو نماز کا مانع ہے اور اگر کپڑا اس کے بدن سے متصل نہیں ہے جیسے جائے نماز کہ اس کا ایک کنارہ نجاست مانع صلوٰۃ سے آلودہ ہے اور دوسرا کنارا پاک ہے تو اس کنارہ پر کہ جس پر نجاست نہیں ہے نماز ادا ہو جائیگی مصلّے بڑا ہو۔ یا چھوٹا۔ تیسری شرط پاک ہونا مصلّے کے مکان کا ہے یعنے اسکے دونوں ہاتھوں اور دونوں گھٹنوں اور دونوں قدموں کی جگہ اور سجدہ کی جگہ، چوتھی شرط ڈھکنا عورت کا ہے یعنی مرد کو ناف کے نیچے سے گھٹنوں تک اور عورت بالغہ آزاد کو تمام بدن کا سوائے چہرے اور دونو ہتھیلیوں اور دونوں قدموں کے اور لونڈیوں کو پیٹ اور پیٹھ سے زانو تک۔ پانچویں شرط استقبال قبلہ[1]۔ چھٹی شرط نماز کی نیت ہے یعنی نماز کا ارادہ خالص اللہ تعالےٰ کے واسطے کرنا۔ نیت میں معتبر دل کا فعل ہے۔ جس کو ارادہ لازم ہے۔ تو صرف زبان سے کہنا کہ جو دل کے مخالف ہو معتبر نہیں کیونکہ یہ کلام ہے نیت نہیں ہے۔ مثلاً دل میں ارادہ ظہر کی نماز کا تھا۔ اور زبان سے عصر نکلا تو نیت صحیح ہے۔ اور یہ زبان کی خطا اس نیت میں کچھ ضرر نہیں رکھتی ؛

سوال۔ اگر کسی نمازی کے پاس انڈا ہے جو اندر سے کہ جو اندے سے خون ہو گیا یا وہ شیشی ہے کہ جس میں

[1] یعنی کعبہ کی طرف متوجہ ہونا۔ خواہ حقیقتاً ہو۔ یا حکماً جیسے کہ مسافر جسکو جنگل میں سمت کعبہ معلوم نہیں ہے اور وہ طرف کو کعبہ خیال کرکے نماز پڑھتا ہے تو اسکا یہ کعبہ بھی ہے مدیحتی ۱۲ ؛

پیشاب کسی مریض کا ہے ان اشیار کا اُسکے پاس نماز میں موجود ہونا مانع نماز ہے یا نہیں ؛
جواب وہ انڈا جو اندر سے خون ہو گیا ہو اُسکے ساتھ نماز جائز ہے کیونکہ وہ خون معدن میں ہے برخلاف شیشی کے جسمیں پیشاب ہی مانع نماز ہی کیونکہ وہ معدن سی علیحدہ ہے (غایۃ الاوطار)
سوال کیوں صاحب مفروض ستر عورت کا کھولنا کسی حالت میں بھی درست ہی یا نہیں ؛
جواب غرض صحیح یعنے دفع بول وبراز یا ختنہ یا علاج یا جماع حلال کے لئے درست ہے ؛
سوال اگر کوئی نمازی اونچی جگہ پر کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا ہو اور نیچے کی آدمی کی نظر اسکے کشف عورت پر پڑی تو اسکی نماز ہوگی یا نہیں ؛
جواب ستر عورت چار طرف سی چاہیے نہ اسفل سے سو اگر کوئی شخص نیچے سے کشفِ عورت دیکھ لے تو اسکی نماز ہو جائیگی ؛
سوال اگر مولےنے اپنی لونڈی کو نماز کی حالت میں آزاد کیا تو وہ اسکی نماز درست رہی یا نہ رہی ؛
جواب اگر لونڈی کو فوراً بروقت آزادگی تمت بدن چھپانے کی مثل حرہ عورت کے حاصل ہوئی اور اُسنے اُسی وقت فوراً ستر عورت مثل حرہ کے عمل قلیل کیساتھ کر لیا تو وہی نماز اُسکی درست ہوگی ورنہ فاسد ہوگی (عالمگیری)
سوال حرہ عورت کے بال چوٹی کے کیسے ہیں ؛
جواب عورت کے بال بالاتفاق عورت ہیں اُنکے کھل جانے سے بھی نماز فاسد ہوگی ؛
سوال اگر بلا قصد اثنا نماز میں کسی نمازی کا عضو غلیظہ یا خفیفہ سے خود بخود کھل گیا تو اس صورت میں اس نمازی کے لئے کیا حکم ہے ؛
جواب اگر یہ کشف عورت بقدر تین بار سبحان اللہ کہنے کے رُکے تو نماز فاسد ہوگی اور اگر یہ کشفِ عورت فعل مصلے سے ہوگا تو فی الفور نماز فاسد ہوگی (غایۃ الاوطار)
سوال عورت غلیظہ اور خفیفہ میں کون کون عضو شامل ہیں اور اسکو عورت کیوں کہتے ہیں ؛
جواب عورت غلیظہ مرد اور عورت کے حق میں بول وبراز کا محل ہے اور وہ جگہ ہی جو ان دونوں کے آس پاس ہے اور جو اسکے سوا ہے عورت خفیفہ ہی چار برس کا لڑکا لڑکی صغیر سنی میں شامل ہیں، یعنے بدن اُنکا ڈھکنے کے لائق نہیں بعد چار برس کے مقام بول وبراز چھپانے کے لائق ہی پھر دس برس تک بول وبراز کا مقام مع گرد ونواح کے عورت غلیظہ ہو جاتا ہی بعد دس برس کے جوان کی مانند ہو جائیگی

Marfat.com

چھپانے میں اور پندرہ برس کا لڑکا عورتوں میں جانے سے منع کیا جائے۔

سوال نماز میں کس قدر کھلجانے سے نماز جایز نہیں ہے؟

جواب جو عضو[1] کہ عورت میں داخل ہے اسکی چوتھائی کھل جانے سے نماز جایز نہیں اس سے کم کے کھل جانے سے جایز ہے۔ بشرطیکہ فوراً کشفِ عورت اس مقدار کے ہوتے ہی ڈھک لیا گیا اور اگر ایک رُکن یعنی تین بار سبحان اللہ کے مقدار کھلا رہا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور یہ بھی اُسی صورت میں ہے جب کہ کشفِ عورت بدون فعل مصلے کے ہوا ہو۔ اور اگر فعل مصلی سے کشفِ عورت ہوگا۔ تو فوراً نماز فاسد ہو گی۔ اگرچہ ادائے رُکن کی مقدار سے کم نہ ہو (کبیری۔ در مختار)

سوال یہ حکم عضو کے چوتھائی حصہ کھلجانیکا معلوم ہوا اور اگر کئی اعضا کی برہنگی قلیل مقدار کی پائی جائے تو اسکے لئے کیا حکم ہے

جواب اس صورت میں ہر ایک عضو کے علیحدہ علیحدہ چوتھائی حصہ کشف نہ ہونے کی وجہ سے نماز جایز ہونے کا حکم نہیں دیا جائیگا۔ بلکہ ہر ایک اعضاء کی برہنگی کے مقدار کا حساب ہوگا یہانتک کہ اگر کان کا نواں حصہ اور پنڈلی کا نواں حصہ عورت کا کھل جائے تو نماز نہ ہوگی۔ اسلیئے کہ حساب سے جُزو کو جمع کیا تو کان کے چوتھائی حصہ کے برابر ہو گیا۔

سوال اسکی کیا وجہ کہ دونوں حصوں کو جمع کرکے کان کی چوتھائی قرار دی اور منع نماز کا حکم دے دیا؟

جواب جب کہ ستر کھلنا کئی اعضاء میں پایا جائے تو اسوقت اُن اعضاء میں جو سب سے چھوٹا عضو ہو پیمائش میں اسکی چوتھائی لئے جانے کا حکم ہے (عالمگیری)

سوال وہ برہنہ کہ جو ستر عورت کی قدرت کسی طرح نہیں رکھتا۔ نماز کیونکر ادا کرے؟

جواب یہ شخص دن کو بیٹھکر نماز ادا کرے اور رکوع اور سجود کا اشارہ کرے تاکہ برہنگی نہ کھلے اور رات کو کھڑے ہو کر پڑھے اسلیئے کہ رات کا اندھیرا اس کی ستر گاہ کا ساتر ہے۔

سوال اگر کوئی شخص اندھیرے مکان میں باوجود قدرت ستر عورت کے پھر برہنہ نماز ادا کرے تو کیا۔

جواب ہرگز درست نہیں۔ کیونکہ یہ شخص شرعاً مستور نہیں (عالمگیری)

---

[1] دو ڈلے دو عضو ہیں ذکر علیحدہ عضو ہے ... لہٰذا دو سرین علیحدہ علیحدہ عضو ہیں مرد کے حق میں ناف کے نیچے سے گھٹنے تک جس قدر اعضا ہیں وہ سب ایک ایک علیحدہ علیحدہ عضو ہے۔ عورت آزاد کے حق میں سر سے پاؤں تک سب عورت ہے یہانتک کہ کان اور سر کے بال لٹکے ہوے پیٹ پیٹھ دونوں چھاتیاں اگر بڑی ہوں تو وہ عضو علیحدہ علیحدہ ہیں ورنہ سینہ کے حکم ہیں۔ سوائے چہرے اور ہتھیلی اور پاؤں کے کہ یہ عورت نہیں ہیں۔

Marfat.com

سوال اگر کسی کے پاس سوائے ریشمی کپڑے کے اور کوئی ساتر عورت نہیں تو کیا کرے؟

جواب اسی کپڑے سے بدن چھپا کر نماز پڑھے۔ برہنہ نہ پڑھے (عالمگیری)

سوال اگر ننگے کو کپڑے کی اباحت یا عاریت کا کوئی وعدہ کرے تو اس وعدہ کا کب تک انتظار چاہیے؟

جواب۔ جبتک کہ نماز کے وقت فوت ہو جانے کا خوف نہ ہو اسی طرح پانی اور جگہ کی طہارت کا امید وار بھی

سوال اگر ننگے کو ایسا کپڑا ملا کہ جس کا چوتھائی حصہ پاک ہو اور باقی ناپاک اور کوئی چیز ایسی بھی نہیں کہ جو اسکی نجاست کو دور کر دے۔ تو کیا کرے؟

جواب اسی کپڑے سے نماز پڑھے اب برہنہ پڑھیگا تو نماز جائز نہ ہوگی اور اگر کل کپڑا یا چوتھائی سے زیادہ کپڑا ناپاک ہے تو بھی افضل اسی کپڑے سے ہے +

سوال اگر ننگے کو نماز کے اندر کپڑا مل جائے تو کیا کرے؟

جواب اس نماز کو توڑ کر پھر کرے پڑھے + (عالمگیری)

سوال ننگے کو صرف اسقدر کپڑا میسر آیا۔ کہ جس سے پاخانہ کی جگہ یا پیشاب کی جگہ کو ڈھک لے تو اب ان دونوں سے کونسی جگہ کو ستر کرکے نماز پڑھے اور اگر کسی کو بھی نہ ڈھکے تو کیسا؟

جواب پیشاب کی جگہ کو ڈھک کر نماز ادا کرے اسلیئے کہ اس میں ادب قبلہ کا بھی ملحوظ ہو گیا اور اگر اسقدر نہ ڈھکیگا تو گنہگار ہوگا۔ ننگے کو جسقدر کپڑا یا اور چیز کو جو برہنگی کی ساتر ہو مثل بوریا یا پتے وغیرہ کے میسر آوے اسی سے مقام قبل اور دبر کو چھپائے اور یہ چھپانا بالاتفاق واجب ہے +

سوال ایک آدمی کا پاجامہ اس طرح پھٹا ہوا ہے کہ اگر یہ شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھتا ہے تو اس کا ستر اس قدر کا کھلتا ہے کہ جس سے نماز جائز نہیں اور اگر بیٹھکر پڑھتا ہے تو اسقدر کھلتا ہے کہ جس سے نماز جائز ہے اب یہ شخص کس طرح ادا کرے۔

جواب یہ شخص نماز بیٹھکر ادا کرے اسی طرح رکوع اور سجود اشارہ سے ادا کرے بشرطیکہ اور کپڑا نہ ہو۔ ورنہ دوسرا کپڑا لے کر کھڑا ہو کر پڑھے +

سوال ستر عورت نماز میں ہی فرض ہے۔ یا نماز سے باہر بھی؟

جواب۔ ستر عورت مطلقاً فرض ہے۔ نماز میں بھی اور خارج نماز میں بھی +

سوال۔ کوئی نمازی اپنے کسی کپڑے میں نجاست مانع صلوٰۃ اس وقت دیکھے جبکہ وہ نماز پڑھ چکا ہے۔ اور یہ نہیں معلوم کہ نجاست کب لگی تھی۔ تو کیا کرے؟

Marfat.com

جواب اسی وقت میں اس نجاست کو دھو ڈالے اور کسی نماز کا اعادہ نہ کرے ✦

سوال مرد کو کتنے کپڑوں سے نماز پڑھنا مستحب ہے ؛

جواب تین کپڑوں سے پاجامہ کرتہ اور کچھ۔ عمامہ اور دو کپڑوں سے بھی جائز ہے۔ صرف ایک پاجامہ سے مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال عورت کو کتنے کپڑوں سے نماز پڑھنا مستحب ہے ؛

جواب عورت کو بھی تین کپڑوں سے نماز پڑھنا مستحب ہے۔ پاجامہ، کرتہ، دوپٹہ اگر دو سے بھی پڑھ لے تو جائز ہے اور ایک کپڑے سے بھی بشرط ڈھک جانے تمام بدن کے درست ہے یا نہیں ؛

سوال ناپاک کپڑے کا پہننا علاوہ نماز کے اور اوقات میں جائز ہے یا نہیں ؛

جواب اور اوقات میں جائز ہے ✦

سوال پانچویں شرط نماز کی قبلہ کی طرف منہ کرنا جو بتلایا گیا ہے اس شرط میں مکہ والے اور غیر مکہ والے سب برابر ہیں یا فرق ہے ؛

جواب فرق ہے۔ مکہ والوں کے لئے عین کعبہ کی سیدھ میں منہ کرنا اور غیر مکہ والوں کے لئے کعبہ کی سمت کی طرف منہ کرنا شرط نماز ہے (کبیری)

سوال اس مقام پر مخالفِ اسلام اعتراض کیا کرتے ہیں کہ کعبہ شریف کو سجدہ کرنا شرک میں داخل نہیں تو اور کیا ہے حالانکہ اسلام کا دعوےٰ ہے کہ توحید بجز اسلام کے اور کسی مذہب میں نہیں سکا بھی جواب دیجئے ؛

جواب یہ اعتراض مخالفین کا اسلام پر ان کی کمال بےعقلی اور بےعلمی پر دال ہے۔ اگر معترضین مسجود لہ اور مسجود الیہ کے فرق سمجھ لیتے تو کبھی ایسا لغو اعتراض نہ کرتے ✦

سوال حضرت سلامت۔ وہ تو کیا خاک سمجھیں گے اسکو تو ہم بھی نہیں سمجھتے ؛

جواب بھائی مسجود لہٗ وہ ہے کہ جس کے لئے سجدہ کیا جائے اور مسجود الیہ وہ ہے کہ جسکی طرف سجدہ کیا جائے اب فرمایئے وہ کونسا مسلمان ہے جو یہ نہیں جانتا کہ جو مسجود لہ ہے وہ تو وہی وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے اور جو مسجود الیہ ہے وہ اسی مسجود الیہ کی تعمیل میں ہے دوسرے فرق بیّن یہ ہے کہ مسجود لہ مقصود عبادت ہوتا ہے اور مسجود الیہ مقصود عبادت نہیں ہوتا اگر کعبہ شریف مقصود عبادت ہوتا تو معذور کے حق میں سیا فقط کیوں ہوتا حالانکہ معذور جدھر چاہے نماز پڑھ لے جیسا کہ آئندہ مسائل سے معلوم ہوگا برخلاف بت پرستوں کے کہ اس کا بت مسجود ہے

سوال یہ بھی بتلا دیجئے کہ اِس حکم میں کیا حکمت ہے؛
جواب ایک تو یہ ہے کہ جو عاقل بندے خدائے جل جلالہ پر عقل سے جہت کو محال جانتے ہیں اُنکی اصل فطرت اس کی مقتضی نہیں کہ نماز میں کسی خاص طرف کو منہ کریں اسلئے اللہ جل شانہ نے انکو ایسی بات کا حکم دیا کہ جو اُنکی پیدائشی مقتضا کے خلاف ہو کہ ظاہر ہو جائے کہ حکم کے ماننے والے اور نہ ماننے والے پس ماننے والے عربی زبان میں مسلمان کہلاتے ہیں۔ اور نہ ماننے والے کافر۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ جمیع اہل اسلام یکجہتی کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں علاوہ اِنکے اور بہت سی حکمتیں ہیں کہ جنکی تحریر کا یہ رسالہ متحمل نہیں۔
سوال قبلہ کے پہچاننے کی کیا کیا علامتیں ہیں؛
جواب شہروں اور گاؤں میں تو مسجدیں، جنگلوں اور دریاؤں میں تارے اور آدمی اگر ایسے موقعوں پر آدمی سے دریافت نہ کرے اور ستاروں سے قبلہ کی شناخت نہ کرے اور اپنی اٹکل سے نماز پڑھے تو جائز نہیں کیونکہ تحری[1] فرض ہے (غایۃ الاوطار)
سوال ہندوستان میں ستاروں سے قبلہ کی شناخت کا طریقہ کیا ہے؛
جواب اکثر شہروں میں ہندوستان کے قطب تارہ نمازی کے داہنے شانہ پر ہوتا ہے پس سامنے قبلہ نما ہوا
سوال جہاں کوئی بھی علامت نہ ہو وہاں کیا کرے؛
جواب تحری یعنی اٹکل دوڑالے۔ جدہر اُسکی اٹکل قبلہ کی سمت مقرر کرے اسی طرف نماز پڑھ لے اگر بغیر تحری کے پڑھیگا۔ نماز نہ ہوگی (غایۃ الاوطار)
سوال ایک شخص کی اٹکل کسی جانب کو نہ ہو اور سب سمتوں میں اسکو تذبذب ہو تو وہ کیا کرے؛
جواب یہ شخص احتیاطاً ہر سمت کو ایک ایک بار نماز پڑھے گا (شامی)
سوال ایک شخص نے بعد تحری کے ایک سمت کو ایک رکعت پڑھی پھر اُسکی رائے دوسری جانب کو بدلی اب دوسری رکعت اِس دوسری جانب کو پڑھ لی۔ اسی طرح چاروں سمت کو رائے بدلی اور چاروں رکعت چار سمت کو ادا کیں۔ آیا اس کی نماز بھی ہوئی یا نہیں!
جواب اس کی بھی نماز ہوگئی (عالمگیری)
سوال ایک شخص نے تحری سے ایک سمت مقرر کی مگر نماز دوسری طرف پڑھی۔ نماز ہوئی یا نہیں
جواب اس کی نماز نہیں ہوئی۔ پھر کرے سے ادا کرے + (عالمگیری)

[1] اٹکل کرنا ۱۲

Marfat.com

سوال ایک شخص نے بعد تحری کے نماز شروع کی اور اثنا ء نماز میں یا بعد ختم نماز کے معلوم ہوا کہ قبلہ دوسری طرف ہے۔ اب کیا کرے؟

جواب اگر اثناء نماز میں علم ہوا تو اُسی وقت پھر جائے اگر ایک رُکن کی مقدار بھی توقف کرے گا تو نماز فاسد ہو جائیگی اور اگر بعد ختم نماز کے معلوم ہوا تو اب نماز کے پھیرنے کی ضرورت نہیں (عالمگیری)

سوال ایک شخص نے بعد تحری کے ایک سمت کو ایک رکعت پڑھی اور دوسری رکعت بوجہ ظاہر ہونے خطا کے تحری میں دوسری طرف ادا کی اب یہ معلوم ہوا کہ پہلی رکعت سے ایک سجدہ چھوٹ گیا ہے یہ شخص کیا کرے؟

جواب اس شخص کی نماز فاسد ہوئی از سر نو پڑھے اسلئے کہ اگر سجدہ مذکور اس طرف ادا کرتا ہے جدھر کو اب نماز پڑھتا ہے تب تو یہ قبلہ پہلی رکعت کا قبلہ نہیں ہے اور سجدہ رکعت کا جزو ہے تو گویا یہ سجدہ اس قبلہ کو نہ ہوگا جو مصلی کے علم میں پہلی رکعت ادا کرتے وقت تھا اور اگر اس جانب کو کرتا ہے جس طرف کہ پہلی رکعت ادا کی ہے تو جو طرف اب اُس کے نزدیک قبلہ ہے اُس سے پھرنا لازم آتا ہے لہذا از سر نو پڑھے (نہایۃ الاوطار)

سوال ایک اندھے نے ایک رکعت قبلہ کے غیر سمت پڑھی پھر ایک شخص نے اس اندھے کو قبلہ کی طرف پھیر دیا اور اُسکے پیچھے اقتدا کر لیا۔ آیا یہ اقتداء بھی درست ہے یا نہیں؟

جواب اگر اندھے کو نماز شروع کرتے وقت کوئی شخص ایسا ملا تھا جس سے وہ قبلہ کی سمت پوچھ سکتا تھا مگر اُس نے نہ پوچھا تو امام اور مقتدی دونوں کی نماز فاسد ہے اور اگر ایسا شخص نہ ملا تھا تو صرف مقتدی کی نماز فاسد ہے نہ امام کی اسی طرح اس شکل کرنے والے کا بھی اقتدا نہ کرے جو ایک طرف کو ترک کر کے نماز کے اندر ہی دوسری طرف پھر گیا ہو بشرطیکہ مقتدی اس کا پہلا حال جانتا ہو (عالمگیری)

سوال اگر مسبوق اور لاحق کی رائے بعد سلام پھیرنے امام کے بدل گئی تو اب یہ کیا کریں؟

جواب مسبوق اپنی رائے کی سمت پھر جائے اور نماز پوری کرے اسکی نماز ہو جائیگی اور لاحق از سر نو ادا کرے کیونکہ مسبوق باقی نماز کے پڑھنے میں مثل منفرد کے ہے اور لاحق باقی نماز میں امام کے پیچھے ہے جیسے مدرک مقتدی کہ جب اسکو معلوم ہوا کہ امام قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھ رہا ہے تو وہ اپنی نماز کی اصلاح دوسری رکعت میں نہیں کرسکتا۔ اسلیئے کہ اگر وہ دوسری طرف اپنی رائے کے موافق منہ پھیرتا ہے تو صریحاً امام کی مخالفت لازم آتی ہے اور اگر نہیں پھیرتا ہے تو دیدہ و دانستہ قبلہ کی مخالف سمت کو نماز پڑھتا ہے۔ کہ جو مفسد نماز ہے بس یہی حال لاحق کا ہے (عالمگیری)

ف مسبوق اور لاحق اور مدرک کا بیان مفصل آگے آئیگا۔

Marfat.com

سوال اگر مقتدی مقیم کی رائے بدل جائے اِن دو رکعت پچھلی میں کہ جو مسافر امام کے سلام پھیرنے کے بعد پڑھ رہا ہے۔ تو اب اسکو کیا کرنا چاہیے؛

جواب یہ بھی مثل لاحق کے از سر نو ادا کرے کیونکہ یہ حکماً امام کی تابعداری میں ہے +

سوال ایک ایسا مرض ہے کہ جو خود قبلہ کی طرف منہ نہیں پھیر سکتا۔ نہ اُسکے پاس کوئی ایسا شخص ہے کہ جو قبلہ کی طرف مُنہ پھیر دے تو اب یہ کیا کرے ؛

جواب جدہر کو وہ چاہے نماز پڑھ لے اسی طرح اگر کوئی مُنہ پھیرنیوالا تو ہی لیکن مُنہ پھیرنا مریض کو ضرر کرتا ہی تو بھی اس کے لئے یہ ہی حکم ہے کیونکہ یہ صاحب عذر ہی اور ہر صاحب عذر کا یہ ہی حُکم ہے +

سوال ایک شخص نے کشتی یا ریل پر نماز قبلہ کی طرف شروع کی اور اثنا ءِ نماز میں کشتی اور ریل کا رُخ قبلہ کی جانب سے پھر گیا۔ تو اِس نمازی کو کیا کرنا چاہیے +

جواب یہ نمازی قبلہ کی طرف پھر جائے +

سوال اٹکل سے جیسے نماز کیلئے قبلہ کو تجویز کرنا ضرور ہے ویسے ہی سجدۂ تلاوت اور نمازِ جنازہ کے لئے بھی ضرور ہے یا نہیں ؛

جواب بیشک ضروری ہی بلکہ ہر وقت اُٹھنے بیٹھنے میں بھی اُسکا خیال رہے تو بہتر ہے +

سوال چھٹی شرط نماز کی نیت بیان کی گئی ہے یہ بتلائیے کہ نیت کس کو کہتے ہیں ؛

جواب اس جگہ نیت نماز میں داخل ہونے کے ارادہ کو کہتے ہیں یعنی نماز کے وقت بلا تامل دل میں جانے کہ آج کی نماز فرض ظہر کی پڑھتا ہوں مگر یہ جاننا تامل سے ہوگا تو نماز جایز نہ ہوگی (عالمگیری)

سوال ایک شخص افکار اور تشویشات میں اس قدر منہمک ہی کہ نماز کے وقت دل کے حاضر کرنے سے عاجز ہی یہاں تک کہ بلا تامل نہیں بتلا سکتا۔ کہ کون سے وقت کی نماز پڑھتا ہوں یہ کیا کرے ؛

جواب ایسے شخص کے حق میں زبان سے ہی کہنا بجائے دل کے عمل کے کافی ہے (عالمگیری)

سوال زبان سے نیت کرنے میں وہ ہی شخص مخصوص ہی کہ جسکا دل حاضر ہونے سے عاجز ہے یا وہ بھی کرے کہ جس کا دل نماز کے وقت حاضر ہے ؛

جواب اس شخص کو بھی مستحب ہی تاکہ دل اور زبان میں موافقت ہو جائے (در مختار)

سوال ایک شخص کے دل میں تو ظہر تھا اور زبان سے عصر نکل گیا۔ تو یہ نیت ہوئی یا نہیں ؛

Marfat.com

جواب نیت تو دل کے ہی عمل کا نام ہے یہ زبان سے کہنا لغو ہوا اور دل کا سمجھنا معتبر۔

سوال۔ نماز کی نیت میں فرض و واجب اور سنن کا متعین کرنا کیسا؟

جواب فرض اور واجب میں تو تعین فرض ہے یعنے اگر نیت میں متعین نہیں ہوگا کہ یہ نماز کہ جس کو میں ادا کرتا ہوں فرض ہے یا واجب یا سنت اور ظہر کی ہے یا عصر کی تو نماز اسکی نہیں ہوگی اسی طرح نماز واجب میں یہ تعین نہیں کیا کہ یہ نماز عید کی ہے یا نذر وغیرہ کی اور عید کی ہے تو کونسی عید کی اور نذر کی ہے تو کونسی نذر کی تو بھی اسکی نماز نہیں ہوگی بر خلاف سنت کے کہ اس میں بلا تعین سنت اور نفل کے مطلق نماز کی نیت درست ہے مگر بہتر اس میں بھی یہی ہے کہ تعین کرے تاکہ سب کے نزدیک ادا ہو جائے (کبیری)

سوال اور کیا کیا باتیں ہیں جو نیت میں ضروری ہیں؟

جواب منفرد اور امام پر دو باتیں ہیں اور مقتدی پر تین۔

سوال وہ کیا کیا باتیں ہیں جو منفرد اور امام پر نیت میں ضروری ہیں؟

جواب ایک تو نماز کا نیت میں اللہ ہی کے واسطے ہونا دوسرے کعبہ شریف کی جانب نیت کرنا (عالمگیری)

سوال وہ کیا کیا باتیں ہیں جو مقتدی پر نیت میں ضروری ہیں؟

جواب دو باتیں تو یہی ہیں جو منفرد اور امام پر ہیں۔ اور ایک بات مقتدی پر اقتدا کی نیت کی زیادتی ہے۔ یہ نیت بھی مقتدی کے لئے شرط ہے۔

سوال رکعتوں میں تعین کیسا؟

جواب تعین رکعات ضروری تو نہیں ہے مگر کرلے تو بہتر ہے۔

سوال ایسی نیت بتلا دیجئے جو سب کے نزدیک درست ہو؟

جواب اِس طرح کرے نیت کرتا ہوں میں یا نیت کی میں نے آج کے فرض نماز فجر کی یا ظہر کی واسطے اللہ تعالے کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے اسی طرح جو وقت ہو نام لیوے اور نیت تکبیر تحریمہ کے ساتھ ہو بعد میں صحیح نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال اگر کسی کے ذمہ فائتہ نمازیں اسقدر ہوں کہ جن کی قضا کی تاریخ اور دن معین نہیں کر سکتا کہ فلاں تاریخ یا فلاں دن کا ظہر میرے ذمہ ہے یا عدد نماز معین نہیں کر سکتا کہ دس ظہر ذمہ ہیں یا بیس تو یہ شخص ان قضا نمازوں کی نیت کس طرح کرے؟

Marfat.com

جواب اس شخص سے تعین ساقط ہوا۔ بلا تعیین قضا کرے اگر اس طرح نیت کر لیا کرے تو بہتر ہے نیت کرتا ہوں میں پہلی فجر کی یا ظہر کی کہ جو میرے ذمہ فرض ہے اور پڑھتا ہے جب تک ادائیگی کا تعین ہو۔

سوال ایک شخص نماز تو پڑھتا ہے مگر یہ نہیں جانتا کہ فرض کس کو کہتے ہیں اور سنت کس کو آیا اسکی نماز ہوگی یا نہیں

جواب اسکی نماز نہیں ہوگی کیونکہ اسکی نیت صحیح نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال مقتدی نیت کس طرح کرے؛

جواب اس طرح کرے نیت کرتا ہوں میں آج ظہر کی واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے پیچھے اس امام کے۔ اللہ اکبر۔

سوال ایک مقتدی نے امام معین کی نیت کی یعنی زید کی اور نکلا وہ عمر تو اسکی اقتدا درست ہوگی یا نہیں؛

جواب اس نیت سے یہ اقتدا درست نہیں اسلئے نماز بھی نہیں ہوئی۔ (عالمگیری)

سوال اگر کوئی عشا کی نماز میں صرف اقتدا کی نیت سے جماعت میں شریک ہوگیا اور اس کو یہ خبر نہیں کہ جماعت فرض کی ہے یا تراویح کی تو اسکی نماز ہوگی یا نہیں؛

جواب مطلق نیت اقتدا سے اقتدا درست نہیں جبتک امام کی نماز کی بھی نیت نہ کرے (عالمگیری)

سوال امام کو بھی امامت کی نیت ضروری ہے یا نہیں؛

جواب مردوں کے حق میں امام کو امامت کی نیت کی ضرورت نہیں یہانتک کہ اگر یہ نیت کرے کہ فلاں شخص کا امام نہیں ہوں اور پھر وہی شخص اسکا اقتدا کرے تو اسکی اقتدا درست ہے مگر عورتوں کے حق میں نیت امامت کی امام کو ضروری ہے اگر عورت بلا نیت امام کے اقتدا کرے گی تو اسکی نماز نہ ہوگی (غایۃ الاوطار عالمگیری)

سوال ایک شخص اکیلا نماز پڑھ رہا ہے پھر ایک شخص نے آکر اسکا اقتدا کیا تو کیا یہ اقتدا درست ہے؟

جواب۔ درست ہے۔

سوال ایک جنازہ کے امام نے میت کو مرد جانکر نماز پڑھادی پھر معلوم ہوا کہ میت عورت ہے یہ نماز ہوئی یا نہیں

جواب یہ نماز بوجہ صحیح نہ ہونے نیت کے نہیں ہوئی پھر سے پڑھے (غایۃ الاوطار)

سوال وتر کی نیت کس طرح کرے؛

جواب وتر کی نیت یوں کرے کہ نیت کرتا ہوں میں تین رکعت نماز وتر واجب کی منہ میرا طرف کعبہ شریف کے اللہ کے واسطے اللہ اکبر۔

Marfat.com

سوال جنازہ کی نماز کی نیت کس طرح کرے۔ جواب۔ اس طرح کرے نیت کرتا ہوں میں نماز جنازہ کی معہ چار تکبیروں کے واسطے دعا اس میت کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر۔

سوال عیدین کی نماز کی نیت کس طرح کرے؟

جواب اس طرح نیت کرے۔ نیت کرتا ہوں میں نماز واجب عید الفطر معہ چھ تکبیروں کے پیچھے اس امام کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر۔

سوال سنت نمازوں کی نیت کس طرح کرے؟

جواب سنت نمازوں میں متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت کرے یعنی نیت کرتا ہوں میں چار رکعت سنت ظہر کی بسبب پیروی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے۔ اللہ اکبر۔

# باب نماز کی صفت کے بیان میں

سوال صفت کس کو کہتے ہیں؟

جواب لغت میں صفت ایسے معنی کے بیان کو کہتے ہیں جو ذات موصوف میں موجود ہو اور عرف نماز صفت وہ کیفیت ہے جو شامل ہو، فرض، واجب، سنت، مستحب۔

سوال اچھا بتلاؤ نماز کے فرائض جن کو ارکان کہتے ہیں۔ وہ کیا کیا ہیں؟

جواب سات ہیں۔(۱) تکبیر تحریمہ یعنی اللہ اکبر کہنا (۲) قیام یعنی سیدھا کھڑا ہونا اس طرح پر کہ اگر ہاتھ چھوڑے جاویں تو گھٹنوں پر نہ پہنچیں۔ اگر گھٹنوں پر پہنچ جائینگے۔ تو قیام ادا نہ ہوگا (۳) قرأت یعنی ایک آیۃ کا پڑھنا (۴) رکوع یعنے اسقدر جھکنا کہ اگر دونوں ہاتھ پھیلاوے تو زانو پکڑ لیوے ورنہ رکوع نہ ہوگا۔ اور بیٹھکر رکوع کرنے میں پیشانی مقابل زانو کے ہو (۵) سجدہ یعنی ناک و پیشانی دونوں میں ٹیکے اور پاؤں کی انگلیوں میں سے ایک انگلی کا ٹکا رہنا بھی شرط سجدہ ہے اگر ایک انگلی نہ ٹکی یعنی دونوں پاؤں سجدہ میں اٹھ جائینگے تو سجدہ نہ ہوگا (۶) قعدہ اخیرہ یعنی بقدر تشہد اخیر نماز میں بیٹھنا (۷) اپنے کسی کام کیلئے نماز سے خارج ہونا۔ انہی کو ارکان کہتے ہیں بجز تکبیر تحریمہ کے۔

سوال تکبیر تحریمہ کا حال نہیں معلوم ہوا کہ یہ کیا ہے۔ شرط ہے یا رکن؟

جواب یہ شرط ہے۔

Marfat.com

سوال پھر اُس کی کیا وجہ جو آپنے شرائط نماز میں اسکو بیان نہیں کیا؛
جواب اسکی یہ وجہ ہے کہ یہ نماز کے ساتھ ایسی ملی ہوئی ہے۔ جیسے دروازہ گھر سے تو اسکا ذکر نماز کے ساتھ ہی مناسب ہے (کذافی الشافی)
سوال مقتدی تکبیر تحریمہ کس وقت کہے؛
جواب امام کی اللہ اکبر کی (ر) سے اپنے ہمزہ کو ملائے اگر اکبر کا لفظ امام کے کہنے سے پہلے کہیگا تو نماز شروع نہ ہوگی اسی طرح اگر امام کو رکوع میں پایا اور اللہ کا لفظ اُس نے رکوع میں جاکر کہا تو نماز شروع نہوگی (عالمگیری)
سوال تکبیر اُولےٰ کے ملنے کی فضیلت کب تک ہے؛
جواب جب تک پہلی رکعت ملے (عالمگیری)
سوال ایک شخص نے امام کو رکوع میں پایا اور اُس نے کھڑے ہوکر تکبیر کہی مگر رکوع کی تکبیر کی نیت کی نہ تکبیر تحریمہ کی۔ آیا یہ نماز کا شروع کرنے والا ہوا یا نہیں؛
جواب یہ شخص نماز کا شروع کرنے والا ہوگیا اور نیت اُسکی رکوع کی لغو ہوئی۔ (عالمگیری)
سوال گونگا اور ایسا اَن پڑھ کہ اچھی طرح کچھ پڑھ نہیں سکتا اُس کی نماز کس طرح ہوگی؛
جواب اِن کی نماز صرف نیت سے ہو جاتی ہے اِنپر زبان ہلانا واجب نہیں (عالمگیری)
سوال دوسرا فرض نماز کے اندر جو قیام بتلایا گیا ہے کیا یہ قیام فرض، واجب، سنت سب نمازوں میں فرض ہے یا کچھ قید ہے؛
جواب ہاں قید ہے فرض نماز اور جو ملحق بفرض ہے جیسے نذر اور سنت فجر اور وتر ان سب میں بلا عذر قیام فرض ہے نفل نماز میں قیام فرض نہیں۔ بلا عذر بھی بیٹھکر جائز ہے (درمختار)
سوال وہ عذر کیا ہیں۔ جن سے فرض نماز بھی بیٹھکر پڑھنا جائز ہے؛
جواب اول بیماری۔ دوسرے برہنگی، تیسرے شیخوخیت۔ اِن عذرات کے علاوہ فرض نماز یا ملحق بفرض نماز بیٹھکر ادا کرے گا تو جائز نہ ہوگی۔ (درمختار)
سوال قیام ساری رکعت میں فرض ہے یا کچھ تفریق ہے؛
جواب ہاں تفریق ہے جس قدر نماز میں قرأت فرض ہے اُسیقدر قیام بھی فرض ہے (یعنی ایک آیۃ کی مقدار) اور بقدر سورۂ فاتحہ اور چھوٹی سورۃ کے قیام واجب ہے اور اس سے زیادہ سنت یا مستحب (درمختار)

Marfat.com

سوال ایک شخص اگر مسجد میں جماعت سے آکر نماز ادا کرے تو قیام مفروض کی طاقت نہیں رہتی ہے اور گھر پر پڑھے تو نماز کھڑے ہو کر ادا کرسکتا ہے ایسا شخص جماعت میں آکر بیٹھ کر نماز ادا کرے یا گھر میں کھڑا ہو کر نماز پڑھے ؛

جواب ایسا شخص جماعت میں حاضر نہ ہو۔ گھر میں قیام کے ساتھ نماز ادا کرے کیونکہ قیام فرض ہے اور جماعت واجب تو واجب کیلئے فرض کو ترک نہ کرے (در مختار)

سوال ایک شخص جماعت میں جھکے ہوئے جلدی سے آکر امام کے ساتھ شریک ہوا مگر تکبیر تحریمہ کے سوائے تکبیر انتقالی رکوع میں جانے کی نہیں کہی۔ یہ شخص رکعت پانے والا ہے یا نہیں ؛

جواب اگر ایسا جھکا ہوا آیا کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ گئے تب تو رکعت کا پانے والا نہیں ہے۔ اسلئے کہ قیام جو فرض تھا وہ ترک ہو گیا اور اگر کھڑے ہو کر تکبیر کہی اور پھر رکوع کیا گو رکوع کے جانے کی تکبیر نہ کہی ہو تو قیام صحیح ہے اور رکعت کا پانے والا بھی ہو گیا ۔

سوال قیام کی صورت کیا ہے ؛

جواب قیام کی صورت یہ ہے کہ اگر اپنے ہاتھ لمبے کرے تو گھٹنوں تک نہ پہنچیں۔ اس صورت سے تھوڑی دیر ٹھہرنے سے بھی قیام ہو جائیگا (عالمگیری)

سوال اگر کوئی بلا عذر ایک پاؤں سے قیام کرے تو کیسا ؛

جواب بلا عذر ایک پاؤں سے قیام مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال تیسرا فرض جو قرأت ہے یہ بھی بتلا دیجئے کہ قرأت کے اندر کس مقدار کی (ایک آیۃ چھوٹی) ہونی چاہیئے جس سے فرضیت ادا ہو جائے ؛

جواب دو کلمے آیۃ مثلاً ثم نظر کے پڑھنے سے فرضیت ادا ہو جائے گی (در مختار)

سوال صحیح حرفوں کے ساتھ اگر قرأت ادا نہ ہو تو اسکے لئے کیا حکم ہے ؛

جواب قدرت ہونے پر اگر صحیح حروف ادا نہ کریگا۔ تو قرات جائز نہیں اور یہی حکم ذبح میں ہے علاوہ معذور کے (عالمگیری)

سوال اس بارے میں کون معذور ہے ؛

جواب توتلا۔ ہکلا۔ اگر ان سے غیر صحیح حروف بھی نکلیں تو عذر کے سبب معاف ہے ۔

سوال قرأت کی جگہ فرض نماز وں میں کتنی رکعت ہیں ؛

جواب دو رکعت ہیں خواہ وہ فرض دو رکعتوں کا ہو یا تین کا یا چار کا اور یہ دو رکعتیں پہلی ہوں یا پچھلی

Marfat.com

اگر کسی رکعت میں بھی قرات نہ پڑھی یا صرف ایک رکعت میں پڑھی تو نماز نہ ہوگی (عالمگیری)

سوال وتر اور نفل نمازوں میں قرائت کونسی رکعتوں میں فرض ہے؟

جواب وِتر اور نفل کی سب رکعتوں میں قرائت فرض ہے (کبیری)

سوال کوئی شخص نیند کی حالت میں قرائت پڑھے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب جائز نہیں بروقت بیداری پھر سے پڑھے اور یہی حکم اور ارکان کا بھی ہے یعنی اگر سوتے ہوئے سجدہ کیا تو اس سجدہ کا اعادہ کرے اور اگر سجدہ کے اندر سو گیا تو کچھ بھی نہیں اگر پوری رکعت سوتے ہوئے ادا کرے تو پوری رکعت کا اعادہ نہیں پھر کرے پڑھے (عالمگیری)

سوال چوتھا فرض نماز کا رکوع ہے اُسکی حد یہ بتلائی گئی ہے کہ کھڑا ہوا آدمی اگر ہاتھ بڑھاوے۔ تو گھٹنوں کو پکڑ لے کبڑا آدمی کہ جسکی پیٹھ ایسی جھکی ہوئی ہو کہ اس کے ہاتھ بوقت رکوع کی حد تک پہنچ رہے ہوں وہ رکوع (کس طرح کرے؟

جواب ایسا کبڑا رکوع کے لئے سر سے اشارہ کرے (عالمگیری)

سوال پانچواں فرض نماز کا سجدہ ہے یہ بھی بتلا دیجئے کہ ایک سجدہ فرض ہے یا دوسرا بھی!

جواب دوسرا سجدہ بھی باجماع اُمت فرض ہے۔ (عالمگیری)

سوال اگر کسی نے بلا عذر صرف ناک ہی سجدہ میں رکھی اور پیشانی نہیں رکھی سجدہ ہوا یا نہیں؟

جواب اس کا سجدہ نہیں ہوا اسی قول پر فتوے ہے مگر صاحب عذر کا سجدہ درست ہے۔

سوال ایک نے صرف پیشانی پر سجدہ کیا اور ناک سجدہ میں نہیں رکھی اسکے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اُس کا سجدہ مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال ناک پر سجدہ کرنے کی اجازت کس حد تک ہے؟

جواب جہاں تک ناک سخت ہی اگر نرم جگہ پر کہ جو ناک کا سرا ہے سجدہ کرے گا تو جائز نہیں (عالمگیری)

سوال اگر کسی کی ناک اور پیشانی دونوں میں عذر ہو تو وہ سجدہ کس طرح ادا کرے؟

جواب یہ شخص سجدہ کا اشارہ کرے۔ (عالمگیری)

سوال گھاس پر یا روئی کے گدّے پر سجدہ درست ہے یا نہیں؟

جواب اگر سجدہ کے وقت ناک اور پیشانی قرار پکڑ لے اس طرح پر کہ اگر مبالغہ کیا جائے تو سر نیچا نہ ہو جائے تو درست ہے ورنہ نہیں اور اسی حکم میں وہ پیال ہے جو اکثر موسم سرما میں مسجدوں میں بچھاتے ہیں (عالمگیری)

Marfat.com

سوال ڈالوچا جس کو زمیندار لوگ گھاس کھیتوں کیلئے بناتے ہیں اسپر بھی سجدہ درست ہے یا نہیں؟
جواب اگر اسپر سجدہ کی جگہ سخت ہو تو تختہ کے حکم میں ہے نماز ہو جائیگی ورنہ اُس گھاس کے حکم میں ہے جسکو ہم اُوپر بیان کر آئے ہیں (عالمگیری)
سوال آدمی کی پیٹھ پر بھی سجدہ درست ہے یا نہیں؟ (غایۃ الاوطار)
جواب عذر کے ساتھ درست ہی بشرطیکہ وہ بھی اسی نماز کو پڑھتا ہو کہ جس کو یہ ادا کر رہا ہی ورنہ درست نہیں[1]
سوال وہ عذر کیا ہے جس سے پیٹھ پر سجدہ کرنا درست ہے؟
جواب وہ عذر تنگی جگہ کا ہے یعنی عیدین اور جمعہ میں جب اس کثرت سے آدمی جمع ہوں۔ کہ عیدگاہ اور مسجد میں گنجایش نہ ہو۔ تو اسوقت پیٹھوں پر سجدہ ہو جائے گا (غایۃ الاوطار)
سوال سجدہ قدموں سے کس قدر اونچی جگہ پر بلا عذر درست ہے؟
جواب ایک بالشت اونچی جگہ پر سجدہ جائز ہے اگر اس سے زیادہ اونچی جگہ ہو گی تو بلا عذر جائز نہیں
سوال دونوں سجدوں کی حد فاصل کیا ہے؟
جواب بیٹھنے کے قریب ہو جانا اگر اس سے پہلے دوسرا سجدہ کریگا تو بموجب صحیح قول کے سجدہ نہو گا (غایۃ الاوطار)
سوال ایک شخص ناک اور پیشانی زمین پر رکھنے کے بعد پھر کسی سبب سے مثل کانٹے وغیرہ کے کہ جس سے ناک اور پیشانی کو ضرر پہنچے اٹھا کر پھر دوبارہ ناک اور پیشانی رکھدے اس صورت میں دو سجدے ہوئے یا ایک؟
جواب اس صورت میں یہ ایک ہی سجدہ ہوا اسی طرح اگر مقتدی اپنے امام سے پہلے رکوع یا سجدے میں سر اٹھا لیوے اور پھر جھکا دیوے تو بھی ایک رکوع اور سجدہ ہو گا اور نماز درست ہو جائیگی (عالمگیری)
سوال چھٹا فرض نماز کا جو قاعدہ اخیرہ ہے یہ فرض نمازوں ہی میں فرض ہے یا واجب اور سنت نمازوں میں بھی فرض ہے؟
جواب سب نمازوں میں فرض ہے اسی طرح اور ارکان بھی سب نمازوں میں فرض ہیں سوائے قیام کے کہ وہ نفلوں میں فرض نہیں ہے (غایۃ الاوطار)
سوال ساتواں فرض جو اپنے اختیار سے نکلنا ہی یہ فرض متفق علیہ ہے یا نہیں؟
جواب۔ یہ فرض متفق علیہ نہیں ہے ◆

[1] یعنی ایک آدمی نماز سے خارج بیٹھا ہوا ہے اس حالت میں نمازی نے اسکی پیٹھ پر سجدہ کیا یا وہ نمازی ہے کہ جس کی نماز اسکی نماز کے علاوہ ہے۔ مثلاً سجدہ کرنیوالا فرض ادا کرنے والا ہے اور دوسرا شخص جس کی پیٹھ پر سجدہ کیا وہ سنت پڑھ رہا ہے تو ان صورتوں میں سجدہ نہ ہو گا (عالمگیری)

Marfat.com

سوال واجبات کیا کیا ہیں ؟

جواب اول فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں کو قراءت کے لئے معین کرنا۔ دوسرے الحمد شریف کا پڑھنا تیسرے الحمد شریف کا سورۃ سے پہلے پڑھنا چوتھے الحمد شریف کا ایک دفعہ پڑھنا، پانچویں فرض نمازوں میں دو سجدوں کے ساتویں قومہ، آٹھویں جلسہ، نویں تعدیل یعنی اعضا کا ساکن کرنا مقدار سبحان اللہ کہنے کے رکوع اور سجود اور قومہ اور جلسہ میں، دسویں امام کو جہری نمازوں میں مثل فجر مغرب عشاء جمعہ عیدین تراویح اور رمضان کے وتر میں پکار کر پڑھنا اور دوسری نمازوں میں مثل ظہر و عصر کے آہستہ پڑھنا گیارہویں پہلا قاعدہ تین یا چار رکعت والی نماز میں خواہ نفل ہی ہو، بارہویں تشہد دونوں قاعدوں میں یعنے اول و آخر دونوں قاعدوں میں التحیات کا پڑھنا۔ تیرہویں لفظ السلام کے ساتھ نماز سے نکلنا، چودہویں تکبیر قنوت، پندرہویں قراءت قنوت، سولہویں تکبیرات عیدین، سترہویں مقتدی کا قراءت سے چپ رہنا۔ اٹھارہویں امام کی تابعداری مقتدی کو کرنا، انیسویں سجدہ تلاوت (کبیری۔ غایۃ الاوطار)

سوال نماز میں سنتیں کیا کیا ہیں ؟

جواب اول اٹھانا دونوں ہاتھوں کا تحریمہ کیلئے کانوں کی لو تک تکبیر سے پیشتر، دوسرے تکبیر کے وقت انگلیوں کا قبلہ رخ اور کشادہ[1] رکھنا۔ تیسرے[2] امام کو تکبیرات یعنی تحریمہ انتقالی پکار کر کہنا بقدر اس کی حاجت کے اگر ان تکبیرات سے امام کی نیت صرف لوگوں کو ہی خبردار کرنے کی ہوگی اور اپنی نماز کی تکبیرات کی نہ ہوگی تو نہ امام کی نماز ہوگی نہ مقتدیوں کی چوتھے ناف کے نیچے داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر باندھنا پانچویں ثنا یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ چھٹے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنا ساتویں[3] بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ آٹھویں پچھلے فرض کی دو رکعتوں میں صرف الحمد پڑھنا۔ نویں آمین پڑھنا، دسویں ثنا اور اعوذ اور بسم اللہ اور آمین کو آہستہ پڑھنا، گیارہویں قراءت مسنون پڑھنا، بارہویں تکبیرات انتقالی یعنی رکوع اور سجدہ وغیرہ کے لئے اللہ اکبر کہنا۔ تیرہویں رکوع میں تسبیح سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ تین بار کہنا۔ چودہویں رکوع میں دونوں گھٹنوں کو ہاتھوں کی کشادہ انگلیوں سے پکڑنا۔ پندرہویں امام کو

---

[1] یعنی نہ زیادہ کشادہ ہوں نہ بالکل ملی ہوئی بلکہ اپنی حالت پر چھوڑنا چاہیے۔ [2] امام کے سوا مقتدی اور منفرد اتنی آہستہ کہیں کہ خود سن لیں (غایۃ الاوطار) [3] امام اور منفرد کو آہستہ پڑھنا بسم اللہ کا سنت ہے ہر رکعت میں۔ پہلے الحمد شریف سے نہ سورۃ ملانے کے وقت اور اعوذ صرف پہلی رکعت میں پڑھے اور رکعتوں میں نہ پڑھے (عالمگیری)

Marfat.com

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بالاجماع کہنا اور مقتدی کو بلا خلاف رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ پڑھنا اور تنہا کو دونوں پڑھنا۔ سولہویں سجدوں میں دونوں ہاتھ اور دونوں گھٹنوں کا پہلے پیشانی سے رکھنا۔ سترہویں سجدوں میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھنا۔ اٹھارہویں جلسہ اور تشہد میں داہنا پاؤں کھڑا رکھنا اور بایاں پاؤں بچھانا[1]۔ انیسویں ہر جلسہ میں اور ہر تشہد میں دونوں ہاتھ زانوں پر رکھنا۔ بیسویں اشارہ کرنا مشابہ سے بوقت اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ[2] کے۔ اکیسویں درود شریف کا پڑھنا قاعدہ آخیرہ میں۔ بائیسویں دعا کا قاعدہ اخیرہ میں پڑھنا۔ تئیسویں پھیرنا منہ کا دائیں اور بائیں طرف سلام کے وقت۔ چوبیسویں امام کو فرشتوں اور مقتدیوں کی سلام کی نیت کرنا اسی طرح مقتدیوں کو امام کی دائیں فرشتوں اور مقتدیوں کی نیت کرنا۔ پچیسویں امام کو پست کرنا دوسرے سلام کا بہ نسبت پہلے سلام کے۔ چھبیسویں سلام پھیرنا ان لفظوں سے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ (غایۃ الاوطار۔ عالمگیری)

**سوال** مستحبات نماز کیا کیا ہیں؟

**جواب** اول مرد کو وقت تکبیر تحریمہ کے دونوں ہاتھ آستینوں سے باہر نکال لینا۔ دوسرے دونوں قدموں کے درمیان بقدر چار انگشت کے فاصلہ چھوڑنا۔ تیسرے منفرد کو رکوع اور سجدہ میں تین بار سے زیادہ تسبیح کہنا۔ چوتھے قیام کے وقت اپنی سجدہ گاہ پر اور رکوع میں دونوں پاؤں کی پیٹھ پر اور سجدے میں ناک کے سرے پر اور قعود میں اپنی گود پر اور پہلے سلام میں اپنے داہنے شانہ پر۔ اور دوسرے سلام میں بائیں شانہ پر نظر رکھنا۔ پانچویں رکوع میں انگلیوں کا کشادہ رکھنا اور سجدے میں ملا ہوا رکھنا۔ چھٹے جمائی[3] کے وقت منہ بند رکھنا۔ ساتویں جہانتک ممکن ہو کھانسی کو دفع کرنا

**سوال** نماز پڑھنے کا وہ طریقہ شروع سے اخیر تک کہ جو سلف سے مطابق حنفی مذہب کے جس میں فرض واجب، سنت اور مستحب سب ادا ہوں بتلایئے؟

**جواب** وہ طریقہ یہ ہے کہ جب نمازی نماز شروع کرنا چاہے تو پہلے قبلہ رُخ کھڑا ہو اور درمیان

---

[1] کھڑے ہوئے پاؤں اور بیٹھے ہوئے پاؤں کی انگلیوں کو بھی قبلہ رُخ رکھنا سنت ہے۔ (غایۃ الاوطار) [2] انگلی اٹھانے کا طریقہ مسنون ہم حنفیوں کے نزدیک اس طرح ہے کہ بروقت کہنے اشہدان لا الٰہ الا اللہ کے انگلی اٹھاوے حرمین کی عقد کی صورت پر یعنی خنصر اور بنصر اور وسطیٰ تینوں انگلیوں کو بند کر کے اور شہادت کی انگلی کو کھڑا کر کے اور انگوٹھے کے سرے کو شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی کے جوڑ پر رکھے اور جب الا اللہ زبان سے کہے اس وقت انگلی گرا لے یہی مذہب ہمارے علماء کا ہے (عالمگیری، شامی) [3] جمائی نماز میں آکر بحالت قیام آوے اور نہ رک سکے تو داہنا ہاتھ منہ پر رکھ لے اور اگر دوسری جگہ سوائے قیام کے آوے تو بائیں ہاتھ سے روکے خارج نماز ہر وقت بائیں ہاتھ سے ہی روکے (منقول)

Marfat.com

دونوں قدموں کے فاصلہ پر چار انگشت کا چھوڑے پھر نیت دل سے کرے اور مطابق نیت کے زبان سے کہے نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز فرض فجر کی واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ میرا طرف کعبہ شریف کے پھر دونوں ہاتھ کانوں تک اس طرح اٹھاوے کہ ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں اور انگلیاں جدا جدا ہوں اور انگوٹھے کانوں کی لو کے مقابل ہوں اسوقت تکبیر یعنی اللہ اکبر (اللہ سب سے بڑا) کہکر فوراً دونوں ہاتھ ناف کے نیچے اس طرح باندھے کہ داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت دست پر رکھکر انگوٹھے اور چھنگلی انگلی سے پہنچے تک حلقہ کرے اور تین انگلیاں اوپر کلائی کے رکھے اور پھر پڑھے :-

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ۝ اَعُوْذُ

پاکی بیان کرتا ہوں میں تیری اے اللہ جو تیرے لائق ہے اور حمد بیان کرتا ہوں میں تیری جیسی جو تیرے قابل ہے اور برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے بزرگی تیری اور کوئی

بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ

نہیں ہے معبود سوائے تیرے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کے ساتھ شیطان راندہ گئے سے شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو مہربان اور رحم کرنے والا ہے کل تعریفیں اللہ کے لئے جو

الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

پالنے والا ہے تمام عالم کا مہربان اور رحمت والا۔ مالک دن قیامت کا۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں دکھا ہمکو سیدھا راستہ

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن

اُن کا راستہ جن پر تونے انعام کیا — نہ اِن کا جو غضب کیے گئے ہیں — اور نہ اُنکا جو گمراہ ہیں — قبول کر

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

تحقیق عطا کیا ہمنے تجھ کو حوض کوثر۔ پس نماز پڑھ اور قربانی کر اسکے واسطے۔ تحقیق دشمن تیرا وہ بے نسل ہے ۔

یا اور کوئی صورت جو صحیح یاد ہو پڑھے پھر رکوع کرے یعنی جھکنے کے ساتھ تکبیر کہے اور رکوع میں پورا پہنچنے تک تکبیر سے فارغ ہو جائے اسی طرح اور ہر رکن میں بھی کرے رکن کے اندر تکبیر نہ کہے۔ جیسے کہ اکثر عادت ہے کہ اس سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے پھر دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو خوب مضبوط پکڑے کشادہ انگلیاں کرکے اور دونوں پنڈلیوں کو سیدھا کھڑا رکھے کمان کی طرح نہ جھکائے اور پشت کو بچھائے اور سرین کو پشت کے برابر رکھے بدوں سر کے اُبھارے یا سر کے نیچا کرنے کے بلکہ سر بھی پشت کے برابر رہے پھر پڑھے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ (پاک ہے رب میرا عظمت والا) تین مرتبہ پھر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ (سن لی اللہ نے جس نے اسکی حمد کی) کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو اور مقتدی رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ (اے رب ہمارے کل تعریفیں تیرے لئے ہیں) کہتا ہوا پھر اللہ اکبر کہے جھکنے کے ساتھ اور سجدہ کرے اسطرح

Marfat.com

کہ اول دونوں گھٹنے زمین پر رکھے پھر دونوں ہاتھ زمین پر اس طرح رکھے کہ کہنیاں زمین سے علیحدہ رہیں پھر ناک اور پھر پیشانی سجدہ میں دونوں ہتھیلیوں کے بیچ میں اس طرح رہے کہ انگوٹھے کان کی لو سے برابر ہو جائیں اور اپنے ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی رکھے تاکہ سب قبلہ کی طرف متوجہ رہیں سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں نہ اٹھیں ورنہ سجدہ نہ ہوگا پھر پڑھے تین دفعہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پھر سجدے سے سر اور ہاتھ اٹھانے میں رکھنے کے برعکس کرے یعنی پہلے پیشانی اٹھائے پھر ناک پھر ہاتھ پھر اطمینان سے جلسہ کر کے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا دوسرا سجدہ مثل پہلے کے کرے دوسری رکعت کیلئے پنجوں کے بل اللہ اکبر کہتا ہوا اٹھے ہاتھ ٹیک کر اٹھنا بلا عذر صحیح نہیں پھر دوسری رکعت ادا کرے اس طرح کہ پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے الحمد شریف پھر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۞ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞

کہ وہ احد ایک ہے نہ اس کو کسی نے جنا نہ وہ کسی سے جنا گیا اور نہیں ہے اس کے لئے کوئی کفو وہ ایک ہے

یا اور کوئی سورۃ پڑھے پھر بعد ختم سورت کے مثل پہلی رکعت کے رکوع اور قومہ اور سجدہ اور جلسہ اور دوسرا سجدہ کرے قعدہ میں بایاں پاؤں بچھا کر اور داہنا کھڑا کر کے بیٹھے اس طرح سے کہ دونوں پاؤں کی اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں قبلہ رخ رہیں۔ اور ہاتھوں کی انگلیوں کو ان کی حالت پر رکھے اور پڑھے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

کل عبادت قولی اللہ کی عبادت بدنی اور کل عبادت مالی اللہ ہی کیلئے ہیں سلام ہو اوپر تیرے اے نبی اور رحمت اللہ کی اور برکات اس کی سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ - اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ

اوپر ہمارے اور خدا کے نیک بندوں پر - گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندہ اللہ کے اور رسول اس کے ہیں اے اللہ رحمت کاملہ نازل کر اوپر محمد صلعم کے اور اوپر اولاد انکی کے جیسے کہ رحمت نازل کی تو نے اوپر ابراہیم ؑ

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

پر اور اوپر انکی اولاد کے تحقیق تو سراہا گیا ہے اور بزرگ ہے اے اللہ برکت نازل کر تو محمد صلعم پر اور انکی اولاد پر جیسے کہ برکت نازل کی اوپر ابراہیم ؑ

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

کے اور اوپر اولاد انکی کے تحقیق تو سراہا گیا ہے اور بزرگ ہے اے اللہ تحقیق ظلم کیا میں نے اوپر نفس اپنے کے ظلم بہت اور کوئی نہیں بخشیگا گناہوں سے

---

ملہ بیان انگلی سے اشارہ کرے۔ جیسا اوپر بیان کیا گیا (منہ غفر الوالدیہ)

اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ؕ[1]

سوائے تیرے پس بخشش کر میرے لئے مغفرت اپنی پاس سے اور رحم کر میرے اوپر تحقیق تو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے

یہ وہ دعا ہے کہ جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی تھی پھر نیت[1] فرشتوں کے سلام کی کرکے داہنی طرف مُنہ پھیر کر کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور اسی طرح معنیت کے بائیں طرف کہے۔ یہ ترکیب ہے جس میں فرائض وسُنن سب ادا ہو گئے ؛

سوال یہ ترکیب دو رکعت والے فرض کی بیان کی گئی ہے اور اگر چار رکعت مثل ظہر اور عصر اور عشا یا تین رکعت مثل مغرب اور وتر کے پڑھنا چاہے تو کس طرح پڑھے ؛

جواب اسی طرح پڑھے فرق اتنا ہے۔ کہ چار رکعت والے فرض میں اسی قعدہ میں جیسے دو رکعت والا فرض ختم ہوا ہے سلام نہ پھیرے کیونکہ اب یہ قاعدہ واجب ہے۔ صرف التحیات اور تشہد پڑھکر کھڑا ہو جاوے۔ اور ان دو پچھلی رکعتوں میں سوائے الحمد کے اور کچھ نہ پڑھے باقی ساری نماز اسی طرح پڑھے؛

سوال سنتیں جو چار رکعت والی ہیں کیا وہ بھی اسی طرح پڑھی جائیں ؛

جواب ہاں وہ بھی اسی طرح پڑھی جاوینگی مگر انہیں ہر چار رکعت میں الحمد کے بعد صورت ملاوے یعنی چاروں بھری پڑھے

سوال ختم نماز کے بعد کس قدر ٹھیرے اور کیا پڑھے ؛

جواب امام کو ان نمازوں میں کہ جن کے پیچھے سنتیں ہیں صرف یہ دعا پڑھنی چاہیے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (ترجمہ) اے اللہ تیرا نام سلام ہے اور تیری طرف سے سلامتی ہے برکت والا ہے تو اے رب ہمارے اے صاحب بزرگی اور اکرام کے) اور فوراً اُٹھ کھڑا ہو اور اپنی جگہ سے ہٹ کر دوسری جگہ سنتیں ادا کرے اور ان نمازوں میں جنکے پیچھے سنتیں نہیں ہیں جیسے فجر اور عصر کی نماز تو اب امام قوم کی طرف منہ کرکے بیٹھے یا داہنے یا بائیں منہ کرکے بیٹھے اور امام اور مقتدی اور منفرد سب بعد ختم نماز تین مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھکر ایک بار آیت الکرسی[2]

---

[1] نیت دل سے کرے زبان سے نہ کہے اگر مقتدی ہے تو امام کی نیت اور کرے اور اگر امام ہے تو مقتدیوں کی نیت اور کرے۔ [2] اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی بعد فرض نماز کے اسکو پڑھے اس کے اور جنت کے درمیان صرف موت حائل ہے ؛

Marfat.com

اور تینتیس ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰهِ اور تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور چونتیس بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھیں اِس کا بہت ثواب ہے۔ پھر سب دُعا مانگیں۔ اور وظایف ہم نے اخیر رسالہ میں درج کیے ہیں +

امام اور منفرد اور مقتدی سب اسی طرح نماز پڑھیں یا کچھ تفاوت ہے؛

امام اور منفرد تو اِسی طرح نماز ادا کریں گے صرف مقتدی نیت میں اقتدا کی نیت کرے گا اور رکعت اول میں سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھکر اخیر تک ساکت رہے گا اور جہری نماز میں آمین آہستہ اور قومہ میں رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہے گا۔ باقی سب اذکار مثل امام کے ادا کرے گا +

عورتیں بھی اسی طرح پڑھیں یا کچھ فرق ہے؛

عورتیں نماز میں بیس باتوں میں مردوں کے مخالف ہیں باقی اسی طرح ادا کریں +

وہ بیس باتیں کیا کیا ہیں؛

اوّل عورت تحریمہ میں ہاتھ اُٹھائیگی اپنے شانے تک برخلاف مرد کے کہ وہ کانوں کی لو تک اُٹھائیگا۔ دوسرے عورت آستینوں سے باہر ہاتھ نہ نکالے اور مرد باہر نکالیگا۔ تیسرے عورت قیام میں داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پُشت پر رکھے۔ مرد کلائی پر ہاتھ بہ ترکیب مذکور الصدر باندھیگا چوتھے عورت ہاتھ سینے پر باندھے مرد ناف کے نیچے باندھے گا۔ پانچویں عورت رکوع میں کم جُھکے مرد زیادہ جُھکے گا۔ چھٹے عورت رکوع میں ہاتھ پر سہارا نہ دے مرد سہارا دے گا۔ ساتویں عورت رکوع میں انگلیوں کو کشادہ نہ رکھے مرد کشادہ رکھیگا۔ آٹھویں عورت رکوع میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھدے مرد اُنکو زور سے پکڑیگا۔ نویں عورت رکوع میں اپنے گھٹنوں کو جُھکا دے مرد نہیں جھکائیگا۔ دسویں عورت رکوع میں سمٹی رہے مرد برخلاف کریگا۔ گیارہویں عورت سجدہ میں اپنی بغلیں نہ کھولے سمٹی رہے مرد برخلاف کریگا۔ بارہویں عورت سجدہ میں اپنے دونو ہاتھ بچھا دے مرد نہ بچھائیگا۔ تیرہویں قاعدہ میں عورت اپنے دونوں پاؤں داہنی طرف کو نکال کر اپنی سرین پر بیٹھے۔ مرد بایاں پاؤں فرش کرے گا اور داہنا پاؤں کھڑا رکھیگا۔ چودہویں قاعدہ اور جلسہ میں عورت اپنی انگلیاں ملی رکھے برخلاف مرد کے کہ وہ اپنی حالت پر رکھے گا۔ پندرہویں عورت کی نماز کے آگے سے جب کوئی گذریگا تو عورت ہاتھ پر ہاتھ مارے اور مرد سُبحان اللہ کہکر گذرنے والے کو متنبہ کریگا۔ سولہویں عورت مرد کی امامت نہ کریگی برخلاف مرد کے کہ وہ اُس کی امامت کر سکتا ہے سترہویں

Marfat.com

عورت کی جماعت مکروہ تحریمی ہے اور مردوں کے حق میں واجب ہے۔ اٹھارہویں اگر عورتیں جماعت کریں تو کراہت تحریمی کے ساتھ ادا کرینگی تو انکا امام بیچ میں برخلاف مردوں کے کھڑا ہوگا۔ انیسویں عورت پر جمعہ اور عیدین نہیں اور مردوں پر واجب ہیں۔ بیسویں عورت پر نماز فجر اندھیرے میں مستحب ہے برخلاف مرد کے کہ اس پر ایسے وقت میں نماز فجر کا پڑھنا مستحب ہے جب کہ خوب اُجالا ہو (غایۃ الاوطار)

# باب نماز کے مفسدات اور مکروہات کے بیان میں

سوال نماز کو توڑنے والی کیا کیا چیزیں ہیں؟

جواب دو قسم کی چیزیں ہیں۔ ایک قسم تو اقوال کی ہے اور دوسری قسم افعال کی۔

سوال قسم اقوال میں کیا کیا قول ہیں جن سے نماز لوٹ جاتی ہے؟

جواب اول کلام کرنا خواہ قصداً ہو یا سہواً، خواب میں ہو یا بیداری میں تھوڑا ہو یا بہت۔ دوسرے سلام تحیۃ کرنا قصداً یا سہواً برخلاف سلام تحلیل نماز کے کہ اس سے نماز نہیں جاتی۔ تیسرے جواب سلام دینا قصداً ہو یا سہواً، چوتھے چھینک کا جواب دینا، پانچویں بری خبر کے جواب میں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا۔ چھٹے خبر خوش پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھنا، ساتویں خبر تعجب سُبْحَانَ اللّٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا آٹھویں سوائے امام کے اور کسی کو نماز میں لقمہ دینا، نویں نماز میں ایسی چیزیں مانگنا جو آدمیوں سے مانگتے ہیں مثلاً کہے کہ یا الٰہی فلانی عورت سے میرا نکاح کردے یا مجھکو ہزار دینار دیدے۔ دسویں آہ یا اوہ یا اُف کہنا گیارہویں قرآن شریف سے دیکھکر نماز پڑھنا مطلقاً بارہویں قرآن کا غلط پڑھنا ( )

سوال قسم افعال میں کیا کیا فعل ہیں جن سے نماز لوٹ جاتی ہے؟

جواب اول عمل کثیر۔ دوسرے جان کر یا بھولکر کھانا اور پینا۔ تیسرے بلا عذر قبلہ کی طرف سے سینہ کا پھیرنا چوتھے بقدر دو صفوں کے بلا ضرورت ایک بار چلنا پانچویں بلا عذر امام سے آگے بڑھ جانا چھٹے بقدر تین کلموں کے نماز میں لکھنا، ساتویں درد اور مصیبت سے رونا آٹھویں بالغ کا نماز میں پکار کر ہنسنا۔ نویں نماز میں غیر نمازی کا کہنا ماننا۔ دسویں عورت کا جماعت میں محاذی ہونا۔ چند

---

[1] اگر کوئی خارج نماز نمازی سے کہے کہ ہٹ جا۔ اور وہ اس کے کہنے سے بلا خیال امر شرعی ہٹ گیا تو نماز ٹوٹ جائے گی اور اگر ہٹے یعنی جگہ دینے میں اطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کریا تو نماز فاسد نہ ہوگی (شامی) [2] یعنی اپنے امام کے سوا ۱۲ منہ

Marfat.com

شرطوں کے ساتھ۔ گیارہویں خلیفہ بنانا ایسے کو جو قابل امامت نہ ہو بارہویں مسجد سے باہر چلا جانا امام کا بدوں خلیفہ کے، تیرہویں حدث کے بعد نمازی کا مقدار ایک رکن کے مقام حدث پر ٹھیرنا (عالمگیری غایۃ الاوطار)

سوال کلام کرنا نماز میں جو مفسد نماز بتلایا گیا ہے یہ نہیں معلوم ہوا کہ کلام کس کو کہتے ہیں؛

جواب کلام دو حروف یا ایک حرف مطلب سمجھانیوالے کو کہتے ہیں مثلاً ق ایک حرف ہے عربی میں اس کے "نگہ رکھ" کے معنی ہیں تو اس سے بھی نماز لوٹ جائیگی یا مخاطب کو کہا داد تو اس میں دو حرف ہوئے اس سے بھی نماز لوٹ جائیگی ہاں ایک حرف بے معنی سے نماز نہیں ٹوٹیگی (غایۃ الاوطار)

سوال کھنگارنے اور مٹھارنے سے بھی نماز فاسد ہوگی یا نہیں؛

جواب بلا عذر کھنگارنے اور مٹھارنے سے بھی نماز فاسد ہوجائیگی (غایۃ الاوطار)

سوال وہ عذر کیا ہیں جن سے کھنکارنا نماز میں درست ہے اور نماز نہیں ٹوٹتی؛

جواب امام کو آواز کی درستی کا عذر۔ مقتدی کو اپنے امام کی غلطی کی ہدایت کا عذر یا مثل اس کے غرض صحیح کے عذر سے کھنکارنا مفسد نماز نہیں (شامی)

سوال ٹنخاری سے نماز ٹوٹ جائیگی یا نہیں؟

جواب اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔ کیونکہ اس میں حروف نہیں۔

سوال سلام تحیت اور سلام تحلیل میں کیا فرق ہے؛

جواب سلام تحیت تو تحفہ ملاقات ہے۔ جو آپس میں مسلمانوں کے درمیان ہوتا ہے اور سلام تحلیل نماز سے باہر آنے کے لئے ہوتا ہے سلام تحیت نماز میں ہر طرح سے مفسد نماز ہے۔

سوال سلام تحلیل کے لئے بھی جو سہواً ہو کوئی ضابطہ کلیہ مقرر ہے یا نہیں؛

جواب ہاں مقرر ہے اگر یہ سلام سہواً اس وقت میں ہو جب کہ اصل نماز میں سہو ہو مثلاً مقیم اپنے کو مسافر سمجھکر یا ظہر پڑھنے والا اپنے کو جمعہ والا تصوّر کرکر دوسری رکعت میں سلام پھیردے تو اس سلام سے نماز فاسد ہوجائیگی اسلیئے کہ اصل نماز ہی میں سہو ہوگیا اور اگر وصف نماز میں خلل تحلیل سہو ہوا تو نماز فاسد نہ ہوگی مثلاً دوسری رکعت کے قاعدے میں سلام پھیرا اس خیال سے کہ چوتھی رکعت ہے تو نماز فاسد نہیں ہوتی اسی طرح پڑھتا رہے لیکن سجدۂ سہو کرلے یا جنازے کی نماز میں چوتھی تکبیر سے پہلے سلام پھیردیا تو پھر دعا پڑھکر چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیردے۔ اس لئے کہ یہ نیت تمام

بھی نمازِ جنازہ میں محل سلام تحلیل نماز ہے ہاں علاوہ ان دو موقعوں کے اور ارکان مثلاً علاوہ جنازے کی نماز کے اور نمازوں میں بحالت قیام یا رکوع یا سجدہ تحلیل نماز کا سلام سہواً پھیرا تو نماز فاسد ہوجائے گی اِسلیئے کہ یہ موقعے سلام تحلیل نمازوں کے نہیں ہیں (غایۃ الاوطار)

سوال اس جگہ یہ بھی بتلا دیجیئے کہ وہ کون لوگ ہیں جنپر سلام کرنا مکروہ ہے ؟

جواب اکیس آدمی ہیں۔ اوّل نماز پڑھنے والے پر، دوسرے تلاوت[1] قرآن کرنیوالے پر، تیسرے وعظ اور ذکر میں مشغول ہونیوالے پر، چوتھے حدیث اور خطبہ پڑھنے والے پر، پانچویں ان چاروں چیزوں کی طرف کان لگانے والے پر۔ چھٹے قاضی پر بر وقت قضات یعنی جب قاضی حکم دینے کیلئے مسند قضات پر بیٹھا ہو تو مُدعی اور مُدعا علیہ اس کو سلام نہ کریں، ساتویں علم شرعی میں بحث کرنیوالوں پر، آٹھویں مؤذن پر، نویں تکبیر کہنے والے پر، دسویں علم شرعی سکھانے والے پر بر وقت تعلیم شرعی، گیارہویں جوان عورتوں پر، بارہویں شطرنج کھیلنے والے پر اور جو لوگ اُن کی عادت کے مشابہ ہوں مثل جواری، شرابخور، غیبت کرنے والا، کبوتر اُڑانے والا، گانے والا اور باجا بجانے والا ان سب پر بھی سلام مکروہ ہے۔ تیرہویں جو شخص اپنی بیوی سے بوس و کنار میں مصروف ہو۔ اس پر بھی سلام مکرُوہ ہے۔ چودہویں کافر پر، پندرہویں ننگے پر، سولہویں پاخانہ یا پیشاب پھرنے والے پر۔ سترہویں کھانا کھانے[2] والے پر۔ اٹھارہویں لوٹے مسخرے پر، اُنیسویں جھوٹے پر، بیسویں لوگوں کی عیب جوئی میں مصرُوف رہنے والے پر، اکیسویں گالی بکنے والے پر۔ یہ لوگ ہیں۔ جن پر سلام مکرُوہ ہے۔ اُنکے علاوہ سب پر سلام کرنا مسنُون ہے۔

اور سلام اِس طرح کرے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یا سَلَامٌ عَلَیْکُمْ ان دو طریقوں کے خلاف درست نہیں۔ جیسے اکثر سَلَامُ عَلَیْکُمْ کہتے ہیں یعنی سلام کے میم کو پیش دے کر یا ساکن کر کے یہ ہرگز درست نہیں ہے (غایۃ الاوطار)

سوال وہ کون لوگ ہیں جنپر سلام کا جواب واجب نہیں ؟

جواب اوّل تو وہ شخص ہے جو ان دونوں طریقوں کے سوائے سلام کرے۔ دوسرے نماز میں

[1] یعنی اگر کوئی شخص نماز پڑھتا ہو یا قرآن شریف تلاوت کرتا ہو۔ یا خطبہ پڑھتا ہو۔ تو اسکو سلام کرنا مکروہ ہے ۔

[2] جس وقت سلام کرنے والا بھی بھوکا ہو اور یہ جانتا ہو کہ وہ کھانے سے منع نہ کرے گا تو سلام کرنا مکروہ نہیں اِسلیئے کہ اس سلام سے غرض کھانا کھانے کی ہے ۱۲ (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

مصروف ہونے والے پر۔ تیسرے قرآن یا دُعا یا ذکر یا خطبہ یا تکبیر یا اذان وغیرہ پڑھنے والے پر چوتھے پاخانہ پیشاب پھرنے والے پر۔ پانچویں لڑکے پر۔ چھٹے متوالے پر۔ ساتویں عورت جوان پر۔ آٹھویں اُونگھنے والے پر۔ نویں حکم کے خواہاں پر یعنی مدعی یا مدعا علیہ پر۔ دسویں دیوانے پر۔ یہ وہ لوگ ہیں جنپر سلام کا جواب واجب نہیں۔ اگر کوئی ان کو سلام کرے اور یہ لوگ جواب نہ دیں۔ تو گنہگار نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال نماز میں اشارے سے بھی جواب سلام دے یا نہیں؟

جواب اشارے سے بھی نہ دے۔ (عالمگیری)

سوال چھینکنے والا نماز میں الحمدللہ کہہ لے تو نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب ہو جائیگی اور اگر اپنی طرف خطاب کرکے (یرحمک اللہ) جواب چھینک بھی دیدیگا تب بھی نماز فاسد نہ ہو گی غیر کے لئے جواب دینے میں نماز فاسد ہو گی خواہ وہ جواب چھینک ہو یا سلام یا اور کوئی جملہ قرآن کا کسی سائل کے جواب میں ہو مثلاً کسی نمازی سے دریافت کیا کہ تیرا مال کیا ہے اس نے نماز کی حالت میں اس آیت شریف سے جواب یا اَلْخَیْلُ وَالْبِغَالُ وَالْحَمِیْرُ اس کے معنے یہ ہوئے گھوڑے، خچر، گدھے۔ تو نماز فاسد ہوئی (غایۃ الاوطار)

سوال اگر کسی نے نماز میں اللہ پاک کا نام سُنکر کہدیا جل جلالہٗ یا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا نام مبارک سُن کر کہدیا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، یا قرأت سُنی اور کہا "صدق اللہ ورسولہٗ" تو ان کلمات سے نماز فاسد ہو گی یا نہیں؟

جواب اگر یہ کلمات بہ نیت جواب کے ہوں گے تو نماز فاسد ہو گی ورنہ نہیں (عالمگیری درمختار)

سوال مقتدی جس وقت امام کو لقمہ دے کیا نیت کرے۔ اور لقمہ دینا سوائے تراویح کے اور نمازوں میں بھی درست ہے یا نہیں؟

جواب لقمہ دینے کی نیت کرے۔ قرأت کی نیت نہ کرے اور سب نمازوں میں لقمہ دینا درست ہے۔ مگر مقتدی کو امام کے رُکتے ہی فوراً لقمہ دینا مکروہ ہے اسی طرح امام کو بار بار پڑھنے سے مقتدی کو حاجت لقمہ ڈالنے کی بھی مکروہ ہے اگر بقدر واجب قرأت پڑھ چکا ہے تو رکوع کرے یا دوسری آیت کی طرف چلا جائے۔ ورنہ اسکو چھوڑکر اور سورت شروع کرے (عالمگیری، شامی)

Marfat.com

سوال نماز کے مفسدات میں ایک مفسد نماز قرآن کا غلط پڑھنا جو بتلایا گیا ہے یہ نہیں معلوم ہوا کہ وہ کیسی غلطیاں ہیں۔ جن سے نماز فاسد ہوتی ہے ؟

جواب وہ غلطیاں چند قسم کی ہیں ایک تو غلطی اعراب کی ہے یعنے زبر کی جگہ زیر اور زیر کی جگہ پیش متحرک کی جگہ ساکن اور ساکن کی جگہ متحرک مشدد کی جگہ مخفف اور مخفف کی جگہ مشدد۔ مد کی جگہ کسر اور کسر کی جگہ مد کا پڑھنا ہے، دوسری غلطی تبدیل حروف کی ہے یعنی ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف یا کم و زیادہ یا مقدم و مؤخر کرنا ہے۔ تیسری غلطی تبدیل کلمہ یا جملہ کی ہے یعنی ایک کلمہ کی جگہ دوسرا کلمہ یا ایک کلمہ کی جگہ دوسرا جملہ پڑھنا یا کم و بیش مقدم و مؤخر کرنا ہے۔ چوتھی غلطی وقف کی ہے یعنی وصل کی جگہ وقف اور وقف کی جگہ وصل کرنا ہے۔ اب جاننا چاہیئے کہ ان غلطیوں سے اگر ایسے معنی تبدیل ہوئے ہیں کہ جنکا اعتقاد کفر ہے تو نماز مطلقاً فاسد ہوگی خواہ وہ غلطی اعراب کی ہو یا حرف کی یا کلمہ اور جملہ کی مثلاً وَعَصٰٓی اٰدَمُ رَبَّهٗ میں م کو زبر سے اور رب کو پیش سے پڑھا یا اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ میں بجائے صٰلِحٰتِ کے طٰلِحٰتِ اور بجائے خَیْرُ الْبَرِیَّةِ کے شَرُّ الْبَرِیَّةِ تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسلئے کہ ان تغیرات سے ایسے معنے ہو گئے کہ جن کا اعتقاد کفر ہے پہلے وَعَصٰٓی اٰدَمُ رَبَّهٗ کے معنے یہ تھے (اور نافرمانی کی آدم نے اپنے رب کی) اب تغیر زبر اور پیش کے ساتھ یہ معنے ہوئے (اور نافرمانی کی آدم کی رب اسکے نے) نعوذ باللہ منہا۔ اسی طرح اِنَّ الَّذِیْنَ الخ کے معنے یہ تھے (بیشک جو لوگ ایمان لائے اور عمل اچھے کئے وہ سب خلقت سے بہتر ہیں) اب حرف ص اور ط اور جملہ خیر البریۃ کی جگہ شر البریۃ کے تغیر سے یہ معنے ہوئے (بیشک جو لوگ ایمان لائے اور عمل برے کئے۔ سب خلقت سے بہتر ہیں) یا تغیر جملہ سے یہ معنے ہوئے (بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے۔ وہ لوگ سب خلقت سے بدتر ہیں) نعوذ باللہ منہا۔ اور اگر ایسی غلطی نہیں ہے کہ جس کے معنے کا اعتقاد موجب کفر ہو تو صرف اعراب کی غلطی کے لئے مفتی بہ قول ہے کہ نماز فاسد نہ ہوگی۔ اسلئے کہ اکثر لوگ تمیز اعراب کی نہیں رکھتے ہیں۔ مثلاً لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ میں ت کو پیش سے پڑھا تو نماز درست ہے اور حروف اور کلمات کی غلطی میں یہ قید ہے کہ اگر حروف اور کلمات کے معنے میں تغیرات فاحش ہوں گے یا بے معنی ہوں گے تو نماز فاسد ہوگی۔ مثلاً هٰذَا الْغُرَابُ کی جگہ هٰذَا الْغُبَارُ پڑھنا صریح تغیر حروف سے غلطی فاحش ہے یا سَرَائِرُ کی جگہ سَرَائِیْلُ

مہمل پڑھنا عَلِیْنَ کی جگہ غَافِلِیْنَ پڑھنا اور اگر کلمہ یا جملہ کے معنے میں تغیّر فاحش نہیں ہوا ہے تو اب یہ دیکھنا چاہئے کہ ویسا کلمہ اور جملہ قرآن میں ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہے تو نماز فاسد ہوگی اور اگر ایسا کلمہ قرآن میں نہیں ہے تو نہیں فاسد ہوگی مثلاً عَلِیْمٌ کی جگہ حَکِیْمٌ یا خَبِیْرٌ کی جگہ بَصِیْرٌ پڑھنا اور اگر کچھ بھی معنے نہیں بگڑے اور ویسا کلمہ قرآن میں بھی نہیں ہے تو طرفین رحمہما اللہ کے نزدیک نماز فاسد نہ ہوگی جیسے قَوَّامِیْنَ کی جگہ قَیَّامِیْنَ پڑھنا۔ ان مسائل میں متقدمین فقہا اور متاخرین فقہا کا فروعات میں بہت اختلاف ہے مگر چونکہ فقہا متاخرین کے قواعد منضبط نہیں ہیں اسلئے نماز کے باب میں بموجب قول رد المختار و فتاوےٰ عالمگیری و کبیری قواعد متقدمین کی پابندی میں زیادہ احتیاط ہے اسلیئے فقیر نے بھی انہیں قواعد منضبطہ متقدمین کو ہی اختیار کیا ہے اگر زیادہ ضرورت ہو تو بڑی کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے +

**سوال** قرأت کو راگنی سے پڑھنا کیسا ہے؟

**جواب** مفسد نماز ہے۔ اگر حرف مد اور لین میں بھی حد سے زیادہ راگنی ہوگی تو نماز فاسد ہوگی +

**سوال** مد اور لین کس کو کہتے ہیں اور اس کے کتنے حروف ہیں؛

**جواب** مد اُس حرف علت کو کہتے ہیں کہ جسکی پہلی حرکت اُسکے موافق ہو اور اُسکے تین حرف ہیں (ا، ی، و) جیسے خٰلِدِیْنَ میں حرف دال کے نیچے زیر حرف ی کے موافق ہے۔ اور خ پر زبر حرف ا کے موافق اور مُسْلِمُوْنَ میں م پر پیش و کے موافق ہے اور اگر حرکت حروف علت سے پہلے غیر موافق ہوئی تو اُسکا نام لین ہے۔ اور اُس کے دو حرف ہیں وُ، یٔ۔ جیسے خٰلِدَیْنَ میں د پر زبر (ی) کے خلاف حرکت ہے اور قول میں و سے پہلے زبر خلاف حرکت و کے ہے +

**سوال** ایسے حروف کے بدلنے میں جیسے کہ س اور ص۔ ض۔ ط۔ ظ اور ت ہیں کہ جن کی تمیز بمشکل سے ہوتی ہے۔ نماز فاسد ہوگی یا نہیں؛

**جواب** اگر دانستہ بدلے گا تو نماز فاسد ہوگی اور اگر بے اختیار زبان سے نکلیگا یا تمیز حروف کو نہیں جانتا۔ تو فاسد نہ ہوگی۔ (کبیری، عالمگیری، غایۃ الاوطار)

**سوال** ایک شخص معذور یعنی ہکلا اور توتلا نہیں ہے مگر زبان اس طرح کی ہے کہ حروف صحیح ادا نہیں ہوتے تو وہ کیا کرے؛

جواب یہ شخص معذور نہ ہوگا۔ جب تک کوشش بلیغ صحت قرأت کی نہ کرے اور اگر بعد کوشش بلیغ کے بھی زبان پر حروف صحیح جاری نہ ہوں تو معذور ہے نماز اسکی درست ہے اور اگر کوشش سے بعض حرف میں زبان جاری اور بعض میں نہیں تو اس کو وہ سورتیں اور آیتیں قرآن شریف میں سے تلاش کرنی چاہئیں کہ جن میں وہ حروف نہ ہوں کہ جن میں اُس کی زبان رکتی ہے۔ اگر ایسی سورتیں یا آیتیں مل جائیں تو اُن سے نماز پڑھتا ہے دوسری سورۃ یا آیت سے نماز فاسد ہوگی اور اگر ایسی سورت یا آیت نہ ملے تو اسی سے نماز ادا کرتا ہے مگر امامت نہ کرے (عالمگیری)

سوال اگر کسی نے کھلی ہوئی خطا کی اور پھر لوٹا کر صحیح پڑھ لیا اسکی نماز فاسد ہوئی یا نہیں؟

جواب اُسکی نماز درست ہوئی۔ فاسد نہیں ہوئی +

سوال اگر نماز میں بعض وجہ جواز کی ہو اور بعض فساد کی تو کیا حکم ہے؟

جواب اگر یہ فساد علاوہ قرأت کے ہے تو احتیاطاً فساد کا حکم ہوگا اور اگر قرأت کی وجہ سے ہو تو جواز کا حکم ہوگا۔ اسلئے کہ قرأت کی غلطی سے محفوظ رہنا بہت مشکل ہے (عالمگیری)

سوال نماز کے مفسدات افعال ہیں یا فعل عمل کثیر جو مفسد نماز بتلایا گیا ہے یہ بھی بتلا دیجئے کہ عمل کثیر کس کو کہتے ہیں؟

جواب عمل کثیر اس کو کہتے ہیں جس کے سبب سے دُور کا دیکھنے والا یہ سمجھ لے کہ اس عمل کا کرنے والا نماز کے اندر ہی نہیں ہے بشرطیکہ وہ عمل اصلاح نماز کے لئے نہ ہو خواہ وہ عمل کثیر اختیاری ہو جیسے کپڑے پہننا یا اختیاری نہ ہو جیسے کسی کے دھکے سے نمازی کا چند قدم اپنی جگہ نماز سے ہٹ جانا۔ کہ اُنسے نماز ٹوٹ جائیگی۔ اسلیے یہ عمل کثیر اصلاح نماز کے لئے نہیں ہیں اگر وہ عمل کثیر اصلاح نماز کیلیے ہے تو نماز نہیں ٹوٹے گی جیسے نماز میں بے وضو ہو جانے سے وضو کو جانا حالانکہ اس فعل سے دُور کا دیکھنے والا بھی نہیں جان سکتا کہ یہ شخص نماز کے اندر ہے مگر چونکہ یہ عمل کثیر اصلاح نماز کے لئے ہے اس لئے مفسد نماز نہیں (درمختار)

سوال اگر دیکھنے والے کو تردّد ہو تو اُس کے لئے بھی کیا یہی حکم ہے؟

جواب نہیں وہ عمل قلیل ہے اُس فعل سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔ عمل کثیر اور قلیل میں پانچ قول ہیں ان سب میں یہی قول صحیح تر ہے کہ جو بیان کیا گیا ہے (درمختار۔ شامی۔ کبیری)

Marfat.com

**سوال** مفسداتِ نماز میں ایک فعل مفسد نماز عورت کا جماعت میں برابر ہونا چند شرطوں کے ساتھ بیان کیا گیا ہے یہ بھی بتلائیے کہ وہ شرطیں کیا کیا ہیں؛

**جواب** اول شرط محاذات کی عورت کا قابل جماع ہونا ہے۔ دوسری شرط اس نماز کی شرکت ہے جس میں رکوع اور سجود ہو تیسری شرط مرد اور عورت کا از روئے تحریمہ و ادا کے شریک ہونا ہے۔ چوتھی شرط اتحاد مکان ہے پس اگر مرد ایسے چبوترے پر ہو جو قد آدم ہے اور عورت نیچے ہے۔ تو مرد کی نماز فاسد نہ ہوگی ۴ چھٹی شرط اس عورت کا عاقل ہونا ہے اگر دیوانی برابر کھڑی ہو جائے گی تو نماز فاسد نہ ہوگی ساتویں شرط امام کی نیت امامت ہے مطلق عورتوں کی یا مخصوص ایک عورت کی کہ جو جماعت میں حاضر ہوتی رہتی ہے اگر امام نیت عورتوں کی نہ کریگا تو اقتدا عورت کا درست نہ ہوگا۔ اور جب اقتدا درست نہ ہوا تو محاذی مرد کی نماز بھی فاسد نہ ہوگی اور نیت کا وقت قبل نماز ہے اگر درمیان میں عورت کے حاضر ہونے کے وقت نیت کریگا تب بھی اقتدا عورت کا درست نہ ہوگا آٹھویں شرط دونوں کی نمازوں کی جہت کا ایک ہونا ہے پس اگر عورت اندھیری رات میں تحری سے دوسری طرف کو نماز پڑھے تو مرد کی نماز فاسد نہ ہوگی (عالمگیری۔ غایۃ الاوطار)

**سوال** برابری میں کون سے عضو کی برابری معتبر ہے؛

**جواب** عورت کے قدم کی برابری معتبر ہے یعنی عورت کا قدم مرد کے کسی عضو کے مقابل ہیں ہو خواہ عورت اور مرد دونوں برابر کھڑے ہوں یا عورت آگے ہو (شامی)

**سوال** یہ حکم غیر عورت کیساتھ ہے یا بہن اور ماں وغیرہ محرموں کے ساتھ بھی یہی حکم ہے؟

**جواب** یہ حکم سب عورتوں کے لئے شامل ہے خواہ اجنبیہ ہو یا محرمہ ہو خواہ ایسی عورت ہو کہ جو بالفعل قابل جماع ہے یا ایسی لڑکی ہو جسکی طرف رغبت جماع ہے خواہ ایسی بوڑھی ہے جس سے مرد نفرت کریں (عالمگیری)

**سوال** اگر عورت مردوں کی صف میں مل جائے تو کتنے آدمیوں کی نماز فاسد ہوگی؛

**جواب** تین مردوں کی۔ ایک تو وہ جو اسکی داہنی طرف ہو۔ دوسرے وہ جو اس کے بائیں طرف ہو۔ تیسرے وہ جو اس کے پیچھے ہو۔

۵ پانچویں شرط دونوں کے درمیان کسی چیز کا حائل نہ ہونا ہے اگر ستون یا سترہ بیچ میں حائل ہوگا تو نماز فاسد نہ ہوگی

سلہ اگر عورت اور مرد کا درمیان فاصلہ ایک دری کا بھی چھوٹا ہوا ہے تو اسقدر فاصلہ سے بھی نماز نہیں ٹوٹے گی (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

سوال اگر عورت نماز اور پڑھتی ہو اور مرد اور لور پھر برابر ہو تو نماز فاسد ہوئی یا نہیں ؛

جواب اِس سے نماز فاسد نہیں ہو گی مگر مکروہ تحریمی ضرور ہے (شامی)

سوال کسی کے دانتوں میں کوئی چیز ہو اور وہ نماز میں نگل جائے تو نماز ٹوٹی یا نہیں ؛

جواب اگر وہ چنے کی مقدار سے کم ہو گی اور نگل جائے گا تب تو نماز فاسد نہ ہو گی اور اگر چنے کی برابر ہے یا زیادہ تو نگلنے سے نماز ٹوٹ جائے گی (درمختار)

سوال کسی کے دانتوں سے خون نماز کی حالت میں نکلا اور وہ اسکو نگل گیا تو کیسا ؛

جواب اگر تھوک پر خون غالب تھا تو نماز فاسد ہوئی اور اگر خون مغلوب تھا تو فاسد نہیں ہوئی (عالمگیری)

سوال اگر کسی نے مٹھائی کھا کر نماز شروع کی اور نماز میں مٹھاس کا مزہ آتا رہا تو نماز فاسد ہو گی یا نہیں ؛

جواب اس سے نماز فاسد نہیں ہو گی ہاں اگر مٹھائی منہ میں رہا اور کوئی چیز مقدار تِل کے نماز کے اندر باہر سے منہ میں گئی اور اسکو چبا کر نگل گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی (عالمگیری شامی)

سوال ایک عورت کا بچہ بحالتِ نماز دودھ پینے لگ جائے تو عورت کی نماز ٹوٹے گی یا نہیں ؛

جواب اگر دودھ پستان سے نکلا تو نماز ٹوٹ گئی ورنہ خالی تین چسکیوں کیسا تھ نماز ٹوٹ جائیگی خواہ دودھ پستان سے نکلے یا نہ نکلے ۔

سوال نماز میں کسی کو قے آجائے تو نماز فاسد ہو گی یا نہیں ؛

جواب اگر قے نماز میں بلا قصد مصلی کے آئے تو اب دیکھنا چاہیئے کہ منہ بھر کر ہے یا نہیں اگر منہ بھر کر ہوئی تو وضو ٹوٹا نماز نہیں ٹوٹی ۔ وضو کر کے اُسی پر بنا کرے اور اگر منہ بھر کر نہیں ہوئی تو نہ وضو ٹوٹا نہ نماز اور اگر منہ بھر کر قے کی مگر اسکو نگل گیا حالانکہ اُس کے باہر ڈالنے پر قادر تھا تو نماز بھی ٹوٹی اور وضو بھی اور اگر منہ بھر کر نہ تھی اور پھر نگل گیا ۔ تو بھی بقول امام رحمۃ اللہ علیہ نماز ٹوٹی اور اسی قول میں زیادہ احتیاط ہے اور اگر عمداً کی تو منہ بھر کر ہونے میں نماز فاسد ہو گی اور اس سے کم میں نہیں (عالمگیری)

سوال ۔ نماز میں کھجانا کیسا ہے ؛

جواب ۔ ایک رُکن میں تین بار کھجانا اور ہر بار ہاتھ اُٹھانا تو مفسد نماز ہے اور ایکبار کا کھجانا بلا عذر مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال ۔ کیا نمازی کے آگے گزر جانے سے بھی کچھ خلل نماز میں پیدا ہو جاتا ہے ؛

جواب ۔ کچھ بھی نہیں ۔ ہاں البتہ گزرنے والا گنہگار ہو گا (درمختار)

Marfat.com

سوال نمازی کے آگے گزرنے کی حد کہاں تک ہے ؟

جواب بڑی مسجدوں اور جنگل کے لئے تو یہ حد ہے کہ جہاں تک سجدہ کی جگہ دیکھتے ہوئے نمازی کی نظر پڑے اور چھوٹی مسجدوں اور گھروں کے لئے جائے نظر کا اعتبار نہیں۔ یہاں بغیر ستون یا آدمی کی آڑ کے نکلنے سے گنہگار ہوگا (عالمگیری)

سوال اگر دو شخص نکلیں تو اُن میں سے کون گنہگار ہوگا ؟

جواب وہ شخص جو نمازی سے زیادہ قریب ہے (عالمگیری)

سوال اگر نمازی اُونچے چبوترے وغیرہ پر ہو تب بھی گزرنے والا گنہگار ہوگا یا نہیں ؟

جواب اگر نمازی اسقدر اُونچی جگہ پر نماز پڑھ رہا ہے کہ گزرنے والے کے اعضاء نمازی کے مقابل نہیں ہوئے۔ تو گزرنے والا گنہگار نہیں۔ اور اگر اعضاء نمازی کے مقابل ہو گئے تو البتہ گنہگار ہوگا (عالمگیری)

سوال اگر نمازی ایسی جگہ کھڑا ہوا ہو کہ راستہ وہاں تھا اور گزرنے والے کو ضرورت گزرنے کی ہو تو اب کیا کرے ؟

جواب اِس صورت میں گزرنے والے پر کوئی گناہ نہیں۔ نمازی پر ہے بشرطیکہ نمازی راستہ روکنے ہی کی غرض سے ایسی جگہ کھڑا ہوا ہو اور اگر نمازی کی غرض یہ نہ تھی تو کسی پر بھی گناہ نہیں۔ ہاں گزرنے والا تا اختتام نماز کھڑا رہے تو بہتر ہے۔ نمازی کو چاہیئے کہ جنگل میں اپنے سامنے سترہ[1] جو کہ طول میں ایک ہاتھ کے مقدار اور موٹائی میں بقدر انگلی کے ہو کھڑا کرلے اور اگر کھڑا نہ کر سکے تو آگے ڈال لے۔ مگر طولاً ڈالے عرضاً نہ ڈالے۔ امام کا سترہ مقتدیوں کو کافی ہے۔ اگر کوئی جماعت کے آگے سے گزرے تو گنہگار نہیں اِسلیئے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کا سترہ ہے (عالمگیری)

سوال سترہ نمازی کو کتنے ہاتھ کے فاصلہ پر کھڑا کرنا چاہیئے ؟

جواب تین ہاتھ کے فاصلہ پر اور اسکو مقابل میں داہنے ابرو کے رکھے (غایۃ الاوطار)

سوال نمازی کے آگے سے کوئی چیز ہاتھ بڑھا کرلے جائے تو کیسا ؟

جواب اس میں کوئی گناہ نہیں۔ (غایۃ الاوطار صفحہ ۲۹۷)

سوال وہ کون سے عذر ہیں جن کے سبب سے نماز کا توڑ ڈالنا واجب ہے ؟

---

[1] سترہ اس لکڑی کو کہتے ہیں۔ جو نمازی کے آگے آڑ ہو ۱۲ (منہ غفرلہٗ ولوالدہٗ)

Marfat.com

جواب اول پاخانہ اور پیشاب کے دباؤ کے وقت۔ دوسرے[2] فریادرسی فریاد خواہ کیلئے۔ تیسرے[3] جلتے ہوئے اور ڈوبتے ہوئے کے نکالنے کے واسطے۔ چوتھے[4] اندھے کو کنوئیں میں گرتے ہوئے دیکھنے کے وقت۔ پانچویں[5] مسافر کو جانور کے چلے جانے کے وقت۔

سوال ماں باپ آواز دیں تو نماز توڑ دے یا نہیں؟

جواب اگر فرض نماز ہے تو بدوں فریاد خواہی کے نماز نہ توڑے اور اگر نماز نفل ہو تو مطلق پکارنے پر جواب دینا واجب ہو بشرطیکہ ماں باپ کو یہ علم نہ ہو کہ وہ نماز میں مشغول ہے اور اگر علم کے ساتھ ماں باپ پکاریں اور پھر بیٹا بیٹی جواب دیں تو مضائقہ نہیں اور اسی حکم میں مرید اور شاگرد بھی داخل ہیں (شامی)

سوال وہ عذر کونسے ہیں جن سے نماز کا توڑنا جائز ہے؟

جواب اول سانپ بچھو کے مارنے کے لئے۔ دوسرے مقیم کو سواری کے بھاگ جانے کے سبب۔ تیسرے بخوف تلف ہونے ایسی چیز کے جس کی قیمت ۵ درہم ہو خواہ وہ چیز نمازی کی ہو یا دوسرے کی (غایۃ الاوطار)

سوال وہ کیا کیا چیزیں ہیں جن سے نماز مکروہ تحریمہ ہوتی ہے؟

جواب اول سدل یعنی کپڑے کی دونوں طرفیں چھوڑ دینا بدوں پہننے معمولی کے (یعنی دوپٹہ یا چادر کو اپنے دونوں مونڈھوں سے لٹکا دے) اور اسی میں داخل ہے یہ صورت کہ کرتہ یا انگرکھا کی آستین گردن پر رکھ کر پیچھے کو ڈال لیوے اس طرح کہ جس سے ہاتھ سب کھلے رہیں۔ دوسرے چادرہ وغیرہ کو داہنی بغل کے نیچے سے لیکر بائیں مونڈھوں پر دونوں کنارے اسکے ڈالنا۔ تیسرے کپڑے کا اوپر اٹھانا اگرچہ مٹی میں بھرنے کے سبب سے ہو۔ چوتھے آستین یا دامن چڑھائے ہوئے نماز پڑھنا۔ پانچویں نمازی کے اپنے کپڑے اور بدن اور ڈاڑھی سے عبث[1] فعل کرنا۔ چھٹے ایسی چیز کا منہ میں رکھنا کہ جس سے قرأت مسنونہ ادا نہ کر سکے اور اگر ایسی ہو جو قرأت مفروض کو مانع ہو تو مفسد نماز ہے۔ ساتویں انگلیوں کا نماز میں چٹخانا[2] یا ایک ہاتھ کی انگلیوں کا دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا جسکو تشبیک کہتے ہیں۔ آٹھویں ہاتھوں کا نماز میں کولہ[3] پر رکھنا۔ نویں نماز میں منہ پھیر کر ادھر ادھر دیکھنا۔ دسویں نماز میں مثل کتے کے بیٹھنا یعنی دونوں سرین پر بیٹھنا اور رانوں کو کھڑا کر کے دونوں گھٹنے چھاتی سے لگا لینا یا دونوں پاؤں کھڑے کر کے انکی ایڑیوں پر بیٹھنا اور دونوں ہاتھ زمین پر رکھنا کہ یہ دونوں نشست کتے کی ہیں۔ گیارہویں نمازی کا کسی آدمی کے منہ کی طرف نماز پڑھنا

---

[1] جو فعل مفسد نماز نہیں وہ عبث ہے [2] یہ فعل خارج نماز مکروہ نہیں (غایۃ الاوطار) [3] کولہ پر ہاتھ رکھنا خارج نماز مکروہ تنزیہی ہے (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

اسی طرح دوسرے آدمی کا بھی نمازی کی طرف منہ کر کے بیٹھنا مکروہ تحریمی ہے بارہویں اپنے آپ سے جمائی لینا، تیرہویں اکیلا امام کا محراب[1] کے اندر بلا عذر کھڑا ہونا چودہویں تنہا امام کا چبوترہ پر ایک ہاتھ اُونچے اور مقتدیوں کا نیچے بلا[2] عذر کھڑا ہونا یا مقتدیوں کا اُسی قدر اونچے اور امام کا نیچے بلا عذر کھڑا ہونا، پندرہویں[3] نمازی کا اس کپڑے کو پہننا کہ جس میں تصویریں[4] جانداروں کی ہوں اسی طرح نمازی کے سر پر یا سامنے یا دائیں بائیں تصویروں کا ہونا مکروہ تحریمی ہے سولہویں رکوع اور سجود اور قومہ اور جلسہ میں طمانیت کا چھوڑنا، سترہویں پاخانہ اور پیشاب کی حاجت کیوقت نماز پڑھنا، اٹھارہویں چادر کو بدن پر اس طرح لپیٹنا کہ کہیں سے ہاتھ باہر نہ نکلے انیسویں[5] عمامہ یا پگڑی کو اس طرح باندھنا کہ بیچ میں سے سر کھلا رہے۔ بیسویں[6] ڈھاٹا باندھکر نماز پڑھنا جس سے ناک اور منہ ڈھک جائے اکیسویں کرتہ ہوتے ہوئے صرف پاجامہ سے نماز پڑھنا بائیسویں عمامہ کی کور پر سجدہ کرنا بشرطیکہ زمین کی سختی معلوم ہو اور اگر زمین کی سختی معلوم نہ ہو تو مفسد نماز ہے، تئیسویں مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت کا پڑھنا (عالمگیری وغیرہ)

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں جن سے نماز مکروہ تنزیہی ہوتی ہے؟

**جواب** اوّل ایسے میلے کچیلے کپڑوں سے نماز پڑھنا جنکو پہنکر دوسروں کے پاس جائے بشرطیکہ اور کپڑے موجود ہوں دوسرے بالوں کا جوڑہ باندھکر نماز پڑھنا، تیسرے کنکروں کا مقام سجدہ سے ہٹانا اور اگر بغیر ان ہٹائے سجدہ نہ ہو تو اب ہٹانا مکروہ نہیں چوتھے بلا عذر چار زانو یعنی پالتی مار کر بیٹھنا پانچویں جماہی کے وقت منہ کا کھلا رہنا چھٹے آنکھوں کا بند کرنا اور اگر خشوع کیلئے کرے تو جائز ہے۔ ساتویں اکیلا مقتدی کا ایسی صف کے پیچھے کھڑا ہونا جسمیں فرجہ ہو اور جس میں فرجہ نہ ہو تو مکروہ نہیں آٹھویں سبحان اللہ وغیرہ کا انگلیوں سے یا تسبیح لیکر شمار کرنا۔ اگر انگلیوں کے پوروں کو دبا کر شمار کریگا تو مکروہ نہیں نویں ہر عمل قلیل[7] والا

---

[1] اگر محراب سے امام باہر کھڑا ہو اور سجدہ محراب کے اندر ہو تو مکروہ نہیں ہے (غایۃ الاوطار) [2] امام کا ایک ہاتھ تو مقتدیوں پر اونچا کھڑا ہونا مکروہ تحریمی ہے اور اس سے کم میں اختلاف ہے ظاہر روایتوں کے موافق مقتدیوں سے امام کا نیچا ہونا بھی مقدار متعارف میں خلاف اولیٰ ہے (شامی) [3] عذر یہ ہے کہ جمعہ اور عیدین کے اندر کثرت آدمیوں کے سبب مقتدی نیچی جگہ پر کھڑے ہوں یا امام محراب میں کھڑا ہو تو مکروہ نہ ہوگا اسی طرح اس صورت میں مکروہ نہیں کہ اگر امام چبوترے پر ہو اور اس کے ساتھ کچھ مقتدی بھی ہوں (شامی) [4] مکانوں میں مطلق تصویریں رکھنا مکروہ ہے ہاں تصویریں ذلت کے ساتھ ہوں جیسے پاؤں کے نیچے یا سر کٹے ہوئے تو مکروہ نہیں (کنز الدقائق و شامی) [5] ایسا عمامہ باندھنا جس کے بیچ میں سے سر کھلا رہے۔ خارج نماز بھی مکروہ ہے اکثر نیند اور قوم میواتی اس فعل مکروہ میں بہت مبتلا ہیں انکو بیان کر دو ایسی پگڑی نہ باندھا کریں [6] جو جماہی نماز میں خود بخود آئے اگر وہ ارکان میں سوائے قیام کے آئے۔ تو بائیں ہاتھ کی پشت منہ پر رکھے اور اگر قیام میں آئے تو داہنے ہاتھ کی پشت منہ پر رکھے اور خارج نماز ہمیشہ بائیں ہاتھ کی پشت ہی منہ پر رکھے۔ قیام کی حالت میں اگر بائیں ہاتھ کی پشت رکھیگا تو دو حرکت ہوں گی۔ اسلئے حرکت قلیل ایک ہاتھ ہی کو جائز رکھے [illegible] (عالمگیری)

Marfat.com

عذر کے کرنا۔ دسویں بلا عذر تھوکنا۔ گیارہویں پنکھے یا آستین سے عمل قلیل کیسا تھ ہوا کرنا، بارہویں ننگے سر نماز پڑھنا بلا عذر خشوع وخضوع اور اگر ٹوپی یا عمامہ گر جائے تو اسکا عمل قلیل کے ساتھ اٹھا کر پہن لینا افضل ہے تیرہویں سجدہ میں پاؤں کو ڈھکنا، چودہویں دائیں بائیں طرف کو جھک جانا، پندرہویں دائیں یا بائیں پاؤں پہ بلا عذر زور دینا، سولہویں نماز میں خوشبو کا سونگھنا، سترہویں سجدہ وغیرہ میں اپنے پاؤں اور ہاتھوں کی انگلیاں قبلہ کی طرف سے پھیرنا، اٹھارہویں مسجد میں اپنی نماز کیلئے جگہ خاص مقرر کرنا، انیسویں امام کو کسی آدمی کے آنے کی وجہ سے رکوع اور سجدہ میں دیر کرنا، بیسویں رکوع میں گھٹنے پر اور سجدہ میں زمین پر بلا عذر ہاتھ نہ رکھنا اکیسویں دونوں ہاتھ کانوں سے اوپر اٹھانا یا مونڈھوں سے نیچے رکھنا۔ بائیسویں پیٹ کو رانوں سے ملانا، تیئیسویں بغیر امام کے صفوں کا کھڑا ہو جانا۔ چوبیسویں امام کا اسقدر جلدی ارکان نماز میں کھڑا ہو جانا کہ مقتدی اذکار مسنون کو ادا نہ کر سکیں۔ پچیسویں مکھی اور مچھر کا بلا ضرورت ہٹانا (عالمگیری) +

سوال ایک شخص نماز زمین پر پڑھ رہا ہے دوسرے شخص نے کپڑا یا مصلّےٰ اس کے سامنے ڈال دیا تو اسپر سجدہ کرنا کیسا!

جواب جائز ہے (عالمگیری)

سوال امام کو جمعہ اور ظہر اور عصر کی نماز میں اُن سورتوں کا پڑھنا جن میں سجدہ ہے کیسا ہے!

جواب مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال نماز میں ایک آیت کا بار بار پڑھنا کیسا!

جواب فرض نماز میں عذر ونسیان کے ساتھ مضائقہ نہیں ورنہ مکروہ ہے اور نفل نماز میں مکروہ بھی نہیں +

سوال اکثر لوگ سجدہ میں جانے کیوقت دونوں ہاتھوں سے پاجامہ کو چڑھایا کرتے ہیں اُنکی نماز درست ہی یا نہیں؟

جواب ایک قول کے موافق جو عمل کثیر میں ہے نماز فاسد ہو جائے گی اسلئے کہ اس قول میں عمل کثیر کی تعریف یہ ہے کہ جو فعل دونوں ہاتھوں سے کیا جاوے ورنہ مکروہ ہونے میں کلام نہیں اس سے احتیاط رکھنی چاہیے +

# باب امامت کے بیان میں

سوال امامت کس کو کہتے ہیں؟

Marfat.com

جواب امامت سرداری کو کہتے ہیں اور امام قوم کے پیشوا اور سردار کو کہتے ہیں۔

سوال امامت کے قسم کی ہوتی ہے؟

جواب دو قسم کی ہوتی ہے ایک امامت کبرٰی یعنی ریاست عامہ جو لوگوں کے دین و دنیا کے مصالح کی حفاظت کے لئے بطور نیابت کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتی ہے۔ دُوسرے امامت صغرٰی کہ وہ مقتدی کی نماز کا امام کی نماز سے چند شرطوں کے ساتھ وابستہ ہونیکا نام ہے +

سوال۔ وہ شرطیں کیا کیا ہیں؟

جواب۔ اول شرط مقتدی کو اقتدا کی نیت کرنا ہے دوسری شرط امام اور مقتدی کی جگہ کا ایک ہونا ہے اگر امام سواری پر ہو اور مقتدی پیادہ ہو یا برعکس یا امام دوسری سواری پر ہو اور مقتدی دُوسری پر یا امام ایک مکان میں اور مقتدی دوسرے مکان میں تو ان دونوں میں بوجہ نہ ہونے اتحاد مکان کے اقتدا صحیح نہیں۔ تیسری شرط دونوں کی نماز کا ایک ہونا ہے اگر امام اور فرض پڑھتا ہو اور مقتدی دوسرا یا امام نفل پڑھتا ہو اور مقتدی فرض تو بوجہ ایک نماز نہ ہونے کے اقتدا صحیح نہیں چوتھی شرط امام کی نماز کا مقتدی کے گمان میں صحیح ہونا ہے اگر مقتدی کی رائے میں امام کی نماز صحیح نہیں تو اقتدا بھی صحیح نہیں۔ پانچویں شرط امام سے مقتدی کا بلحاظ ایڑیوں کے آگے نہ بڑھنا یعنے اگر مقتدی امام سے آگے بڑھ جائے گا۔ تو اقتدا صحیح نہیں رہے گا۔ اگر بوجہ طوال ہونے پاؤں کے انگلیاں آگے نکل جائیں تو اقتدا صحیح ہے۔ چھٹی شرط مقتدی کا امام کے ایک رُکن سے دوسرے رُکن میں جانے کو جاننا ہے۔ خواہ خود دیکھکر جانے۔ ساتویں شرط مقتدی کا امام کے حال کو جاننا ہے یعنی یہ کہ امام مقیم ہے یا مسافر خواہ یہ جاننا نماز سے پہلے ہو یا پیچھے اگر ایسی صورت ہو کہ امام نے چار رکعت نماز میں دو رکعت پر سلام پھیرا اور مقتدیوں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ امام نے بھول کر سلام پھیرا یا سفر کے سبب تو اقتدا صحیح نہیں۔ آٹھویں شرط مقتدی کا کل ارکان میں شریک رہنا ہے اگر کسی رُکن کو بالکل ترک کردے یا پہلے ادا کرلے تو اقتدا صحیح نہیں ہوا۔ نویں شرط نماز کی شرائط اور ارکان کی بجا آوری میں مقتدی کا امام کی مانند یا کمتر ہوتا ہے یعنی اگر امام رکوع اور سجدہ کرنے والا ہے مقتدی بھی ایسا ہی ہے یا امام اشارہ سے نماز پڑھتا ہے اور مقتدی بھی اشارہ سے تو بوجہ مانند

ہونے ادائیگی ارکان کے ان دونوں صورتوں میں مقتدی کی اقتدا صحیح ہے۔ نہ کہ برخلاف صورت میں یعنے اگر امام اشارہ سے نماز پڑھنے والا ہو اور مقتدی رکوع اور سجود سے تو اب اقتدا صحیح نہیں (شامی)

سوال نابالغ کا اقتدار تراویح میں بھی صحیح ہے یا نہیں؟

جواب قول مختار کے موافق کسی نماز میں نابالغ کے پیچھے نماز بالغ کی صحیح نہیں خواہ عید کی نماز ہو یا کسوف اور خسوف کی نماز ہو اسلیے کہ لڑکے نابالغ کے ذمہ کوئی نماز نہیں اسکو صرف عادت ڈالنے کے لئے نماز کا حکم قبل از بلوغ دیا گیا ہے۔ اور جن مشائخ کے نزدیک لڑکے نابالغ کی نماز نفل ادا ہوتی ہو۔ انکے نزدیک بھی امام بنانا لڑکے کا درست نہیں ہے اسلیئے کہ نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والوں کا امام نہیں ہو سکتا۔ یہ صورت تو فرض نمازوں کی اقتدار کی ہو اور نفل نماز میں بالغ کی نفل نابالغ کی نفل سے قوی تر ہے کیونکہ بالغ کی نفل شروع کرنے سے واجب ہو جاتی ہے۔ اسلیئے تراویح وغیرہ میں بھی بموجب دونوں قولوں کے اقتدار نادرست رہا (غایۃ الاوطار)

سوال ہم حنفیوں کے نزدیک امامت کا ثواب زیادہ ہے یا مؤذنی کا؟

جواب ہمارے نزدیک امامت کا ثواب زیادہ ہے + (غایۃ الاوطار)

سوال امامت کے لئے زیادہ حق کس کو حاصل ہے؟

جواب سب سے پہلے وہ شخص امامت کے لئے اولےٰ ہے جو نماز کی صحت اور فساد کے مسائل زیادہ جانتا ہو بشرطیکہ متقی[1] بھی ہو اور قرأت مسنونہ سے بھی واقف ہو اگر اسباب میں دو آدمی برابر ہوں تو جو قاری ہو یعنی علم تجوید جانتا ہو وہ امام بنایا جاوے۔ اگر اس صفت میں بھی برابر ہوں تو صاحب ورع[2] مستحق امامت ہے۔ پھر زیادہ عمر والا اگر ان باتوں میں بھی برابر ہوں تو ان سب باتوں میں پہلے ہونے کا لحاظ کیا جائیگا۔ اگر اس لحاظ میں برابری ہو تو خوش خلقی کو فضیلت دی جائیگی۔ پھر زیادہ سب میں خوبصورت کو پھر جو از روئے حسب اشرف ہو پھر نسب کی رُو سے فضیلت ہوگی یعنی سید سب میں فاضل ہوگا اور اگر دونوں سید ہوں پھر جس کی آواز سب سے اچھی ہو وہ مقدم کیا جائیگا۔ پھر جس کی

---

[1] متقی اس کو کہتے ہیں جو ظاہر گناہ ہوں اور دین پر مطعون ہونے سے بچا ہوا ہو (منہ غفراللہ لہ ولوالدیہ)

[2] صاحب ورع وہ ہے جو مشتبہ چیزوں سے بھی بچے۔ ۱۲ (منہ غفراللہ لہ ولوالدیہ)

Marfat.com

بیوی زیادہ حسین ہو اور یہ بات لوگوں میں یا ہمسایوں میں شہرت ہو جانے سے معلوم ہو جاتی ہے اور یہ فضیلت اس وجہ سے ہے کہ اس شخص میں مضمون عفت اور محبت کا زیادہ ہوگا پھر مستحق امامت زیادہ مال والا جو حلال سے پیدا کرے۔ پھر جاہ والا۔ پھر جس کے کپڑے سب سے اچھے ہوں پھر جس کا سب سے سر بڑا ہو جب چند اشخاص ایک امر شرعی میں یا عادی میں ایک دوسرے کے مزاحم ہوں تو کسی کو بلا ترجیح مقدم نہ کیا جائے بصورت مساوات ہو شرعی یا عادی میں مساوی ہونے کے قرعہ ڈالا جاوے۔ جس کے نام قرعہ نکلے وہ شخص امامت کرے یا مقتدیوں کو اختیار دیا جائے جسکو چاہیں پسند کریں۔ اگر اولیٰ کے ہوتے ہوئے مقتدی ادنیٰ کو امام بنالیویں گے تو برا کریں گے (شامی)

سوال ایسا امام تو اس زمانہ میں ملنا مشکل ہے تو کیا ہمارے اوپر سے بوجہ نہ ملنے ایسے امام کے جماعت ساقط ہو جاویگی۔ جیسے کہ مذہب امامیہ میں ہے؛

جواب بھائی یہ بحث تو فضیلت میں ہے نہ اسقاط جماعت میں اہل سنت والجماعت کا تو یہ عقیدہ ہے کہ اصل نماز فاجر اور فاسق کے پیچھے بھی ہو جاتی ہے برخلاف رافض کے اسلئے کہ ان کو جماعت کی حکمتوں اور برکتوں کے حاصل کرنے سے محرومی ہے اور اہل سنت کو نہیں +

سوال وہ حکمتیں اور برکتیں جماعت کے اندر کیا کیا ہیں ؛

جواب باہمی مسلمانوں میں اتحاد اور الفت کے سلسلہ کا منتظم رہنا، جاہل کا عالم سے مسائل کا سیکھنا، ہمسایوں اور اہل شہر کا حال دریافت ہونا، نماز میں دل لگنا، کملائے امت کے انوار قلبیہ سے متمیز ہونا اور بہت سی باتیں ہیں جن کا یہ رسالہ متحمل نہیں +

سوال جماعت کا حکم کتنے آدمیوں کے ساتھ ہوتا ہے ؛

جواب پنجوقتہ فرضوں میں امام کے سوا ایک آدمی کے ساتھ اور جمعہ میں امام کے سوا تین آدمیوں کے ساتھ جماعت کا حکم ہے۔ خواہ ان میں ایک لڑکا سمجھ والا ہی ہو (شامی)

سوال جماعت مسجدوں کے ساتھ ہی مخصوص ہے یا گھروں میں بھی ہو جاتی ہے ؛

جواب گھروں میں بھی ہو جاتی ہے۔ مگر مسجدوں کا ثواب تو مسجدوں ہی کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ ثواب علاوہ جماعت کے ثواب کے ہے +

سوال مسجدوں کے ثواب کی تشریح بیان کیجئے ؛

Marfat.com

جواب محلہ کی مسجد میں گھر کی نماز سے پچیس نماز کا ثواب زیادہ ہے۔ اسی طرح محلہ کی مسجد سے جامع مسجد میں پانچسو نماز کا ثواب زیادہ ملتا ہے۔ بیت المقدس کی مسجد میں پچاس ہزار نماز کا ثواب ہے اسی طرح مدینہ منورہ کی مسجد میں پچاس ہزار نماز کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور مکہ معظمہ کی مسجد میں ایک لاکھ نماز کا ثواب ملتا ہے۔

سوال کیا اور کوئی مسجد ہے ایسی جس میں محلہ کی مسجد اور جامع مسجد سے زیادہ ثواب ہے؛

جواب ہاں وہ مسجد ہے جس میں کسی کا پیر یا اُستاد رہتا ہو اور یہ بالاتفاق فضیلت خاص اُسی شخص کے حق میں ہے (غایۃ الاوطار)

سوال اگر محلہ کی مسجد میں جماعت نہ ہوتی ہو اور مسجد میں جاکر نماز جماعت سے پڑھا کرے یا اپنے محلہ ہی کی مسجد میں ہی نماز پڑھے؛

جواب ایسی صورت میں محلہ والے کو محلہ کی مسجد کے سوا دوسری مسجد میں جانا درست نہیں خواہ جامع مسجد ہی کیوں نہ ہو۔ اسلیئے کہ اسپر اِسی مسجد کا حق ہے پس اِسی مسجد میں اذان کہے اور تنہا نماز پڑھے اور یہ تنہا نماز اس مسجد کی اُسکے حق میں دوسری مسجدوں کی جماعت سے بہتر ہے (درمختار)

سوال اگر محلہ میں دو مسجدیں ہوں تو نماز کے لئے کونسی حقدار زیادہ ہے؛

جواب جو اُس کے مکان کے قریب تر ہے (درمختار)

سوال اگر دونوں کا فاصلہ برابر ہو تو کس میں نماز پڑھے؛

جواب جو مسجد پُرانی ہو (درمختار)

سوال اگر کوئی مسجد سے اذان کے بعد بلا نماز ادا کیئے چلا جائے تو کیسا؛

جواب مکروہ ہے مگر امام اور مؤذن کا دوسری مسجد کیواسطے پڑھانے نماز کے چلا جانا مکروہ نہیں (عالمگیری)

سوال مسجدوں میں کیا کیا باتیں ناجائز ہیں؛

جواب اوّل سوال کرنا۔ دوسرے سائل کو دینا اُس حال میں کہ جب لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتا ہو۔ تیسرے گمشدہ چیز کی تلاش کرنا، چوتھے لغو اشعار پڑھنا، پانچویں آوازوں کا بلند کرنا یعنی چیخنا چھٹے وضو کرنا۔ ساتویں کھانا اور سونا سوائے معتکف کے، آٹھویں لہسن اور پیاز اور مثل اسی کے کھا کر آنا۔ نویں خرید و فروخت کرنا۔ دسویں لوگوں سے باتیں کرنیکی غرض سے بیٹھنا اور پھر دنیا کی باتیں کرنا اور اگر اس نیت سے نہ جائے۔ اور پھر باتیں دنیوی ہو جائیں تو مضایقہ نہیں (درالمختار)

Marfat.com

**سوال** پنجوقتہ فرض نمازوں میں جماعت سے نماز پڑھنا کیسا؟

**جواب** واجب ہے۔ اگر بلا عذر جماعت ترک کرے گا تو گنہگار ہوگا۔

**سوال** وہ عذر کیا کیا ہیں؟

**جواب** بیماری، اپاہج ہونا۔ مینہ اور کیچڑ کا ہونا، غضب کا جاڑا پڑنا، سخت اندھیرا ہونا، رات کے وقت آندھی کا آنا، اپنے مال پر چوروں کا یا قرضخواہ یا ظالم یا قافلے کے چلے جانے کا خوف ہونا، مریض کی خدمت کرنا، اس کھانے کا سامنے آجانا جسکی طرف اسکا نفس مشتاق ہو، علم فقہ کی مشغولی اور شیخوخیت یہ عذرات ہیں کہ جن کے سبب سے ترک جماعت سے گنہگار نہیں ہوتا بلکہ دل میں حسرت ہونے کی وجہ سے ثواب جماعت ملتا رہتا ہے ہاں علاوہ ان عذرات کے اگر جماعت ترک کریگا تو گنہگار ہوگا (شامی)

**سوال** جمعہ اور عیدین میں جماعت کیسی ہے؟

**جواب** ان میں جماعت کا ہونا شرط ہے بغیر جماعت کے یہ نمازیں درست نہیں (غایۃ الاوطار)

**سوال** تراویح میں جماعت کیسی ہے؟

**جواب** سنت کفایہ ہے (عالمگیری)

**سوال** رمضان شریف میں وتروں کے اندر جماعت کا کیا حکم ہے؟

**جواب** مستحب ہے (غایۃ الاوطار)

**سوال** کسوف[1] اور خسوف[2] کی نمازوں کا کیا حکم ہے؟

**جواب** سنت ہے (عالمگیری)

**سوال** نفل نمازوں میں جماعت کیسی؟

**جواب** بلانے کے ساتھ نادرست ہے اور اگر بلا بلائے دو تین آدمی جمع ہو جائیں تو جائز ہے اور تین سے زیادہ بغیر بلانے کے ساتھ بھی جماعت مکروہ ہے (عالمگیری)

**سوال** اس زمانہ میں عورتوں کا مسجد میں حاضر ہو کر شریک جماعت ہونا کیسا؟

**جواب** بسبب ظہور فساد کے مکروہ ہے (عالمگیری)

**سوال** اگر فجر اور عشاء کی جماعتوں میں بوڑھی عورتیں شریک ہو جائیں تو کیسا؟

---

[1] سورج گہن کو کہتے ہیں ۱۲ منہ (غفر لہ ولوالدیہ) [2] خسوف چاند گہن کو کہتے ہیں ۱۲ منہ (غفر لہ ولوالدیہ)

Marfat.com

**جواب** اس زمانہ میں کسی نماز میں بھی عورت کا خواہ جوان ہو یا بوڑھی مسجدوں میں آنا خالی کراہت سے نہیں۔ اسی پر فتوےٰ ہے (عالمگیری)

**سوال** وہ کون ہیں جن کے پیچھے نماز نہیں ہوتی ؟

**جواب** اول مجنون دائمی۔ دوسرے مدہوش۔ تیسرے نابالغ۔ چوتھے عورت۔ پانچویں خنثےٰ۔ چھٹے معذور[1]۔ ساتویں مسبوق۔ آٹھویں لاحق۔ نویں بدعتی جیسے رافضی، قدری جہمی مشبہ و غیر مقلد اور وہ مقلد کہ جو خدا کے جھوٹ بول سکنے کے معتقد ہیں وغیرہ وغیرہ نعوذ باللہ منہا۔ اتنے آدمی امام ہونے کے قابل نہیں (عالمگیری۔ فتح المبین۔ حسام الحرمین)

**سوال** وہ کون ہیں جن کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے ؟

**جواب** وہ فاسق ہے ۔

**سوال** فاسق کس کو کہتے ہیں ؟

**جواب** فاسق وہ ہے جو گناہ کبیرہ علانیہ کرے ۔

**سوال** وہ کون ہیں جن کے پیچھے نماز مکروہ تنزیہی ہوتی ہے ؟

**جواب** وہ یہ آدمی ہیں، غلام۔ جاہل، ولدالزنا۔ کم عقل، مفلوج، ابرص یعنی برص والا، مجذوم یعنی جذام والا، اور یہ کراہت تنزیہی بھی اس وقت ہے جب کہ اور کوئی اُن سے بہتر اس جگہ موجود ہو ورنہ پھر یہ کراہت بھی نہیں (غایۃ الاوطار)

**سوال** جس مسجد میں ایک دفعہ جماعت مع اذان اور اقامت کے ہو چکی ہو تو پھر اس میں دوسری جماعت کرنا کیسا ؟

**جواب** اگر یہ مسجد محلہ کی ہو جس میں امام اور مؤذن اور نمازی معین ہیں تو جماعت ثانیہ محراب سے ہٹ کر بغیر دوسری اذان کے بالاتفاق اور بالاجماع جائز ہے دوسری اذان کہنا ایسی مسجد میں جماعت ثانی کو مکروہ تحریمی ہے اور اگر یہ مسجد ایسی ہے جس میں امام مقرر ہے نہ مؤذن نہ نمازی تو اس میں دوسری اذان کے ساتھ بھی جماعت ثانی بلا کراہت درست ہے (عالمگیری و شامی)

**سوال** امام کے لئے کیا کیا باتیں مکروہ تحریمی ہیں ؟

---

[1] معذور اپنے جیسے معذور کی نماز پڑھا سکتا ہے مثلاً تتلا ہکلا یا وہ شخص کہ جس کو عارضہ سلسل البول کا ہو تو وہ ایسے ہی مقتدیوں کی امامت کرے صحیح پڑھنے والوں کی تتلا اور ہکلا امامت نہیں کر سکتا۔ اور سلسل البول والا ایسے عذر والے کی امامت نہیں کر سکتا (عالمگیری و شامی منہ)

Marfat.com

جواب اول نماز کا قرأت اور اذکار مسنون سے زائد طول دینا خواہ قوم راضی ہو یا نہ ہو۔ دوسرے صرف اجنبیہ عورتوں کی امامت کرنا ایسی جگہ میں کہ جہاں امام کی محرمہ عورتوں میں سے کوئی نہ ہو۔ تیسرے امام کا صف کے بیچ میں کھڑا ہونا بشرطیکہ وہ صف دو مقتدیوں سے زیادہ کی ہو اور اگر دو مقتدیوں کے بیچ میں کھڑا ہو گا تو مکروہ تنزیہی ہو گی (در مختار)

سوال ایک مقتدی کس طرف کھڑا ہو؟

جواب امام کی داہنی جانب کھڑا ہو۔ اس طرح سے اُس کے پاؤں کی اُنگلیاں امام کی ایڑی کے پاس ہوں بائیں طرف کھڑا ہونا ایک مقتدی کو مکروہ تنزیہی ہے (در مختار)

سوال ایک مقتدی امام کے برابر کھڑا ہے۔ پھر دوسرا شخص آیا اُسکو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب یہ شخص اس مقتدی کو پیچھے کو کھینچ لے۔ خواہ نیت باندھکر کھینچے یا بے نیت باندھے اور اُس ہٹنے میں مقتدی اصلاح نماز کی نیت کرے اور اگر یہ نیت نہ ہو گی تو نماز فاسد ہو گی اور اگر وہ پہلا مقتدی اپنی جگہ سے ہٹیگا اور پیچھے مقتدیوں کے ساتھ صف ہو جائے گی تو بالاتفاق نماز مکروہ ہو گی (در مختار)

سوال اگر کہیں ایسی جگہ ہو کہ مقتدی کو پیچھے ہٹنے کی جگہ نہیں ہو تو کیا ہونا چاہیئے؟

جواب اس وقت میں امام ایک ڈگ میں آگے بڑھ جائے (در مختار)

سوال ایک شخص ایسے وقت میں آیا جبکہ صف بھر چکی تھی تو اب یہ شخص اکیلا کھڑا ہو یا کیا؟

جواب اس شخص کو امام کے رکوع میں جانے تک انتظار دوسرے مقتدی کا کرنا چاہیئے اگر اس وقت تک کوئی اور مقتدی میسر نہ آئے تو جب امام رکوع کرے تو اول صف یا دوسری صف میں سے کسی مسئلہ جاننے والے کو کھینچ لے اور اگر ایسا شخص نہ ہو تو نہ کھینچے خواہ اکیلا امام کے پیچھے سیدھ میں کھڑا ہو جائے۔ اس وقت میں اکیلا کھڑا ہونا مکروہ نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال صفوں میں سب سے بہتر صف از روئے نزول رحمت کونسی ہے؟

جواب پہلی صف، پھر دوسری صف پھر تیسری صف علیٰ ہذا۔ مگر جنازہ کی نماز میں اس کے برعکس ہے (غایۃ الاوطار)

---

ل یہ حکم صرف نماز ہی کے لئے ہے مسجد کے لئے نہیں۔ بشرطیکہ مسجد کا دروازہ کھلا ہوا ہو (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

سوال وضو والے کا اقتدا تیمم والے کے پیچھے اور عذر والے کا اقتدا اسی جیسے عذر والے کے پیچھے پاؤں دھونے والے کا پاؤں یا جبیرہ پر مسح کرنے والے کے پیچھے، کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے کا بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کے پیچھے صحیح آدمی کا کبڑے اور ایسے لنگڑے کے پیچھے کہ جو پورے پاؤں پر کھڑا نہ ہو سکے، نفل پڑھنے والے کا فرض پڑھنے والوں کے پیچھے، مقیم کا مسافر کے پیچھے اور مسافر کا مقیم کے پیچھے اقتدار جائز ہے یا نہیں؟

جواب ان سب کا اقتدار جائز ہے مگر مسافر کا اقتدار پیچھے مقیم کے بعد وقت نکلنے کے جائز نہیں (غایۃ الاوطار۔ عالمگیری، کبیری)

سوال صف میں امام کے پیچھے کس قدر فاصلہ ہونا چاہیے جو صحتِ اقتدار کے لئے ضروری ہے؟

جواب مسجد خواہ بڑی ہو یا چھوٹی اور عیدگاہ اور جنازہ گاہ میں تو چاہے کہیں اقتدار کرے نماز جائز ہے مگر جنگل میں دو صفوں کے فاصلہ کی مقدار پر بھی اقتدا صحیح نہیں (عالمگیری)

سوال مسجد کی چھت پر اقتدار صحیح ہے یا نہیں؟

جواب اگر مقتدیوں کو امام کا حال مشتبہ نہ ہوتا ہو تو جائز ہے ورنہ نہیں (عالمگیری)

سوال اگر امام شاہراہ عام پر جنازہ وغیرہ کی نماز پڑھائے تو مقتدیوں میں اور اس میں کس قدر فاصلہ ہونا چاہیے؟

جواب جب امام ایسے راستہ میں کھڑا ہو اور لوگ راستے کے اندر اس کے پیچھے صف باندھیں تو امام اور مقتدیوں میں اس قدر فاصلہ ہونا چاہیے کہ گاڑی نہ گزرے اور اگر اس قدر فاصلہ چھوڑا کہ گاڑی گزر جائے تو اقتدار صحیح نہیں ہوگا (عالمگیری)

سوال صفوں میں ترتیب کس طرح ہونی چاہیے؟

جواب اس طرح پر ہونی چاہیے کہ اول صف مردوں کی ہو ان کے پیچھے صف لڑکوں کی پھر ان کے پیچھے خنثیٰ کی، پھر عورتوں کی، پھر لڑکیوں کی ہو۔ اس ترتیب سے صف آراستہ کریں اور مقتدیوں پر لازم ہے کہ جب نماز پر کھڑے ہوں تو برابر کھڑے ہوں درمیان کے فاصلے بند کرلیں اور مونڈھے سے مونڈھا برابر کرلیں اور امام صف کے بیچ کے مقابلہ میں آگے کھڑا ہو۔ اگر دائیں بائیں کھڑا ہوگا تو مخالفت سنت لازم آئے گی۔ پھر امام کے پیچھے مقابلہ میں وہ شخص

Marfat.com

کھڑا ہو جو جماعت میں سب سے افضل ہے (عالمگیری)

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں کہ اگر امام اُن کو چھوڑ دے تو مقتدی بھی چھوڑ دے اور امام کی تابعداری کرے؟

**جواب** وہ پانچ چیزیں ہیں، اوّل عیدین کی تکبیریں، دوسرے پہلا قعدہ، تیسرے تلاوت کا سجدہ، چوتھے سہو کا سجدہ، پانچویں قنوت۔ (درمختار)

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں کہ اگر امام اُن کو ادا کرے تو مقتدی اُنکے ادا کرنے میں امام کی تابعداری نہ کرے؟

**جواب** وہ چار چیزیں ہیں، اوّل عیدین کی تکبیرات میں زیادتی کرنا یعنے اگر امام سولہ[ل] سے زیادہ تکبیرات کہے تو مقتدی اس کا ساتھ نہ دیں، دوسرے چار سے زیادہ کرنا تکبیر کا جنازہ کی نماز میں، تیسرے زیادہ کرنا کسی رکن کا یعنے دو سے زیادہ سجدہ کرنا یا دوبار رکوع کرنا۔ چوتھے پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جانا۔ یہ چیزیں ہیں جن میں متابعت امام کی مقتدی نہ کرے (غایۃ الاوطار)

**سوال** وہ کیا کیا چیزیں ہیں کہ اگر امام ان کو ترک کر دے تو مقتدی ادا کرے؟

**جواب** وہ آٹھ چیزیں ہیں۔ اوّل تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اُٹھانا، دوسرے ثنا کا پڑھنا، تیسرے تکبیرات انتقالی یعنے رکوع و سجود وغیرہ کے وقت تکبیر کہنا، چوتھے تسبیحات رکوع و سجود پڑھنا۔ پانچویں سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہنا۔ چھٹے تشہد پڑھنا۔ ساتویں السلام پڑھنا۔ آٹھویں تکبیرات تشریق[ل] کہنا۔

**سوال** اگر مقتدی امام سے پہلے رکوع یا سجدہ میں چلا جائے تو کیسا؟

**جواب** مکروہ ہے اسی طرح سجدہ اور رکوع میں سے پہلے مقتدی کا سر اُٹھانا بھی مکروہ تحریمی ہے (عالمگیری)

**سوال** اگر مقتدی سے پہلے امام قعدہ اولی میں سے التحیات پڑھ کر کھڑا ہو جائے یا قعدہ اخیرہ میں مقتدی سے پہلے امام درود اور دعا پڑھ کر سلام پھیرے یا رکوع اور سجدہ کی تسبیحات امام مقتدی سے پہلے پڑھ کر سر اُٹھا لیوے تو اب مقتدی اُنکو پورا کرکے اُٹھے یا چھوڑ کر امام کی متابعت کرے؟

**جواب** اُنکو چھوڑ دے یا امام کی تابعداری کرے۔ اسی طرح دعا قنوت کو بھی چھوڑ دے اور رکوع

---

ل مقتدی کو اگر امام کی آواز نہیں سنتا اور تکبیروں کی آواز سنتا ہے۔ تو اب سولہ کی زیادہ میں بھی متابعت درست ہے (شامی)

ل تکبیرات تشریق کی۔ کہ نویں تاریخ ذی الحجہ کی صبح سے بعد ہر فرض نماز کے مقتدی اور امام سب اس طرح پڑھیں۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۔ تیرھویں تاریخ کی عصر تک ۱۲ منہ

Marfat.com

میں امام کے ساتھ چلا جائے۔ (عالمگیری)

سوال مقتدی کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

جواب چار قسم کے، ایک مدرک، دوسرا لاحق، تیسرا مسبوق۔ چوتھا مسبوق لاحق +

سوال ہر ایک کی تفصیل مفصل بیان فرمایئے؟

جواب مقتدی مدرک وہ ہے جس نے پوری نماز اول سے آخر تک امام کیساتھ ادا کی اور مقتدی لاحق وہ ہے جس کی کل یا بعض رکعت بعد اقتدا تحریمہ کے کسی عذر سے فوت ہوجائیں اور مسبوق وہ ہے جس کی اقتدار سے پہلے امام سب یا بعض رکعتیں پڑھ چکا ہو اور یہ اخیر رکعت کے رکوع کے بعد یا پہلی یا دوسری رکعت میں ملا ہو۔ اور مسبوق لاحق وہ ہے کہ جو دوسری رکعت میں بحالت قیام امام کے ساتھ شریک ہوا اور پھر تیسری یا چوتھی رکعت میں سو گیا یا حدث ہو گیا اور امام کے دو رکن ادا کرنے یا پوری نماز ادا کرنے کے بعد بیدار ہوا یا وضو سے فارغ ہوا +

سوال مسبوق اپنی بقیہ نماز کس طرح ادا کرے؟

جواب جس طرح گئی ہے اسی طرح ادا کرے۔ مثلاً ظہر کی نماز میں مسبوق نے چوتھی رکعت امام کے ساتھ پائی تو اب بعد سلام امام کے ان تین رکعتوں کو جو فوت ہوئی ہیں۔ اس طرح ادا کرے کہ اول رکعت میں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰہِ اور الحمد شریف اور سورت پڑھ کر رکوع کرے۔ پھر قومہ کرے اور دونوں سجدوں کے بعد تشہد کیلئے بیٹھے کیونکہ تشہد دو رکعتوں کے بعد ہوتا ہے پس تشہد کے حق میں ایک رکعت جو امام کے ساتھ ادا کی وہ اور ایک یہ جو بعد امام کے ادا کی لے لی گئی ہے۔ پھر تشہد کے بعد دوسری رکعت کو کھڑا ہو اس میں بھی قرأت پڑھے مگر تشہد کے لئے نہ بیٹھے۔ تیسری رکعت کو کھڑا ہو جائے اور یہ تیسری رکعت چوتھی رکعت کے امام کے چوتھی ہے خالی پڑھے۔ غرض مسبوق بقیہ نماز کو اس طرح ادا کرے جیسی کہ اسکی فوت ہوئی ہے یعنی دو بھری اور ایک خالی (غایۃ الاوطار)

سوال لاحق اپنی نماز کو کس طرح ادا کرے؟

جواب لاحق بروقت بیداری اس رکن کو کہ جس میں اس کا امام موجود ہے اپنی ترتیب نماز چھوڑ کر نہ مل جائے بلکہ اسی ترتیب سے ادا کرے جس طرح امام ادا کر گیا ہے۔ مثلاً یہ پہلی رکعت کے سجدہ میں سو گیا

Marfat.com

یا اس کو حدث ہو گیا اور اس کے جاگنے اور وضو سے فارغ ہونے تک امام دوسری رکعت کے قعدہ میں جا پہنچا تو اب اس مقتدی لاحق کو یہ کرنا چاہیئے کہ سجدہ دوبارہ ادا کرکے پھر تمام ارکان بالترتیب ادا کرے گو اس کا امام آگے بڑھتا جائے یہانتک کہ امام نماز سے باہر ہو جائے تب بھی یہ لاحق (اپنی ترتیب نہ چھوڑے بلکہ) اپنی ترتیب کے ساتھ امام کی پیروی کیے جائے اسی کا نام اقتداء ہے۔ اسلیئے کہ لاحق مثل مدرک کے ہے۔ یعنی نہ تو فوت شدہ رکعتوں میں قرأت پڑھے گا اور نہ سجدۂ سہو اپنے سہو سے کرے گا (درمختار)

**سوال** مسبوق لاحق اپنی نماز کس طرح ادا کرے؟

**جواب** مسبوق لاحق پہلے اپنی اس رکعت کو ادا کرے جو اقتدا کی حالت میں فوت ہوئی ہے پھر اس رکعت کو ادا کرے جو اقتدا سے پہلے فوت ہوئی ہے مثلاً دوسری رکعت میں اس نماز کی جو چار رکعت والی ہے ایک شخص آکر ملا اور تیسری رکعت میں اسکو حدث ہو گیا یا سو گیا تو اب بعد وضو یا بیداری پہلے تیسری رکعت کو بلا قرأت ادا کرے۔ اگر امام اسکو اخیر قعدہ تک مل جائے تو خیر ورنہ سب ارکان جو اس کا امام کر گیا ہو اخیر قعدہ تک یہ بھی تبعاً ادا کرے بعد ادائگی قعدۂ اخیرہ وہ رکعت جو اقتداء سے پہلے فوت ہوئی ہے اسکو ادا کرے اس رکعت میں بحالت مسبوقی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللہ اور الحمد شریف اور سورۃ سب پڑھے اس رکعت میں جس میں مسبوق ہے قرأت کے حکم میں منفرد کی مانند ہے اور ان رکعتوں میں جس میں لاحق تھا حکماً امام کے پیچھے ہے اسلیئے قرأت نہیں پڑھے گا۔ مقدار قرأت خاموش رہے گا (عالمگیری)

**سوال** مسبوق اگر امام کے سلام سے پہلے کھڑا ہو کر اپنی بقیہ نماز کو ادا کرے تو کیسا؟

**جواب** اگر بغیر بیٹھنے قدر تشہد کے کھڑا ہو گیا ہے تب تو عذراً اور بلا عذر نماز فاسد ہے اسلیئے کہ قعدۂ اخیرہ کی فرضیت ساقط ہو گئی اور اگر قدر تشہد بیٹھنے کے بعد بلا عذر سلام سے پہلے کھڑا ہو گیا ہے تو نماز مکروہ تحریمی ہو گئی اور اگر عذر کے ساتھ قعدہ کے قبل از سلام امام کھڑا ہو گیا تو جائز ہے (عالمگیری)

**سوال** وہ عذر کیا ہیں کہ جن کے سبب مسبوق مقتدی کو امام کے سلام سے پہلے کھڑا ہونا اور اپنی بقیہ نماز کو ادا کرنا جائز ہے۔ بشرطیکہ قدر تشہد امام کے ساتھ مسبوق بیٹھ گیا ہو؟

**جواب** وہ عذر یہ ہیں۔ اول خوف بے وضو ہو جانے کا، دوسرے خوف وقت کے جاتے رہنے کا

[illegible]

Marfat.com

تیسرے وقت پورا ہو جانے مدت مسح کا۔ چوتھے خوف گزرنے آدمیوں کا اُسکے سامنے سے (درمختار)
سوال اگر مسبوق عذرات مذکورہ میں سے کسی عذر کے ساتھ بقدر تشہد بیٹھکر اپنی بقیہ نماز کے لئے کھڑا ہو گیا اور پھر معلوم ہُوا کہ امام نے سجدۂ سہو کیا اب اسکو کیا کرنا چاہیئے؛
جواب مسبوق نے جب تک اپنی نماز کا سجدہ نہیں کیا ہے عود کر کے امام کے ساتھ سہو میں شریک ہو جائے اور اگر سجدہ سے اپنی رکعت کو مقید کر لیا ہے تو اپنی نماز کے اخیر میں سجدۂ سہو اپنے امام کا ادا کرے اور یہ حکم نماز کے اخیر میں سجدۂ سہو کرنے کا استحساناً دیا گیا ہے (غایۃ الاوطار)
سوال یہ حکم تو سجدۂ سہو کا معلوم ہُوا اور اگر امام کے ذمہ سجدۂ صلبی[1] یا سجدۂ تلاوت ہو اور مسبوق کو بعد کھڑے ہونے کے معلوم ہو تو کیا کرے؛
جواب اس وقت بھی جبتک اسی رکعت کا سجدہ نہیں کیا ہے۔ عود کر امام کی متابعت کرے۔ یعنی امام کے ساتھ سجدۂ صلبی اور سجدۂ تلاوت مع سجدۂ سہو کے ادا کرے پھر اپنی نماز پڑھے اور اگر عود نہ کریگا تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر رکعت کو سجدہ سے مقید کر لیا ہے۔ تو خواہ عود کرے یا نہ کرے دونوں صورتوں میں نماز فاسد ہو گی (عالمگیری۔ غایۃ الاوطار)
سوال اگر مسبوق نے امام کے ساتھ یا امام سے پہلے سہواً سلام پھیر دیا تو نماز فاسد ہو گی یا نہیں؛
جواب اس صورت میں نماز فاسد نہیں ہو گی (عالمگیری)
سوال اگر مسبوق کا امام پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہوا اور مسبوق نے اُس کا اتباع کیا۔ تو اُس کے لئے کیا حکم ہے؛
جواب اگر امام اخیر قعدہ کر کر کھڑا ہوا ہے تب تو مسبوق کی نماز فاسد ہو جائے گی اسلیئے کہ مسبوق نے علیحدہ ہو جانے کے موقعہ میں اقتدا کیا اور اگر امام نے قعدہ اخیر نہیں کیا ہے۔ تو نماز مسبوق کی اس وقت تک فاسد نہ ہو گی جب تک امام سجدہ پانچویں رکعت کا نہ کرے بعد پانچویں رکعت کے سجدہ کے مسبوق اور کل مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جائیگی (عالمگیری۔ درمختار)
سوال مسبوق کو بعد سلام امام کے کس وقت اپنی بقیہ نماز پڑھنے کے لئے اُٹھنا چاہیئے؛
جواب جب امام دونوں طرف سلام پھیر دے اور یہ معلوم ہو جائے کہ اب امام کے ذمہ کوئی سجدہ نہیں (عالمگیری)

[1] سجدۂ صلبی وہ سجدہ کو کہتے ہیں جو نمازوں کے اندر ہوتا ہے۔

Marfat.com

سوال مسبوق بعد تشہد پڑھنے کے امام کے سلام پھیرنے تک کیا کرے ؟
جواب مسبوق کو لازم ہے کہ امام کے قعدۂ اخیر میں اس طرح آہستہ آہستہ تشہد پڑھے۔ کہ امام کے سلام کے قریب فارغ ہو اور اگر امام سے پہلے تشہد پڑھ لے تو صرف کی تکرار کیا کرے یا چپ رہے (عالمگیری، غایۃ الاوطار)
سوال مسبوق دوسری رکعت میں اسوقت شریک ہوا جب کہ امام جہر سے قرأت پڑھ رہا ہے تو اب اسکو ثنا یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھنا چاہیئے یا نہیں ؛
جواب نہیں چاہیئے اسلیئے کہ قرآن کا سننا واجب ہے اور ثنا کا پڑھنا سنت ہے تو واجب کے مقابلہ میں اسکو ترک کرے اسی طرح وہ شخص بھی کہ جو اول رکعت میں بوقت پڑھنے قرأت کے شریک جماعت ہوا ہو۔ ترک کرے (عالمگیری۔ کبیری)
سوال یہ حکم تو جہری نماز کا ہوا۔ اور اگر سری نماز میں مسبوق دوسری رکعت میں شریک ہو تو بھی ثنا پڑھے یا نہیں ؛
جواب بہتر یہ ہے کہ اس وقت بھی پڑھے جب کہ شریک ہوا ہے اور جب اپنی رکعت علیحدہ پڑھے اس وقت بھی پڑھے (کبیری)
سوال مسبوق اگر امام کو رکوع یا سجدہ میں پاوے تو بھی ثنا پڑھے یا نہیں ؛
جواب اگر اسکو ظن غالب ہو کہ میں ثنا پڑھکر رکوع یا سجدہ میں ضرور مل جاؤنگا تب تو پڑھ کر شریک ہو ورنہ ثنا کو ترک کر کر رکوع میں شریک ہو جائے (عالمگیری)
سوال اگر مسبوق نے قعدہ میں امام کو پایا تو بھی ثنا پڑھے یا نہیں ؛
جواب قعدہ میں بغیر ثنا پڑھے مل جائے (عالمگیری)
سوال اگر امام کو نماز میں حدث ہو جائے تو کیا کیا جائے ؛
جواب فوراً ہٹ کر اسی رکن میں اپنا خلیفہ مقرر کرے اور ہٹنے کی صورت یہ ہے کہ جھک کا ہوا ناک پر ہاتھ رکھے ہوئے اپنی جگہ سے علیحدہ ہو تا کہ لوگوں کو معلوم ہو کہ امام کی نکسیر پھوٹی ہے (عالمگیری)
سوال خلیفہ کو اگر یہ نہیں معلوم ہوا کہ امام کس رکن کو چھوڑ کر چلا ہے اور مجھکو اس کی جگہ کونسا رکن ادا کرنا چاہیئے تو امام اپنے خلیفہ کو کس طرح اُس وقت میں ہدایت کرے ؛

Marfat.com

جواب امام پہلی صف میں سے ایسے شخص کو جس میں ابتدا سے صلاحیت امام ہونیکی ہو اور مسائل خلیفہ ہونے کے بھی جانتا ہو۔ طلب کر کے ہر ایک مقام کی علیحدہ علیحدہ ہدایت کرے مثلاً اگر قرأت چھوٹی ہے تو منہ پر ہاتھ رکھدے اور اگر ایک رکعت رہی ہے تو ایک انگلی اُٹھائے اور دو رکعت رہی ہیں تو دو اور اگر تین رکعت رہی ہیں تو تین انگلیاں اُٹھائے اور اگر رکوع کر رہا ہو تو گھٹنوں پر ہاتھ رکھدے اور اگر سجدہ رہا ہو تو پیشانی پر اور اگر سجدہ تلاوت چھوٹا ہے تو پیشانی پر اور زبان پر انگلی رکھدے اور اگر سجدہ سہو باقی ہے تو دل پر ہاتھ رکھدے اور جب خلیفہ کو حال معلوم ہو تو پھر ان اشاروں کے ساتھ ہدایت کی کوئی ضرورت نہیں (عالمگیری)

سوال کیا خلیفہ کے پیچھے امام پھر اپنی اُسی نماز کو پڑھ سکتا ہے؛

جواب ہاں بعد فراغ وضو پڑھ سکتا ہے اسکو بنا کہتے ہیں۔

سوال بنا منفرد اور مقتدی کو بھی درست ہے یا صرف امام ہی کو جائز ہے ؛

جواب بنا سب کو جائز ہے مگر منفرد کو افضل بنا سے ازسرِ نو نماز پڑھنا ہے اور امام ور مقتدی کو افضل بنا ہے اسلیئے کہ مقتدی اگر بنا کرے گا تو جماعت کے ثواب سے محروم رہیگا (عالمگیری)

سوال کیا بنا کرنے کے لئے کچھ شرطیں ہیں؛

جواب ہاں شرطیں ہیں۔ بغیر ان شرطوں کے بنا درست نہیں۔ اوّل شرط یہ ہے کہ ایسا حدث ہو جو موجب وضو ہو اور اس میں اس کا اختیار بھی نہ ہو۔ دوسری شرط یہ ہے کہ نمازی کے بدن سے حدث کا ہونا اگر خارج سے بدن پر نجاست مانع صلوٰۃ آلگے تو اب بنا درست نہیں، تیسری یہ ہے کہ حدث کثیر الوقوع ہو نادر الوقوع نہ ہو جیسے کہ بیہوشی کہ یہ حدث نادر الوقوع ہے اسپر بنا درست نہیں۔ چوتھی شرط یہ ہے کہ نمازی کا حدث کی حالت میں کسی رُکن کا ادا نہ کرنا ہے یعنی اگر سجدہ میں حدث ہوا اور بقصد ادا سر اُٹھا لیا ہے تو نماز فاسد ہوگی۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ چلنے کی حالت میں کوئی رُکن نہ ادا کرے مثلاً جب وضو کو گیا پھر لوٹنے کے وقت قرأت پڑھتا ہوا آیا تو بنا درست نہیں چھٹی شرط یہ ہے کہ کوئی فعل نماز کے مخالف نہ کرے مثلاً کھانا کھالیگا یا پانی پی لیگا یا اور کوئی حرکت مانع صلوٰۃ کر بیٹھیگا تو نماز ٹوٹ جائیگی اور بنا صحیح نہ ہو گی۔ ساتویں شرط یہ ہے کہ بلا ضرورت نہ چلے مثلاً وضو کے لئے پاس پانی کے ہوتے ہوئے دُور چلا جائے۔ اس صورت میں بھی بنا نہ ہو گی۔ آٹھویں شرط یہ ہے کہ بلا عذر

Marfat.com

دیر نہ لگائے۔ نویں شرط یہ ہے کہ کوئی حدث پہلا نہ یاد آجائے اگر اس وقت کوئی اور حدث پہلا یاد آ گیا تو نماز فاسد ہو جائیگی اسی طرح نماز غائبہ کا یاد نہ آنا ہے صاحب ترتیب کو، دسویں شرط یہ ہی کہ امام اور مقتدی کے درمیان آڑ نہ ہو یہ شرطیں ہیں جن کے ساتھ بنا رجائز ہے (عالمگیری)

سوال اگر کسی امام کی امامت سے قوم ناخوش ہو تو اُس امام کو بحالت ناخوشی قوم امامت کرنا کیسا!

جواب اگر قوم کی ناخوشی امر شرعی کے سبب سے ہے تب تو امام کو امامت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور اگر کسی امر دنیاوی کی وجہ سے ناخوشی ہو تو معتبر نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال اگر امام اور مقتدیوں کے درمیان کسی نماز کے رکن کے ہونے اور نہ ہونے میں اختلاف ہو مثلاً قوم کہے کہ تین رکعت پڑھی گئی ہیں۔ اور امام کہے کہ چار تو کس کا قول معتبر ہے؟

جواب اگر امام کو چار رکعت ہونیکا یقین ہو تو امام کا ہی قول معتبر ہی قوم کے کہنے سے نماز کا اعادہ نہ ہوگا اور اگر امام کو شک ہو تو پھر مقتدیوں کا قول معتبر ہوگا اور وہ نماز پھر سے پڑھی جائیگی (عالمگیری)

سوال اگر مقتدیوں میں باہم اختلاف ہو، بعض کہیں تین رکعت پڑھی ہیں اور بعض کہیں چار تو اب کیا کیا جائے؛

جواب اس صورت میں جس فریق کے ساتھ امام ہوگا اُسی کا قول معتبر ہے۔ خواہ ایک ہی آدمی کے ساتھ امام ہو (عالمگیری)

سوال اگر ایک شخص کو مقتدیوں میں سے یقین ہو کہ تین رکعت ہوئی ہیں اور ایک کو یقین ہے کہ چار رکعت اور امام اور باقی مقتدیوں کو شک ہے تو اب کیا کیا جائے؟

جواب کچھ بھی نہ کیا جائے اُسی نماز پر رہیں جو پڑھ لی گئی ہے (عالمگیری)

سوال ایک مقتدی کو یقین ہے کہ امام نے تین رکعت پڑھی ہیں اور باقی قوم اور امام کو شک ہے۔ تو کیا کیا جائے؛

جواب اس صورت میں ایک مقتدی کے یقین پر اور اُس کی مخالفت پیدا نہ ہونے پر احتیاطاً نماز کا اعادہ کریں (عالمگیری)

سوال ایک شخص کو ایک رکعت امام کے ساتھ ملی۔ آیا یہ شخص جماعت سے نماز پڑھنیوالا ہوا یا نہیں!

جواب یہ شخص بالاتفاق جماعت سے نماز پڑھنیوالا نہیں ہے۔ جماعت سے ثواب پانیوالا ہی۔ خواہ

Marfat.com

دو رکعت والے فرض میں یا ایک رکعت ملی ہو یا تین رکعت یا چار رکعت والے فرض میں سے (شامی)

سوال ایک شخص نے تین رکعت جماعت سے پڑھی اور ایک رکعت اُسکی فوت ہوئی آیا یہ بھی جماعت سے نماز پڑھنے والا ہوا یا نہیں؟

جواب یہ شخص بالاتفاق جماعت سے نماز پڑھنے والا ہے (عالمگیری)

سوال جماعت میں رکعت کا پانے والا کب تک ہوسکتا ہے؟

جواب جب تک امام رکوع سے سر نہ اُٹھائے۔ اگر مقتدی کے جھکنے سے پہلے امام نے سر اُٹھایا تو رکعت کا پانے والا نہ ہوگا (عالمگیری)

سوال ایک شخص فرض نماز علیحدہ ادا کر رہا تھا کہ اتنے میں جماعت اُسی فرض کی کھڑی ہو گئی اب اُسکو کیا کرنا چاہیے؟

جواب اگر یہ فرض فجر اور مغرب کے ہیں۔ تو اُن کو توڑ کر جماعت سے نماز پڑھے بشرطیکہ دوسری رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو اور اگر دوسری رکعت کا سجدہ کرلیا ہے تو پھر ان فرضوں کو نہ توڑے انہیں کو پورا کرے (عالمگیری)

سوال اگر ایسا اتفاق ظہر اور عصر اور عشار کے فرضوں میں واقع ہو تو کیا کرے؟

جواب ان فرضوں میں بھی دوسرے سجدہ سے پہلے اُن کو قطع کر کے شریک جماعت ہوجاوے اور اگر دوسری رکعت کا سجدہ کرلیا۔ تو قعدہ پڑھکر سلام پھیر دے اور شریک جماعت ہوجائے تاکہ یہ دو رکعت نفل ہوجائیں اور فرض جماعت کے ساتھ ہوجاویں اور اگر ظہر وغیرہ کے فرض نماز کی تین رکعت پڑھ چکا تھا کہ جماعت کھڑی ہوگئی تو تیسری رکعت کے سجدے سے پہلی تین رکعتوں کو توڑ کر جماعت میں شریک ہوجائے۔ اور اگر سجدہ تیسری رکعت کا بھی کرلیا ہے تو اب اپنی نماز کو نہ توڑے چاروں رکعت پوری کرے پھر اُسکو اختیار ہے چاہے ظہر اور عشا میں جماعت سے نماز پڑھے چاہے نہ پڑھے اگر جماعت سے نماز پڑھے گا۔ تو نفل کا ثواب ملیگا۔ کیونکہ فرض اس کے پہلے ہو چکے۔ اور عصر اور مغرب اور فجر میں بصورت پڑھ لینے اپنی علیحدہ فرض نماز کے پھر جماعت سے نہ پڑھے اسلیئے کہ فجر اور عصر کی نماز کے بعد کوئی نفل نہیں اور نماز مغرب کے بعد نفل کا وقت ہے مگر شرکت جماعت سے تین رکعت نفل کی ہونگی۔ اور تین رکعت کے نفل درست نہیں

Marfat.com

اسلیئے مغرب میں بعد ادائگی فرض شریک جماعت نہیں ہو سکتا (عالمگیری ۔ درمختار)

سوال یہ احکام فرض نماز توڑنے کے جماعت میں شریک ہونے کے لئے معلوم ہوئے اور اگر کوئی سنتیں پڑھ رہا ہو اور جماعت کھڑی ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب سنتوں میں سے اگر ایسا اتفاق فجر کی سنت پڑھنے کی حالت میں ہو تو جب تک قعدہ اخیرہ جماعت کے ملنے کی امید ہو اُس وقت تک اس سنت کو قطع نہ کرے اور فجر کی سُنّت کے سوا اور سُنّتیں ہیں تو اب یہ دیکھنا چاہیے کہ پہلی دو رکعت پڑھنے کی حالت میں جماعت کھڑی ہوئی ہے۔ تو دو رکعت پڑھکر سلام پھیرے اور اگر وہ پچھلی رکعتوں میں جماعت کھڑی ہوئی ہے تو خواہ تیسری رکعت ہو یا چوتھی، چاروں رکعتیں پوری کر کے سلام پھیرے۔ پھر شریک جماعت ہووے (کبیری، عالمگیری)

سوال چار رکعت والی سنت کہ جس کو اول شفعہ میں قطع کی تھی اب بعد جماعت فرض کے دو رکعت قضا کرے یا چار رکعت؟

جواب چار رکعت قضا کرے۔ وہ دو رکعت کہ جن کو قطع کر کے شریک جماعت ہوا تھا علیحدہ نفل ہو جائینگے سنّت ہونے کا حکم چار رکعت کے ساتھ ہی ہے (درمختار)

سوال ایک شخص مسجد میں ایسے وقت داخل ہوا جب کہ جماعت فرض کی ہو رہی تھی۔ اور سنتیں اس کے ذمہ ہیں۔ تو اب یہ شخص سنتوں کو کس طرح ادا کرے؟

جواب اگر اس شخص کے ذمہ فجر کی سنّت ہے تو پہلے اس سنّت کو ادا کرے بشرطیکہ اُس کو جماعت کے قاعدہ اخیرہ مل جانے کی اُمید ہو اور اگر یہ اُمید نہ ہو تو مجبوراً پھر ترک کر کے شریک جماعت ہو۔ یہ حکم مخصوص فجر کی سنّت کے ساتھ ہی ہے۔ اور اگر ظہر اور جمعہ کی سنّت اُس کے ذمہ ہے تو ان سنتوں کو ایسے وقت جب کہ جماعت ہو رہی ہو شروع ہی نہ کرے۔ اسی طرح جمعہ کے خطبہ کے وقت بھی سنّت جمعہ نہ پڑھے (کبیری۔ عالمگیری)

سوال پھر ان سنتوں کو کس وقت پڑھے؟

جواب بعد فرضوں کے پڑھے۔ سوائے فجر کی سنتوں کے (درمختار)

سوال بعد فرضوں کے پچھلی سنتوں سے پہلے پڑھے یا پیچھے؟

Marfat.com

جواب پہلے پڑھے اسی پر فتویٰ ہے مگر فجر کی سنت قضا ہونے کے بعد نہیں پڑھی جاتی ہے +
سوال اس کی کیا وجہ ہے کہ سنت ظہر اور جمعہ تو بعد جماعت کے قضا کرے اور فجر کی سنت قضا نہ کرے!
جواب اس کی وجہ یہ ہے کہ سنت ظہر اور جمعہ کی ادائگی کا وقت بعد جماعت کے موجود ہے اور فجر کی سنت کا وقت بعد جماعت کے بالاتفاق نہیں رہتا طلوع آفتاب۔ ہاں اگر کوئی بعد طلوع آفتاب کے یہ سنت قضا پڑھے۔ تو اسکو منع بھی نہ کیا جائے۔ اسلئے کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بعد طلوع آفتاب اس سنت کا قضا پڑھنا بہتر ہے (کبیری، عالمگیری۔ درمختار)
سوال عصر اور عشا کی سنتوں کا حال معلوم نہ ہوا کہ انکو بھی قضا ہونے پر پڑھے یا نہیں؛
جواب اِن سنتوں کی قضا نہیں اسلئے کہ یہ سنتیں قضا نہیں اسلئے کہ یہ سنتیں مؤکدہ نہیں ہیں ظہر اور جمعہ کی مؤکدہ سنتیں بھی وقت کے اندر قضا ہو سکتی ہیں بعد وقت کے انکی بھی قضا نہیں (کبیری)

# باب وتر اور سنت مؤکدہ اور غیر مؤکدہ نمازوں کے بیان میں

سوال وتر واجب ہے یا سنت؛
جواب واجب ہے (درمختار۔ عالمگیری۔ کبیری)
سوال وتر کی کتنی رکعت ہیں؛
جواب تین رکعت ہیں۔ ایک سلام کے ساتھ اور یہ تین رکعتیں الحمد و سورۃ کے ساتھ پڑھی جائینگی
سوال وتر میں قنوت کس وقت پڑھے؛
جواب تیسری رکعت میں جب کہ قرأت سے فارغ ہووے +
سوال اگر وتر سہواً قضا ہو جاوے تو قضا کرے یا نہیں؛
جواب اسکی قضا واجب ہے یہانتک کہ اگر فجر کی نماز ادا کرنیکے بعد یاد آوے تو فجر کی نماز پھر کر کے پڑھے۔ تاکہ ترتیب درست ہو جاوے۔ (عالمگیری)
سوال وتر میں قنوت پڑھنا کیسا ہے؛
جواب واجب ہے (عالمگیری)
سوال وہ دُعا بھی بتلا دیجئے جو قنوت میں پڑھی جاتی ہے؛

Marfat.com

جواب دُعا یہ ہے:- اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ

اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے بخشش چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان لائے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں

وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ ۝ اَللّٰھُمَّ

اور تیری تعریف کرتے ہیں بھلائی سے اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور ہم بیزار ہیں اور ہم چھوڑتے ہیں اسکو جو تیری نافرمانی کرے اے اللہ

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی

ہم تجھی کو پوجتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف چلتے ہیں اور خدمت کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں تیری رحمت کی اور

عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۝

ڈرتے ہیں تیرے عذاب سے بیشک. تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے

سوال اگر کسی کو یہ دعا یاد نہ ہو تو قنوت میں بجائے اسکے کیا پڑھے؛

جواب یہ دعا پڑھے رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمکو عذاب دوزخ سے

اور اگر اس کو بھی یاد نہ کر سکے تو تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا پڑھ لے (عالمگیری)

اے اللہ بخشش کر تو ہماری

سوال مسبوق کس وقت قنوت پڑھے؟

جواب امام کے ساتھ قنوت پڑھے۔ اپنی باقی نماز میں نہ پڑھے!

سوال یہ حکم تو اس مسبوق کا ہے جسکو قنوت امام کے ساتھ ملے اگر ایسا مسبوق ہی نہ ملے مثلاً وتر کی تیسری رکعت میں بحالت رکوع امام کے ساتھ ملا تو اب کس وقت پڑھے؛

جواب یہ شخص قنوت کسی وقت بھی نہ پڑھے۔ کیونکہ رکوع کی حالت میں شریک ہونے سے جب پوری رکعت کا پانے والا ہو چکا۔ تو قنوت کا پانے والا بھی ہو گیا۔ اب دوبارہ ادا کرنے قنوت کی ضرورت نہیں۔ (غایۃ الاوطار)

سوال اگر حنفی نے وتر شافعی کے پیچھے پڑھے اور امام نے اپنے مذہب کے موافق قومہ میں قنوت پڑھی تو حنفی مقتدی کو کیا کرنا چاہیے؛

جواب اسکو بھی قومہ میں ہی متابعت امام قنوت پڑھنی چاہیے۔ بشرطیکہ امام نے وتر کی تین رکعت ایک سلام سے پڑھی ہوں (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

سوال اگر شافعی امام نے فجر کی نماز میں قنوت پڑھی - تو حنفی مقتدی کو کیا کرنا چاہیے؟
جواب اس وقت حنفی مقتدی کو قنوت نہیں پڑھنا چاہیے - ہاتھوں کو چھوڑے ہوئے خاموش کھڑا رہے (عالمگیری - غایۃ الاوطار)
سوال وتر میں کونسی سورۃ کا پڑھنا واجب ہے؟
جواب پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ اور دوسری میں قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ کا پڑھنا مستحب ہے - ورنہ جو یاد ہو پڑھے ۔
سوال اگر کسی کو دوسری رکعت وتر میں یقین ہوا کہ یہ تیسری رکعت ہے اور اُس نے قنوت پڑھ لی اور پھر معلوم ہوا کہ وہ رکعت دوسری تھی تو اب پھر تیسری رکعت میں دوبارہ قنوت پڑھے یا نہیں؟
جواب بے شک دوبارہ قنوت پڑھے (عالمگیری)
سوال اگر کسی کو ہر ایک رکعت میں وتر کا شک ہو کہ یہ تیسری رکعت ہو وہ کیا کرے؟
جواب سب رکعتوں میں دُعا قنوت پڑھے اور ہر ایک رکعت کے بعد قعدہ بھی کرے (عالمگیری)
سوال مؤکدہ سنتیں کونسی ہیں؟
جواب فجر کی دو سنت، ظہر اور جمعہ کے فرضوں سے پہلے چار سنت اور پھر بعد فرض ظہر کے دو سنت اِسی طرح بعد فرض جمعہ کے چار سنت، مغرب کے فرض کے بعد دو سنت - اور عشا کے فرض کے بعد دو سنت - اور بیس رکعت تراویح کی رمضان میں یہ سب سنت مؤکدہ ہیں - اگر کوئی اِن کو بلا عذر ترک کرے گا تو گنہگار ہوگا (درمختار - عالمگیری)
سوال اِن سنتوں میں سب سے زیادہ مؤکدہ کونسی سنت ہے پھر اسکے بعد کونسی ہے بالترتیب بیان کیجیے؟
جواب فجر کی سنت سب سے زیادہ مؤکدہ ہے، چنانچہ بعض فقہا کے نزدیک وجوب کے مرتبہ کو پہنچی ہوئی ہے - اُسکے بعد مغرب کی سنت کا مرتبہ ہے - پھر ظہر اور جمعہ کی وہ سنت کہ جو فرضوں کے بعد کی ہیں - پھر عشاء کی دو سنت کہ جو فرض کے بعد کی ہیں اُسکے بعد ظہر اور جمعہ کی اِن سنتوں کا مرتبہ ہے - کہ جو فرضوں سے پہلے ہیں (عالمگیری)
سوال اِن سنتوں میں کوئی سنت ایسی بھی ہے - کہ جس میں کسی سورۃ مخصوص کا پڑھنا سنت ہو؟
جواب ہاں ہے - اور وہ فجر کی سنت ہے کہ اس میں پہلی رکعت میں سورۃ کافروں اور دوسری

Marfat.com

میں سورۂ اخلاص کا پڑھنا سنّت ہے (شامی)
سوال چار رکعت والی سنتوں کو اگر دو سلاموں سے پڑھے تو بھی سنّتیں شمار ہونگی یا نہیں ؛
جواب ہرگز نہیں - ان سنتوں کو چار رکعت کے ہی ساتھ پڑھے جب ہی سنت شمار ہونگی (عالمگیری)
سوال غیر مؤکدہ سنتیں جن کو نفل کہتے ہیں وہ کونسی ہیں ؛
جواب عصر سے پہلے چار رکعت ،عشاء کے فرض سے پہلے چار رکعت ، دو رکعت سنت مؤکدہ عشاء کے بعد چار رکعت دو سلاموں سے ،مغرب کے فرض اور سنّت مؤکدہ کے بعد چھ رکعتیں جمعہ کی پچھلی مؤکدہ چار سنتوں کے بعد دو رکعت یہ سب مستحب ہیں (عالمگیری)
سوال عصر کے پہلے اور عشاء کے پچھلے نفلوں کو اگر بجائے چار رکعت کے دو پڑھ لے تو کیسا!
جواب درست ہے مگر افضل چار ہی ہیں (عالمگیری)
سوال جو سنتیں کہ فرضوں سے پہلے ہیں اگر انکو پڑھ کر کسی ایسے کام میں مشغول ہو جائے کہ جو خلاف نماز ہے (جیسے کھانا اور پینا اور دنیاوی کام بلا ضرورت کرنا) تو کیا ان سنتوں میں کچھ نقصان آجاتا ہے ؟
جواب ہاں نقصان آجاتا ہے بعض فقہاء کے نزدیک تو سنّت ہی باطل ہو جاتی ہے ، اور بعض کے نزدیک ثواب جاتا رہتا ہے اسکا بہت خیال رکھنا چاہیئے اکثر لوگ اس میں مبتلا ہیں (عالمگیری)
سوال کیا ان نفلوں کے سوا کہ جن کا ذکر اوپر آیا ہے اور بھی نوافل ہیں !
جواب ہاں علاوہ اُن کے اور بہت سے نوافل ہیں -
سوال اُنکو بھی بتلا دیجیئے کہ وہ کون کون سے نوافل ہیں ؛
جواب وتر کے بعد کے نفل - تحیۃ الوضو ، تحیۃ المسجد ، اشراق ، چاشت ، تہجد ، سفر کے جانے وقت ، سفر سے واپسی کے وقت ، صلوٰۃ التسبیح ،نماز استخارہ ، نماز حاجت ، نماز حفظ الایمان ، نماز آسانی ضغطۂ قبر ، نماز آسانی سوال منکر نکیر ، نماز ہر مہینے کی ، نماز ہر ہفتہ کی وغیرہ وغیرہ ،
سوال اس نفل کی کے رکعت ہیں - جو وتر کے بعد پڑھی جاتی ہے ؛
جواب دو رکعت ہیں اور ان دو رکعتوں کو بیٹھکر ہی پڑھنا مستحب ہے - حدیث شریف میں آیا ہے جس کو رات کا اُٹھنا گراں ہو اس کو چاہئے کہ دو رکعت نفل بعد وتر کے پڑھے اگر رات کو اُٹھکر تہجد کا پڑھنا میسر آیا

یعنی چند رکعتوں کا نام صلوٰۃ الاوابین ہے - منہ

Marfat.com

تو تنہا ورنہ دو رکعت اُسکو تہجد سے کافی ہونگے (رواہ المشکوٰۃ)

سوال اس میں کسی خاص سورۃ کا پڑہنا مستحب ہے؛

جواب ہاں مستحب ہی پہلی رکعت میں اذا زلزلت الارض کا پڑھنا اور دوسری رکعت میں سورۂ کافرون کا پڑہنا +

سوال تحیۃ الوضو کی کے رکعت ہیں؛

جواب دو رکعت ہیں+

سوال تحیۃ الوضو کی رکعتوں میں کسی خاص سورۃ کا پڑھنا مستحب ہے +

جواب ہاں ہے۔ اول رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری میں سورۂ اخلاص کا پڑھنا مستحب ہے اسی طرح بعد غسل کے بھی دو رکعت کا پڑہنا مستحب ہی (غایۃ الاوطار)

سوال تحیۃ الوضو کے پڑہنے کا کب تک ثواب ہے؛

جواب جب تک اعضا وضو کے پانی سے خشک نہ ہوں (درمختار)

سوال تحیۃ المسجد کی کے رکعت ہیں؛

جواب اس کی بھی دو ہی رکعت ہیں۔

سوال تحیۃ المسجد کی رکعتوں میں بھی کوئی سورۃ خاص کا پڑہنا مستحب ہے؛

جواب اسکے لئے کسی خاص سورۃ کا پڑہنا مستحب نہیں ہی جو چاہے وہ پڑہے +

سوال ان رکعتوں کو مسجد میں جاتے ہی بیٹھنے سے پہلے پڑہے یا بعد میں بھی پڑھ لے؛

جواب افضل تو یہی ہے کہ بیٹھنے سے پہلے تحیۃ المسجد کی دو رکعت پڑھ لے اور اگر بھول وغیرہ سے بعد بیٹھنے کے بھی پڑھ لے تو درست ہی (درمختار)

سوال اشراق کی کے رکعت ہیں؛

جواب اشراق کی دو رکعت بھی ہیں اور چار رکعت بھی ہیں +

سوال کیا اشراق کی رکعتوں میں بھی خاص سورتوں کا پڑہنا افضلیت رکھتا ہے؛

جواب ہاں رکھتا ہی، اول رکعت میں سورۂ والشمس دوسری میں والضحےٰ پڑہنا افضلیت رکھتا ہے +

سوال اشراق کی نماز کا ثواب بھی بتلا دیجیے؟

Marfat.com

جواب حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی ادا کرے نمازِ فجر جماعت سے اور پھر بیٹھا رہے اور ذکر الٰہی میں مصروف رہے طلوعِ آفتاب تک پھر پڑھے دو رکعت تو اسکے لئے پورے حج اور عمرہ کا ثواب ہے اور تمام گناہ اسکے بخشدیے جاتے ہیں اگرچہ برابر کفِ دریا کے ہوں اور اگر چار پڑھی تو شام تک کفایت کرتا ہی اللہ پاک اسکو تمام آفتوں اور شروں اور تقصیروں سے (شرح سفر السعادت)

سوال چاشت کی کے رکعت ہیں؟

جواب چاشت چار رکعت بھی ہیں اور بارہ رکعت بھی۔

سوال چاشت کی نماز کا ثواب بھی بتلا دیجیے؟

جواب حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی بارہ رکعتیں ضحے یعنی چاشت کی پڑھیگا اس کیلئے جنت میں سونے کا محل تیار ہوگا اور رفع افلاس کے لئے بھی یہ نماز مجربات سے ہے (رواہ المشکوٰۃ)

سوال تہجد کی کے رکعت ہیں؟

جواب کمتر رکعت تہجد کی دو ہیں اور اوسط چار اور آٹھ اور زیادہ بارہ رکعت ہیں (کبیری)

سوال تہجد میں کون کون سی سورتیں پڑھنا بہتر ہیں؟

جواب سورۂ بقر، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ، سورۂ جمعہ، سورۂ یٰسین، سورۂ اخلاص، سورۂ مزمل کا پڑھنا بہتر ہے سورۂ اخلاص کے پڑھنے کا ایک خاص طریقہ جو مشائخین علیہم الرحمۃ سے منقول ہے وہ یہ ہے کہ اول رکعت میں بارہ مرتبہ دوسری میں ۱۱ مرتبہ اسی طرح ہر ایک رکعت میں ایک ایک قل ہو اللہ کم کرتا جائے اخیر میں ایک قل ہو اللہ پڑھکر ختم نماز کرے (تعنیہ عزیزی)

سوال سفر میں جاتے وقت کے رکعت پڑھے؟

جواب دو رکعت پڑھے پھر سفر کرے (غایۃ الاوطار)

سوال اس کا کیا ثواب ہے؟

جواب حدیث شریف میں آیا ہے کہ کسی نے اپنے گھر والوں میں دو رکعتوں سے بہتر نائب نہیں چھوڑا جنکو وہ سفر کے ارادے کے وقت اپنے گھر والوں میں پڑھتا ہے (شامی)

سوال سفر سے واپسی کے وقت کے رکعت پڑھے؟

جواب دو رکعت پڑھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دستور تھا کہ سفر کے دن میں چاشت کے

Marfat.com

وقت تشریف لاتے تھے نہ رات میں اور تشریف لاتے ہی مسجد میں قدم رنجہ فرماکر دو رکعتیں پڑھتے اور بیٹھ جاتے (شامی)

سوال صلوٰۃ التسبیح کی کے رکعت ہیں؟

جواب چار رکعت ہیں ایک سلام کے ساتھ ۔

سوال یہ نماز کس طرح پڑھی جاتی ہے؟

جواب اس طرح پڑھی جاتی ہے کہ اول رکعت میں ثنا یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھ کر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہئے پھر اعوذ اور بسم اللہ اور الحمد اور سورت پڑھ کر دس بار پھر اسی کلمہ کو پڑھیں پھر رکوع کرے اور رکوع میں بھی دس بار اسی کو پڑھے پھر قومہ میں دس بار سجدہ میں دس بار پھر جلسہ میں دس بار پھر دوسرے سجدہ میں دس بار اسی طرح چاروں رکعتوں میں پچھتر پچھتر بار پڑھے کل تین سو کلمے ہو جائینگے (عالمگیری غایۃ الاوطار)

سوال کیا اس نماز میں بھی سورتیں معین ہیں؟

جواب ہاں ہیں پہلی رکعت میں اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ دوسری میں وَالْعَصْرِ تیسری میں قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ چوتھی میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اور ایک روایت کے موافق پہلی رکعت میں اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ دوسری میں وَالْعٰدِیٰتِ تیسری میں اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ چوتھی میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ پڑھے (حاشیہ غایۃ الاوطار)

سوال اس نماز کا کون سے وقت پڑھنا افضل ہے؟

جواب ظہر سے پہلے پڑھنا افضل ہے اور یوں جب چاہے پڑھے خواہ رات کو خواہ دن کو سوائے اوقات مکروہہ کے ۔

سوال اگر اس نماز میں سہو ہو جائے تو سجدہ سہو میں بھی تسبیح پڑھے یا نہیں؟

جواب سجدہ سہو میں نہ پڑھے اسلئے کہ تین سو سے زیادہ تسبیح کا پڑھنا اس نماز میں جائز نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال اگر کوئی تسبیح کسی جگہ پڑھنا بھول گیا تو اب کیا کرے؟

جواب دوسرے بڑے رکن میں پڑھ لے مثلاً رکوع میں بھول گیا تو قومہ میں نہ پڑھے ۔ بلکہ سجدہ میں جاکر بیس مرتبہ تسبیح پڑھ لے ۔ اسی طرح اگر قیام میں بھول گیا تو رکوع میں پڑھ لے اول سجدہ

---

۱؎ اگر لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور پڑھے گا تو ثواب زیادہ ملے گا (غایۃ الاوطار)

میں بھول گیا تو دوسرے سجدہ میں پڑھ لے (شامی)

سوال رکوع اور سجدہ میں پہلے سبحان ربی العظیم اور سبحان ربی الاعلیٰ پڑھے یا اس تسبیح کو پڑھے؟

جواب پہلے سبحان ربی العظیم رکوع میں پڑھے پھر تسبیح پڑھے۔ اسی طرح سجدہ میں پہلے سبحان ربی الاعلیٰ پڑھکر اسکو پڑھنا چاہیے (شامی)

سوال کیا اس نماز میں التحیات کے پیچھے سلام کے پہلے کچھ اور بھی دعا پڑھی جاتی ہے؟

جواب ہاں پڑھی جاتی ہے اور وہ دعا یہ ہے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَوْفِیْقَ اَهْلِ الْهُدٰی وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں توفیق ہدایت والوں کی اور عمل یقین والوں کا اور اخلاص توبہ والوں کا

التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْیَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَ

اور حوصلہ صبر والوں کا اور کوشش خوف والوں کی اور طلب رغبت والوں کی اور

تَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَخَافَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

عبادت پرہیزگاروں کی اور معرفت علم والوں کی تاکہ میں تجھ سے ڈروں اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں

مَخَافَةً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَعَاصِیْكَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ

ایسا خوف جو مجھکو تیری نافرمانیوں سے روک دے تاکہ میں عمل کروں تیری اطاعت کا ایسا کہ وہ کام تیری رضا کا مستحق ہو اور

وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِیْحَةَ

اور تاکہ میں خلوص کروں تجھ سے توبہ میں تجھ سے ڈر کر اور تاکہ میں خالص تیری خیر خواہی کروں

حُبًّا لَّكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ حُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ ؕ

تیری محبت کی وجہ سے اور تاکہ میں تجھ پر بھروسہ کروں کاموں میں تیرے ساتھ نیک گمانی کے سبب پاک ہے پیدا کرنے والا نور کا

سوال اس نماز کا ثواب بھی بتلا دیجیے؛

جواب اس نماز کے سبب سے نمازی کے تمام گناہ پہلے اور پچھلے پرانے اور نئے دانستہ اور نادانستہ چھوٹے اور بڑے پوشیدہ اور ظاہر سب بخش دیے جاتے ہیں۔ اس نماز کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے چچا کو سکھلایا تھا۔ اور بعد بیان فرمانے فضائل مذکورہ کے اخیر میں یہ بھی فرمایا۔ کہ اگر تمہارے

Marfat.com

گناہ کفِ سمندر کے برابر ہوں گے تو بھی اللہ تعالےٰ معاف فرمائے گا (غایۃ الاوطار)

**سوال** نمازہ استخارہ کی کے رکعت ہیں ؟

**جواب** دو رکعت ہیں ۔

**سوال** ان رکعتوں کو کب پڑھے اور کس طرح پڑھے ؟

**جواب** جب کوئی مہم پیش آوے اور اس کے کرنے اور نہ کرنے میں متردد ہو تو تازہ وضو کر کر دو رکعت پڑھے ۔ اول رکعت میں سورہ کافرون اور دوسری میں قل ہو اللہ پڑھے بعد ختم نماز کے الحمد اور درود شریف پڑھکر یہ دعا استخارہ کی پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

اے اللہ تحقیق تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں تیرے علم کے ساتھ اور قدرت مانگتا ہوں تیری قدرت کے ساتھ اور تیرا بڑا فضل

الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

مانگتا ہوں بیشک تو قادر ہے اور میں قادر نہیں ہوں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا ہوں اور تو بہت جاننے والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَعَاقِبَۃِ

چھپی باتوں کا اے اللہ اگر تو جانتا ہے اس کام کو اچھا میرے لئے دین اور میری دنیا اور میری انجام کار میں

اَمْرِیْ فَقَدِّرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ ھٰذَا

تو اس کو مقدر کر میرے لئے اور اس کو میرے لئے آسان کر پھر اس میں میرے لئے برکت دے اور اگر تو جانتا ہے اس کام

الْاَمْرُ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ

کو برا میرے لئے دین اور دنیا میری میں اور میرے انجام کار میں تو پھیر دے اسکو مجھ سے

وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ

اور مجھ کو اس سے اور مقدر کر میرے واسطے بھلائی جہاں ہو پھر مجھکو اس کے ساتھ راضی کر دے

بر وقت کہنے لفظ ہٰذا الامر کے اپنے کام کو دل میں یاد کرے یا زبان سے بجائے ہٰذا الامر کے اپنے مدعا کو ظاہر کرے ۔ صحیح بخاری میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کو سب کاموں میں استخارہ تعلیم فرمایا کرتے تھے ۔ جیسے قرآن شریف کی سورۃ سکھایا کرتے تھے ۔

Marfat.com

سوال نماز حاجت کی کے رکعت ہیں

جواب دو رکعت بھی ہیں اور چار بھی (درمختار)

سوال پھر ان رکعتوں کو کس وقت پڑھے اور کس طرح پڑھے؟

جواب بعد عشاء کے اس طرح پڑھے کہ اول رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی تین بار اور باقی رکعتوں میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار پڑھے اور بعد ختم نماز کے حمد و صلوٰۃ پڑھکر اس دعا کو پڑھے:-

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ تعالےٰ بردبار کرم کرنیوالے کے پاک ہے اللہ مالک عرش بزرگ کا سب تعریفیں ہیں اللہ

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَ

پروردگار عالم کو میں تجھ سے مانگتا ہوں اور وہ باتیں جو موجب ہیں تیری رحمت کی اور وہ کام جن سے ضروری ہو تیری مغفرت اور

الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

چاہتا ہوں غنیمت ہر نیکی سے اور سلامتی سے ہر گناہ سے نہ چھوڑ تو میرے لئے کوئی گناہ مگر بخشدے تو اس کو اور

وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا

نہ کوئی غم مگر دور کھودے تو اسکو اور نہ کوئی قرض مگر وہ کہ ادا کرے تو اسکو اور نہ کوئی حاجت حاجتوں دنیا

وَالْاٰخِرَةِ هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

اور آخرت سے کہ وہ تجھ کو پسند ہے مگر وہ کہ بر لائے تو اسکو اے سب مہربانوں سے مہربان زیادہ

حدیث شریف میں وارد ہے جس کو کوئی حاجت خدائے تعالےٰ یا کسی بندے سے ہو تو چاہیے کہ اس نماز کو بترکیب مذکورہ پڑھے انشاء اللہ اس کی حاجت روا ہوگی (اغاثۃ الاوطار)

سوال نماز استخارہ اور نماز حاجت میں کیا فرق ہے؟

جواب نماز استخارہ حاجت آیندہ کیلئے اور یہ نماز حاجت موجودہ کیلئے (اغاثۃ الاوطار)

سوال نماز حفظ الایمان کی کے رکعت ہیں؟

جواب دو رکعت ہیں۔

سوال یہ دو رکعت کس وقت اور کس طرح پڑھی جاتی ہیں؟

Marfat.com

جواب بعد مغرب اس طرح پڑھے کہ اول رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیۃ الکرسی ایکبار اور قل ہو اللہ شریف تین مرتبہ اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ اسی طرح دوسری رکعت میں پڑھے بعد ختم نماز کے سجدہ میں جا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے :- یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ[1]

سوال یہ نماز کس کام کے لئے ہے؟

جواب حفاظت ایمان کے لئے ہے اس نماز کے پڑھنے والے کا ایمان دنیا سے سلامت جائے گا۔

سوال ضغطہ قبر کی آسانی کے لئے کے رکعت ہیں؟

جواب دو رکعت ہیں۔

سوال یہ دو رکعت کس وقت اور کس طرح پڑھے؟

جواب جمعہ کی رات میں اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف پندرہ مرتبہ اذا زلزلت الارض پڑھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے سوال کیا کہ آپکے پاس کوئی چیز ایسی بھی ہے کہ جس سے قبر کے عذاب میں آسانی ہو آپنے فرمایا کہ ہے، اور پھر یہ نماز تعلیم فرمائی (راحۃ القلوب)

سوال منکر اور نکیر کے سوال سے بے خوف کرانے والی کونسی نماز ہے؟

جواب وہ نماز یہ ہے کہ جمعہ کی رات میں دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قل ہو اللہ پچاس مرتبہ پڑھے (راحۃ القلوب)

سوال ہر مہینے کی نفل نمازوں میں پہلی محرم شریف کی نفلیں مع فضائل بیان کیجیے اسلیے کہ اسی مہینے سے سال شروع ہوتا ہے؟

جواب اس ماہ محرم میں اول تو چاند رات کو ہی دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں الحمد شریف تین مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھے بعد سلام ہاتھ اٹھا کر اس دعا کو پڑھے :-

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ

اے اللہ تو ایسا ہے جس کی نہ ابتدا ہے نہ انتہا یہ نیا برس ہے مجھ سے مانگتا ہوں اس برس میں نگہبانی

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ

شیطان راندے گئے سے اور امان ظالم بادشاہ سے اور ہر شریر کے شر سے اور

---

[1] اے زندہ رکھنے والے اے قائم رکھنے والے ثابت رکھ تو مجھ کو ایمان پر ۔

Marfat.com

الْبَلَایَا وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰی هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ

بلاؤں اور آفتوں سے اور مانگتا ہوں تجھ سے مدد اور انصاف اس نفس پر جو بُرائی سکھاتا ہے

وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا رَبُّ یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اور مانگتا ہوں مشغولی اس چیز کے ساتھ جو مجھ کو نزدیک کرے تیری طرف اے پروردگار اے مہربان اے رحم کرنیوالے اے صاحب بزرگی اور انعام کے

اس نماز کو جو کوئی پڑھیگا اللہ تعالٰے اسکے اوپر دو فرشتے مؤکل کریگا تاکہ وہ مدد کریں اسکے کارِ دنیا میں اور شیطان لعین کہتاہے کہ افسوس میں ناامید ہوا اس شخص سے تمام سال کو اور اسی رات میں دو رکعت نفل حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بہاؤالدین نقشبندی رضی اللہ عنہ سے اس طرح منقول ہے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قل ہو اللہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے کہے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اس نماز کا بھی بہت ثواب ہے ایک نماز اور بڑی فضیلت حاصل کرنے والی اسی رات میں ہے وہ بھی دو ہی رکعت ہیں ہر رکعت میں سورہ یٰسین ایک ایک مرتبہ پڑھے دوسری روایت میں چھ رکعتیں آئی ہیں ہر ایک رکعت میں دس دس مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھے اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک بہشت میں دو ہزار محل عطا فرمائیگا۔ ہر محل میں ہزار دروازہ یاقوت کے ہونگے ہر دروازہ پر ایک تخت زبرجد سبز کا ہوگا اس تخت پر ایک حور بیٹھی ہوگی اور چھ ہزار بلائیں اس نمازی سے دُور کی جاتی ہیں اور چھ ہزار نیکی اس نمازی کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں (راحت القلوب۔ جواہر غیبی)

**سوال** عاشورے کی رات کی بھی نماز بتلا دیجیئے؟

**جواب** اس رات میں بہت نمازیں آئی ہیں۔ دو رکعت روشنی قبر کے لئے اسی رات میں پڑھی جاتی ہیں اور اسکی ترکیب یہ ہے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین تین بار قل ہو اللہ پڑھے جو کوئی اس نماز کو اس رات میں بترکیب مذکورہ ادا کرے گا حق تعالٰے قیامت تک اسکی قبر روشن رکھے گا۔ ایک نماز نفل چار رکعت کی ساتھ اسی رات عاشورے میں پڑھی جاتی ہے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف سورۂ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھی جاتی ہے پچاس برس گذشتہ سال کے اور پچاس برس کے آئندہ سال کے بخشدیے جاتے ہیں (جواہر غیبی)

**سوال** دسویں تاریخ ماہ محرم یعنے عاشورے کے دن کی نفلیں بھی بتلا دیجیئے؟

Marfat.com

جواب یہ دن بھی عبادت کا ہے مگر مختصر سی نفلیں بتلائی جاتی ہیں جو کوئی چھ رکعت نفل ادا کرے ہر رکعت میں یہ چھ سورتیں پڑھے یعنی والشمس، انا انزلنا، اذا زلزلت الارض، قل ھو اللہ، فلق، ناس بعد نماز کے فارغ ہونیکے سجدہ میں جاکر قل یایہا الکفرون پڑھے۔ اللہ تعالے سارے گناہ اسکے بخشدیتا ہے اور جو حاجت طلب کرے روا ہوتی ہے۔ دوسری نماز یہ ہے کہ چار رکعت ادا کرے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے پچاس بار قل ہو اللہ پڑھے۔ اللہ تعالے پچاس برس کے پچھلے گناہ اور پچاس برس کے آیندہ کے گناہ بخشدیتا ہے۔ اور اس کے لئے ہزار محل جنت میں اوپر کے گروہ میں تیار کرتا ہے (غنیۃ الطالبین، راحت القلوب، جواہر غیبی)

سوال اس عاشورے کے دن سوائے نفلوں کے اور بھی کچھ کیا جاتا ہے ؛

جواب ہاں کیا جاتا ہے ایک تو روزہ رکھا جاتا ہے اور اس روزہ رکھنے والے کو ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار شہیدوں اور ساتوں آسمانوں کے رہنے والوں کا ثواب ملتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ نویں۔ دسویں گیارہویں تین دن روزہ رکھے ورنہ دو دن رکھے تاکہ یہود کی مشابہت لازم نہ آوے دوسرے عیال پر کھانے میں وسعت کی جاتی ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی عاشورے کے دن کھانے میں وسعت کرے گا اللہ تعالے اسکے دسترخوان کو سال بھر تک وسیع رکھے گا۔ تیسرے اُس دن مسلمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی عاشورے کے دن ایک روزہ دار کو افطار کرادے۔ اُس نے تمام اُمت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو روزہ افطار کرادیا، چوتھے اُس دن یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا جاتا ہے اُسکے لئے جنت میں ہر بال یتیم کے سر کے عوض درجہ بلند کیا جاتا ہے۔ اور بہت سی باتیں ہیں جن کا یہ رسالہ متحمل نہیں (غنیۃ الطالبین۔ جواہر غیبی)

سوال وہ نماز کونسی ہے جو حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے جسکی نسبت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ جب تک ہم اس کا عوض قیامت میں نہ دلوائیں گے اسوقت تک ہماری آنکھ تم سے ملانے کے قابل نہیں ہے ؛

جواب وہ نماز چار رکعت نفل کی ہے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھے اور بعد ختم نماز کے اس کا ثواب حضرت امامین علیہما السلام کی روح مبارک کو بخشدے

Marfat.com

بہتر یہ ہے کہ اول محرم سے عشرہ تک یہ عمل جاری رہے اس نماز کے پڑھنے والے کی صاحب اوگان کونین علیہما السلام دن قیامت کے شفاعت فرمائیں گے۔ حضرت شبلی علیہ الرحمۃ عاشورے تک اس کو ہر روز پڑھ کر بخشا کرتے تھے۔ ایک دن شبلی علیہ الرحمۃ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت امام حسین سید الشہداء علیہ السلام نے شبلی کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ شبلی نے عرض کیا کہ حضور مجھ سے کیا خطا سرزد ہوئی فرمایا خطا نہیں ہماری آنکھیں تمہارے احسان سے شرمندہ ہیں جب تک کہ ہم قیامت میں اسکا بدلہ نہ دلوائیں گے۔ اس وقت تک ہماری آنکھ ملانے کے قابل نہیں ہے۔ (جواہر غیبی)

**سوال** دوسرا مہینہ سال میں صفر کا ہوتا ہے اس مہینے کا حال معہ نفلوں کے بیان کیجیے؟

**جواب** یہ مہینہ نزول بلا کا ہے تمام سال میں سولا کھ اسی ہزار بلا نازل ہوتی ہیں اُن میں سے دو لاکھ بیس ہزار بلا خاص ماہ صفر میں نزول کرتی ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی ماہ صفر کے گزرنے کی خوشخبری سنائے میں اس کو بہشت میں داخل ہونے کی بشارت دوں۔ حضرت آدم صفی اللہ سے لغزش ہوئی تو اسی مہینہ میں ہوئی۔ حضرت خلیل علیہ السلام آگ میں ڈالے گئے تو اول تاریخ صفر کی تھی، حضرت ایوب علیہ السلام جو مبتلائے بلا ہوئے تو اسی مہینہ میں ہوئے حضرت ذکریا یحییٰ و جرجیس و یونس و حضرت محمد سید الانبیاء علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سب مبتلائے بلا اسی مہینے میں ہوئے حضرت ہابیل بھی اسی میں شہید ہوئے اسی لیے شب اول اور روز اول ماہ صفر میں ہر مسلمان کو چاہیے کہ چار رکعت اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں پندرہ بار سورہ کافرون اور دوسری میں اسی قدر قل ہو اللہ، تیسری میں اسی قدر سورہ فلق، چوتھی میں اسیقدر سورہ ناس کو پڑھے بعد سلام کے ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہر بلا اور ہر آفت سے محفوظ رکھے گا اور ثواب عظیم عطا فرمائیگا۔ دوسری نماز اس مہینے میں یہ بھی ہے کہ پہلی تاریخ کو غسل کرے اور وقت چاشت کے دو رکعت نفل گیارہ گیارہ بار قل ہو اللہ کے ساتھ پڑھے بعد سلام کے ستر بار یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَرِّفْ عَنِّیْ سُوْءَ ھٰذَا الْیَوْمِ وَاعْصِمْنِیْ مِنْ سُوْءِہٖ وَ نَجِّنِیْ عَمَّا

اے اللہ دور رکھ مجھ سے برائی اس دن کی　　اور بچا مجھکو اسکی برائی سے　　اور نجات دے مجھکو اس چیز سے

Marfat.com

... وَكُرُبَاتِهِ بِفَضْلِكَ يَادَافِعَ الشُّرُوْرِ وَيَا مَالِكَ النُّشُوْرِ

کرم ... اس کے ... اور سختیوں سے اپنے فضل سے اے شروں کے دُور کرنے والے اور اے مالک قیامت کے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَمْجَادِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ (راحۃ القلوب وجواہر غیبی)

اے سب مہربانوں سے مہربان

سوال آخری چہار شنبہ کو کے رکعت پڑھے؟

جواب دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے تین تین بار قل ہو اللہ پڑھے بعد سلام کے الم نشرح، والتین اور اذا جاء اور سورۂ اخلاص۔ ان سب کو اسّی مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے اس کے دل کو غنی کر دے گا۔

سوال تیسرا مہینہ سال کا ربیع الاول ہے۔ اس مہینے کا حال معہ نفلوں کے بیان کیجئے؟

جواب یہ مہینہ عُرس شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور پیدایش کا بھی ہے۔ بارہ روز تک روح مبارک صلی اللہ علیہ وسلم پر ہدیہ اس نماز کا بھیجتا ہے کہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی ان رکعتوں کے ثواب کا ہدیہ روح اقدس نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کو بھیجا کرتے تھے اور وہ بیس رکعت ہیں ہر رکعت میں اکیس اکیس بار قل ہو اللہ پڑھی جاتی ہے اگر روز مرہ بارہ دن تک توفیق نہ ہو تو دوسری تاریخ اور بارہویں کو ضرور ہی بیس رکعت بترکیب سورۃ الصمد پڑھکر روح پُر فتوح حبیب اکرم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ پہنچاوے کہ اس نماز کے پڑھنے والوں کو حضور روحی فداہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خواب میں بشارت جنت کی دی ہے اور حضور کا دیکھنا اور بشارت دینا بعد وفات کے مثل زندگی کے ہے (جواہر غیبی وغیرہ)

سوال کیا اس مہینہ ربیع الاول میں کوئی خاص درود شریف خاص عدد کے ساتھ بھی آیا ہے؟

جواب ہاں آیا ہے۔ ایک تو یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اس درود شریف کی نسبت لکھا ہے کہ جو کوئی اس مہینے کی تمام تاریخوں میں ایک ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے بعد نماز عشا کے تو ضرور اُس کو خواب میں زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوگی۔ دوسرا درود شریف یہ ہے اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ جو کوئی اس درود شریف کو سوا لاکھ مرتبہ اس مہینے میں پڑھے تو شرف زیارت

Marfat.com

روئے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔ کتاب الاوراد میں لکھا ہے کہ جب چاند ربیع الاوّل کا نظر آوے تو اس رات کو سولہ رکعت نفل پڑھے دو دو رکعت کی نیّت سے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے جب فارغ ہووے تو بعد کل نفلوں کے یہ درود شریف پڑھے ایکہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ بارہ دن تک پس دیکھیگا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں۔ مگر بعد نماز عشا کے اس کو پڑھا کرے اور با وضو سویا کرے +

سوال چوتھا مہینہ سال کا ربیع الثانی ہے۔ اُس میں کے رکعت نفل پڑھی جاتی ہیں۔ مع فضائل کے بیان کیجیے؟

جواب اس مہینے کی پہلی پندرہویں انیسویں تاریخوں میں چار رکعت نفل ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قل ہو اللہ پانچ مرتبہ پڑھے لکھی جاتی ہیں اس کے لئے ہزار نیکی اور محو ہوتی ہیں۔ ہزار بدی اور پیدا ہوتی ہیں چار حوریں (جواہر غیبی)

سوال پانچواں مہینہ سال کا جمادی الاولی ہے اسمیں کے رکعت پڑھے مع انکے فضائل کے بیان کیجیے

جواب اس مہینہ کی پہلی رات میں چار رکعت ادا کرے۔ ہر رکعت میں قل ہو اللہ گیارہ مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ نوّے ہزار برس کی نیکیاں اُسکے نامہ اعمال میں درج کردیتا ہے اور نوّے ہزار برس کی بدیاں اُسکے نامۂ اعمال میں سے دور کرتا ہے۔ (جواہر غیبی)

سوال چھٹا مہینہ جمادی الاخریٰ کا ہے اُسکے نفل بھی معہ فضائل کے بیان کیجیے؟

جواب اس مہینے میں اول تاریخ میں چار رکعت ادا کرے ہر رکعت میں اخلاص تیرہ مرتبہ پڑھے ہزار لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور ایک لاکھ بدیاں دور ہوتی ہیں۔ دوسری نماز حضرت ابوبکر صدیق کی ہے۔ رسالہ فضائل الشہور میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اس مہینہ میں ۸ رکعت نفل ادا کیا کرتے تھے۔ اس نماز کے لئے کوئی سورۃ خاص نہیں ہے +

سوال ساتواں مہینہ سال کا رجب ہے اسکے فضائل اور نفلیں مع ثواب کے بیان کیجیے؟

جواب یہ مہینہ بڑی عظمت والا ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ رجب اللہ کا مہینہ ہے دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی پاوے مہینہ رجب کا اور اسکی اول اور پندرہویں اور اخیر تاریخ میں غسل کرے گا

Marfat.com

تو گویا اُس نے گناہوں سے ایسی طہارت حاصل کی جیسے کہ ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔
اس مہینے میں پانچ راتیں افضل ہیں واسطے عبادت کے۔ ایک تو اوّل اور ایک وسط اور تین اخیر کی اسی
مہینے کی ۲۷ تاریخ کو معراج شریف بھی ہوئی تھی۔ جو کوئی اوّل شب کو اس مہینے کی مغرب و عشاء کے
درمیان میں بموجب ایک روایت کے تیس رکعت اور بموجب دوسری روایت کے بیس رکعت پڑھے
اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے قل یا ایہا الکفرون تین بار اور قل ہو اللہ تین بار پڑھے تو معاف کرتا ہے
اللہ تعالے اسکو تمام گناہ اور اُس کا شہیدوں کے گروہ میں حشر ہوگا اور اللہ پاک کے نزدیک
بڑا عابد لکھا جاتا ہے اور اُسکو جنت میں ہزار درجہ عطا کیے جائینگے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں
پڑھتا اس نماز کو مگر مومن اور نہیں چھوڑتا اس نماز کو مگر منافق اور مشرک حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ خبر دیجیے مجھکو اس نماز کی کہ کس طرح پڑھوں اس نماز کو تو فرمایا اے سلمان پڑھ
اوّل شب رجب میں دس رکعت اور ہر رکعت میں قل یا ایہا الکفرون تین بار اور قل ہو اللہ تین بار اور بعد ختم
نماز کے ہاتھ اُٹھا کر یہ پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ
وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ
لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ پھر جب پندرھویں رات ہو تو پڑھ دس رکعتیں ہر رکعت میں
قل یا ایہا الکفرون تین بار اور قل ہو اللہ ایک بار۔ بعد ختم نماز کے ہاتھ اُٹھا کر پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
اِلٰهًا وَّاحِدًا صَمَدًا فَرْدًا وِّتْرًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا پھر دس رکعتیں اخیر ماہ رجب میں پڑھے ہر
رکعت میں سورہ کافرون تین بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھکر ہاتھ اُٹھاوے اور پڑھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پھر مانگ تو
اپنے رب سے حاجت اپنی قبول کی جاویگی دُعا تیری اور کریگا اللہ تعالے درمیان تیرے اور
دوزخ کے ستر خندق ہر ایک خندق کی چوڑائی پانچسو برس کی راہ ہوگی۔ اور لکھے گا اللہ تعالے
تیرے واسطے بدلے ہر رکعت کے ثواب ہزار ہزار رکعت کا جب سُنی یہ حدیث سلمان فارسی نے
پھر کبھی یہ نماز حضرت سلمان فارسیؓ نے قضا نہ کی۔ اسی مہینہ میں نماز ظہر اور عصر کے درمیان

Marfat.com

چار رکعت ایک سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی سات بار اور سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے بعد سلام کے پچیس بار پڑھے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ اور سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اور سو بار درود شریف پڑھے پھر حاجت طلب کرے ضرور قبول ہوگی (غنیۃ الطالبین۔ ورسالہ فضائل الشہور)

سوال کیا لیلۃ الرغائب اسی مہینہ میں ہوتی ہے۔ اول تو لیلۃ الرغائب کو بتلایئے کہ کس کو کہتے ہیں۔ اور پھر یہ بتلایئے کہ اس میں کتنی رکعتیں پڑھی جاتی ہیں؟

جواب لیلۃ الرغائب اسی مہینے میں ہوتی ہے اور اس مہینہ کے پہلے پنجشنبہ اور جمعہ کی رات کا نام لیلۃ الرغائب ہے اس رات میں بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل ادا کی جاتی ہیں ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنٰہ تین بار اور اخلاص بارہ بار پڑھے بعد فراغ ستر بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ پھر سجدے میں جاکر ستر بار پڑھے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَكْرَمُ پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے پھر جو دعا مانگیگا قبول ہوگی اسی مہینے میں روزے بھی رکھے جاتے ہیں انکے فضائل بھی بے شمار ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینے رجب میں ایک دن ہے اور ایک رات جو کوئی روزہ رکھے اس میں اور عبادت کرے اس رات کو اس ہوتے ہیں واسطے اسکے ثواب مانند اسکے کہ روزے رکھے اُس نے سو برس تک پس وہ رات ستائیسویں اور دن ستائیسواں ہے اگر اس مہینہ کے روزے اور نمازوں کے فضائل پورے پورے لکھے جاویں تو ایک رسالہ مستقل ہو وے لہذا اسی قدر پر اکتفا کیا گیا ان نفلوں کو جماعت کے ساتھ پڑھنا مکروہ ہے (کبیری شامی)

سوال آٹھواں مہینہ سال کا شعبان ہے اسکے بھی فضائل مع نوافل اور اُسکے ثواب کے بیان فرمایئے!

جواب شعبان کے مہینہ کی بھی حدیثوں میں بہت بڑی فضیلت آئی ہے چنانچہ آنحضرت صلعم نے اس مہینے کو اپنی طرف منسوب فرمایا ہے اور آپ شعبان میں روزہ رکھنے کو بہت دوست رکھتے تھے چنانچہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم کسی مہینہ میں بعد رمضان کے زیادہ تر شعبان کے مہینے کے روزہ نہیں رکھتے تھے پس جس طرح کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سب پیغمبروں سے افضل ہیں۔ اسی طرح آپکا مہینہ بھی سب مہینوں سے افضل ہے۔ چنانچہ دوسری حدیث میں ہے کہ رجب کی فضیلت باقی مہینوں پر مانند بزرگی قرآن کی ہے سب کلاموں پر

Marfat.com

اور فضیلت شعبان کی مانند میری بزرگی کے ہے سارے پیغمبروں پر اور رمضان کی بزرگی مانند خدا کے ہے ساری مخلوق پر اسلیئے مسلمانوں کو چاہیے کہ کثرت نوافل اور نماز روزے سے اس مہینہ کو آباد رکھیں دو چار مختصر نمازیں جو اس مہینہ کی ہیں وہ یہ ہیں شعبان کی اول رات میں بارہ رکعت ادا کریں ہر رکعت میں سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھیں کہ اسکا بہت بڑا ثواب ہے اس مہینے میں پندرہویں شب کی بہت ہی بڑی بزرگی ہے کہ اترتے ہیں فرشتے رحمت کے اور نازل ہوتی ہے رحمت الٰہی سپر جو کوئی عبادت کرتا ہے اور بخشتا ہے اللہ تعالےٰ گناہ صغیرہ اور کبیرہ انکے جو اس رات میں عبادت کرتے ہیں اور اس رات میں نیکوں کو اور بدوں کو اللہ تعالےٰ بخشتا ہے مگر سات آدمی نہیں بخشے جاتے ہیں (۱) جادوگر (۲) منجم (۳) بخیل (۴) ماں باپ کا تکلیف دینے والا (۵) شراب خور (۶) فاعل اور مفعول (۷) نشہ کی چیز و کلہ استعمال کرنے والا۔ جو کوئی اس پندرہویں رات شعبان میں چار رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص پچاس بار پڑھے اور پندرہویں دن روزہ رکھے معاف کریگا اللہ تعالےٰ گناہ اسکے پچاس برس کے اس مہینہ میں ہر جمعہ کی رات کو چار رکعت نماز نفل ہر رکعت میں تیس بار سورہ اخلاص پڑھے تو پایا اس نے ثواب حج اور عمرہ کا۔ اور آٹھ رکعت نفل ایک سلام کے ساتھ ہدیہ فاطمہ ہر رض بھی اسی مہینہ کے ساتھ مخصوص ہے جو کوئی شعبان کے مہینہ میں آٹھ رکعت نفل ہر رکعت میں گیارہ گیارہ بار قل ہو اللہ شریف ایک سلام کے ساتھ پڑھے اور اسکا ثواب روح پرفتوح حضرت فاطمہ خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بخشے اسکے حق میں حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ہرگز قدم نہ رکھوں گی جنت میں جب تک اس کی شفاعت نہ کرا لوں گی (غنیۃ الطالبین و رسالہ فضائل الشہور)

سوال نواں مہینہ سال کا رمضان المبارک ہے۔ اس مہینے کے فضائل مع نمازوں اور اس کے ثوابات کے بیان کیجیئے؛

جواب رمضان شریف کا مہینہ سب مہینوں سے افضل اور اعلےٰ ہے جیسا کہ اوپر کی حدیث سے ثابت ہوا اسی واسطے اس مہینے میں امت مرحومہ پر روزے فرض ہوئے اگر کوئی شخص ابتدائے آفرینش سے انتہائے آفرینش تک متواتر روزے رکھتے جاوے تو رمضان کے ایک روزے کے برابر نہیں ہو سکتے اس مہینے کا نام توریت میں (خط) تھا اور انجیل میں (طاب) اور قرآن شریف میں (رمضان) خط اسلیئے فرمایا کہ یہ گناہوں کو کھوتا ہے۔ طاب اسلیئے کہا کہ روزہ دار اس مہینے میں گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے

Marfat.com

اور قربت بھی فرمایا۔ اِس واسطے کہ بندوں کو اس مہینے میں اللہ پاک کے ساتھ نہایت قربت ہوتی ہے
اور رمضان ماخوذ رمض سے ہے اور رمض اس بارش کو کہتے ہیں کہ جو خریف سے پہلے ہو ہے اس مہینے
میں اول دس تاریخوں میں رحمت برستی ہے اور دوسری ہائی میں مغفرت اور تیسری میں دوزخ سے آزادی
اور مناقب محمدی میں لکھا ہے کہ رمضان شریف میں پندرہ رحمتیں نازل ہوتی ہیں اول فراخی رزق
دوسرے زیادتی زر و مال تیسرے جو کھانا کھایا جاتا ہے وہ سب عبادت میں لکھا جاتا ہے چوتھے
کل اعمال نیک دوچند ہو جاتے ہیں۔ پانچویں کل فرشتے زمین و آسمان کے روزہ دار کے لئے بخشش
مانگتے ہیں۔ چھٹے شیاطین بند کئے جاتے ہیں، ساتویں دروازے رحمت کے کشادہ ہوتے ہیں،
آٹھویں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور دوزخ کے بند کئے جاتے ہیں۔ نویں ہر رات
میں سات لاکھ گنہگار دوزخ سے آزاد ہو جاتے ہیں دسویں ہر جمعہ کی رات میں اس قدر دوزخی دوزخ
سے آزاد ہوتے ہیں کہ جتنے سات دن میں آزاد ہوتے ہیں یعنی ۴۹ لاکھ گیارہویں آخر رمضان
میں تمام گناہ روزہ داروں کے بخشے جاتے ہیں، بارہویں ہر روز بہشت کو آراستہ کیا جاتا ہے۔
تیرہویں روزہ داروں کی دعائیں مستجاب ہوتی ہیں۔ چودہویں تمام بدن روزہ داروں کا گناہوں سے
پاک ہو جاتا ہے، پندرہویں روزہ داروں کو خوشنودی اللہ پاک کی حاصل ہوتی ہے اس مہینہ کا
فرض دوسرے مہینے کے ستر فرضوں کے برابر ہے اور اس مہینے کا نفل دوسرے مہینے کے فرضوں
کے برابر ثواب میں ہے۔ اسی مہینے کے اخیر دہا بہ میں شب قدر بھی ہوتی ہے کہ اس رات کی عبادت
مہینے کی عبادت سے بہتر ہے اور یہ رات بھی سب راتوں میں افضل ہے اترتے ہیں زمین پر جبرئیل
علیہ السلام اور اُن کے ساتھ ہزار فرشتے جو سدرۃ المنتہیٰ کے رہنے والے ہوتے ہیں۔ اُن کے ساتھ
نور کے جھنڈے ہوتے ہیں۔ گاڑتے ہیں اپنے جھنڈوں کو چار مقام پر کعبہ شریف کے
نزدیک قبر شریف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مسجد بیت المقدس کے نزدیک طور سینا
کی مسجد کے نزدیک پھر جبرائیل علیہ السلام فرشتوں سے کہتے ہیں کہ پھیل جاؤ وہ پھیل جاتے
ہیں پھر کوئی مکان اور کوئی حجرہ اور کوئی گھر اور کوئی کشتی ایسی باقی نہیں ہوتی ہے جس میں مومن
مرد یا مومنہ عورت ہو مگر فرشتے اس میں جاتے ہیں لیکن اس گھر میں نہیں جاتے جس میں کتا ہو یا سور یا شرابی
یا جنبی ہو۔ حرام سے یا تصویر ہو۔ اور طلوع فجر تک یہ فرشتے رہتے ہیں اور امت مرحومہ

کے لئے استغفار کیا کرتے ہیں اور تہلیل اپنے پروردگار کی کرتے ہیں حدیث شریف میں آیا ہی کہ جو کوئی رمضان کی راتوں میں قیام کرے ایمان کے ساتھ اور امید ثواب تو اُسکے تمام گناہ بخشدیئے جاتے ہیں۔ سو نماز تراویح قیام لیل میں داخل ہے اِسکے علاوہ اور جس قدر چاہے نفل پڑھے۔ خصوصاً شب قدر میں شب بیداری کا بڑا ثواب ہے۔ شبقدر میں جو جاگتا ہے۔ اُس کے پاس فرشتے آتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں اور وقت دُعا کرنے کے آمین کہتے ہیں اور اس رات میں چار آدمیوں کی اس اُمت میں بخشش نہیں ہوتی۔ ایک تو وہ ہے جو ہمیشہ شراب پیوے۔ دوسرا وہ ہے کہ جو اپنے ماں باپ کی نافرمانی کرے۔ تیسرا وہ ہے جو اپنے رحم کو قطع کرے۔ چوتھا وہ ہے جو مسلمانوں سے دنیاوی عداوت رکھے۔ پس مسلمانوں کو لازم ہے کہ تراویح وغیرہ دیگر نوافل سے رمضان کی راتوں کو آباد رکھیں۔ خصوصاً شبقدر میں علاوہ تراویح کے۔ اِن نوافل کو بھی ادا کیا کریں ◆ ستائیسویں شب کو چار رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنٰہ یکبار، قل ہُو اللہ ستائیس مرتبہ پس باہر آیا یہ شخص اپنے گناہوں سے گویا وہ پیدا ہوا آج ہی اپنی ماں سے اور عطا کریگا اللہ تعالےٰ اس کو ہزار محل جنت میں۔ ایک روایت یہ ہے کہ جو پڑھے دو رکعت شب قدر کو پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنٰہ ایکبار اور اخلاص تین بار اللہ تعالےٰ اسکو عطا کریگا ثواب شبقدر کا اور اس کے روزے قبول کرے گا۔ اور اسکو ثواب ادریس علیہ السلام اور حضرت شعیبؑ اور حضرت ایوبؑ اور حضرت داؤدؑ اور حضرت نوح علی انبیائہم الصلوٰۃ والسلام کا عطا کیا جائے گا اور عطا کیا جائے گا اسکو جنت میں مشرق سے مغرب تک ایک شہر اور فرمایا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ستائیسویں رمضان کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلنٰہ تین بار قل ہو اللہ پچاس مرتبہ پڑھے اور بعد سجدہ میں جا کر ایکبار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ بعد اسکے جو دُعا مانگے قبول ہوگی اور عطا کریگا اس کو اللہ تعالےٰ بے انتہا نعمت اور کُل گناہ اُسکے بخشے جائیں گے اور شب قدر کی دُعا یہ ہی اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ اُس مہینے کی فضیلت تو بہت ہی مگر مختصر کیا اس ذکر کو بسبب طوالت کے (در غنیۃ الطالبین و رسالہ فضائل الشہور)

سوال۔ اس مہینے رمضان میں ابتک نماز تراویح کا بیان نہیں آیا یہ بھی تبلا دیجیے۔ کہ تراویح میں جماعت

Marfat.com

کیسی ہے اور نفس تراویح کیسی ہے؛

جواب تراویح میں جماعت سنت کفایہ[1] اور خود تراویح سنت مؤکدہ ہے (درمختار)

سوال تراویح سنت مؤکدہ مردوں کے حق میں ہے یا عورتوں کے حق میں بھی سنت مؤکدہ ہے؟

جواب عورتوں کے حق میں بھی سنت مؤکدہ ہے (درمختار)

سوال تراویح کا وقت کب سے کب تک ہوتا ہے؛

جواب تراویح کا وقت عشا کے بعد سے فجر تک - خواہ وتر سے پہلے ہو یا پیچھے - اسی قول کو ہدایہ اور محیط وغیرہ میں بھی صحیح کہا ہے (شامی)*

سوال اگر کسی کی کچھ تراویح رہ جائیں اور امام وتروں کے لئے کھڑا ہو جائے تو وہ کیا کرے؟

جواب اس قول کے موافق وتر امام کے ساتھ جماعت سے پڑھ لے بعد میں وہ تراویح پڑھ لے جو فوت ہو گئی ہوں اور دوسرے قول کے موافق نہیں پڑھ سکتا جس میں وقت تراویح کا مابین عشا اور وتر کے ہے (درمختار)

سوال تراویح اگر وقت سے قضا ہو جائیں تو پھر کس وقت پڑھے؛

جواب اس میں بھی دو قول ہیں ایک قول کے موافق تو پھر انکی قضا نہیں اسلئے کہ سنت مؤکدہ ہونیکا حکم بعد نکل جانے وقت کے نہیں رہا اور دوسرا قول یہ ہے کہ دوسری تراویح تک تنہا قضا پڑھ لے (غایۃ الاوطار)

سوال ایک شخص بغیر فرض پڑھے ہوئے جماعت تراویح میں شریک ہو گیا آیا اس کے لئے کیا حکم ہے:

جواب اسکی تراویح درست نہیں کیونکہ نماز تراویح کی تابع نماز عشا کے ہے پہلے اسکو عشا کی نماز ادا کرنی چاہیئے تھی

سوال عشا کے فرض کی جماعت نہ ہوئی ہو تو تراویح کی جماعت بھی ہو سکتی ہے یا نہیں؛

جواب نہیں ہو سکتی - اسلئے تراویح کی جماعت فرض کی جماعت کے تابع ہے (غایۃ الاوطار)

سوال ایک شخص فرض کی جماعت میں شریک نہ ہو سکا اور اس نے فرض تنہا پڑھے - اب یہ شخص تراویح کی جماعت میں شریک ہو سکتا ہے یا نہیں؛

جواب ہاں ہو سکتا ہے (درمختار)

سوال ایک شخص نے فرض عشا کے جماعت سے ادا کئے اور تراویح جماعت سے نہیں پڑھی آیا یہ شخص وتر بھی جماعت سے پڑھ لے یا نہیں؛ جواب - ہاں پڑھ لے (درمختار)

---

[1] سنت کفایہ اس کو کہتے ہیں کہ بعض کے کرنے سے بقیہ کے ذمہ سے ساقط ہو جائے (رد المحتار وغیرہ)

Marfat.com

سوال ایک شخص نے فرض تنہا پڑھے۔ یہ شخص بھی وتر جماعت سے پڑھے یا نہیں؟

جواب یہ شخص وتر جماعت سے نہ پڑھے (شامی) بعد میں صغیری سے تحقیق ہوا کہ پڑھ لے۔

سوال ایک گروہ نے فرض عشاء کے تو جماعت سے ادا کیے مگر تراویح جماعت سے ادا نہیں کی۔ آیا یہ گروہ جماعت وتر کی بھی پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

جواب اس صورت میں جماعت وتر بھی نہیں پڑھ سکتا اسلیے کہ وتر کی جماعت تراویح کی جماعت کے تابع ہے (شامی)

سوال تراویح کے سوا اور نفلوں میں جماعت کرنا کیسا ہے مثل لیلۃ الرغائب اور صلوٰۃ قدر وغیرہ کے؟

جواب بجز تراویح کے ان سب میں جماعت مکروہ ہے (درمختار)

سوال آپ نے تو پہلے باب الامامت میں دو تین آدمیوں سے بشرطیکہ بے بلائے ہوئے جمع ہوں نفلوں کی جماعت جائز بتلائی ہے اگر ان نفلوں میں بھی دو تین آدمیوں کی جماعت ہو جائے تو کیسا؟

جواب اگرچہ دو تین آدمیوں کی اقتدا بے بلائے نفل نماز میں درست ہے مگر جماعت کا ثواب نہیں ملتا اور جبکہ جماعت کا ثواب ہی نہیں ملا تو پھر دو تین آدمیوں کے ساتھ بھی نفلوں کا پڑھنا بے سود ہے (شامی)

سوال اکثر نمازی تراویح میں سستی کی وجہ سے امام کا انتظار رکوع میں جانے کا کیا کرتے ہیں اور تا چلنے رکوع کے اتنی دیر بیٹھے رہتے ہیں یا اونگھا کرتے ہیں۔ یہ فعل کیسا ہے؟

جواب مکروہ ہے (عالمگیری)

سوال تراویح کا بیٹھکر پڑھنا بلا عذر کیسا ہے؟ جواب۔ مکروہ ہے (درمختار)

سوال تراویح کی کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب۔ بیس رکعتیں ہوتی ہیں۔ پانچ ترویحوں کے ساتھ ہر ترویحہ میں چار رکعتیں دو سلاموں سے ہوتی ہیں (عالمگیری، درمختار)

سوال ان پانچوں ترویحوں کے اندر بیٹھنا کیسا ہے؟ جواب مستحب ہے (غایۃ الاوطار)

سوال ترویحوں میں بیٹھکر کیا کرنا چاہیے؟

جواب اس میں آدمی مختار ہے خواہ تسبیح[1] پڑھے خواہ قرآن پڑھے خواہ نفلیں پڑھے خواہ خاموش رہے (عالمگیری)

---

[1] اگر تسبیح پڑھے تو یہ پڑھے۔ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَ الْمَلَکُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَ الْعَظَمَۃِ وَ الْقُدْرَۃِ وَ الْکِبْرِیَاءِ وَ الْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَ لَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَ الرُّوْحِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَ نَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ وَ نَعُوْذُ بِکَ مِنَ النَّارِ (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

**سوال** تراویح میں قرآن پڑھنا کیسا ہے؟

**جواب** ایکبار کا پڑھنا تو سنت ہے اور دو مرتبہ کا پڑھنا فضیلت رکھتا ہے اور تین دفعہ کا پڑھنا افضل ہے (درمختار)

**سوال** اگر قوم ایک قرآن کے پڑھنے سے بھی سستی کرے تو قرآن ختم کرنا چاہیئے یا نہیں؟

**جواب** قوم کی سستی کی وجہ سے ایک قرآن کا ختم نہ چھوڑا جائے۔ اس لئے کہ قرآن مجید میں کچھ اوپر چھ ہزار آیتیں ہیں اور شمار تراویح کی رکعتوں کے چھ سو ہیں۔ اگر مہینہ تیس دن کا ہوا تو اس حساب سے ہر رکعت میں دس آیتیں ہوئیں۔ دس آیتوں کا ہر رکعت میں پڑھنا اور سننا کچھ ایسا دشوار نہیں ہے۔

**سوال** ہمارے زمانہ میں جو حفاظ بعوض قرآن سنانے کے اُجرت ٹھیرا لیتے ہیں یہ کیسا؟

**جواب** قرآن شریف کے سنانے کے عوض میں اُجرت لینا نا جائز ہے۔ قرآن کو تو اللہ تعالیٰ کے واسطے سنائیں اگر اپنے آنے اور جانے کے عوض میں یا پابندی وقت کے بدلہ میں کچھ ٹھیرا لیا تو مضایقہ نہیں، فقہائے متاخرین نے جواز اُجرت کیلئے یہ حیلہ لکھا ہے (درمختار)

**سوال** ایک مسجد میں اگر تراویح کی جماعت دو مرتبہ پڑھی جائے تو کیسا؟

**جواب** مکروہ ہے (عالمگیری)

**سوال** ایک امام دو جگہ پوری پوری تراویح پڑھاوے تو کیسا؟ **جواب** نادرست ہے (عالمگیری)

**سوال** تراویح کو اگر دو امام پڑھاویں تو کیسا؟

**جواب** افضل تو یہی ہے کہ ایک امام سب تراویح پڑھاوے اگر دو امام پڑھائیں تو مستحب یہ ہے کہ ہر ایک امام پورا ترویحہ پڑھکر جدا ہووے (عالمگیری)

**سوال** فرض اور وتر تو ایک امام پڑھاوے اور تراویح دوسرا۔ آیا یہ بھی جائز ہے یا نہیں؟

**جواب** جائز ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرض اور وتر کی امامت خود کیا کرتے تھے اور تراویح ابی بن کعب رضی اللہ عنہ پڑھایا کرتے تھے (عالمگیری)

**سوال** اگر تراویح کی دو رکعتیں قرات کی غلطی یا کسی اور سبب سے فاسد ہو جائیں تو جو اس میں قرآن پڑھ لیا گیا ہے کیا اسکو بھی پھر کرکے پڑھے؟

**جواب** ہاں اُس قرات کو پھر کرکے پڑھے تا کہ ختم قرآن صحیح نماز میں ادا ہو (عالمگیری)

**سوال** جہاں کہیں ختم قرآن نہیں ہو وہاں تراویح کا پڑھنا بہتر کونسی صورتوں سے ہے؟

Marfat.com

جواب الم ترکیب سے پڑھنا بہتر ہے کہ اس میں بھول رکعتوں کی بھی نہیں ہوتی۔ اور یاد کرنے میں دل بھی نہیں بٹتا (عالمگیری)

سوال اگر امام بلا عذر بیٹھکر تراویح پڑھائے اور مقتدی کھڑے ہوئے اقتدا کریں تو یہ اقتدا صحیح ہے یا نہیں

جواب صحیح ہے (عالمگیری)

سوال امام نے دوسری رکعت تراویح کے اندر قعدہ سہواً نہیں کیا۔ تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہوگیا۔ تو اب اسکو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب تیسری رکعت کے سجدہ تک اگر یاد آجائے تو لوٹ جائے۔ اور قعدہ دوسری رکعت کا کرکر سلام پھیرے اور اگر تیسری رکعت کے سجدہ کر لینے کے بعد یاد آیا تو اب ایک رکعت اور ملالے اس صورت میں قیاس چاہتا تھا کہ نماز فاسد ہوجائے مگر استحساناً فساد نماز کا حکم نہیں دیا گیا اور یہ چار رکعتیں قائم بمقام دو رکعتوں کے ہونگی اس مسئلہ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ کثیر الوقوع ہے (عالمگیری)

سوال یہ جواب تو اس سوال کا ہے جب کہ امام نے قعدہ نہ کیا ہو اور اگر قعدہ بقدر تشہد دوسری رکعت کا کر کے تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر امام دوسری رکعت کا قعدہ کرکر تیسری کے لئے کھڑا ہوگیا اور پھر اُس نے چار رکعت تراویح کی ادا کرلی تو اب یہ چاروں ہی رکعت شمار میں آئینگی (عالمگیری)

سوال دسواں مہینہ سال کا شوال ہے اسکے بھی فضائل مع نفلوں کے اور اُسکے ثواب کے بیان کیجئے؛

جواب حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ پہلی رات شوال میں جسکی صبح کو عید ہوتی ہے چند ہزار فرشتے نازل ہوتے ہیں اور یہ ندا کرتے ہیں کہ اے اللہ کے بندو خوشخبری ہو تمکو اس بات کی کہ بخشدیا تمکو اللہ تعالےٰ نے اس واسطے کہ رکھے تم نے روزے رمضان کے اور اگر رکھو تم روزے چھ شوال میں بھی تو دے گا تم کو اللہ تعالےٰ بڑا مکان جنت میں کہ نہ دیگا ایسا مکان کسی کو مگر اُسی شخص کو جس نے تمہارے موافق عمل کیا ہو۔ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی چھ روزے شوال کے رکھے لکھتا ہے اللہ تعالےٰ اُس کے نامۂ اعمال میں ثواب تمام اُمت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا اور جگہ پائیگا اپنے جنت میں ساتھ امیر المومنین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو بعد رمضان کے چھ روزے شوال کے رکھے اُس نے تمام سال کے روزے رکھے اور ثواب ملتا ہے چالیس شہیدوں کا بدلے کے

Marfat.com

شہیدوں میں ہے یہ تو اس ماہ کے روزوں کی فضیلت ہے اب نمازوں کی فضیلت سُننا چاہیے حدیث
شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی اول رات شوال میں یا دن میں بعد نماز عید کے چار رکعت نفل اپنے گھر میں
پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھے پس کھولے گا اللہ تعالےٰ واسطے
اُس کے آٹھوں دروازے بہشت کے اور بند کریگا واسطے اُسکے ساتوں دروازے دوزخ کے
اور نہیں مریگا وہ شخص جبتک اپنا مکان جنت میں نہ دیکھ لیگا، دوسری روایت میں ہے کہ پڑھے ماہ شوال
میں آٹھ رکعت رات کو یا دن کو اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص پچیس بار پڑھے۔ پھر
سلام کے بعد ستر مرتبہ سبحان اللہ اور ستر مرتبہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پس کھولے گا اللہ تعالےٰ واسطے اُسکے دروازے رحمت کے
اور دروازے حکمت کے اس کے دل میں اور بناویگا اللہ تعالےٰ واسطے اُسکے بڑا مکان جنت میں کہ
نہ ہوگا اس سے بڑا مکان کسی کا اور روا کریگا اللہ تعالیٰ اس کی ستر حاجتیں دنیا میں (کذا فی رسالہ فضائل الشہور)

**سوال** سال کا گیارہواں مہینہ ذیقعدہ ہے اُسکے اندر بھی عبادت کرنے کا ثواب بتلا دیجئے؟

**جواب** حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی روزہ رکھے ایکدن ذیقعدہ کے مہینے میں لکھتا ہے
اللہ تعالےٰ اُس کے واسطے ہر ساعت میں ثواب حج کے قبول ہونیکا اور ہر دم کے ساتھ آزاد کرنے
غلام کا، دوسری حدیث میں آیا ہے کہ بزرگ جانو ذیقعدہ کے مہینے کو کہ یہ اول مہینہ ہے مہینوں حرام
سے ایک حدیث میں آیا ہے کہ اس مہینے کے اندر ایک ساعت کی عبادت بہتر ہے ہزار برس کی عبادت
سے اور فرمایا کہ اس مہینے میں دو شنبہ یعنی پیر کے دن کا روزہ افضل ہے ہزار برس کی عبادت سے
نفلی نمازوں کے بارے میں حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی اوّل رات ذیقعدہ میں چار رکعت
پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے ۲۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے تو اس کے لئے اللہ تعالےٰ جنت میں
چار ہزار مکان یاقوت سرخ کے بناتے گا اور ہر مکان کے اندر جواہر کے تخت ہونگے اور اوپر ہر تخت کے
ایک حور بیٹھی ہوگی کہ پیشانی اُسکی آفتاب سے زیادہ روشن ہوگی ایک روایت میں ہے کہ ہر رات میں ذیقعدہ
کی دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ اخلاص تین بار پڑھے تو اس نے حاصل کیا
ثواب ہر رات کو ایک شہید اور ایک حج کا اور جو کوئی پڑھے ہر جمعہ میں اس مہینے کی چار رکعت ہر رکعت
میں بعد الحمد کے اکیس بار قل ھو اللہ، لکھتا ہے اللہ تعالےٰ واسطے اُسکے ثواب حج اور عمرے کا اور

Marfat.com

فرمایا کہ جو کوئی پنجشنبہ کے دن اس مہینے میں سو رکعت پڑھے ہر رکعت میں سورۂ اخلاص بعد الحمد کے پڑھے تو اُس نے ثواب بے انتہا پایا (کذا فی رسالہ فضائل الشہور)

سوال۔ سال کا بارہواں مہینہ ذی الحجہ ہے اُس کے فضائل معہ نوافل وغیرہ کے بیان کیجیے؛

جواب۔ اس ماہِ مبارک کی بہت فضیلت ہے خصوصاً عشرہ کے دس دنوں اور دس راتوں کی تو بہت ہی کچھ فضیلت آئی ہے حدیث شریف میں وارد ہے کہ دُنیا کے دنوں میں سب سے بزرگ ان دس دن ذی الحجہ کے ہیں، دوسری حدیث میں آیا ہے کہ مہینوں کا سردار رمضان ہے اور سب سے زیادہ حرمت کے ذی الحجہ ہے۔ اس مہینے میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے خاص دوستی پائی پھر اپنا مال مہمانوں کے لئے اور اپنی جان آگ کے لئے اور اپنا بیٹا قربانی کے لئے اور اپنا دل رحمٰن کیلئے خرچ کیا اور اِن ہی دنوں میں حضرت ابراہیم حضرت اسمٰعیل علیہما السلام نے بیت اللہ شریف کی بنیاد ڈالی۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک روزہ اس مہینے کا برابر ہے ایک سال کے روزوں کے اور رکھڑا ہونا واسطے عبادت کے اِس مہینے کی دس راتوں میں برابر ہے ثواب میں شب قدر کے پس بہت کرو اس مہینے کے دس دنوں میں تحمید اور تسبیح اور تہلیل اور تکبیر یہ مہینہ ونذ سب دالے حج کا ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اول دن ماہِ ذی الحجہ کے روزہ رکھے گویا اُس نے جہاد کیا اللہ کی راہ میں دو ہزار برس تک۔ اس طرح کہ نہ آرام کیا اُس نے ایک ساعت، اور دوسری تاریخ کے روزہ رکھنے کا یہ ثواب ہے گویا اُس نے عبادت کی اللہ پاک کی دو ہزار برس اور تیسرے دن ذی الحجہ کے جو کوئی روزہ رکھے تو گویا اُس نے تین ہزار غلام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد کے آزاد کئے اور اگر چوتھے دن روزہ رکھے تو اُس کو ثواب چار سو برس کی عبادت کا ملتا ہے اور پانچویں دن کے روزہ کا ثواب پانچ ہزار ننگوں کو کپڑا پہنانے کا ہے اور چھٹے دن روزہ رکھنے کا ثواب چھ ہزار شہیدوں کے برابر ہے۔ اور ساتویں دن روزہ رکھنے والے کے اوپر ساتوں دروازے دوزخ کے حرام ہوجاتے ہیں، اور آٹھویں دن روزہ رکھنے والے پر آٹھوں دروازے بہشت کے کھل جائینگے، ایک روایت میں آیا ہے کہ جو کوئی اول دن ذی الحجہ کے روزہ رکھے تو گویا اُس نے چھتیس ۳۶ ہزار قرآن مجید ختم کئے حضرت عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ زمانہ رسول اللہ صلعم میں ایک مغنی یعنی گویّا تھا کہ دوست رکھتا تھا اگر کوئی وہ شخص جب ذی الحجہ کا چاند دیکھتا تو روزہ رکھتا

Marfat.com

یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ نے فرمایا کہ اُس مرد کو حاضر کرو پس آپ نے اُس سے فرمایا کہ اِن دونوں کے روزے رکھنے پر کس چیز نے آمادہ کیا اُس نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ دن عبادت اور حج کے ہیں دوست رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اِن لوگوں کی دُعا میں مجھ کو بھی شریک کرلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے لئے ہر دن کی گنتی کے برابر جس کا تو روزہ رکھتا ہے ایک سو غلام آزاد کرنے اور سو اونٹ ہدیے بھیجنے اور سو گھوڑے جنہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں سواری کی جائے ثواب ہے پھر جب یوم الترویہ ہوگا تیرے لئے ہزار غلام آزاد کرنے اور ہزار اونٹ قربانی کے اور ہزار گھوڑے کہ جنہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں سوار کئے جائیں ثواب ہے پس جب عرفہ کا دن ہوگا تیرے لئے دو ہزار غلام آزاد کرنے اور اُسی قدر اونٹ اور اُسی قدر گھوڑے اللہ کی راہ میں دینے کا ثواب ہے اور ایک سال پہلے اور ایک سال پچھلے روزوں کا ثواب ہے اِسی طرح اِن دنوں نماز نوافل کا بھی ثواب بیشمار ہے حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی اول رات ذی الحجہ میں چار رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے تو لکھتا ہے اللہ تعالیٰ اُسکے لئے ثواب بیشمار اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑھے ہر رات میں دسویں ذی الحجہ تک بعد وتروں کے دو رکعت ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ کوثر اور سورہ اخلاص تین تین بار تو داخل کرے گا اُسکو اللہ تعالیٰ دن قیامت کے مقام اعلیٰ علیین میں اور لکھے گا اللہ تعالیٰ اُسکے ہر بال کے بدلے میں ہزار نیکیاں اور ثواب پایا اُس نے ہزار دینار دینے کا اور اگر کوئی اس مہینے کی کسی رات کی پچھلی تہائی میں چار رکعت بعد الحمد کے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین بار اور سورہ اخلاص تین بار اور معوذتین ایک ایک بار بعد فارغ ہونے نماز کے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھا کر یہ دُعا پڑھے:۔ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْقُدْرَةِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْحَیِّ الَّذِی لَا یَمُوْتُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَكًا عَلٰی كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِیْرًا رَبُّنَا جَلَّ جَلَالُهٗ وَقُدْرَتُهٗ بِكُلِّ مَكَانٍ پھر جو چاہے دُعا کرے اس کیلئے اجر ہے جیسے کہ حج کیا بیت اللہ حرمت والے کا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے روضہ کی زیارت کی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا اور جو دُعا مانگیگا اُسکو عطا کی جائے گی اور اگر دسوں راتوں میں اس نماز کو اسی ترکیب سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُسکو فردوس اعلےٰ میں داخل کریگا اور اس سے ہر بُرائی مٹا دے گا

Marfat.com

اور کہا جائے گا کہ نئے سرے سے عمل کئے جا اور جو کوئی جمعہ کے دن ذوالحجہ کے مہینے میں چھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ اخلاص پندرہ بار اور بعد تمام رکعتوں کے سلام پھیر کر دس بار پڑھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اور پھر دس بار درود شریف تو اللہ تعالٰے اس سے پہلے کسی کو جنت میں داخل نہیں کریگا، فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی عرفہ کی رات میں یعنی نویں رات کو سو رکعت نفل ادا کرے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قُل ھُوَ اللہ ایک ایک بار یا تین تین بار پڑھے بخشے گا اللہ تعالٰے اُسکے تمام گناہوں کو اور اُس کے لئے جنت میں یاقوت سُرخ کا مکان بنایا جائیگا۔ دوسری روایت یوں ہے کہ شب عرفہ میں دو رکعت نفل پڑھے اول رکعت میں بعد الحمد شریف کے سو مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بخشیگا اللہ تعالےٰ قیامت کے دن اس نماز کی برکت سو ستر آدمی اُسکے ساتھ اور جو کوئی شب نحر یعنی دسویں رات کو جس کی صبح کو عید ہوتی ہے بارہ رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قُل ھُوَ اللہ پندرہ مرتبہ تو تمام گناہوں سے پاک ہوا اور ثواب حاصل کیا اس نے ستر برس کی عبادت کا۔ ایک نماز اُسی رات کی یہ بھی ہے کہ چار رکعت نفل ہر رکعت میں بعد الحمد کے ایک بار اخلاص ایک بار فلق اور ایک بار ناس، بعد سلام کے ستر بار سبحان اللہ اور ستر بار درود شریف پڑھے۔ بخشے جائیں گے تمام گناہ اُس کے اور دسویں تاریخ کو بعد نماز عید الضحےٰ کے گھر پر آکر چار رکعت نفل جو کوئی ادا کرے اور اس میں اول رکعت کے اندر بعد الحمد شریف کے سبح اسم ایک بار اور دوسری میں بعد الحمد شریف کے والشمس ایک بار اور تیسری رکعت میں بعد الحمد کے واللیل ایک بار اور چوتھی رکعت میں بعد الحمد شریف کے والضحےٰ ایک بار پڑھے پس پایا اس نے ثواب تمام کتابوں آسمانی کے پڑھنے کا اور جو کوئی قربانی کے بعد دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے والشمس پانچ مرتبہ پڑھے۔ تو وہ شخص شامل ہوا حاجیوں کے ثواب میں اور قبول ہوئی قربانی اُس کی اللہ پاک کے نزدیک اور پایا ثواب اس کے بدلے میں ہر بال قربانی کے صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اگر کوئی فقیر ہووے اور توفیق قربانی کی اُس کو نہیں ہے تو کیا کرے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بعد نماز عید کے اپنے گھر میں آکر دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ کوثر تین بار پڑھے پس اللہ تعالٰے اُسکو اُونٹوں کی قربانی کا ثواب عطا کرے گا اور دسویں تاریخ عید کی نماز سے پہلے جو کھانے پینے اور جماع

Marfat.com

سے اپنے کو روکے تو اُس کے نامۂ اعمال میں ساٹھ ہزار برس کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ اور عید الضحٰی کے دن غسل کرنے کا ثواب ایسا ہے گویا اُس نے دریائے رحمت میں غوطہ مارا اور تمام گناہ معاف ہوگئے اس کے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی عید الضحٰی کو نئے کپڑے پہنے اور پُرانے کسی فقیر کو صدقہ دے دے تو اللہ تعالےٰ قیامت کے دن ستر حُلّے نوری بہشت کے اُسکو پہنائیگا اور وہ لواء الحمد کے نیچے کھڑا ہوگا اور عطر ملنے کا ثواب بہ نیت تعظیم ملائکہ کو جو مومنین سے مصافحہ کرتے ہیں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اُسکے نامۂ اعمال میں ثواب غلام آزاد کرنے کا لکھتا ہے (غنیۃ الطالبین، حث القلوب رسالہ فضائل الشہور) مختصر کیا ہم نے بسبب طوالت رسالہ کے فضائل اس مہینہ مبارک کو حریص طاعت کو یہ بھی بہت ہیں ٭

**سوال** ہفتہ کی نمازوں میں سب سے پہلے شنبہ کی رات کے نفل بیان کیجیے ؛

**جواب** جو کوئی ہفتہ کی رات کو درمیان مغرب اور عشا کے بارہ رکعتیں پڑھے اور پڑھے اُن میں جو چاہے۔ تو اللہ تعالےٰ اُس کے لئے بہشت میں ایک محل بناتا ہے اور اُس نے گویا ہر مسلمان مرد اور ہر مسلمان عورت پر صدقہ کیا اور یہود کے دین سے بیزار ہوا اور اللہ تعالےٰ پر حق ہے کہ اُس کو بخشدے (غنیۃ الطالبین)

**سوال** شنبہ کے دن کے نفل بھی علاوہ سُنن مؤکدہ اور غیر مؤکدہ موقت کے بیان فرمایئے ؛

**جواب** شنبہ کے دن کی چار رکعت نفل ہیں اُس دن میں ان چار رکعتوں کو علاوہ اوقات مکروہہ کے جب چاہے پڑھے ہر رکعت میں قل یاایہا الکفرون تین بار پڑھے بعد فارغ ہونے کے آیۃ الکرسی پڑھے احدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی اس نماز نفل کو شنبہ کے دن ادا کرے اُس کیلیے ہر حرف کے بدلے حج اور عمرہ کا ثواب ہے اور ہر حرف کے عوض ایک سال کے روزوں کا اور ایک سال کی راتوں کے قیام کا ثواب ہے اور عطا کرے گا۔ اللہ تعالےٰ اُسکو بدلے ہر حرف کے ثواب شہید کا اور ہوگا یہ شخص سایہ عرش کے نیچے ساتھ نبیوں اور شہیدوں کے (فضائل الشہور والایام)

**سوال** یک شنبہ یعنی اتوار کے رات کے نفل بھی مع فضائل کے بیان کیجیے ؛

**جواب** فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑھے یکشنبہ یعنی اتوار کی رات کو بیس رکعت نماز ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے اخلاص پچاس بار اور معوذتین ایک ایک بار پھر سلام

Marfat.com

پھر کر استغفار سو مرتبہ اپنے اور اپنے والدین کیواسطے پڑھے درود شریف سو مرتبہ پڑھکر لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور پھر کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ اٰدَمَ صِفْوَةُ اللّٰهِ وَفِطْرَتُهٗ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَعِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَمُحَمَّدًا حَبِيْبُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ تو اُسکے لئے کافروں اور مسلمانوں کی گنتی کیموافق ثواب ملتا ہی اور اسکو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ امن والوں میں اُٹھائیگا اور اللہ تعالیٰ پر حق ہی کہ بہشت میں پیغمبروں کیساتھ داخل کرے (غنیہ)

سوال یکشنبہ یعنے اتوار کے دن کے نفل مع فضائل بیان کیجیے؛

جواب اتوار کے دن چار رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تمام رکوع ایک بار پڑھے۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی اتوار کے دن ان چار رکعتوں کو ترکیب سے ادا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے نیکیاں بعدد نصرانی اور نصرانیہ کے لکھتا ہی اور اسکو ثواب نبی کا عطا کریگا اور حج اور عمرہ کا ثواب ملیگا اور ہر رکعت کے عوض اُس نمازی کو ہزار نماز کا ثواب بھی ملتا ہی اور اللہ تعالیٰ اس نمازی کو دن قیامت کے جنت میں ہر حرف کے بدلے ایک شہر جو مشک سے بنا ہوگا دیگا دوسری روایت میں یوں آیا ہے کہ جو کوئی اتوار کے دن بعد نماز ظہر کے چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ اول رکعت میں بعد الحمد کے سورہ الم سجدہ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے تبارک الذی پڑھکر تشہد کرے اور سلام پھیرے پھر کھڑا ہووے اور بعد الحمد کے دونوں رکعتوں میں سورہ جمعہ پڑھے اور بعد سلام کے حاجت اپنی طلب کرے اللہ تعالیٰ اُس حاجت کو قبول فرما کر روا کریگا اور نگاہ رکھیگا اللہ تعالےٰ اُس کو تمام آفتوں اور دشمنوں اور حاسدوں سے (غنیۃ الطالبین)

سوال دوشنبہ یعنی پیر کی رات کے نفل بھی بیان کیجیے؛

جواب حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو پڑھے پیر کی رات کو چار رکعت، پڑھے اول رکعت میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ دس بار اور دوسری میں بعد الحمد شریف کے قل ہو اللہ بیس بار اور تیسری میں تین بار اور چوتھی میں چالیس بار پھر بعد سلام کے سورہ اخلاص اور استغفار اور درود شریف پچھتر پچھتر مرتبہ پڑھے پھر اپنے رب سے اپنی حاجت طلب کرے پس حق تعالےٰ پر حق ہے کہ اسکی حاجت کو اپنے فضل سے پورا کرے اور اس نماز کا نام نماز حاجت بھی ہے دوسری روایت حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے جو کوئی پڑھے پیر کی رات کو دو رکعت نفل، ہر رکعت میں بعد الحمد کے قل ھو اللہ پندرہ بار اور بعد سلام کے پندرہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور پندرہ مرتبہ استغفار تو کرے گا اللہ تعالےٰ اسکو اہلِ جنت سے اگرچہ ہو وہ اصحابِ دوزخ سے اور تمام گناہ ظاہر کے اسکے بخشدیئے جاتے ہیں اور ہر ایک آیت قرآن کے بدلے کہ جو نماز میں پڑھی ہے اُس کے لئے ثواب حج اور عمرہ کا ملتا ہے اور اگر آئندہ پیر تک مرجائے تو شہید مرتا ہے (غنیۃ الطالبین)

**سوال** دوشنبہ یعنی پیر کے دِن کے نفل معہ فضائل کے بیان کیجیئے؛

**جواب** جو کوئی پیر کے دِن کسی وقت بارہ رکعت نفل پڑھے اور پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیۃ الکرسی ایکبار اور بعد فارغ ہونے کے سورۂ اخلاص بارہ بار اور استغفراللہ بارہ مرتبہ تو ندا کریگا اللہ تعالےٰ دِن قیامت کے اسکو کہ کہاں ہے ہمارا بندہ اور بیٹا فلاں کا کہ آوے ہمارے پاس اور دیں ہم اسکو نعمت بیکراں پس آئے گا وہ نزدیک خدا تعالےٰ کے دیگا اللہ تعالےٰ اسکو ہزار حُلے جنت کے اور ہر تاج جنتی کہ پہنے گا وہ اسکو اور ہوں گے ہمراہ اسکے ایک لاکھ فرشتے کہ لے جائیں گے اسکو جنت میں اور عطا ہوگا اسکو جنت میں بہت بڑا مکان کہ نہ عطا ہوگا کسی دوسرے کو مگر اسی کو جس نے اسکے موافق عمل کیا ہوگا۔ ایک نماز دو رکعت کیساتھ بوقت بلند ہونے آفتاب کے اور آئی ہے اسی میں بعد الحمد کے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک بار قل ھو اللہ احد اور معوذتین ایک ایک بار پڑھنی فرمائی ہے اور بعد سلام کے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ دس مرتبہ پڑھے، تمام گناہ اُس کے بخشدیئے جاتے ہیں (غنیۃ الطالبین)

**سوال** منگل کی رات کے نفل بھی بتلا دیجیئے؛

**جواب** فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی منگل کی رات میں بارہ رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے اذا جاء نصر اللہ پانچ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالےٰ اسکے لئے جنت میں ایسا بڑا مکان بنا دیگا جس کی وسعت زمین سے سات حصہ زیادہ ہوگی (غنیۃ الطالبین)

منگل کے دن کے نفل معہ فضائل بھی بیان کیجیئے؛

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی منگل کے دِن بعد ارتفاع آفتاب یا بعد زوال دس رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد

Marfat.com

کے آیتہ الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھے تو اس کے واسطے ستر دن تک کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا ہی اور اگر مرا ان ستر دنوں کے اندر تو شہید مرا اور ستر برس کے گناہ اُسکے بخشدیئے گئے (غنیتہ الطالبین)

سوال بدھ کی رات کی نماز بھی بیان فرمایئے؛

جواب جو کوئی بدھ کی رات میں دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ اوّل رکعت میں بعد الحمد کے قل اعوذ برب الفلق دس بار اور دوسری میں قل اعوذ برب الناس دس بار تو اُترتے ہیں آسمان سی ستر فرشتے لکھتے ہیں واسطے اُسکے ثواب قیامت تک (غنیتہ الطالبین)

سوال بدھ کے دن کے نفل مع فضائل بیان فرمایئے؛

جواب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو بدھ کے دن بارہ رکعت وقت بلند ہونے آفتاب یعنی بعد نماز اشراق کے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیتہ الکرسی ایکبار اور سورۂ اخلاص تین بار اور معوذتین تین تین بار ادا کرے تو ندا کرتے ہیں اسکو فرشتے نزدیک عرش کے کہ اے بندۂ خدا اچھا کیا تو نے اس عمل کو پس تحقیق بخشدیا تجھکو اللہ تعالےٰ نے اور اللہ پاک دور کرتا ہے اُس سے عذاب قبر کو اور اُسکی تنگی اور اُس کے اندھیرے کو اور دور کریگا قیامت کے دن اُسکی تکلیفوں کو اور اُس دن اِسکا عمل مثل نبیوں کے اُٹھایا جاویگا +

سوال پنجشنبہ کی رات کے نفل مع فضائل بیان فرمایئے؛

جواب اس رات میں جو کوئی درمیان مغرب اور عشا کے ۲ رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیتہ الکرسی ۵ بار اور قل ہو اللہ ۵ بار اور معوذتین پانچ پانچ بار پھر نماز سے فارغ ہو کر پندرہ مرتبہ استغفار پڑھے اور اُسکا ثواب ماں باپ کی ارواح کو بخشدے تو اُس نے اپنے ماں باپ کا حق ادا کیا اگرچہ ہوں ماں باپ اُسکے ناراض دنیا میں اور عطا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس نمازی کو ثواب صدیقوں اور شہیدوں کا (غنیتہ الطالبین)

سوال پنجشنبہ یعنی جمعرات کے دن کے نفل مع فضائل بیان کیجیے؛

جواب حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سی روایت ہو کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی جمعرات کے دن درمیان ظہر اور عصر کے دو رکعت اس طرح پڑھے کہ اول رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیتہ الکرسی سو مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ سو مرتبہ اور بعد فراغ نماز کے درود شریف سو مرتبہ، تو عطا کرے گا اللہ تعالیٰ اُسکو ثواب مثل روزہ رکھنے والوں رجب اور شعبان

Marfat.com

اور رمضان کے اور ہوگا واسطے اُسکے ثواب مثل حاجیوں کعبہ شریف کے اور لکھا جاتا ہے، وہ نزدیک اللہ تعالےٰ کے ایمان والا اور دی جاتی ہیں اُسکو نیکیاں بعدد مومنین کے (غنیۃ الطالبین)

سوال جمعہ کی رات کے نفل بھی معہ فضائل کے بیان فرمایئے ؟

جواب فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی جمعہ کی رات میں درمیان مغرب اور عشاء کے بارہ رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں دس مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے تو گویا اُس نے بارہ برس تک اللہ پاک کی عبادت کی جس کے دنوں میں روزہ رکھا اور رات کو قیام کیا۔ دوسری روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یوں آئی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی جمعہ کی رات کو عشا کی نماز جماعت سے پڑھکر بعد سنتوں کے دس رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے قل ہو اللہ دس مرتبہ اور معوذتین ایک ایک بار پھر بعد سلام کے وتر پڑھے اور سو رہے اور پھر پہلوئے راست اپنے کے قبلہ کی طرف منہ کرکے، تو گویا اُس نے زیادہ کیا شب قدر کو اور اس رات میں درود شریف کی بھی کثرت کرے (غنیۃ الطالبین)

سوال جمعہ کے دن کے نفل معہ فضائل کے بیان کیجیئے ؟

جواب جمعہ کا دن تمام نماز کا ہی اول تو اُسمیں اشراق کی نماز کا ہی تو اعلاوہ اور دنوں کے زیادہ ہے کہ دو سو نیکی اُسکے نامہ اعمال میں درج ہوتی ہیں اور دو سو برائیاں دور کی جاتی ہیں اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی چار رکعت نفل بعد اشراق کے پڑھے اُسکو چار سو درجے جنت میں عطا ہونگے اور اگر آٹھ رکعت نفل پڑھے تو اُسکو درجہ اعلیٰ جنت میں دیا جاویگا اور تمام گناہ اُسکے بخش دیے جاوینگے اور اگر بارہ رکعت پڑھے اس طرح کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین بار قل ہو اللہ تو دو ہزار نیکی لکھی جاوینگی اور دو ہزار گناہ مٹا دیے جاوینگے۔ ایک روایت میں درمیان ظہر اور عصر کے دو رکعت پڑھے اول رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیۃ الکرسی ایکبار اور پچیس مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور ایک مرتبہ قل اعوذ برب الناس اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے قل ہو اللہ ایک بار اور قل اعوذ برب الفلق بیس بار اور قل اعوذ برب الناس ایکبار بعد سلام کے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پچاس مرتبہ تو یہ شخص نہ مرے گا جبتک اپنے رب کو خواب میں دیکھیگا اور اپنی جگہ کو بہشت میں نہ دیکھے گا۔ حکایت ہے کہ آیا ایک اعرابی رسول اللہ صلعم کے پاس اور کہا کہ یا رسول اللہ میں دُور رہتا ہوں مدینہ

Marfat.com

سے اور قادر نہیں ہوں اس پر کہ پڑھوں میں نماز جمعہ کی مدینہ میں بسبب دوری کے پس راہ دکھاؤ مجھکو یارسول اللہ کہ ثواب پاؤں میں مانند نماز جمعہ کے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اعرابی جسوقت کہ ہووے دن جمعہ کا پس پڑھ تو دو رکعت وقت بلند ہونے آفتاب کے اور پڑھ رکعت اول میں الحمد کے بعد قل اعوذ برب الفلق ایکبار اور دوسری میں قل اعوذ برب الناس ایکبار پھر بعد سلام کے پڑھ سات بار آیۃ الکرسی پھر پڑھ تو آٹھ رکعت چار چار کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد کے قل یاایہا الکفرون ایکبار اور قل ہو اللہ پچیس بار پس جس وقت کہ تو فراغت پائے اپنی نماز سے تو کہہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اعرابی قسم مجھکو اسکی جسکے قبضہ میں محمد کی جان ہے نہیں کوئی بندہ مومن اور مومنہ سے کہ نہیں پڑھتا روز جمعہ کو اس نماز کو جس طرح میں کہتا ہوں مگر میں ضامن ہوں اس کے لیے جنت میں لیجانے کا اور بخشدیتا ہے اللہ تعالے اسکے والدین کو اسکے اٹھنے سے پہلے اگر ہوں وہ مسلمان اور پاک ہوں شرک سے اور ندا کرتے ہیں اسکو فرشتے عرش کے نیچے کہ اے بندۂ خدا سکے البتہ بخشدیا تجھکو خدا نے (غنیۃ الطالبین) مکتوب حضرت شیخ شرف الدین یحیٰی منیری رحمۃ اللہ میں لکھا ہے کہ جمعہ کے دن جو کوئی چار رکعت نفل ایک سلام سے جس وقت چاہے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایکبار اور انا اعطینا پندرہ بار بعد نماز کے درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر اس دعا کو ایک بار پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا سَابِقَ الْفَوْتِ وَیَا سَامِعَ الصَّوْتِ وَیَا مُحْیِیَ الْعِظَامِ بَعْدَ الْمَوْتِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاجْعَلْ لِّیْ خَرَجًا وَّمَخْرَجًا مِّمَّا اَنَا فِیْہِ اِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ یَا رَاحِمَ الْعَطَایَا وَیَا غَافِرَ الْخَطَایَا یَا سُبُّوْحُ قُدُّوْسُ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْظَمُ یَا سَاتِرَ الْعُیُوْبِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ تو اللہ پاک اسکی نمازوں فائتہ کا جن کے عدد معلوم نہیں ہیں کفارہ کردیگا

**سوال** دن میں کے رکعت تک ایک سلام سے پڑھ سکتا ہے؟

**جواب** چار رکعت تک ایک سلام سے پڑھ سکتا ہے، اگر چار رکعت سے زیادہ ایک سلام سے پڑھیگا تو نفل مکروہ ہوں گے۔

**سوال** رات میں کے رکعت تک نفل نماز ایک سلام سے پڑھ سکتا ہے؟

Marfat.com

جواب آٹھ رکعت تک ایک سلام سے پڑھ سکتا ہے۔ اگر آٹھ رکعت سے زیادہ ایک سلام سے پڑھیگا، تو مکروہ ہوگی (عالمگیری)

سوال دن اور رات میں چار رکعت نفل دو سلام سے پڑھنا افضل ہے یا ایک سے؟

جواب ایک سلام سے چار رکعت کا پڑھنا افضل ہے یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی ایک سلام سے چار رکعت پڑھنے کی نذر کرے اور بوقت ادائیگی دو سلام سے پڑھے تو نذر ادا نہ ہوگی اور اگر دو سلام سے پڑھنے کی نذر کرے اور پھر ایک سلام سے چار رکعت پڑھ لے تو نذر ادا ہوجائے گی (عالمگیری)

سوال ایک شخص نے نفل نماز صحیح طور سے شروع کی اور پھر اس کو توڑ ڈالا آیا اس نفل کی قضا اس کے ذمہ ضروری ہے یا نہیں؟

جواب بیشک ضروری ہے اسلیئے کہ نفل شروع کرنے سے پہلے نفل ہوتی ہے اور بعد شروع کے اس کی ادائیگی واجب ہوجاتی ہے (در مختار)

سوال ایک شخص نے اس خیال سے کہ میں ظہر کی نماز پڑھ چکا ہوں امام کا اقتدا بہ نیت نفل کیا، پھر یاد آیا کہ ظہر نہیں پڑھی ہے اب نفل کو توڑ کر فرض کی نیت سے دوبارہ اقتدا کیا آیا بعد فرض کے اس نفل کی بھی اُسکے ذمہ قضا ہے یا نہیں؛

جواب اس نفل کے توڑنے کی قضا نہیں۔ اسی طرح اگر بغیر یاد آنے فرض کے نفل کو توڑ کر دوسرے نفل کی اقتدا کرے تب بھی قضا لازم نہ آئے گی۔ اسلیئے کہ اُس کی نیت ادائے نماز کی امام کے ساتھ ہے۔ سو دونوں صورتوں میں حاصل ہے (شامی)

سوال اگر کسی نے بلا قید رکعت نفل کی نیت کی یعنی ۲ یا ۴ رکعت کی تخصیص نہیں کی تو اس پر کتنی رکعت پڑھنا لازم ہیں؛

جواب اس شخص پر سوائے دو رکعت کے اور زیادہ کا پڑھنا لازم نہیں ہوگا (عالمگیری)

سوال ایک شخص نے چار رکعت نفل کی نیت نہیں کی اور دو رکعت پڑھکر قعدہ میں بھی نہیں بیٹھا تیسری رکعت کو کھڑا ہوگیا پھر اُسکو یاد آیا کہ قعدہ نہیں کیا ہو اب اس کو کیا کرنا چاہیئے؛

جواب یہ شخص قعدہ کی طرف بالاجماع لوٹے۔ اگر یاد آنے پر قعدہ کی طرف نہیں لوٹے گا، تو نماز نفل فاسد ہوجائے گی (عالمگیری)

Marfat.com

سوال ایک شخص نے چار رکعت نفل کی نیت کی اُس نے اوّل دوگانے کے درمیان میں نماز نفل توڑ ڈالی تو اب اس کو کے رکعت قضا کرنی چاہیے ؟

جواب دو رکعت نفل قضا کرنے چاہئیں (درمختار)

سوال ایک شخص نے چار رکعت نفل کی نیت کی اور ایک دوگانہ پڑھکر دوسرے دوگانہ میں نماز توڑ ڈالی تو اب اس کو کے رکعت قضا کرنی چاہئیں ؛

جواب اس صورت میں اگر قعدۂ اُولےٰ میں بقدر تشہد بیٹھ لیا ہے تب تو دو رکعت کی قضا کرے اور اگر بقدر تشہد قعدۂ اُولیٰ نہیں بیٹھا ہے تو چاروں رکعت بالاتفاق قضا کرے اس میں قاعدہ کلیہ یہ ہے ۔ کہ ہر دوگانہ نفل کا علیحدہ نماز ہے مگر تین سبب عارض ہونے سے ہر دوگانہ جُدا نہیں رہتا ہے بلکہ ایک ہوجاتا ہے اور وہ سبب تین یہ ہیں۔ اقتدا، نذر، قعدہ اُولیٰ کا چھوٹنا کہ اُن کی وجہ سے بصورت فساد پھر چار ہی رکعت قضا ہوتی ہیں (شامی)

سوال آپ کے بیان سے یہ تو معلوم ہوا کہ نفل نماز بیٹھکر جائز ہے مگر یہ نہیں معلوم ہوا کہ کھڑے ہو کر پڑھنے والے اور بیٹھکر پڑھنے والے کا ثواب برابر ہے یا کچھ فرق ہے ؛

جواب ہاں فرق ہی کھڑے ہو کر پڑھنے والے کا پورا ثواب ہی اور بیٹھکر پڑھنے والے کو آدھا (غایۃ الاوطار)

سوال گھوڑے اور اونٹ اور بہلی وغیرہ کی سواری پر نماز پڑھنا کیسا ہے ؛

جواب نفل نماز تو عذر اور بلا عذر سب طرح جائز ہے مگر فرض و واجب نماز بلا عذر جائز نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال وہ عذر کیا کیا ہیں جن سے فرض واجب نمازیں بھی اِن سواریوں پر جائز ہوجاتی ہیں ؛

جواب جان کا خوف (خواہ موذی جانوروں سے ہو یا دشمنوں سے) مال کا خوف، عورت کو مرد فاسق کا خوف، مسافر کو قافلہ چلے جانے کا خوف یا سواری ایسی ہو کہ جس پر بدون امدادِ غیر کے سوار نہ ہوسکے یا زمین پر کیچڑ وغیرہ ہو (غایۃ الاوطار)

سوال ایسی سواریوں پر نماز کس طرح ادا کرے ؛

جواب اشارہ سے پڑھے اسلئے کہ اشارہ سے ہی پڑھنا مشروع ہے لیکن سواری کے ٹھیرانے پر اگر

سلہ اگر بہلی کو ٹھیرا کر نماز فرض و واجب ادا کرے تو جوا بیلوں کے اوپر سے دور کرے تاکہ گاڑی تخت کے حکم میں ہو جائے اس صورت میں اشارہ سے نماز درست نہ ہوگی
رکوع و سجود جھک کر ادا کرے اور اگر جوا بیلوں کی گردن پر رہا ہے تو اشارہ سے ادا کرے کیونکہ سواری پر بلا عذر درست نہیں اگر عذر ہوا تو درست ہوگی (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

قدرت ہو تو پھیر لے اور اگر اس پر قدرت نہیں ہو تو قبلہ رخ کرے اور اگر یہ بھی ممکن نہیں ہے۔ تو جس طرح ممکن ہو بر وقت ضرورت نماز ادا کرے اگر بشرط امکان قدرت نماز ادا کرے گا۔ تو نماز جائز نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال ان سواریوں پر جو فرض و واجب نماز ادا کی ہے بعد قدرت پھر ان نمازوں کو پھیر لے یا نہیں؛

جواب نہیں پھیرے (غایۃ الاوطار)

سوال سواری پر نماز پڑھنا مسافر ہی کو جائز ہے یا مقیم کو بھی؛

جواب دونوں کو فروعا جائز ہے مگر مقیم شہر سے باہر جہاں سے مقیم پر قصر لازم آتا ہی پڑھ سکتا ہے۔ شہر کے اندر نہیں پڑھ سکتا (غایۃ الاوطار)

سوال ریل میں نمازوں کا کیا حکم ہے؛

جواب ٹھیری ہوئی ریل میں سب نمازیں بالاتفاق جائز ہیں اسلیے کہ ٹھیری ہوئی ریل کا حکم مثل تختہ کے ہے ہاں چلتی ریل میں علمائے ہند میں فرض واجب میں اختلاف ہے مگر صحیح یہی ہے۔ کہ بسبب عذر کے چلتی ریل میں فرض واجب نمازیں درست ہیں (غایۃ الاوطار)

سوال ایک آدمی کو چلتی ریل میں وقت نماز کا ہو گیا اور اس کو امید ہے کہ اسٹیشن پہ پہنچنے تک وقت آخر نماز کا رہیگا اب اسکو اول وقت چلتی ریل میں نماز پڑھنا چاہیے یا آخر وقت میں جبکہ ریل اسٹیشن پر پہنچے؟

جواب احتیاط کی رو سے اولی تو یہی ہے کہ وقت کے باقی رہنے تک توقف کرے اور جب ٹھیرے نماز پڑھے اور اگر اول وقت چلتی ریل میں اسٹیشن پہنچنے سے پہلے بھی پڑھ لیگا تو جائز ہے جیسے کہ قافلہ حاجیوں کا بوجہ نہ اتر سکنے کے سواری پر صاحب شامی نے اول وقت نماز پڑھ لینے کو جائز فرمایا ہے (شامی

سوال چلتی کشتی میں نماز کا کیا حکم ہے؛ جواب۔ درست ہے (شامی)

سوال اگر کوئی ایک نفل میں کئی نفلوں کی نیت کرے مثلاً دوگانہ تحیۃ الوضو میں تحیۃ المسجد و اشراق یا اور کسی نفل کی بھی نیت کرے تو کیا اس نمازی کو سب نفلوں کا ثواب ایک ہی دوگانہ میں مل جائیگا:

جواب ہاں ایک ہی دوگانہ میں سب نفلوں کا ثواب نیت کے سبب مل جائیگا (

سوال اس باب میں سورج گہن اور چاند گہن اور استسقار کی نمازوں کا اب تک ذکر نہیں آیا یہ بھی بتلایئے کہ کسوف کس کو کہتے ہیں اور اس کی نماز کیسی ہے اور کس طرح پڑھی جاتی ہے؛

Marfat.com

جواب کسُوف سُورج گہن کو کہتے ہیں، یہ نماز بالاجماع سنت ہے اور یہ نماز جماعت کیساتھ بلا اذان اور اقامت اور خطبہ کے پڑھی جاتی ہے (عالمگیری کبیری)

سوال کسُوف کی نماز کی کے رکعت ہیں؟ جواب کم از کم دو رکعت ہیں ورنہ چار بھی ہیں اور زاید بھی (درمختار)

سوال ان رکعتوں میں قراٗت پکار کر پڑھے یا پوشیدہ؟ جواب صحیح یہی ہے کہ پوشیدہ پڑھے (درمختار عالمگیری)

سوال اگر گہن ان اوقات میں شروع ہو کہ جو منع ہیں تو بھی اس نماز کو ادا کرے یا نہیں؟

جواب اُن اوقاتِ ممنوعہ میں نہ پڑھے صرف دُعا اور استغفار پڑھتا رہے، اگر گہن کی حالت میں آفتاب غروب ہو جائے تو دُعا وغیرہ ترک کر کے نماز مغرب میں مصروف ہو جائے (عالمگیری)

سوال اگر گہن اور جنازہ دونوں جمع ہو جائیں تو پہلے کونسی نماز ادا کرے؟

جواب پہلے جنازہ کی نماز ادا کرے (عالمگیری)

سوال اگر جماعت سے گہن کی نماز کو ادا نہ کر سکے تو تنہا بھی اپنے گھروں میں پڑھ لے یا نہیں؟

جواب ہاں پڑھ لے اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو صرف دُعا مانگنا ہی کافی ہے (عالمگیری)

سوال نماز کے بعد بھی اگر گہن رہے تو کیا کرے؟

جواب اوّل تو اس نماز کو طوالت ارکان کے ساتھ ادا کرے اور اگر نماز طوالت ارکان کے ساتھ ادا نہ کر سکے تو پھر دُعا کو طول دے غرض اس وقت کو یادِ الٰہی میں صرف کرے جبتک آفتاب صاف نہ ہو (درمختار)

سوال خسُوف کس کو کہتے ہیں اور اس کی کے رکعت ہیں اور اسکو کس طرح پڑھے؟

جواب خسوف چاند گہن کو کہتے ہیں اور اسکی دو رکعت ہیں۔ اس نماز کو بلا جماعت پڑھے بسبب حرج کے (کبیری، عالمگیری)

سوال اگر کوئی گہن کے وقت نہ پڑھ سکے تو بعد گہن کے بھی کسُوف و خسُوف کی رکعتوں کو ادا کرے یا نہیں؟

جواب ہرگز نہیں (عالمگیری)

سوال استسقاء کس کو کہتے ہیں۔ اور اسکی نماز کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب استسقاء خشک سالی کے وقت خدائے تعالیٰ سے مینہ طلب کرنے کو کہتے ہیں حضرت امام اعظم رح کے نزدیک جماعت اور خطبہ کے ساتھ اسکی نماز درست نہیں ہے اور صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک جماعت اور خطبہ کے ساتھ ہی یہ نماز سنت ہے (شرح وقایہ۔ کبیری)

Marfat.com

سوال صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک اس نماز کی کے رکعت ہیں؟

جواب دو رکعت ہیں بلا اذان اور اقامت کے (درمختار۔ عالمگیری)

سوال ان دو رکعتوں کو پکار کر پڑھے یا پوشیدہ، اور ان میں کونسی سورۃ کا پڑھنا مستحب ہے؟

جواب پکار کر پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ قاف اور دوسری میں سورۃ قمر یا پہلی میں سورۃ اعلیٰ اور دوسری میں غاشیہ پڑھے (عالمگیری)

سوال خطبہ نماز سے پہلے پڑھے یا بعد میں اور کس طرح پڑھے؟

جواب بعد نماز کے پڑھے اور اس وقت تلوار یا عصا پر سہارا دے اور اس طرح خطبہ پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ

سب تعریف اللہ کو ثابت ہیں کہ جو پالنے والا ہے ... مہربان ... مالک ... کوئی معبود سوائے خدا کے ... جو چاہتا ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا

اے اللہ تو ہی ہے اللہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے تو غنی ہے اور ہم محتاج ہیں نازل کر ہمارے اوپر مینہ کو اور کر جو ...

اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ ؕ اس کے بعد یہ دعائے ماثورہ پڑھے

بھیجی ہے قوت ہمارے اور سبب ... اور پہنچانے ... تک

اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا هَنِيْئًا مَّرِيْئًا نَّافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ ...

اے اللہ ... پہنچنے والا سیراب کرنے والا خوشگوار ... زمین کو ... نفع دینے والا ...

مُمْرِعَ النَّبَاتِ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ

... اے اللہ پانی دے اپنے بندوں کو اور اپنے چارپایوں کو اور اپنی رحمت نازل کر اور زندہ ...

سوال جب کہ امام اور قوم نماز کے لئے باہر نکلیں تو اور کیا کیا باتیں کریں؟

جواب کافروں کو اس وقت ساتھ نہ لیں، مسلمان پا پیادہ جائیں اور میلے کچیلے پیوند ... ہوں اپنے گناہوں سے نادم سرنگوں ہوں، گناہوں سے توبہ نصوح کریں صدقہ بھی نکالیں ... ضعیفوں کو ہمراہ لیں مثل بڑھے مردوں اور بوڑھی عورتوں اور لڑکوں کے ... سو دعا کریں اس کی دعا کا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھ کی ہتھیلی زمین کی طرف ہو اور پشت آسمان کی طرف ...

سوال اس نماز کو اس ترکیب سے کتنے دن تک پڑھے؟

Marfat.com

جواب تین دن تک پڑھے۔ اس سے زیادہ نہ پڑھے (در مختار)

سوال یہ نماز کس وقت پڑھنی چاہیئے؛

جواب جب کنوؤں اور نہروں میں پانی نہ رہے یا رہے تو چارپایوں کو پانی پلانے اور کھیتوں کو سینچنے کے لئے کافی نہ ہو اور آسمان پر ابر تھیلی کے برابر نہ ہو اگر ایسی صورت نہ ہو تو صرف استغفار کو ہر محلہ و بگھر میں لوگ جمع ہو کر کھٹلیوں یا کنکروں پر پڑھیں انشاءاللہ ضرور بارش ہوگی اسلیئے کہ استغفار کیساتھ مینہ کا وعدہ نص قرآنی سے ثابت ہے۔

# باب چھوٹی ہوئی نمازوں کے قضا پڑھنے کے بیان میں

سوال وہ کونسی نمازیں ہیں جن کی قضا واجب ہے؛

جواب وہ نمازیں جو وقت کے اندر واجب ہو کر فوت ہو گئی ہوں خواہ جان کر فوت ہوں یا بھول کر یا نیند سے، تھوڑی ہوں یا بہت (عالمگیری)

سوال وہ کونسی نمازیں ہیں جن کی قضا واجب نہیں؛

جواب وہ نمازیں مرتد اور مجنون کے ارتداد و جنون کی حالت کی ہیں اور اس بیمار اور بیہوش کی ہیں جسپر بیماری یا بیہوشی ایک رات دن سے زیادہ گزرے اور حائضہ اور نفسا کے ایام حیض اور نفاس کی نمازیں، یہ نمازیں ہیں جن کی قضا نہیں (عالمگیری)

سوال قضا نماز کس وقت ادا کرے؛

جواب تمام عمر اسکی ادائیگی کا وقت ہے جب چاہے پڑھے سوائے اوقات مکروہہ کے مگر تاخیر بلا عذر درست نہیں (در مختار)

سوال ایک لڑکا رات کو سوتے وقت نابالغ تھا فجر کو اٹھا تو اسکا احتلام ہوا اب لڑکے پر نماز عشاء کی قضا واجب ہے یا نہیں

جواب اس لڑکے پر نماز عشا کی قضا واجب ہے (در مختار)

سوال ایک لڑکی رات کو سوتے وقت نابالغ تھی جب فجر کو اٹھی تو اسکو حیض معلوم ہوا اسکے لئے کیا حکم ہے؛

جواب اُس لڑکی پر عشا کی نماز کی قضا واجب نہیں (عالمگیری)

سوال اسکی کیا وجہ ہے کہ لڑکے پر عشا کی نماز کی قضا واجب ہے اور لڑکی پر نہیں حالانکہ نماز کے وقت میں بلوغ دونوں کو ثابت ہے؛

---

[1] بیماری وہ معتبر ہے جس میں اشارہ سے بھی نماز ادا نہ کر سکے (عالمگیری) [2] اگر بیہوشی ایک دن سے کم گذرے تو بعد افاقہ نمازوں کی قضا ہے (عالمگیری)

[3] اگر حیض اور نفاس والی عورت کی ایک نماز قبل حیض اور نفاس چھوٹی ہے اور پھر پاک ہونے پر اس نماز کو قضا نہیں کیا اور باوجود یاد ہونے اس نماز کے وقتی ادا کی تو جائز نہیں ۱۲ (عالمگیری)

جواب اسکی وجہ یہ ہے کہ احتلام وجوبِ وقت کو مانع نہیں ہے اور حیض وجوبِ وقت کو مانع ہے (عالمگیری)

سوال ایک شخص کی فجر کی نماز قضا ہوگئی اس شخص نے پہلے ظہر کی نماز وقتیہ ادا کی حالانکہ اس کو فجر کی فائتہ نماز یاد تھی اُسکے لئے کیا حکم ہے؛

جواب اِس شخص کی ظہر کی نماز نہیں ہوئی اسلئے کہ اُس نے ترتیب کو کہ جو ہمارے نزدیک واجب ہے ترک کردیا اب اُس کو لازم ہے کہ پہلے فجر کی نماز قضا کرے اور ظہر کی نماز پھر کرکے پڑھے (کبیری و عالمگیری)

سوال یہ نماز ظہر کی کہ جو فجر کی نماز یاد آنے سے نہیں ہوئی آیا بالکل ساقط ہوگئی یا نفل ہوجائے گی!

جواب شیخین[1] رحمہما اللہ کے نزدیک نفل ہوجائے گی (درمختار)

سوال ترتیب کبھی ساقط بھی ہوتی ہے یا نہیں؛

جواب ہاں تین عذر سے ساقط ہوجاتی ہے ایک عذر تو تنگی وقت کا ہے، دوسرا عذر نسیان یعنی بھول[2] کا ہے، تیسرا عذر چھ یا زیادہ نمازوں کا فوت ہوجانا ہے مثلاً کسی کی نماز ظہر کی قضا ہوگئی اور عصر کا ان وقت ملا کہ اگر ظہر ادا کرے تو عصر بھی قضا ہوجائے تو اب اس ضیق وقت میں ترتیب فرضیت کی ساقط ہوگئی یا عصر کی نماز بھول کر پڑھ لی تو اس نسیان نے بھی ترتیب کو ساقط کردیا اور چھ یا زیادہ نمازوں کے قضا ہوجانے کی وجہ سے ترتیب کا ساقط ہوجانا بوجہ حرج کے ہے (درمختار۔ کبیری)

سوال ترتیب وتر کے اندر بھی واجب ہے یا نہیں؛

جواب اس کے اندر بھی واجب ہے یہاں تک کہ اگر وتر قضا ہوجائیں اور فجر کی نماز وتر کے یاد ہوتے پڑھی جائے تو فجر کی نماز صحیح نہیں ہوگی (شرح وقایہ، عالمگیری)

سوال ایک آدمی کے ذمہ چھ نمازیں متفرق ہیں مثلاً چھ نمازیں فجر کی ہی قضا ہوئی ہیں یا عصر کی اور انکے درمیان کی نمازیں پڑھتا رہا ہے تو اسپر بھی ترتیب ساقط ہے کیا؛

جواب اس شخص پر سے بھی ترتیب ساقط ہوگئی (درمختار)

سوال ایک شخص کی عشا کی نماز قضا ہوگئی فجر کو اس خیال سے کہ وقت میں گنجایش نہیں ہے فجر ادا کی بعد اسکے معلوم ہوا کہ ابھی وقت ہے۔ مگر دو رکعت کے لائق اب اس کو کیا کرنا چاہئے؛

---

[1] شیخین حضرت امام اعظم اور حضرت امام یوسف رحمہما اللہ سے مراد ہے ۱۲ منہ

[2] بھول سے مراد یہاں جہالت بھی ہے یعنی ایک شخص ترتیب کی فرضیت سے واقف ہی نہیں ہے اور اسکی نماز فجر قضا ہوئی۔ پھر اس نے ظہر فجر کے یاد ہوتے ہوئے ادا کی تو ظہر درست ہے ۱۲ منہ [3] چھ نمازیں فوت شدہ پہلی ہوں یا پچھلی ۱۲ (عالمگیری)

Marfat.com

جواب پھر فجر کی نماز ادا کرے وہ پہلی نماز نفل ہو گئی اسی طرح جتنی بار گنجایش دیکھے فجر ہی پڑھیگا جو دوگانہ طلوع کے وقت ہوگا وہ فرض ہوگا باقی سب نفل ہو جائیں گے (درمختار)

سوال ایک شخص نے ایک مہینے یا ایکسال یا دس سال برابر نماز نہیں پڑھی پھر اُس نے شروع کرنے کے بعد کوئی قضا نہیں کی اب اگر کوئی نماز نئی قضا ہوئی اور باوجود اس نئی نماز فایتہ کے یاد ہوتے ہوئے وقتی نماز ادا کرے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب جائز ہے اور فایتہ پہلی فایتہ نمازوں میں مل جائیگی اسلیے کہ جبتک ایک مہینہ یا ایک برس یا دس برس کی نمازیں قضا نہ پڑھ لیگا اُس وقت تک ترتیب عود نہ کرے گی (درمختار)

سوال ایک شخص کے ذمہ ایک ماہ یا ایکسال کی نمازیں قضا تھیں پھر اُس نے ان فائتہ نمازوں کو ادا کیا یہانتک کہ ایک نماز یا دو نمازیں باقی رہ گئیں اور اب پھر نئی نمازوں میں سے ایک نماز قضا ہو گئی اس حالت میں اس نئی نماز فایتہ کے یاد ہوتے ہوئے وقتی نماز ادا کرنی جائز ہے یا نہیں؟

جواب جائز ہے اسلیے کہ جبتک پہلی نماز و فایتہ میں سے ایک بھی اُسکے ذمہ باقی رہے گی اُسوقت تک ترتیب عود نہیں کریگی اسی قول پر فتوےٰ ہے (شامی)

سوال اگر کسی کی بہت سی نمازیں قضا ہو جائیں تو اُنکی ادائیگی میں بھی ترتیب کی رعایت کرنی ضروری یا نہیں؟

جواب ان کی ادائیگی میں ترتیب ضروری نہیں ہے مثلاً کسی کی ایک مہینہ کی نمازیں قضا ہو گئیں پھر اُن کو اس طرح ادا کیا کہ پہلے تیس نمازیں فجر کی پڑھ لیں، پھر تیس۳۰ نمازیں ظہر کی ادا کیں، علیٰ ہذا القیاس اسی طرح سب نمازیں ادا کیں تو سب نمازیں درست ہیں (عالمگیری)

سوال ایک شخص کی فجر کی نماز قضا ہوئی ظہر کے وقت اُس نے نمازِ ظہر بھول کر شروع کر دی دوسری یا تیسری رکعت میں اُسکو یاد آیا کہ میرے ذمہ فجر کی نماز ہے اب کیا کرے؟

جواب یاد آنے پر اس نماز کی فرضیت تو ساقط ہو گئی اب یہ کرے کہ اگر دوسری رکعت ہے تو تشہد پڑھکر سلام پھیر دے اور اگر تیسری ہے تو چار رکعت پر سلام پھیر دے اوّل صورت میں دو نفل ہو جائینگے اور دوسری صورت میں چار رکعت نفل ہو جائینگے اب پہلے فجر کی نماز قضا کرے پھر ظہر ادا کرے (درمختار)

سوال ایک شخص کے ذمہ ایک یا دو نمازیں قضا ہیں اور یاد ہونے کیساتھ اسکو ادائیگی کی قدرت بھی

---

ؔ بہت کی حد یہ ہے کہ چھٹی نماز کا وقت نکل کر چھ جمع ہو جائیں ۱۲ (عالمگیری)

ہے اور پھر تاخیر کرتا ہے۔ یہ تاخیر کیسی ہے؟

**جواب** یہ تاخیر بالاتفاق مکروہ ہے اسلیئے کہ قضا کا وقت وہی ہے جب یاد آوے سوائے اوقات مکروہہ کے۔

**سوال** وہ کونسی نماز ہے کہ جس کے نہ پڑھنے سے پانچ نمازوں کی فرضیت کہ جو اس سے پہلے پڑھ چکا ہے درست ہوجائے اور اگر اسکو پڑھ لے تو پانچوں نمازوں کی فرضیت جاتی رہے؟

**جواب** یہ وہی نماز فائتہ ہے کہ جو چھٹی نماز کے وقت میں موجود ہے۔ اب اگر اس کو پہلے وقتی نماز سے پڑھ لیگا تو پانچوں نمازوں کی فرضیت جاتی رہیگی۔ اور اگر اب بھی اسکو بھولے رہیگا اور نہ پڑھیگا تو سب نمازیں فرضیت کے ساتھ قائم رہیں گی (درمختار)

**سوال** ایک شخص کی نماز قضا ہوگئی اور پھر وہ بھول گیا کہ کونسے وقت کی نماز تھی اور گمان غالب بھی کسی نماز پر نہیں ہوتا تو اب کیا کرے؛

**جواب** یہ شخص ایسی حالت میں ایک رات دن کی نماز قضا کرے اور اگر دو وقت کی نمازمیں تردد ہے تو دو دن کی نماز پڑھے اسی طرح جتنے وقتوں کی نماز کا تردد ہووے اتنے ہی دنوں کی نماز قضا کرے (عالمگیری)

**سوال** جو نمازیں کہ بحالت سفر قضا ہوئی ہیں انکو قیام کی حالت میں چار رکعت سے ادا کرے یا دو سے اور اگر قیام کی حالت کی نمازیں سفر میں پڑھے تو دو رکعت پڑھے یا چار؟

**جواب** سفر کی حالت میں قضا دو رکعت ہی پڑھی جائے گی اور قیام کی حالت کی نماز خواہ سفر میں ادا کرے یا قیام میں چار ہی رکعت ادا کرے گا (عالمگیری)

**سوال** ماں باپ اور کسی دوست غیرہ کی طرف سے بھی قضا نمازیں پڑھی جائیں تو درست ہے یا نہیں:

**جواب** ہرگز درست نہیں اسلیئے کہ نماز عبادت بدنی ہر مکلف کیلیئے ہے دوسرے کے ادا کر دینے سے ادا نہیں ہوتی ہے (درمختار)

**سوال** قضا نمازوں کا ادا کرنا مسجد میں اعلان کیساتھ بہتر ہے یا گھر میں؛

**جواب** اعلان کیساتھ ادا کرنا کہ جس سے ناواقف ہو مکروہ تحریمی ہے اسلیئے کہ تاخیر نماز گناہ ہے اور گناہ کا اطلاع نصراً گناہ ہے اسلیئے چھپکر گھر میں قضا کرے (شامی وعالمگیری)

**سوال** ایک شخص نے مرتے وقت میں اپنے ورثار کو قضا نمازوں کے کفارہ دینے کی وصیت کی تو اب اسکے ورثار کو بعد اسکی موت کے کس قدر اناج کفارہ میں دینا چاہیئے؛

**جواب** اگر اُس شخص نے ترکہ چھوڑا ہے تو اُسکے تہائی مال میں سے ہر نماز کے عوض میں سے نصف صاع

Marfat.com

گیہوں و اسی قدر بعوض وتر کے بھی ورثا دیں اور اگر ترکہ نہیں چھوڑا ہے اور ورثا غنی ہیں تو وہ تبرعاً کفارہ دیں اور اگر ورثا غنی نہیں ہیں تو یوں کریں کہ نصف صاع گیہوں ایک نماز کے کفارہ میں کسی مسکین کو دیں اور پھر مسکین ایک وارث فقیر کو صدقہ دے اور پھر یہ اسکو اسی طرح سے سب کفارہ ادا کریں اسی طرح روزوں کا کفارہ بھی دیویں، ہر روزہ کے کفارہ میں بھی اسی قدر گیہوں دینے ہونگے اور نصف صاع کا وزن چھٹانک کم پونے دو سیر گیہوں کا ہونا ہے (عالمگیری)

سوال بہت بوڑھا کہ جس کو شیخ فانی کہتے ہیں اسکو بھی زندگی میں اپنی نمازوں کا کفارہ دے دینا درست ہے جیسے کہ روزوں کا یا نہیں؟

جواب بوڑھے کو اپنی نمازوں کا کفارہ دینا بحالت زندگی درست نہیں ہے، خود ہی ادا کرے خواہ اشارہ دے سے ہی ادا کرنے پر قادر ہو (عالمگیری)

# باب سجدۂ سہو کے بیان میں

سوال سہو کس کو کہتے ہیں؟

جواب سہو بھول کو کہتے ہیں اور اسی حکم میں شک[1] بھی داخل ہے (درمختار)

سوال شک اور ظن اور وہم میں کیا فرق ہے؟

جواب شک کسی چیز کے ہونے یا نہ ہونے میں تردد کرنے کو کہتے ہیں بدوں غلبہ کسی جانب کے اور اگر کسی جانب کو غلبہ ہے تو اس کو ظن کہینگے اور طرف مغلوب کو وہم۔

سوال سجدۂ سہو کس وقت اور کس طرح ہوتا ہے اور اس سے غرض کیا ہے؟

جواب بعد فارغ ہونے نماز کے ایک سلام پھیرنے کے بعد ہوتا ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ اخیر قعدہ میں پہلے سلام کے بعد اللہ اکبر کہکر سجدہ کو جھک جائے اس میں تین دفعہ پڑھے پھر اللہ اکبر کہکر سر اٹھائے اور جلسہ کرکے پھر اسی طرح دوسرا سجدہ کرے اور دوبارہ تشہد[2] مع درود اور دعا کے پڑھے اور سلام پھیرے[3] غرض اس سجدہ سے یہ ہی کہ جن باتوں سے نماز ناقص ہوئی ہے اُسکے سبب سے اصلاح ہو کر نماز درست ہو جائے۔

---

[1] فقہا کے نزدیک سہو اور شک دونوں برابر ہیں یعنی جس طرح سہو سے سجدہ واجب ہوتا ہے اسی طرح شک سے بھی واجب ہوتا ہے اور شک کی بھی سب صورتیں سجدہ واجب ہونے میں برابر ہیں (عالمگیری) [2] دونوں سجدے اور التحیات کے بعد پڑھنا اور سلام کا دوبارہ پھیرنا یہ سب جب ہیں کہ سجدہ سہو التحیات کا اور سلام کو دور کر دیتا ہے نہ قاعدہ کو بسبب قوی ہونے قاعدہ اخیر کے وہ فرض ہے اور سجدہ سہو واجب تو واجب فرض کو اٹھا نہیں سکتا ۱۲ (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

سوال پہلے قعدہ میں سجدۂ سہو سے پہلے درود اور دُعا بھی پڑھے اور صرف تشہد ہی پڑھکر ایک سلام پھیر دے؛

جواب دونوں ہی قعدوں میں درود اور دُعا پڑھنا زیادہ احتیاط رکھتا ہے (عالمگیری)

سوال اگر کوئی شخص ایک سلام بھی نہ پھیرے اور سلام سے پہلے ہی سجدۂ سہو کرلے تو جائز ہے یا نہیں؛

جواب ایسا کرنا مکروہ تنزیہی ہے (درمختار)

سوال اگر کسی نے بعد دوسرے سلام کے سجدہ سہو کیا تو اس کے لئے کیا حکم ہے؛

جواب ایک قول کیموافق صحیح ہے مگر جمہور فقہا کے قول کیموافق دوسرے سلام سے سجدۂ سہو ساقط ہو جائیگا اِسلیئے کہ پہلا سلام دو چیزوں کیلیئے ہے ایک تو نماز سے حلال ہونے کیلیئے دوسرے قول کی تحیۃ کیلیئے اور دوسرا سلام صرف تحیۃ ہی کے لئے ہے تو دوسرا سلام کلام کی مانند ہوا اسی وجہ سے دوسرے سلام کے بعد سجدۂ سہو کرکے پھر کرے نماز

سوال وہ کیا باتیں ہیں جن سے نماز ناقص ہو جاتی ہے اور اس نقص کا جبر سجدہ سے ہو جاتا ہے؛

جواب وہ ایک تو ترک واجب اور تاخیر واجب کے اُن واجبوں میں سے کہ جو صفت الصلوٰۃ میں گزری دوسرے تاخیر فرض ہے اُن ہی فرضوں میں سے بشرطیکہ سہواً ہو اور اگر ترک واجب یا تاخیر فرض قصداً ہونگی تو سجدہ سہو سے جبر نہ ہوگا اس وقت اعادہ نماز کا کرے (عالمگیری)

سوال سجدہ سہو کا حکم فرض واجب اور نفل سب نمازوں میں برابر ہے یا کچھ فرق ہے؛

جواب سب نمازوں میں برابر ہے + (عالمگیری)

سوال اگر کسی سے ایک نماز میں کئی واجب ترک ہوں مثلاً الحمد شریف پڑھنا بھول جاوے اور قعدہ اولےٰ بھی بھول جائے یا اور کچھ واجب سہواً ترک ہو جائے تو اب اُس شخص پر ایک ہی دفعہ سجدۂ سہو کرنا واجب ہے، یا ہر ایک واجب کے عوض میں سجدۂ سہو علیحدہ علیحدہ کرے؛

جواب یہ شخص ایک ہی دفعہ سجدہ کرلے اِسلیئے کہ سجدۂ سہو ایک ہی دفعہ ہوتا ہے خواہ ایک واجب ترک ہو یا چند سب کا تدارک اسی ایک دفعہ کے سجدے سے ہو جائیگا (عالمگیری)

سوال ایک شخص الحمد کو بھول کر دوبارہ پڑھ جائے تو سجدہ سہو کرے یا نہیں؛

جواب اگر اس شخص کو یہ سہو پہلے دوگانہ میں ہوا ہے تو سجدۂ سہو کرے اسلیئے کہ پہلے دوگانہ میں الحمد کا ایک دفعہ پڑھنا جو واجب تھا وہ ترک ہو گیا اور اگر دوسرے دوگانہ میں ہوا تو سجدۂ سہو نہ کرے (عالمگیری)

سوال یہ حکم تو پوری الحمد پڑھکر دوبارہ الحمد پڑھنے کا ہے اور اگر پوری الحمد نہ پڑھے تھوڑی یا بہت پڑھکر پھر دوبارہ پڑھے تو کیا حکم ہے؛

Marfat.com

جواب اگر بہت سی الحمد پڑھکر پھر دوبارہ پڑھنے کو لوٹا ہے تو سجدۂ سہو کرے اور تھوڑی الحمد پڑھکر پھر دوبارہ شروع کی ہے تو سجدہ سہو نہ کرے (درمختار، عالمگیری)

سوال اگر الحمد سے پہلے سورۃ پڑھ لی ہے تو سجدہ سہو کرے یا نہیں؟

جواب ضرور کرے اسلیئے کہ الحمد کا پہلے پڑھنا[1] جو واجب تھا ترک ہوگیا خواہ پوری سورۃ پڑھی ہو یا کم +

سوال پچھلے دوگانہ میں فرضوں کے اگر الحمد کے ساتھ سورۃ ملالی جائے تو سجدۂ سہو کرے یا نہیں؟

جواب اس صورت میں سجدہ سہو نہ کرے +

سوال اگر کوئی قیام میں تشہد سہواً پڑھ لے تو اُس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر یہ قیام فرض نمازوں کا ہے تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ تشہد پہلے دوگانہ میں پڑھا ہے یا پچھلے میں اگر پہلے دوگانہ میں پڑھا ہے تو یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ الحمد سے پہلے پڑھا ہے یا پیچھے اگر پہلے پڑھا ہے تو سجدہ سہو نہیں۔ اگر بعد الحمد کے پڑھا ہے تو سجدۂ سہو کرے اسلیئے کہ الحمد کے پیچھے محل ہے اُس شے کے پڑھنے کا کہ جو واجب ہے تو تاخیر واجب سے سجدۂ سہو ہوا اور اگر فرض نمازوں کے پچھلے دوگانہ میں پڑھا ہے تو سجدۂ سہو واجب نہیں اور اگر یہ قیام وتر یا نفل نمازوں کا ہے تو سب رکعتوں کیلیئے وہی حکم ہے جو کہ فرض نمازوں کے پہلے دوگانہ کے لئے ہے (عالمگیری)

سوال قومہ اور طمانیت کے چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوگا یا نہیں؟

جواب صحیح یہی ہے کہ اگر سہواً چھوڑ دیگا تو سجدہ سہو واجب ہوگا (عالمگیری)

سوال اگر قعدۂ اولیٰ کو بھول کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہووے تو کیا کرے؟

جواب اگر قریب بیٹھنے کے[2] ہی اور یاد آجائے تو دوبارہ بیٹھ جائے اس صورت میں سجدۂ سہو بھی نہیں اور اگر قریب کھڑا ہونیکے ہی تو اب نہ بیٹھے اخیر میں سجدۂ سہو کرلے نماز ہو جائیگی اور یہ حکم امام اور منفرد کے لئے ہے اور اگر مقتدی ہی تو سیدھا کھڑا ہونیکے بعد بھی دوبارہ بیٹھیگا اگر نہ بیٹھیگا تو نماز مقتدی کی فاسد ہو جائیگی (عالمگیری، درمختار)

سوال اسی بیچ کے قعدہ میں التحیات کی جگہ اگر کوئی الحمد پڑھ لے تو سجدۂ سہو کرے یا نہیں؟

جواب اس قعدہ میں اگر بجائے التحیات کے الحمد پڑھ لے یا دوبار تشہد پڑھ لیا یا ایکبار تشہد پڑھکر

---

[1] الحمد سے پہلے اگر سورہ شروع کردے تو جب یاد آوے سورۃ کو ترک کردے اور الحمد شروع کرے بعد میں سجدہ سہو کرے ۱۲ (عالمگیری)

[2] قریب بیٹھنے کے اس وقت تک ہی جبتک دونوں گھٹنوں زمین پر ہوں گو چوتڑ اٹھادیں ہوں اور قریب اٹھنے کا اس وقت ہی جب گھٹنے اٹھ جاویں (عالمگیری)

Marfat.com

کچھ زیادتی درود شریف وغیرہ کی کرے تو ان صورتوں میں سجدۂ سہو واجب ہے (عالمگیری)

سوال درود شریف کی زیادتی بیچ کے قعدہ میں سہوًا کس قدر موجب سجدہ سہو ہے؟

جواب بعض کے نزدیک اللھم صل علی محمد اس قدر زیادتی موجب سجدۂ ہے اور بعض کے نزدیک وعلی اٰل محمد جب تک نہ پڑھے گا سجدۂ سہو واجب نہ ہوگا، غرض اس قعدہ میں وجوب سجدہ کیلئے اگر اس مقدار کا سکوت بھی ہوگا تب بھی سجدہ سہو واجب ہوجائیگا (عالمگیری)

سوال اگر کوئی قعدۂ اخیرہ کو بھول کر پانچویں رکعت کو کھڑا ہوجائے تو کیا کرے؛

جواب جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہیں کیا ہے اُس وقت تک قعدۂ اخیرہ کی طرف عود کرے اور تشہد پڑھکر سجدہ سہو کرلے نماز درست ہوجائے گی (در مختار)

سوال اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کرلیا ہے تو کیا کرے؟

جواب ایک رکعت اور ملالے تاکہ چھ رکعت اُسکی نفل ہوجائیں اور اخیر میں سجدہ سہو کرلے اس صورت میں فرض بسبب ترک قعدہ اخیرہ کے جاتے رہے ﴿

سوال یہ صورت تو وہ بیان ہوئی جس میں قعدۂ اخیرہ بالکل چھوڑ دیا اور اگر قعدہ اخیرہ کرکے پھر سہوًا کھڑا ہوا پانچویں رکعت کو تو کیا کرے؛

جواب اِس صورت میں بھی جب تک پانچویں رکعت کو سجدۂ سے مقید نہیں کیا ہے عود کرے اور اگر پانچویں رکعت کو سجدہ سے مقید کرلیا ہی تو بھی وہی کرنا چاہیے یعنے ایک رکعت اور ملالے۔ اب اس صورت میں چار فرض ہوجائینگے اور دو نفل اور اگر نہ ملادیگا تو چار رکعت تو فرض ہوجائینگے اور یہ ایک رکعت باطل ہوگی مگر سجدہ سہو ہر طرح کرے (عالمگیری وغیرہ)

سوال مقتدی سے کوئی واجب ترک ہوجائے تو سجدہ سہو کرے یا نہیں!

جواب مقتدی اپنے ترک واجب سے سجدہ سہو نہ کرے اسلیئے کہ مقتدی اگر امام کے سلام سے پہلے سجدہ کریگا تو امام کی مخالفت لازم آئے گی اور اگر امام کے سلام کے بعد سجدہ کریگا تو نماز سے خارج واقع ہوگا اسواسطے مقتدی پر سجدہ سہو نہیں (غایۃ الاوطار)

سوال اگر امام اُن نمازوں میں جن میں پکار کر قرأت پڑھنا واجب ہے پوشیدہ پڑھے تو کیا سہو کرے!

جواب جب ہم بتلا چکے کہ ترک واجب اور تاخیر واجب ہی سجدۂ سہو آتا ہے پھر اس کی کیوں نہیں سجدہ

Marfat.com

سہو لازم ہوگا مگر آپ کو واجبات نماز جو ہم نے صفت الصلوٰۃ میں بتلائے ہیں شاید یاد نہیں ہے اگر سجدۂ سہو سے نماز بگڑی ہوئی درست کرنا منظور ہے تو واجبات نماز خوب یاد کرو، ہاں یہ سوال اس جگہ کرتے۔ تو مضائقہ نہ تھا کہ کس مقدار خفیہ قرأت پڑھنے سے جہری موقع میں اور اسی طرح برعکس سے سجدۂ سہو لازم ہوگا تو اسکو بھی بتلائے دیتے ہیں، بھائی وجوب سجدہ کے لئے جہر کی جگہ سر اور سر کی جگہ جہر اسقدر کافی ہے جسقدر سے قرأت فرض ہے یعنی ایک آیت بڑی یا چھوٹی کے مقدار اگر اس سے کم مقدار مخالف جگہ میں خفائیت یا جہریت ہوگی تو سجدہ سہو نہ ہوگا (در مختار)

سوال مسبوق کو اگر اپنی بقیہ نماز کی ادائگی کے وقت سجدۂ سہو ہو جائے تو سجدۂ سہو کرے یا نہیں ؛

جواب مسبوق کی بقیہ نماز مثل منفرد کے ہے اگر اس میں سہو ہوا ہے تو ضرور سجدہ سہو کرے اور اگر امام کے ساتھ ہوا ہے تو بہر حال میں باتباع امام کرے خواہ سہو سے پہلے اقتدا کرے یا پیچھے (در مختار)

سوال مسبوق نے امام کا اقتدار دوسرے سجدۂ سہو کے اندر کیا پہلا سجدہ جس کو امام پہلے کر چکا ہے اس سے جاتا رہا۔ اب اس سجدہ کو یہ مسبوق کس وقت ادا کرے ؛

جواب کسی وقت بھی ادا نہ کرے اسی طرح اگر دونوں سجدے سہو کے بعد اقتدا کرے تب بھی کچھ نہ کرے (عالمگیری)

سوال لاحق سے سہو ہو جائے تو وہ بھی سجدۂ سہو کرے یا نہیں ؛

جواب نہیں کرے اسلئے کہ لاحق امام کی پیروی میں مثل مقتدی کے ہے جیسے مقتدی پر اُس کے سہو سے سجدہ اُٹھ گیا ایسے ہی لاحق کے اوپر سے بھی (در مختار)

سوال یہ حکم تو لاحق کے خود سہو کرنیکا معلوم ہوا اور اگر لاحق کے امام نے اپنی سہو کی سجدہ کیا تو یہ لاحق کیا کرے ؛

جواب امام کے سہو سے لاحق پر سجدہ واجب ہے اب لاحق اخیر میں نماز کے سجدہ کرلے جیسے اس کے امام نے آخر نماز میں کیا ہے اور اگر امام کے ساتھ کرلیگا تو پھر دوبارہ اسکو کرنا چاہئے (در مختار)

سوال امام مسافر ہے اور مقیم مقتدی ہے امام کو سہو ہوا اب مقتدی امام کے ساتھ سجدہ کرے یا کیا ؛

جواب امام کے ساتھ ہی کرے (در مختار)

سوال امام کو سہو ہونیکے بعد حدث ہوا پھر امام نے اپنی جگہ خلیفہ مسبوق کو بنایا اب مسبوق امام کے سجدہ سہو کو کس طرح ادا کرے ؛

جواب مسبوق سلام کیلئے کسی مدرک کو آگے بڑھا دے تاکہ وہ سجدۂ سہو قوم کو ادا کرا دے اور اگر کوئی مدرک مقتدی نہیں ہے تو سب اپنی بقیہ نماز پڑھنے کے بعد علیحدہ علیحدہ اپنے امام کا سجدۂ سہو ادا کریں (عالمگیری)

Marfat.com

سوال اگر امام سہواً پانچویں رکعت کو بعد قعدۂ اخیرہ کر لینے کے کھڑا ہو جاوے تو مقتدیوں کو کیا کرنا چاہیئے؟
جواب بعد متنبہ کرنیکے مقتدیوں کو امام کا پانچویں رکعت کے سجدہ تک انتظار کرنا چاہیئے، اگر امام پانچویں رکعت کے سجدہ سے پہلے عود کرے تو مقتدی اُسکے ساتھ سلام پھیریں ورنہ مقتدیوں پر اب متابعت امام کی فرض نہیں ہو سب سلام پھیر کر علیحدہ ہو جاویں اور اگر اقتدا کریں تو بھی درست ہی اب اگر امام نے ایک رکعت اور پانچویں رکعت کیساتھ ملالی تو جس طرح امام کی چار رکعت فرض ہو جاوینگے اور دو نفل اسی طرح مقتدیوں کے بھی چار رکعت فرض اور دو نفل ہو جائینگے اور اگر امام نے پانچویں رکعت پڑھکر نماز کو قطع کر دیا تو امام پر دو رکعتوں کی قضا لازم نہیں مگر مقتدیوں پر قضا لازم ہو گی (شرح وقایہ، درمختار)
سوال اِسکی کیا وجہ کہ امام پر تو قطع سے دو رکعتوں کی قضا لازم نہیں آئی اور مقتدیوں پر قضا لازم ہوئی ہے؟
جواب اِسکی وجہ یہ ہے کہ امام سے یہ دو رکعت نفل بلا قصد شروع ہوئی تھیں اور مقتدیوں سے قصداً اِسلیئے مقتدیوں پر اُن کی قضا واجب ہے (شرح وقایہ، درمختار، عالمگیری)
سوال اگر امام بھول کر پانچویں رکعت کو کھڑا ہو گیا اور مقتدی بھی اُسکے ساتھ سہواً کھڑے ہو گئے پھر امام کو بعد رکوع کے سجدہ کرنے سے پہلے یاد آگیا اور وہ قعدہ کی طرف عود کر آیا اور مقتدیوں نے بعد سجدہ کے عود کیا تو اب اِن مقتدیوں کی نماز درست ہوئی یا نہیں؛
جواب اگر مقتدیوں کو امام کا لوٹکر بیٹھنا معلوم نہیں ہوا تھا تب تو مقتدیوں کی صحیح ہے کیونکہ یہ زیادتی سجدہ کی سہواً ہوئی ہے اور مقتدی کی سہواً ایک رکن کی زیادتی اپنے امام کیخلاف مفسد نماز نہیں ہاں اگر امام رکوع سے پہلے قعدہ کی طرف عود کر گیا اور مقتدی رکوع اور سجدہ دونوں کر کے لوٹے تو دو رکنوں کی زیادتی کی وجہ سے نماز ٹوٹ جائے گی (غایتہ الاوطار)
سوال ایک مسافر کو دو رکعت کے اندر سہو ہوا پھر اُس نے سجدہ سہو کر لیا بعد سجدہ سہو کے اقامت کی نیت کر لی اُس کے لئے کیا حکم ہے؛
جواب یہ سجدہ سہو دوبارہ کریگا اسلیئےکہ وہ سجدہ درمیان میں غیر جگہ واقع ہونیکے سبب سے غیر معتبر ہوا (عالمگیری)
سوال اگر کسی کو سجدہ سہو کے اندر پھر سہو ہوا تو اب پھر سجدہ سہو کرے یا نہیں؟
جواب اب نہ کرے اس لئے کہ سجدہ سہو میں سہو جانے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا ہے ورنہ پھر یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہو (عالمگیری)

Marfat.com

سوال اگر سلام کے پیچھے شک ہوا تو کیا کرے؛

جواب کچھ بھی نہ کرے اُس وقت جواز نماز کا ہی حکم دیا جائے گا (عالمگیری)

سوال کسی وقتی نماز کے پڑھنے نہ پڑھنے کے اندر شک واقع ہوا تو کیا کرے؛

جواب اگر نماز کا وقت باقی ہے تو پھر کرے لوٹا لے ورنہ کوئی چیز اسپر واجب نہیں (عالمگیری)

سوال اگر کسی کو نماز میں شک ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھیں تو وہ کیا کرے؛

جواب اگر یہ شک پہلی ہی مرتبہ اس شخص کو ہوا ہی کہ جسکی عادت شک کرنیکی نہیں ہی تو از سر نو نماز پڑھے (درمختار)

سوال اگر ایسا شخص نہ ہو بلکہ وہ ہو جس کی عادت شک کرنے کی ہے تو کیا کرے؛

جواب یہ شخص تھوڑی رکعتوں کو اختیار کرے بسبب یقین ہونے کمتر کے اور ہر رکعت کے بعد قعدہ کرے تاکہ قعدہ فرض اور واجب ترک نہ ہو مثلاً اول رکعت میں شک ہوا کہ یہ دوسری ہی یا اول تو اس رکعت کو اول مقرر کرے کیونکہ اس میں گمان غالب اوّل ہونیکا ہے اور اُسکے آخر میں قعدہ کرے اسلیئے کہ اُسکے وہم میں یہ رکعت دوسری بھی ہی اور یہ محل قعدہ کی ہی اسی طرح دوسری رکعت کے آخر میں قعدہ کرے کہ وہ باعتبار ظن غالب کے دوسری ہی اور دوسری رکعت کے بعد قعدہ واجب ہوتا ہے علی لہذا تیسری اور چوتھی رکعت کے بعد بھی قعدہ کرے گو اس صورت میں چار قعدے ہو نگے مگر یقینی طور سے کوئی قعدہ فرض و واجب ترک نہیں ہوگا آخر میں سجدہ سہو کرلے نماز درست ہو جائیگی ۹ (درمختار۔ عالمگیری۔ شرح وقایہ)

سوال اگر کسی کو بعد دونوں سلام کے یاد آوے کہ تیرے ذمہ سجدہ سہو باقی ہے تو کیا اب پھر سجدہ سہو کر سکتا ہے؛

جواب بموجب ایک قول کے جبتک قبلہ سے منہ نہ پھیرے یا کلام نہ کرے اسوقت تک سجدہ سہو کر سکتا ہے اور دوسرے قول کے موافق نہیں کر سکتا پھر کرے پڑھے (شامی، عالمگیری)

سوال نمازی اگر بھولے سے دو رکعت پر سلام پھیرے اس وہم سے کہ چار رکعت ہو گئی تو کیا کرے؛

جواب اُسی وقت پھر کھڑا ہو جاوے اور چار رکعت پوری کرلے اور اخیر میں بوجہ تاخیر فرض کے سجدہ سہو کرے اسی طرح اگر مسبوق امام کے ساتھ بھول کر سلام پھیرے تو وہ بھی اس سلام سے نماز سے خارج نہ ہوگا اور نہ مسبوق پر سجدہ سہو لازم ہوگا (درمختار)

سوال اگر وتر کی نماز میں سہو ہوا کہ پہلی رکعت ہے یا دوسری یا تیسری تو کیا کرے؛

Marfat.com

جواب سب رکعتوں میں قنوت پڑھے اور ہر ایک رکعت کے بعد قعدہ کرتا رہے۔ آخر میں سہو کا سجدہ کرے نماز ہو جائے گی، یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ شک کے سبب سے سب صورتوں میں سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہے۔ خواہ گمان غالب پر عمل کرے یا وہم کی جانب کو اختیار کرے (عالمگیری)

سوال ایک شخص کسی رکن کے کرنے یا نہ کرنے کو بہت دیر سوچتا رہا، پھر یقین ہوا کہ اس رکن کو کر لیا ہے یا نہیں، کیا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر یہ وقت سوچنے کا اس قدر گزر گیا کہ رکن کے حال میں تغیر ہو گیا تو سجدۂ سہو کرے ورنہ نہیں

سوال اگر کسی کو نماز کے اندر شک ہوا کہ بے وضو ہے تو کیا کرے؟

جواب نماز ادا کرتا رہے اس شک سے نماز کو نہ توڑے ہاں اگر یقین ہوا اور پھر اس نے یقین کی حالت میں کوئی رکن ادا کیا تو نماز فاسد ہو جائیگی گو اسی وقت پھر یقین طہارت کا حاصل ہو جاوے اور اگر عادت شک کرنے کی نہیں ہے تو نماز ازسر نو پڑھے (عالمگیری)

سوال اگر بعد نماز کے کوئی شخص خبر دے کہ تو نے چار کی جگہ تین پڑھی ہیں یا پانچ یا دو کی جگہ تین پڑھی ہیں یا چار تو اب اس کو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب احتیاطاً پھر کرے پڑھ لے گو یہ اپنی رائے میں اس کو غلط ہی سمجھتا ہو (عالمگیری)

سوال اگر قوم اور امام کے درمیان اختلاف ہو تو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب اگر امام کو یقین ہے تو اعادہ نماز کا نہ کرے اسلیئے کہ قوم کے گمان میں نماز فاسد ہے (درمختار)

سوال کیا عیدین کی تکبیروں میں زیادتی اور کمی اور ترک سے سجدہ سہو آتا ہے؟

جواب ہاں سب سے سجدہ سہو آتا ہے (عالمگیری)

# باب سجدۂ تلاوت کے بیان میں

سوال تمام قرآن شریف میں کل سجدے کتنے ہیں؟ جواب - چودہ ہیں (عالمگیری، کبیری، درمختار)

سوال کیا ہمارے نزدیک اور امام شافعیؒ کے نزدیک کچھ فرق ہے؟

جواب تعداد کے اندر تو فرق نہیں ہے۔ مگر مقاموں میں اختلاف ہے، ہاں البتہ امام مالک علیہ الرحمۃ کے نزدیک تعداد میں بھی فرق ہے انکے نزدیک کل سجدے گیارہ ہیں (درمختار)

Marfat.com

سوال اگر حنفی شافعی کے پیچھے اقتدا کرے اور وہ اس مقام پر سجدہ کرے جہاں ہمارے نزدیک سجدہ نہیں ہے تو کیا کیا جائے؟

جواب نماز میں تو بوجہ متابعت حنفی بھی سجدہ کرے مگر خارج نماز اگر شافعی سے سُنے تو نکرے (غایۃ الاوطار)

سوال اگر مالکی امام کے ساتھ اقتدا کیا اور اُس نے سجدہ اس مقام پر نہیں کیا جہاں حنفی کے نزدیک سجدہ ہے تو کیا کرے؟

جواب یہ بھی نہ کرے اسلیئے کہ اقتدا کی حالت میں شرط وجوب سجدہ یہ بھی ہے کہ امام سجدہ کرے اگر حنفی امام بھی سجدہ پڑھکر نہ کرے تو مقتدی پر بھی سجدہ نہیں خواہ مقتدی نے سنا ہو یا نہ سنا ہو (غایۃ الاوطار)

سوال سجدۂ تلاوت کس پر واجب ہوتا ہے؟

جواب ہر مسلمان عاقل بالغ پر پڑھنے اور سننے سے واجب ہوتا ہے (کبیری)

سوال وہ کون کون ہیں جن پر باوجود پڑھنے اور سُننے کے سجدۂ تلاوت واجب نہیں؟

جواب وہ یہ ہیں۔ اوّل کافر، دوم دیوانہ، سوم نابالغ، چہارم حیض نفاس والی عورت۔

سوال اگر ان سے اور کوئی سُنے تو سننے والے پر سجدہ ہے یا نہیں جواب بیشک ہے (در مختار)

سوال سجدہ کی آیت اگر کسی اور زبان میں پڑھی جائے تب بھی سجدہ واجب ہوگا یا نہیں!

جواب پڑھنے والے پر ہر طرح واجب ہوگا مگر سننے والے پر اُسوقت واجب ہوگا جب کہ اُسکو خبر دی جائے کہ آیت سجدہ کی پڑھی گئی ہے اسی طرح عربی کا نہ جاننے والا بھی اُس وقت تک معذور رہے جبتک اُسکو معلوم نہو (عالمگیری)

سوال اگر کوئی ہجے کر کے سجدہ کی آیت پڑھے تو بھی سجدہ واجب ہے یا نہیں؟

جواب ایسے پڑھنے سے نہ تو پڑھنے والے پر سجدہ ہے نہ سننے والے پر (عالمگیری)

سوال اگر نماز سے باہر سجدہ واجب ہو تو کس طرح ادا کرے؟

جواب بدون رفع یدین کے کھڑے ہو کر اللہ اکبر کہکر سجدہ کرے اور پھر بعد سجدہ کے اللہ اکبر کہکر کھڑا ہو جائے اس طرح سجدہ کرنے سے سُنت اور مستحب سب ادا ہو گئے (عالمگیری)

سوال اس سجدہ کے اندر کیا پڑھے؟

جواب وہی تسبیح جو نماز کے سجدوں کے اندر پڑھی جاتی ہے یعنی تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھے۔

سوال اس سجدے میں شرط کیا کیا ہیں؟

Marfat.com

جواب وہی چھ شرطیں ہیں جو کہ نماز کے اندر شرطیں ہیں یعنی طہارۃ ستر عورت، استقبال قبلہ، نیت

سوال اگر نمازی نماز پڑھنے کی حالت میں اُس شخص سے کہ جو نماز سے باہر ہے آیت سجدہ کی سن لے یا نماز نہ پڑھنے والا نماز پڑھنے والے سے سُنے تو بھی اِن دونوں پر سجدہ واجب ہے یا نہیں؟

جواب ہاں واجب ہے، نماز پڑھنے والا جب اپنی نماز سے فارغ ہو تب سجدہ کرے اور جو خارج نماز ہے وہ نماز سے خارج کرے (درمختار- عالمگیری)

سوال کیا کوئی ایسا بھی ہے کہ جسکے پڑھنے سے نہ اُسپر سجدہ واجب ہو نہ سننے والوں پر؟

جواب ہاں ہے اور یہ وہ مقتدی ہے کہ جو بحالت اقتدا سجدہ کی آیت پڑھے کہ اُسکے پڑھنے سے نہ خود اُس پر سجدہ ہے نہ اس کے ساتھی اور مقتدیوں پر نہ اُسکے امام پر۔ ہاں اگر کوئی نماز سے باہر ہو اور وہ اِس مقتدی سے سُن لے تو اُسپر سجدہ واجب ہوگا (شرح وقایہ وغیرہ)

سوال ایک شخص نے باہر نماز کے امام سے آیتہ سجدہ کی سُنی اور پھر اُسی امام کا اُسی نماز میں اقتدا کیا تو پھر سجدہ یہ شخص کب کرے؟

جواب اگر اس شخص نے دوسری رکعت میں اقتدا کیا اور امام نے پہلی رکعت میں سجدہ پڑھا تب تو بعد نماز کے اِس سجدہ کو کرے اور اگر اُسی رکعت میں جس میں کہ سجدہ پڑھا ہے سجدہ سے پہلے اقتدا کیا تو امام کے ساتھ سجدہ کرے اور اگر بعد سجدہ امام کے اُسی رکعت میں اقتدا کیا تو اب اُس شخص سے سجدہ ساقط ہوا، نہ نماز کے اندر کرے نہ نماز کے باہر (عالمگیری)

سوال ایک نمازی پر نماز کے اندر سجدہ واجب ہوا مگر اُس نے نماز کے اندر سہواً یا قصداً سجدہ ادا نہ کیا۔ تو اب یہ شخص نماز کے باہر سجدہ کرے یا نہیں؟

جواب نہ کرے، کیونکہ جو سجدہ نماز کے اندر واجب ہوتا ہے اُسکا ادا کرنے کا محل نماز ہی ہے، باہر نماز کے قضا نہیں ہوتا، اسلیئے کہ نماز کا سجدہ نماز کا جزو ہے مگر قصداً ترک ہونے سے گنہگار رہیگا اس گناہ سے خلاصی کی صورت سوائے توبہ کے اور کچھ نہیں ہے (غایۃ الاوطار)

سوال سوتے ہوئے سے یا نشہ والے سے آیتہ سجدہ کی سنی جائے تو سجدہ واجب ہوگا یا نہیں؟

جواب بیشک ہوگا اور بعد اطلاع کے خود نشہ والے اور سونیوالے پر بھی سجدہ واجب ہے (عالمگیری)

سوال سجدۂ تلاوت کو بعد وجوب دیر سے ادا کرنا کیسا؟

Marfat.com

جواب اگر وہ سجدہ نماز کے اندر کا ہی تب تو فوراً واجب ہے تاخیر اس میں مکروہ تحریمی ہے اور اگر خارج نماز ہے تو تاخیر مکروہ تنزیہی ہے (غایۃ الاوطار)

سوال اگر کسی نے نماز کے اندر سجدہ پڑھا اور سجدہ کرنے سے پہلے وہ نماز فاسد ہوگئی تو اب اس سجدہ کو کب کرے؟

جواب خارج نماز ادا کرے اسلئے کہ جب نماز فاسد ہوگئی تو یہ سجدہ صرف تلاوت کا رہ گیا نماز کا نہ رہا (درمختار)

سوال کئی سجدوں کے بدلے ایک ہی سجدہ کافی ہونے کے لئے کیا کیا شرطیں ہیں؟

جواب دو شرطیں ہیں ایک تو مجلس کا ایک ہونا ہے، دوسرے آیۃ کا ایک ہی ہونا ہے اگر مجلس کا اختلاف ہوگا یا آیت کا تو دو سجدے واجب ہونگے (شرح وقایہ، کبیری وغیرہ)

سوال ایک شخص نے ایک مجلس میں آیت سجدہ پڑھی اور پھر اسی مجلس میں دوسرے شخص سے اسی آیت کو سنا تو اب یہ شخص ایک سجدہ کرے یا دو؟ جواب یہ شخص ایک ہی سجدہ کرے گا (غایۃ الاوطار)

سوال ایک شخص آیۃ سجدہ پڑھ کر اسی مجلس میں کھانا کھانے لگا یا تین قدم چلا یا خرید و فروخت میں مشغول ہوا، بعد میں پھر اسی جگہ اسی آیت کو پڑھنے لگا تو اب اس شخص کو دو سجدے کرنے چاہئیں یا ایک؛

جواب اس شخص پر دو سجدے واجب ہوئے اسلئے کہ اس شخص کی مجلس بدل گئی اور یہ تبدیلی حکماً ہی یا حقیقتاً (شامی)

سوال جو حکم پڑھنے والے پر ہے کیا وہی حکم سننے والے پر بھی ہے؟

جواب ہاں وہی حکم سننے والے پر بھی ہے +

سوال ایک شخص نے ایک ہی آیت کو آتے بھی پڑھا اور جاتے بھی مگر سننے والے نے ایک ہی جلسہ میں سنا ان دونوں کے لئے حکم ہے؛

جواب پڑھنے والا دو سجدے کریگا اور سننے والا ایک اسلئے کہ پڑھنے والے پر بوجہ اختلاف مکان دو سجدے واجب ہوئے اور سننے والے پر بوجہ اتحاد مکان ایک، اگر سننے والے کا بھی جلسہ بدل جاتا تو اس پر بھی وہی حکم ہوتا جو پڑھنے والے پر (شرح وقایہ، درمختار)

سوال اگر کوئی ایک مجلس میں سارا قرآن پڑھے تو کتنے سجدے کرے؟ جواب۔ چودہ کرے (کبیری، درمختار وغیرہ)

جواب اگر تلاوۃ کرنے والا ساری سورت تو پڑھے مگر سجدہ کی آیت کو چھوڑدے۔ یہ کیسا؛

سوال مکروہ ہے برخلاف اسکے کہ آیۃ سجدہ کی پڑھے اور ساری سورۃ چھوڑدے کہ یہ مکروہ نہیں (شرح وقایہ)

جواب تلاوت کرنے والے کو بوقت تلاوت آیۃ سجدہ کی آہستہ پڑھنا کیسا؛

Marfat.com

جواب مستحب ہے (شرح وقایہ)

سوال سجدۂ شکر کیسا ہے؟

جواب صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک عبادت ہے اُس پر ثواب ملتا ہے (عالمگیری)

سوال سجدۂ شکر کا کس وقت کرنا چاہئے؟

جواب جب کوئی نعمت ظاہر ہو یا مصیبت دُور ہو اس وقت مثل سجدۂ تلاوت کے کرے سوائے اوقات مکروہہ کے (عالمگیری)

سوال اکثر لوگ بلا سبب بعد نماز کے سجدہ کیا کرتے ہیں یہ کیسا؟ جواب مکروہ ہے +

# باب جمعہ کے بیان میں

سوال جمعہ کو جمعہ کس لئے کہتے ہیں؟

جواب اسلئے کہتے ہیں۔ کہ یہ دن مسلمانوں کے اجتماع کا ہے +

سوال جمعہ فرض عین ہے یا فرض کفایہ؟

جواب فرض عین[1] ہے اُسکا منکر کافر ہے اسلئے کہ اُسکی فرضیت کا ثبوت دلیل قطعی سے ہے (درمختار)

سوال جمعہ کے اندر کیا کیا شرطیں ہیں؟

جواب نو شرطیں ہیں، چار شرطیں وجوب کی اور پانچ صحت کی +

سوال وجوب جمعہ کی شرطیں کیا کیا ہیں؟

جواب مردی۔ آزادی۔ بیعذری۔ اقامت یہی وجہ ہے کہ عورت غلام[2] و بیمار[3] اور مسافر پر جمعہ فرض نہیں (درمختار)

سوال صحت جمعہ کی کیا کیا شرطیں ہیں؟

جواب شہر۔ وقت ظہر، خطبہ۔ جماعت۔ اذن عام۔ یہ شرطیں صحت جمعہ کی ہیں +

سوال صحت اور وجوب میں حکماً کیا فرق ہے؟

---

[1] فرض عین وہ ہے جو ہر ایک کے ادا کرنے سے ادا ہو برخلاف فرض کفایہ کے کہ وہ ایک کے ادا کر دینے سے سب سے اُٹھ جاتا ہے ۱۲

[2] غلام کو اگر اسکا آقا اجازت دے تو بھی غلام کو لفتیار ہے چاہے جمعہ پڑھے یا نہ پڑھے بخلاف عورت کے اُسپر جمعہ واجب ہے اور معذور کو [illegible]

[3] [illegible] یعنی اگر مسجد تک قدم بہ کرکے جا لے میں لیکن پھر گتا ہو تو اس کی اجرت سے چڑھانی اُجرت [illegible] اور [illegible] اُسکی [illegible] نہیں [illegible] بیماری کے حکم میں تیمار دار بھی [illegible] ۱۲ (درمختار)

Marfat.com

جواب یہ فرق ہے کہ اگر صحت کی شرطیں ہونگی تو جمعہ نہ ہوگا اور اگر وجوب کی شرطیں ہونگی تو جمعہ درست ہوگا مثلاً عورت یا بیمار وغیرہ پر جن پر جمعہ واجب نہیں ہے اگر شرائط صحت جمعہ کے ساتھ جمعہ ادا کریں تو اسوقت کا فرض اُن کا ادا ہو جائیگا بخلاف اُسکے کہ جسپر جمعہ تو واجب ہے مگر ادا واجب نہیں جیسے مرد آزاد تندرست اگر بے صحت جمعہ کی شرائط نہ ہونے سے جمعہ ادا کرے تو اس کا جمعہ درست نہیں سب معذوروں کو کہ جنپر جمعہ کا وجوب نہیں ہے ظہر سے جمعہ پڑھنا افضل ہے برخلاف عورت کے کہ اُسکو جمعہ سے ظہر ہی پڑھنا افضل ہے (درمختار)

سوال جمعہ کی ادائیگی کی جو پہلی شرط بتلائی گئی ہے اُس کو بھی آگاہی فرمائیے کہ شہر کس کو کہتے ہیں جہاں جمعہ درست ہے

جواب شرعاً شہر اُس بستی کا نام ہے جہاں پر اتنے مسلمان مرد مکلف رہتے ہوں (خواہ وہ نمازی ہوں یا بے نمازی) کہ اگر وہ نماز جمعہ کیلئے سب اکٹھے ہو جائیں تو وہاں کی سب سے بڑی مسجد میں نہ سما سکیں، اسی قول پر ائمہ فقہا کا فتویٰ ہے (شرح وقایہ۔ درمختار)

سوال بڑی مسجد کس مقدار کی کہلاتی ہے؟

جواب مختار قول کے بموجب چالیس گز شرعی کی مقدار بڑی مسجد شمار کی جاویگی اور شرعی گز دس گرہ کا ہوتا ہے تو اس حساب سے ہمارے زمانہ کے مروجہ قطعی گز سے بڑی مسجد پچیس گز کی ہوئی (شامی)

سوال اگر کسی جگہ بڑی مسجد اس مقدار کی نہ ہو اور وہ جگہ مسلمانوں کی آبادی اور بستی کے لحاظ سے اسقدر ہو جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے بلکہ اس مقدار سے بھی زیادہ تو کیا کیا جائے؟

جواب بلا تامل نماز جمعہ ادا کی جائے۔ کچھ مسجد کا ہونا شرطِ جمعہ نہیں ہے۔

سوال ہم نے تو سنا ہے کہ شہر وہ ہے جہاں امیر اور قاضی ایسا موجود ہو کہ جو سزائیں شریعت کے موافق قائم کرنے پر قادر ہو، فرمائیے کہ یہ کیونکر ہے!

جواب بھائی یہ تعریف شہر کی جو آپ نے سنی ہے وہ غیر مفتی بہ ہے اگر یہی تعریف معتبر ہوتی تو اس زمانہ میں کیا بلکہ پہلے زمانہ سے ہی جمعہ مطلقاً ترک ہو جاتا اسلئے کہ اس تعریف کے بموجب کوئی شہر ہندوستان کا شہر ہی نہیں ہو سکتا، فرمائیے فیروز پور میں کوئی امیر یا قاضی حد شرعی جاری کرنے والا موجود ہے یا دہلی اور کلکتہ بمبئی وغیرہ میں۔ حالانکہ بفضلہ سب جگہ بلا تکلف ہمیشہ سے جاری ہے اور وہ اُسی تعریف کے بموجب ہے کہ جسکو ہم نے بیان کیا ہے پس اس تعریف سے بڑے گاؤں بھی جواز جمعہ میں شہر ہو گئے گو جاہل اُن کو گاؤں کہیں اسی وجہ سے صاحب شامی بھی فرماتے ہیں ھٰذَا یُصْدَقُ عَلٰی کَثِیْرٍ مِنَ الْقُرٰی یعنی یہ تعریف جو

Marfat.com

بموجب اکثر فقہا مفتی بہ ہے بہت سے گاؤں پر صادق آتی ہے پس جس گاؤں پر یہ تعریف صادق آئے (یعنی آبادی میں اس مقدار پر ہو کہ وہاں کے رہنے والے پچیس گز کی مسجد میں یا اور جگہ میں نہ سما سکیں) تو وہ شرعاً شہر ہے وہاں جمعہ جائز ہے اور اگر اس مقدار کی آبادی نہیں ہے تو وہ گاؤں ہے وہاں جمعہ جائز نہیں ہے اگر کسی کو زیادہ تحقیق اس مسئلہ کی منظور ہو تو ہم نے اس رسالہ کے اخیر میں فتویٰ درج کیا ہے اس سے اطمینان کر لے

**سوال** دوسری شرط صحت جمعہ کی جو ظہر کا وقت ہے، یہ بھی تبلا دیجئے کہ اگر یہ وقت فوت ہو جائے تو پھر جمعہ کی نماز کی قضا پڑھے یا ظہر کی؛

**جواب** بعد گزرنے وقت ظہر کے جمعہ کی نماز کی قضا نہ پڑھے ظہر کی نماز کی قضا کرے یہانتک کہ لاحق یا مسبوق پر نماز پڑھنے کی حالت میں وقت ظہر گزر گیا تو اب یہ نماز نفل ہو گئی پھر سرے سے نماز قضا کرے (شامی)

**سوال** تیسری شرط صحت جمعہ کی جو خطبہ ہے اگر کوئی وقت سے پہلے خطبہ پڑھ لے نماز وقت کے اندر تو جائز ہے یا نہیں

**جواب** ہرگز جائز نہیں اسلئے کہ خطبہ کا پڑھنا بھی وقت کے ہی اندر شرط ہے اسیطرح بعد نماز کے بھی خطبہ پڑھنا ناجائز ہے

**سوال** خطبہ کے اندر کس مقدار کا ذکر کفایت کرتا ہے؛

**جواب** اسقاط فرضیت کے لئے تو صرف الحمد للہ یا لا الہ الا اللہ یا سبحان اللہ کا ایکبار کہنا کافی ہے مگر اسی مقدار پر کفایت کرنا مکروہ تحریمی ہے بسبب مخالفت سنت کے (درمختار)

**سوال** خطبہ میں سنت کس مقدار کا ذکر ہے؛

**جواب** ایک سورۃ طوال[1] مفصل کی مقدار کا ذکر خطبہ میں سنت ہے اور اس سے زیادہ مکروہ ہے (عالمگیری)

**سوال** اس مقدار کی طوالت دونوں خطبوں کے اندر چاہئے یا ایک کے اندر؛

**جواب** دونوں خطبوں کے اندر (شرح وقایہ، درمختار)

**سوال** دونوں خطبوں کے درمیان جلسہ کرنا کیسا ہے؛ **جواب** سنت ہے (عالمگیری)

**سوال** بعض لوگ جلسہ میں جب نام پاک محمد صلے اللہ علیہ وسلم سنتے ہیں تو درود شریف پڑھتے ہیں یہ کیسا؛

**جواب** پکار کر پڑھنا خطبہ سننے کی حالت میں ناجائز ہے ہاں دل میں چپکے سے پڑھ لیں تو مضایقہ نہیں

**سوال** بعض خطیب دوسرے خطبہ پڑھنے کے وقت داہنے اور بائیں کو منہ پھیرا کرتے ہیں یہ کیسا ہے؛

**جواب** یہ بدعت ہے۔ (شامی)

---

[1] سورۃ طوال مفصل سورۃ حجرات سے سورۃ بروج تک کی سورتیں ہیں ۱۲ (عالمگیری)

Marfat.com

سوال خطبہ کے اندر مستحب کیا ہے؟

جواب خلفائے راشدین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو چچا بزرگواروں کا یعنے حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کا ذکر کرنا مستحب ہے (در مختار)

سوال خطبہ کی پوری ترکیب بیان کیجئے؛

جواب اول اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم آہستہ پڑھے پھر حمد و ثنا پڑھکر شہادتین پڑھے پھر درود شریف پھر وعظ اور قرآن مجید کی آیت پڑھکر ختم کرے پچھلے خطبہ میں قرآن شریف کی آیۃ کا پڑھنا مسنون ہے (شامی)

سوال اس مقام پر ایک خطبہ بھی جمعہ کا بتلا دیا جائے تو بہت بہتر ہوگا مع ترکیب پڑھنے کے؟

جواب اول امام منبر پر بیٹھے جب مؤذن اذان سے فارغ ہو اس وقت امام کھڑا ہووے اور قوم کی طرف منہ کرکے پہلے اعوذ چپکے سے پڑھکر خطبہ اس طرح شروع کرے:۔

## خطبۂ اولےٰ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ خَیْرُ الْوَرٰی اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الدُّنْیَا خَضِرَةٌ وَّحُلْوَةٌ وَّاِنِّیْ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْهَا فَنَاظِرٌ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھکر اس جگہ تین آیت چھوٹی کی مقدار بیٹھ جائے اور پھر کھڑا ہو کر دوسرا خطبہ اس طرح شروع کرے مگر پہلے خطبہ کی نسبت آواز پست ہو

## خطبۂ ثانی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِیْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْهِ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اَجْمَعِیْنَ خُصُوْصًا عَلٰٓی اَفْضَلِ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّیْنَ اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ وَعُمَرَ الْفَارُوْقِ وَعُثْمَانَ ذِی النُّوْرَیْنِ وَعَلِیِّ نِ الْمُرْتَضٰی وَالْحَسَنَیْنِ وَعَلٰی سَیِّدَةِ النِّسَآءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَعَلٰی عَمَّیْهِ الْمُکَرَّمَیْنِ الْحَمْزَةِ وَالْعَبَّاسِ وَعَلٰی کُلِّ مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ لِصُحْبَةِ نَبِیِّهِمْ بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ پھر اس کے بعد امام منبر

سے اُتر آوے اور تکبیر نماز کی شروع ہو جاوے ۔

سوال خطیب کے سوا اور شخص کو نماز پڑھانا کیسا ہے ؛ جواب نامناسب ہے (شامی)

سوال اگر خطیب کو حدث ہو جاوے تو کیا کرے ؛

جواب اگر حدث بعد خطبہ پڑھنے کے ہوا تو ایسے شخص کو خلیفہ کرے جو خطبہ سننے میں شریک ہوا اور اگر ایسے کو خلیفہ نہ کرے گا تو جائز نہیں اور اگر نماز کے اندر حدث ہوا تو اب چاہیے جس کو خلیفہ بنائے (عالمگیری)

سوال امام کو خطبہ پڑھنے سے پہلے محراب کے اندر نماز پڑھنا کیسا ہے ؛ جواب: مکروہ ہے (دُر مختار)

سوال دونوں خطبے دو رکعت ظہر کے قائم مقام ہیں یا نہیں ؛

جواب دو رکعت کے قائم مقام تو نہیں ہیں مگر ثواب میں یہ خطبے آدھے ہوتے ہیں جمعہ کی نماز سے (شامی)

سوال اگر خطبہ اور نماز کے درمیان فاصلہ بہت ہو جائے مثلاً امام بعد خطبہ کے گھر چلا جائے۔ یا کھانا کھائے یا اور کوئی کام مانع نماز کر بیٹھے تو کیا کیا جائے ؛

جواب خطبہ از سر نو پڑھا جائے (در مختار)

سوال خطبہ کے وقت کیا کیا باتیں ناجائز ہیں ؛

جواب جو باتیں نماز میں ناجائز ہیں وہی خطبہ کے وقت ناجائز ہیں مثلاً کھانا کھانا پانی پینا اور کلام کرنا اور جواب کلام دینا وغیرہ مگر اشارے سے بری بات کا منع کرنا جائز ہے (در مختار)

سوال چوتھی شرط صحت جمعہ کی جو جماعت ہے یہ بھی بتلا دیجئے کہ جمعہ کی جماعت میں کس قدر آدمیوں کے ساتھ جماعت ہے کہ جس کے بغیر ادائگی جمعہ صحیح نہیں ؛

جواب سوائے امام کے تین آدمی ہونے چاہئیں برخلاف اور نمازوں کے کہ اُن میں سوائے امام کے ایک آدمی کے ساتھ جماعت کا حکم ہے (در مختار)

سوال پانچویں شرط صحت جمعہ کی اذن عام ہے یہ بھی بتلا دیجئے کہ اذن عام کس کو کہتے ہیں ؛

جواب اذن عام وہ ہے کہ کسی کو آنے جانے سے روکا نہ جائے اگر عام اذن نہ ہوگا تو جمعہ دُرست نہ ہوگا مثلاً کسی قلعہ کے اندر مسجد ہو اور حاکم قلعہ عوام کو آنے جانے سے روکے اور آپ اپنے چند لشکری اور باشندگانِ قلعہ کے ساتھ جمعہ ادا کرے تو جمعہ جائز نہیں بوجہ اذن عام نہ ہونے کے (در مختار)

سوال شہر کے اندر اگر کوئی نماز جمعہ سے پہلے ظہر ادا کرے تو کیسا ؛ جواب - حرام ہے (در مختار)

Marfat.com

سوال معذور اگر جمعہ سے پہلے ظہر ادا کرلے تو کیسا؟
جواب مکروہ تنزیہی ہے (درمختار)
سوال معذور شہر کے اندر جمعہ کے دن ظہر جماعت سے پڑھیں یا علیحدہ علیحدہ؟
جواب علیحدہ علیحدہ پڑھیں انکو بھی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا جمعہ کے دن مکروہ تحریمی ہے (درمختار)
سوال قیدی جیلخانہ میں جمعہ ادا کرسکتے ہیں یا نہیں؛
جواب نہیں کرسکتے اور اگر پڑھ لیں گے تو جمعہ نہ ہوگا اسلیئے کہ اذن عام نہیں ہے جو شرط جمعہ ہے۔
سوال جہاں پر جمعہ درست نہیں ہے وہاں کے رہنے والے بھی جمعہ کے دن ظہر جماعت سے پڑھیں یا وہ بھی علیحدہ علیحدہ پڑھیں؛
جواب انکو جماعت سے ظہر پڑھنا درست ہے شہر والوں کو جماعت کے ساتھ ظہر پڑھنا درست نہیں (درمختار)
سوال ایک شخص نے ظہر کی نماز جمعہ کی نماز سے پہلے پڑھ لی اور پھر جمعہ کی نماز ادا کرنے کو گھر سے نکلا اس کے لئے کیا حکم ہے؛
جواب اگر اس شخص کو امام کے ساتھ جمعہ مل گیا تو ظہر کی فرضیت باطل ہوگئی خواہ معذور ہو جیسے مسافر یا مریض وغیرہ خواہ غیر معذور اگر اس جمعہ کو نہ ملا تو جس وقت یہ گھر سے نکلا تھا اگر اسی وقت امام فارغ ہوگیا تھا تو بالاجماع ظہر کی فرضیت باطل نہ ہوگی اور اگر اس کے گھر سے نکلتے وقت امام نماز میں تھا مگر اسکے پہنچنے سے پہلے فارغ ہوگیا تو امام اعظم رح کے نزدیک ظہر کی فرضیت باطل ہوگئی پھر کرکے ظہر پڑھے (عالمگیری درمختار)
سوال ایک شخص جمعہ کی نماز میں امام کے ساتھ تشہد میں آکر ملا۔ یہ شخص بعد سلام امام کے نماز جمعہ کی ادا کرے یا ظہر کی؛
جواب نماز جمعہ کی ادا کرے گو سجدۂ سہو کی التحیات میں آکر شریک ہوا ہو اور یہی حکم مسافر کیلئے بھی ہے (درمختار)
سوال جمعہ کی نماز کے لئے جو دو اذان ہوتی ہیں انکی اصلیت کیا ہے؛
جواب ایک اذان کا ہونا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک اور حضرت شیخین رضوان اللہ تعالے علیہما کے زمانہ سے چلا آتا ہے اور دوسری اذان حضرت عثمان رض نے جب کہ کثرت آدمیوں کی ہوئی بڑھادی تو یہ بھی سنت ہوئی اب اختلاف اس میں ہے کہ پہلی اذان ان دونوں میں کونسی ہے سو باعتبار وقت کے وہی پہلی اذان ہے جو وقت کے اندر پہلی ہو اور باعتبار مشروعیت کے خطیب کے

Marfat.com

سامنے کی اذان پہلی ہے (درمختار)

سوال وہ اذان کونسی ہے جس کے سننے سے خرید و فروخت اور کل کام مکروہ ہو جاتے ہیں؟

جواب وہ اذان وہ ہے جو وقت کے اندر پہلی ہو۔ اسی اذان کے سننے سے سب باتیں یعنی بیع وغیرہ صحیح تر قول کے موافق مکروہ تحریمی ہو جاتی ہیں اور نماز کی طرف چلنا واجب (درمختار)

سوال اگر گاؤں والے جن پر جمعہ واجب نہیں ہے وہ جمعہ کے دن شہر میں نماز جمعہ کے لئے آویں اور دوسری حاجت بھی انکی ہو تو انکو نماز جمعہ کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

جواب اگر اُن کی نیت میں زیادہ تر مقصود نماز کے ادا کرنیکا ہی تب تو ثواب ملیگا ورنہ نہیں (درمختار)

سوال ایک شہر میں کئی جگہ جمعہ درست ہے یا نہیں؟

جواب بموجب مذہب صحیح امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے درست ہی خواہ وہ شہر چھوٹا ہو یا بڑا (درمختار شامی)

سوال جمعہ کی نماز کے بعد جو چار رکعت فرض احتیاطاً پڑھتے ہیں اُن کا پڑھنا کیسا؟

جواب بہت اچھا ہے تاکہ فرض ذمہ سے یقینی طور سے ساقط ہو جائے اسلیئے کہ جمعہ اگرچہ روایات قویہ کی رُو سے اُن گاؤں میں جہاں کے رہنے والے مکلف مسلمانوں سے ۲ گز جگہ بھر جائے درست ہی اسی طرح چند جگہ بھی ایک ہی شہر میں جمعہ بموجب قوی اقوال کے درست ہی لیکن چونکہ اس میں دوسرے اقوال بھی موجود ہیں اگرچہ ضعیف ہی ہی اسلیئے فقہائے محققین نے اختلاف سے نکلنے کے لئے بعد نماز جمعہ کے احتیاطی چار رکعت پڑھنے کا حکم دیا۔ اگر کوئی اِن رکعتوں کی وجہ سی عدم فرضیت جمعہ کا معتقد ہو جائے تو ان چار رکعتوں کو نہ پڑھے جمعہ ہی کو یقینی طور سے فرض سمجھکر ادا کرتا ہے (درمختار۔ شامی۔ شرح سفرالسعادۃ۔ عالمگیری)

سوال اِن چار رکعتوں کی نیت کس طرح کرے؟

جواب اس طرح کرے نیت کرتا ہوں میں چار رکعت فرض اُس ظہر کے کہ جس کا وقت میں نے پایا اور ابھی ادا نہ کیا اس نیت کا فایدہ یہ ہے کہ اگر جمعہ بموجب روایات ضعیفہ نہ ہوا تب تو یہ چار رکعت ظہر کے دن کی ہونگی اور ظہر کا فرض اُسکے ذمہ سے ساقط ہوا اور اگر جمعہ بموجب اقوال قویہ درست ہوا۔ تو کسی ظہر کی قضا نماز اگر اُسکے ذمہ ہے تو ادا ہو جائیگی اور اگر قضا نماز بھی اُسکے ذمہ نہیں ہے تو نفل ہو جانے میں تو کوئی شبہ ہی نہیں ہے غرض اِن چار رکعتوں کا پڑھنے والا خالی فایدہ سے کسی طرح نہیں ہو سکتا برخلاف تارک کے۔

Marfat.com

سوال یہ بھی بتلا دیجئے کہ ان چار رکعتوں کو کس طرح پڑھے بھری پڑھے یا خالی!
جواب اگر اس کے ذمہ قضا نماز ظہر کی ہے تب تو مثل فرض کے دو رکعت بھری پڑھے اور دو رکعت خالی اور اگر قضا نماز اسکے ذمہ نہیں ہے تو چاروں میں سورۃ ملاوے (غایۃ الاوطار، کبیری، عالمگیری)
سوال جمعہ کے دن وہ ساعت کونسی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے؛
جواب اس ساعت کے اندر بہت اختلاف ہے۔ چنانچہ سب اقوال بیالیس ہیں جن میں دو قول صحیح ہیں ایک تو یہ کہ وہ ساعت خطبہ کے شروع آخر نماز تک ہے تو موجب اس قول کے دعا اپنے دل میں مانگے کیونکہ خطبہ میں سکوت کا حکم ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ وہ ساعت پچھلی ساعت ہے اور وہ عصر سے شام تک ہے (درمختار)
سوال جمعہ کی کے رکعت ہیں؟
جواب دو رکعت ہیں جہر کے ساتھ (عالمگیری)
سوال جمعہ میں کسی صورت خاص کا پڑھنا مستحب ہے؛
جواب ہاں ہے سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون اور اعلےٰ اور غاشیہ کا پڑھنا سنت ہے ورنہ جو یاد ہو پڑھے۔

# باب عید کے بیان میں

سوال عید کے ہوتی ہیں؛
جواب دو ہوتی ہیں۔ ایک عید الفطر۔ دوسری عید الضحےٰ +
سوال عید الفطر کونسی عید کا نام ہے اور عید الضحےٰ کونسی عید کا نام ہے؛
جواب عید الفطر اس عید کو کہتے ہیں جو بعد ختم ماہِ مبارک رمضان شریف کی پہلی تاریخ کو ہوتی ہے اور عید الضحےٰ وہ جو ذالحجہ میں دسویں تاریخ کو ہوتی ہے جس کی نویں تاریخ کو حج ہوتا ہے +
سوال ان دونوں عیدوں کی نمازیں کیسی ہیں؛
جواب واجب ہیں (کبیری۔ درمختار)
سوال کیا ان نمازوں کیلئے بھی مثل جمعہ کے کچھ شرطیں ہیں؛
جواب ہاں وہی شرطیں ہیں جو جمعہ کے وجوب اور ادا کی ہیں صرف دو باتوں کا فرق ہے ایک تو جمعہ

Marfat.com

میں خطبہ شرط ہے یعنی بغیر خطبہ کے جمعہ کی نماز صحیح ہے، برخلاف عیدین کے کہ اُن میں خطبہ سنت ہے دُوسرے جمعہ میں خطبہ نماز سے پہلے ہوتا ہے اور عیدین میں بعد نماز کے (در مختار۔ عالمگیری)

سوال عید کے دِن کی کیا کیا باتیں سنت ہیں؛

جواب (۱) صبح کی نماز اپنے محلہ کی مسجد میں پڑھنا (۲) غسل کرنا (۳) مسواک کرنا (۴) خوشبو لگانا (۵) نئے یا دُھلے ہوئے کپڑے پہننا (۶) خاص عید گاہ کو جانا (۷) راستہ کو بدلنا (۸) راستہ میں تکبیر کا پڑھنا (مگر عید الفطر کو آہستہ پڑھتا جائے اور عید الضحےٰ کے دِن پکار کر اور عید گاہ میں پہنچکر ختم کر دے (۹) فطرانہ کا عید کی نماز سے پہلے دینا (۱۰) عید الفطر کی نماز سے پہلے کچھ میٹھا کھانا اگر چھوہارے وغیرہ ہوں تو بعدد طاق کھائے ورنہ جو ہو کھا کر عید کی نماز کو جائے، برخلاف عید الضحےٰ کے اس میں نماز سے پیشتر نہ کھانا مستحب ہے۔ خواہ قربانی کرے یا نہ کرے (در مختار، عالمگیری)

سوال عیدین کی نماز کے لئے سواری پر جانا کیسا ہے؛

جواب درست ہے مگر پاپیادہ جانا افضل ہے (عالمگیری)

سوال ایک شہر میں عیدین کی نماز کئی جگہ ہونا درست ہے یا نہیں؛

جواب بالاتفاق درست ہے (در مختار۔ عالمگیری)

سوال عیدین کی نماز کا وقت کب سے کبتک ہے؛

جواب سُورج میں سفیدی ہونے سے زوال تک وقت ہے مگر افضل یہ ہے کہ عید الضحےٰ میں جلدی کریں اور عید الفطر میں تاخیر (عالمگیری)

سوال اگر عیدین کی نماز کسی عذر سے اسدن نہ پڑھی جائے مثلاً کثرت بارش ہو یا ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آیا اور دوسرے دن بعد زوال کے رویت کا علم ہوا یا جس وقت نماز پڑھی گئی ابر تھا پھر معلوم ہوا کہ نماز زوال کے بعد پڑھی گئی یا امام نے بے وضو نماز پڑھا دی تو کیا کیا جائے؛

جواب ان سب صورتوں میں عید الفطر کی نماز تو دوسرے ہی دن زوال سے پہلے پڑھ لے لیکن بعد دوسرے دن کے پھر عید الفطر کی نماز جائز نہیں اور عید الضحےٰ کی نماز تین دن یعنی بارہویں تاریخ وقت زوال تک بلا کراہت درست ہے اور بغیر عذر کے کراہت کے ساتھ (در مختار، عالمگیری)

سوال عیدین کی نماز کی کے رکعت ہیں؛

Marfat.com

جواب دو رکعت ہیں بدوں اذان اور اقامت کے (عالمگیری)

سوال عید کی نماز کس طرح پڑھے ؛

جواب امام اور مقتدی دونوں نیت کریں پھر تکبیر تحریمہ اللہ اکبر کہکر ہاتھ باندھکر سُبحانک اللھم پڑھیں پھر رفع یدین کیساتھ اللہ اکبر کہکر دونوں ہاتھ چھوڑیں، پھر دوسری مرتبہ اللہ اکبر کہکر مثل سابق کے ہاتھ چھوڑیں پھر تیسری مرتبہ تکبیر کہکر ہاتھ باندھ لیں امام اعوذ بسم اللہ الحمد سورۃ پڑھے اور مقتدی چُپ رہیں پھر تکبیر کہکر رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ کرکے دوسری رکعت کو کھڑے ہو جائیں پھر بعد پڑھنے اور سننے قرات کے جب دوسری رکعت کا رکوع کریں تو پہلے رکوع سے تین تکبیریں زائد مثل سابق کے ادا کریں اور چوتھی تکبیر کہکر رکوع کریں یہ چوتھی تکبیر انتقالی رکوع کی اس نماز میں واجب ہے پھر بعد رکوع اور قومہ اور سجدہ اور جلسہ وغیرہ کے نماز کو پورا کریں پس اس طور سے قیام کے اندر دونوں رکعتوں میں چھ تکبیریں زائد ہوتی ہیں (عالمگیری)

سوال تکبیرات کے درمیان کچھ پڑھے یا نہیں ؛

جواب کچھ نہ پڑھے صرف بقدر تین بار سبحان اللہ کہنے کے خاموش رہے کلیہ قاعدہ یہ ہے کہ جن تکبیروں کے بعد کچھ پڑھا جاتا ہے انکے بعد تو ہاتھ باندھا جاتا ہے جیسے کہ اول تکبیر کے بعد ہاتھ باندھا گیا اور ثنا پڑھی گئی اور جس تکبیر کے بعد کچھ نہیں پڑھا جائے اسمیں ہاتھ چھوڑا جاتا ہے اُسکو یاد رکھنا چاہئے +

سوال اگر کسی نے امام کو پہلی رکعت کے قیام میں اس وقت پایا جبکہ امام تکبیریں کہہ چکا تھا تو اب کیا کرے ؛

جواب پہلے اپنی چھوٹی ہوئی تکبیریں ادا کرے، پھر اقتدا کرے (عالمگیری۔ در مختار)

سوال اگر کوئی پہلی رکعت کے رکوع میں امام کو پالے تو کیا کرے ؛

جواب اگر اس شخص کو قیام میں تکبیریں کہنے کے بعد امام کیساتھ رکوع ملنے کی اُمید ہو تو تکبیریں قیام میں کہے ورنہ سوائے تکبیر تحریمہ کے تین تکبیریں زائد رکوع میں جاکر کہے اور اگر یہ شخص پوری تکبیریں نہ کہنے پایا تھا کہ امام نے سر اُٹھا لیا تو بھی متابعت امام کی کرے باقی تکبیریں اس سے ساقط ہو جائینگی (عالمگیری)

سوال اگر کسی نے امام کو پہلی رکعت کے قومہ میں پایا تو کیا کرے ؛

جواب کچھ بھی نہ کرے اسی طرح مل جائے اسلئے کہ اس شخص نے رکعت نہیں پائی، مسبوق ہو گیا اب یہ رکعت اپنی جس وقت بعد سلام امام کے پڑھیگا اسوقت تکبیریں بعد قرات کے رکوع سے پہلے کہیگا اور یہی حال سجدہ میں ملنے والے اور دوسری رکعت میں ملنے والے کا ہے برخلاف لاحق کے کہ وہ تکبیریں مثل امام کے

Marfat.com

کہیگا اسلیے کہ وہ امام ہی کے پیچھے ہے اور مسبوق اپنی رکعت پڑھنے میں امام کے پیچھے نہیں ہے (عالمگیری)

سوال اگر کسی نے امام کو تشہد میں پایا تو کیا کرے؛

جواب اپنی دو رکعت عید کی مع چھ تکبیروں کے ادا کرے مثل امام کے اگرچہ یہ تشہد سجدہ سہو کا ہی ہو (عالمگیری)

سوال اگر امام نے پہلی رکعت میں سہواً تکبیروں سے پہلے قرات شروع کردی تو کیا کرے؛

جواب اگر امام نے الحمد اور سورۃ دونوں پڑھ لیں تب تو رکعت کے آخر میں تکبیریں کہہ لے اور اگر صرف الحمد ہی پڑھی ہے تو زائد تکبیریں کہکر الحمد اور سورۃ پڑھے (عالمگیری ۔ غایۃ الاوطار)

سوال اگر امام دوسری رکعت میں تکبیریں بھول گیا اور رکوع کردیا تو کیا کرے؛

جواب تکبیریں رکوع میں کہہ لے۔ رکوع سے قیام کی طرف عود نہ کرے۔

سوال اگر کسی کی نماز عید کی فوت ہو جائے تو پھر اس کی قضا ہے یا نہیں؛

جواب اُسکی قضا نہیں ہے مگر گھر میں چار رکعت نفل بلا تکبیر زائد مثل چاشت ادا کرے (درمختار)

سوال عید کے خُطبہ کو پہلے بیٹھکر مثل جمعہ کے شروع کرے یا پہلے ہی کھڑا ہو جائے؛

جواب ہمارے مذہب میں عیدین کے خطبوں میں پہلے نہ بیٹھے (عالمگیری)

سوال جب امام خطبہ میں تکبیریں پڑھے تو قوم بھی پڑھے یا نہیں؛

جواب ہاں پڑھے (عالمگیری)

سوال خطبہ سے پہلے امام کو کیا پڑھنا چاہیئے؛

جواب خطبہ کے شروع کرنے سے پہلے نو بار تکبیریں پیہم کہے اور دوسرے خطبہ کے شروع میں سات بار (عالمگیری)

سوال ایسے خطبے کتنے ہیں جن کا شروع الحمد سے ہوتا ہے؛

جواب وہ تین خطبے ہیں اول جُمعہ کا، دوسرے طلب باران کا، تیسرے نکاح کا (درمختار)

سوال وہ کون سے خطبے ہیں جو اللہ اکبر سے شروع ہوتے ہیں؛

جواب وہ پانچ خطبے ہیں۔ دو خطبے دونوں عیدوں کے اور تین خطبے حج کے۔

سوال عیدین کے خطبے میں کیا کیا پڑھا جاتا ہے؛

جواب اگر خطبہ عید الفطر کا ہے تو بعد تکبیر اور تسبیح اور درود وغیرہ کے احکام صدقہ فطر کے بیان کیے جاتے ہیں۔ اور اگر خطبہ عید الضحےٰ کا ہے تو احکام قربانی کے اور اگر علاوہ عیدین کے او

Marfat.com

کسی کا خطبہ ہی تو جس چیز کی حاجت ہو امام تعلیم دے کیلئے کر خطبہ تعلیم ہی کے لئے شروع ہوا ہے (درمختار)

سوال اگر عید کی نماز سے پہلے جنازہ بھی حاضر ہو تو کونسی نماز پہلے پڑھے؟

جواب پہلے عید کی نماز پڑھے اور خطبہ کو نماز جنازہ کے بعد پڑھے (عالمگیری)

سوال اس جگہ پر مختصر سا خطبہ عید الفطر کا بھی بیان فرما دیجئے؟

جواب پہلے امام بغیر بیٹھے کے منبر پر کھڑا ہووے اور قوم کی طرف منہ کر کے نو مرتبہ آہستہ آہستہ تکبیر پڑھ کر اس طرح خطبہ شروع کرے:-

## خطبہ اولےٰ عید الفطر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَھُوَ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ وَّزَمَانٍ وَّھُوَ الْمَشْکُوْرُ بِکُلِّ لِسَانٍ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰہَ فَاِنَّ التَّقْوٰی اَسَاسُ الْحَسَنَاتِ اُعْبُدُوا اللّٰہَ فَاِنَّ الْعِبَادَۃَ رَافِعَۃٌ لِّلسَّیِّاٰتِ ھَلْ عَرَفْتُمْ فَضَائِلَ شَہْرِ الصِّیَامِ وَھَلْ اَدْرَکْتُمْ لِمَاذَا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ فِیْ ھٰذِہِ الْاَیَّامِ یَا اَسَفَاہُ عَلٰی صِنْفٍ لَّمْ یَجْعَلْ لَّہٗ مِنَ الْاِکْرَامِ نُزُلًا وَیَا حَسْرَتَاہُ عَلٰی رَفِیْقٍ شَفِیْقٍ وَّدَّعَنَا وَمَشٰی اَلْوَدَاعُ اَلْوَدَاعُ یَا شَہْرَ طَہَارَۃِ الْقُلُوْبِ اَلْفِرَاقُ اَلْفِرَاقُ یَا شَہْرَ کَفَّارَۃِ الذُّنُوْبِ اَلْوَدَاعُ اَلْوَدَاعُ یَا شَہْرَ التَّرَاوِیْحِ وَالتَّسَابِیْحِ اَلْفِرَاقُ اَلْفِرَاقُ یَا شَہْرَ الْقَنَادِیْلِ وَالْمَصَابِیْحِ یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ اِنَّ فِی اللّٰہِ عَزَآءً مِّنْ کُلِّ مُصِیْبَۃٍ وَّخَلَفًا مِّنْ کُلِّ فَائِتٍ وَّاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَا اَصَابَتْہُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِکَ عَلَیْہِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّہِمْ وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ اَقُوْلُ قَوْلِیْ ھٰذَا وَاسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلَکُمْ وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِیْنَ فَاسْتَغْفِرُوْہُ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

## خطبہ ثانیہ عید الفطر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَمَرَ بِذِکْرِہٖ وَاَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُفْصِحًا بِشُکْرِہٖ وَاَشْہَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

Marfat.com

اَمَّا بَعْدُ اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ اَوْجَبَ لَكُمْ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ رَكْعَتَیْنِ مَعَ سِتَّةِ تَكْبِیْرَاتٍ وَّاَوْجَبَ
اَدَاءَ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ مُسْلِمٍ مُكَلَّفٍ مَالِكٍ مِقْدَارَ النِّصَابِ فَاضِلًا عَنْ حَوَائِجِ
الْاَصْلِیَّةِ وَاِنْ كَانَ مِنْ جِنْسِ الثِّیَابِ وَالدَّارِ اَوِ الْعَبْدِ وَالدَّوَابِّ عَنْ نَفْسِهٖ وَمَمَالِیْكِهٖ وَ
اَوْلَادِهِ الصِّغَارِ لَا عَنْ زَوْجَتِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَاَوْلَادِهِ الْكِبَارِ اِلَّا اسْتِحْسَانًا عَنْ كُلِّ رَاْسٍ
نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ بُرٍّ اَوْ دَقِیْقِهَا اَوْ سَوِیْقِهَا اَوْ صَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِیْرٍ اَوْ قِیْمَةِ كُلٍّ مِّنْهَا وَ
مَصَارِفُهَا مَصَارِفُ الزَّكٰوةِ وَاَفْضَلُ اَوْقَاتِ اَدَائِهَا قَبْلَ الْغُدُوِّ اِلَى الْمُصَلّٰى قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ
وَتَعَالٰى یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ
وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِیِّنَا وَشَفِیْعِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْعُظَمَاءِ وَاَصْحَابِهِ
الْاُمَنَاءِ خُصُوْصًا عَلٰى اَجَلِّ صَاحِبٍ وَّاَسْعَدِ رَفِیْقٍ الْخَلِیْفَةِ السَّامِیْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ
رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلَى الْاِمَامِ الْهُمَامِ الشَّفُوْقِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ حَفْصٍ عُمَرَ الْفَارُوْقِ
رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلَى الشَّاكِرِ الصَّابِرِ زَوْجِ الْاِبْنَتَیْنِ لِرَسُوْلِ الثَّقَلَیْنِ اَمِیْرِ
الْمُؤْمِنِیْنَ عُثْمَانَ ذِی النُّوْرَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى مَظْهَرِ الْعَجَائِبِ وَالْغَرَائِبِ
اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى رَیْحَانَتَیْنِ سَیِّدَیِ الْكَوْنَیْنِ
اَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَعَلٰى اُمِّهِمَا سَیِّدَةِ
النِّسَاءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَعَلٰى عَمَّیْهِ الْمُكَرَّمَیْنِ بَیْنَ النَّاسِ
الْحَمْزَةِ وَالْعَبَّاسِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَعَلَى السِّتَّةِ الْبَاقِیَةِ مِنَ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ وَ
سَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِیْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَارْحَمْنَا مَعَهُمْ بِرَحْمَتِكَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِهِمْ وَكَلِمَهُمُ الْائْتِلَافِ
وَاَعِزَّ الْاِسْلَامَ وَنَاصِرِیْهِ وَاَذِلَّ الشِّرْكَ وَمَوَالِیْهِ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُؤْتَمِرِیْنَ بِقَوْلِكَ
الْمُبِیْنِ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَاءِ ذِی الْقُرْبٰى وَیَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ
یَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ یَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا نِعْمَتَهٗ وَادْعُوْهُ یَسْتَجِبْ لَكُمْ
وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ وَاَتَمُّ وَاَكْبَرُ

بعد ختم خطبہ کے چودہ مرتبہ تکبیر آہستہ پھر پڑھے۔ جب منبر سے اترے کہ یہ بھی مستحب ہے (درمختار)

Marfat.com

سوال ایک خطبہ عید الضحےٰ کا بھی بیان کر دیا جائے؟

جواب پہلے امام مثل عید الفطر کے منبر پر کھڑا ہوئے اور قوم کی طرف منہ کر کے نو مرتبہ آہستہ تکبیر پڑھکر خطبہ اس طرح شروع کرے (درمختار)

# خطبہ اولیٰ عید الضحےٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ اِھْرَاقَ الدَّمِ یَوْمَ النَّحْرِ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ لِلّٰہِ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَاُحَذِّرُکُمْ مَعْصِیَاتِکُمْ اللّٰہَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ ھٰذَا الْیَوْمَ تَشْرِیْقٌ فَتَقَرَّبُوْا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ بِضَحَایَاکُمْ وَاجْعَلُوْھَا مِنْ اَطْیَبِ خَائِرِکُمْ فَاِنَّھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَطَایَاکُمْ وَاجْتَنِبُوا الْعَوْرَآءَ وَالْعَرْجَآءَ وَالْمَرِیْضَۃَ وَالْجَرْبَآءَ وَمَقْطُوْعَۃَ الْاُذُنِ وَمُھْتَمَۃَ الْاَسْنَانِ وَکُلَّ ذَاتِ عَیْبٍ یَنْقُصُ مِنْ لَحْمِھَا وَاخْتَارُوْھَا بِسِمَنِھَا فَالشَّاۃُ السَّمِیْنَۃُ اَفْضَلُ مِنَ الشَّاتَیْنِ ھَزِیْلَتَیْنِ فَالْبُدْنَۃُ عَنْ سَبْعٍ وَالْبَقَرَۃُ عَنْ سَبْعٍ وَالشَّاۃُ عَنْ وَاحِدٍ وَلَا ذَبْحَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ صَلٰوۃِ الْعِیْدِ مِنْ یَوْمِ النَّحْرِ وَیَوْمَیْنِ بَعْدَہٗ وَیُسْتَحَبُّ التَّصَرُّفُ ثُلُثٌ لِنَفْسِہٖ وَثُلُثٌ ھَدِیَّۃٌ وَثُلُثٌ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ اِنْ کَانَتْ تَطَوُّعًا وَاِنْ کَانَتْ وَصِیَّۃً یَتَصَدَّقُ بِجَمِیْعِھَا وَعَظِّمُوْا شَعَآئِرَ اللّٰہِ وَاَدُّوا الْفَرَآئِضَ وَالْحُقُوْقَ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی ذَاکِرٌ لِمَنْ ذَکَرَ وَشَاکِرٌ لِمَنْ شَکَرَ اَعَادَ اللّٰہُ عَلَیْنَا بَرَکَۃَ ھٰذَا الْعِیْدِ وَاٰمَنَّا مِنْ سُوْءِ یَوْمِ الْعِیْدِ وَجَعَلَنَا مِنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ بِرَحْمَتِہٖ وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰھَا لَکُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ لَکُمْ فِیْھَا خَیْرٌ فَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْھَا صَوَآفَّ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُھَا فَکُلُوْا مِنْھَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ کَذٰلِکَ سَخَّرْنٰھَا لَکُمْ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ اِنَّہٗ تَعَالٰی جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَلِکٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ

Marfat.com

اس کے بعد تین آیت چھوٹی کے مقدار بیٹھ جاوے سات مرتبہ آہستہ تکبیر پڑھکر دوسرا خطبہ شروع کرے

# خطبۂ ثانیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا کَمَا اَمَرَ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لِمَنْ جَحَدَ بِہٖ وَکَفَرَ وَنَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ سَیِّدُ الْجِنِّ وَالْبَشَرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ثُمَّ السَّلَامُ مِنَ الْحَقِّ الْحَقِیْقِیِّ عَلَی الْخَلِیْفَۃِ الْعَتِیْقِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ثُمَّ السَّلَامُ مِنَ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ عَلٰی اَعْدَلِ الْاَصْحَابِ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ وَالصَّوَابِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ثُمَّ السَّلَامُ مِنَ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ عَلٰی ذِی النُّوْرَیْنِ وَالْبُرْھَانِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ثُمَّ السَّلَامُ مِنَ الْوَلِیِّ عَلٰی اَمِیْرِ الْوَصِیِّ اَسَدِ اللّٰہِ الْغَالِبِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَعَلَی الْاِمَامَیْنِ الْھُمَامَیْنِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا وَعَلٰی اُمِّھِمَا سَیِّدَۃِ النِّسَآءِ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا وَعَلٰی عَمَّیْہِ الْمُکَرَّمَیْنِ بَیْنَ النَّاسِ الْحَمْزَۃِ وَالْعَبَّاسِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا وَعَلٰی سِتَّۃِ الْبَاقِیَۃِ مِنَ الْعَشَرَۃِ الْمُبَشَّرَۃِ وَسَائِرِ الْفِرَقِ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالتَّابِعِیْنَ الْاَبْرَارِ الْاَخْیَارِ اِلٰی یَوْمِ الْقَرَارِ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ عِبَادَ اللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۔ اُذْکُرُوا اللّٰہَ یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْہُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ وَاَتَمُّ وَاَکْبَرُ ؕ

یہاں بھی مثل عید الفطر کے ۱۴ مرتبہ آہستہ تکبیر پڑھکر منبر سے اترے (درمختار)

Marfat.com

سوال تکبیرات تشریق کن پر واجب ہیں؟

جواب جن پر نماز فرض ہے اُنہیں پر تکبیریں بھی واجب ہیں بموجب مذہب صاحبین رحمہما اللہ کے اور اسی قول پر فتوے ہے تو اب مسافر اور تنہا پڑھنے والے پر بھی یہ تکبیریں واجب ہوئیں (درمختار ، کبیری)

سوال ان تکبیرات کو کب سے کب تک پڑھے؟

جواب عرفہ یعنی نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں کی عصر تک بعد ہر فرض نماز کے بآواز بلند ایک بار پڑھے:- اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ؕ

سوال عورت بھی آواز سے کہے یا نہیں؟

جواب نہیں عورت آہستہ کہے (درمختار)

سوال بعد فرض نماز کے اگر کلام کرے یا اور کوئی بات جو منافی نماز ہے تب بھی تکبیر پڑھ لے یا نہیں؟

جواب فرض نماز کے سلام کے متصل ہی یہ تکبیر کہی جاتی ہے اگر کوئی فعل بھی ایسا سرزد ہو کہ جو مانع بنا نماز کا ہو پھر یہ تکبیریں ساقط ہوجاتی ہیں (درمختار)

سوال اگر کوئی ایام تشریق کی نمازیں غیر ایام تشریق میں قضا کرے تو تکبیریں کہے یا نہیں؟

جواب نہیں کہے، اسی طرح اگر غیر ایام تشریق کی نمازیں ایام تشریق میں پڑھ لے تو بھی نہ کہے، ہاں اگر انہی دنوں اور اسی سال کی نماز قضا کرے تو البتہ تکبیریں بھی کہے (درمختار)

# باب مسافر کی نماز کے بیان میں

سوال مسافر کس کو کہتے ہیں؟

جواب مسافر ہر چلنے والے کو کہتے ہیں مگر شریعت کے اندر مسافر وہ ہے جسکے سفر کی مسافت تین دن سے کم نہ ہو اس مسافت میں صبح سے شام تک چلنے کی شرط نہیں ہے بلکہ صبح سے زوال تک کا چلنا معتبر ہے جو شخص اتنی مسافت طے کرنیکا ارادہ کرکے شہر سے باہر ہوجاوے اسکے لئے احکام بدل جاتے ہیں۔

سوال وہ کیا احکام ہیں جو مسافر کے لئے بدل جاتے ہیں؟

جواب نماز کا قصر ہوجانا (یعنی بجائے چار رکعت کے ایسا مسافر دو رکعت پڑھیگا) روزہ نہ رکھنے کا مباح ہوجانا موزوں کی مسح کی مدت کا تین دن تک بڑھ جانا، جمعہ عیدین قربانی کے وجوب کا ساقط ہونا وغیرہ وغیرہ

Marfat.com

سوال یہ مسافت کہ جو مسافر سے تبدیل احکام کرتی ہو کون سی چال کی معتبر ہے؛

جواب اوسط چال کی معتبر ہے اور وہ چال اونٹ اور پیادہ چلنے والوں کی چال ہے۔ اور وہ بھی اُن دنوں کے اندر جو سال میں سب سے چھوٹے دِن ہوں (عالمگیری)

سوال اِس حساب سے کوس اور میل کس قدر ہوتے ہیں؛

جواب کوس اور میل معتبر نہیں ✦

سوال ایک شہر کے دو راستے ہوں ایک سے تو تین دن کی مسافت ہو اور دوسرے راستہ سے دو دِن کی تو اُس کے لئے کیا حکم ہے؛

جواب جس راستہ سے مسافر چلیگا اِسی راستہ کا حُکم اُسپر جاری ہوگا اگر تین دِن کے راستہ چلیگا تو رستے میں نمازیں قصر سے پڑھتا جائیگا اور اگر دو دِن کے راستہ سے جائیگا تو قصر نہیں کریگا (عالمگیری)

سوال ایک شہر کی مسافت عادت کے موافق تین دِن کی چال کی ہے مگر سواری وغیرہ کے ذریعے سے جلد طے ہوتی ہے۔ اس کے لئے کیا حکم ہے؛

جواب جب مسافت عادت کے بموجب تین دِن کی چال کی ہے تو اس مسافت کو طے کرے گا وہی مسافر شرعی ہے خواہ ریل ہی کی سواری کا سوار کیوں نہ ہو ✦ (عالمگیری)

سوال مسافت پر رخصت کا حکم کب سے کب تک رہتا ہے؛

جواب جب اپنے شہر کی عمارت کو پیچھے چھوڑے اُسوقت سے اُسپر حکم رخصت ہے اور جب تک اپنے وطن کی آبادی میں داخل ہو اُسوقت تک حُکم رخصت رہے گا (درمختار، عالمگیری)

سوال وطن کے قِسم کے ہوتے ہیں؛

جواب دو قِسم کے۔ ایک وطن اصلی، دوسرا وطن اقامت ✦

سوال وطن اصلی کس کو کہتے ہیں اور وطن اقامت کس کو؟

جواب وطن اصلی وہ ہے جو اُس کی اور اُسکے اہل کی بود و باش کی جگہ ہو اور وطن اقامت وہ ہے جہاں پندرہ دِن یا زیادہ دِن ٹھیرنے کی نیت کرے (درمختار)

سوال ایک شخص کا وطن اصلی پہلے اور تھا اور پھر دوسری جگہ اُس نے بود و باش اختیار کرلی اس حالت میں کونسا وطن اصلی شمار ہوگا؛

جواب اگر پہلے وطن سے بالکل انقطاع ہوگیا ہے تو اب وطن یہی ہے اس وطن نے اُس وطن کو باطل

Marfat.com

کر دیا اور اگر پہلے وطن سے بھی کچھ تعلق ہے گو بُود و باش نہ ہو مثلاً وہاں زمین ہے یا مکان وغیرہ تو دونوں وطن اصلی شمار ہوں گے جب وہاں جائیگا اگر چہ جانا دو روز ہی کو ہو مقیم ہو جائیگا۔ اور جب یہاں آئے گا تب بھی مقیم ہو گا (عالمگیری)

**سوال** مسافر کیلئے کیا کیا شرطیں ہیں جنکی وجہ سے وہ مقیم ہو کر رخصت اُسپر سے اٹھ جاتا ہے؟

**جواب** چار شرطیں ہیں، ایک تو مسافر چلنا موقوف کرے، اگر مسافر نیت تو اقامت کی کرے اور چلنا موقوف نہ کرے تو مقیم نہ ہوگا، دوسرے جہاں نیت اقامت کی ہو وہ جگہ لائق ٹھیرنے کے ہو اگر جنگل میں یا دریا یا جزیرے میں اقامت کی نیت کریگا تو مقیم نہ ہوگا، تیسرے پندرہ دن یا زیادہ کے ٹھیرنے کی نیت کرے اگر اس سے کم کی نیت کرے گا تو مقیم نہ ہوگا، چوتھے رائے میں مستقل ہو، اگر نوکر یا غلام یا عورت بلا دریافت اپنے آقا یا مالک یا خاوند کے نیت اقامت کی کرینگے تو مقیم نہ ہونگے (درمختار وغیرہ)

**سوال** ایک شخص نے پندرہ دن کی نیت اقامت کی نہیں کی مگر یہ نیت کی کہ فلاں قافلے کے ساتھ جاؤنگا یا فلاں جہاز میں اور اس قافلے یا جہاز کا جانا بعد پندرہ دن کے معلوم ہے تو یہ شخص مقیم ہے یا مسافر؟

**جواب** یہ شخص حکماً مقیم ہے اسکو پوری نماز ادا کرنی ہو گی (درمختار)

**سوال** ایک شخص مکہ معظمہ میں اول عشرہ ذالحجہ کو پہنچا اور نیت اقامت پندرہ دن کی کر لی۔ آیا اس نیت سے مقیم ہو گا یا نہیں؟

**جواب** مقیم نہیں ہو گا۔ کیونکہ پندرہ دن جو اقامت میں شرط ہیں وہ عرفات کے جانے کے سبب سے پورے نہ ہوں گے اور عرفات میں جانا ضروری ہے۔ لہٰذا سفر ہی کا حکم رہیگا (عالمگیری)

**سوال** ایک نے تین دن کی منزل کا قصد کیا۔ راستہ میں دو دن کی منزل کے بعد وطن اصلی کو لوٹ آیا۔ اس پر کیا حکم ہے؟

**جواب** اس شخص پر اس وقت تک سفر کا حکم تھا جب تک اُس نے لوٹنے کا قصد نہیں کیا تھا اور جس وقت لوٹنے کا قصد کیا اُسی وقت سے رخصت کے احکام ساقط ہو گئے، ہاں اگر تین منزل طے کر چکنے کے بعد لوٹتا تو پھر مسافر تھا (عالمگیری)

**سوال** حکام اپنے علاقے میں جو دورہ کیا کرتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

**جواب** اگر دورہ مسافت شرعی کی مقدار کا ہو تو نمازیں قصر پڑھیں ورنہ پوری ادا کریں۔ یہ نہیں

Marfat.com

کہ علاقہ حکام کے حق میں ایک شہر کا حکم رکھتا ہے (درمختار)

**سوال** اگر کوئی ملزم کی گرفتاری کو نکلے یا اور کسی کام کیلئے مگر یہ معلوم نہیں کہ ملزم کہاں گرفتار ہوگا یا کام کس جگہ بنے گا یہ شخص راستہ میں نماز کس طرح ادا کرے؟

**جواب** یہ شخص اول گمان غالب پر عمل کرے اگر تین دن کی منزل پر ملزم کے ملجانے کا یا کام بنجانے کا یقین ہے تو نماز قصر پڑھے اور اگر شروع سفر میں اس یقین کے ساتھ نہیں ہے تو گویا ساری دنیا میں پھر آوے تب بھی مقیم ہی کے حکم میں ہے ہر جگہ پوری نماز ادا کرے گا (عالمگیری)

**سوال** عورت حائضہ اور لڑکا نابالغ اور کافر۔ یہ تینوں تین دن کی مسافت کے مسافر ہوئے دوسری منزل پر عورت حیض سے پاک ہوئی اور لڑکا بالغ ہوا اور کافر مسلمان۔ اب تینوں نماز اس تیسری منزل سے قصر پڑھیں یا پوری؟

**جواب** عورت اور لڑکا پوری نماز پڑھیں گے اور کافر قصر، اسلیئے کہ عورت اور لڑکا بوجہ عذر آسمانی کے سفر کی ابتدا میں ادائے نماز کے اہل نہ تھے۔ اور کافر ابتدائے سفر میں بوجہ عذر اختیاری کے اہل تھا اسلیئے کافر کے حق میں سفر اول منزل سے معتبر ہوا اور عورت و لڑکے کے حق میں دوسری منزل سے (درمختار)

**سوال** اگر مسافر دو فرض کی جگہ چار پڑھے تو کیسا ہے؟

**جواب** اگر بھول کر پڑھے تو اخیر میں سجدہ سہو کرے دو فرض ہوجائیں گے دو نفل اور اگر قصداً پڑھے گا تو گنہگار مستحق نار ہوگا۔ (غایۃ الاوطار)

**سوال** مسافر چار رکعت والے فرضوں کو ہی قصر سے پڑھے یا تین رکعت والے فرض کو بھی؟

**جواب** صرف چار رکعت والے فرض کو ہی قصر پڑھیگا اور باقی سب فرض نمازیں جیسی ہیں ویسی ادا کریگا

**سوال** سنتیں بھی قصر پڑھی جائینگی یا نہیں؟

**جواب** ہرگز نہیں، ہاں اگر اطمینان نہ ہو تو سفر میں ترک کر دینے کا مضایقہ نہیں (عالمگیری)

**سوال** مسافر کو چلتی ریل یا کشتی میں اشارہ سے نماز پڑھنا کیسا؟

**جواب** اگر مسافر کو رکوع اور سجود پر قدرت ہو تو بالاتفاق نماز اشارہ سے جائز نہیں اس طرح اگر قیام پر قدرت ہو اور پھر بیٹھکر پڑھے تب بھی ناجائز ہے برخلاف اور سواریوں کے کہ ان پر اشارہ سے ہی نماز پڑھنا مشروع ہے یہانتک کہ اگر گھوڑے یا اونٹ کے زین پر سجدہ کرے تو ناجائز ہے (عالمگیری)

Marfat.com

سوال اگر کشتی ٹھیری ہوئی ہو تو اس پر نماز پڑھنا مسافر کو کیسا ؟

جواب اگر بندھی ہوئی ہو یا زمین پر ہو تو درست ہے مگر بیٹھکر فرض پڑھنا بلا عذر صحیح نہیں اور اگر زمین پر ٹھیری ہوئی نہیں ہے اور باہر نماز پڑھنا ممکن بھی ہے تو درست نہیں اور یہی حکم کشتی میں نماز پڑھنے کا مقیم کے لئے ہے (عالمگیری)

سوال مسافر امام ہو اور مقتدی مقیم تو یہ دونوں اپنی نماز کیسے پڑھیں ؟

جواب مسافر اپنی رکعت پڑھکر سلام پھیرے اور مقتدی مقیم سلام نہ پھیرے بلکہ دو اور پڑھے مگر ان دو رکعتوں میں مقیم مقتدی قرأت نہ پڑھے مقدار قرأت خاموش کھڑا رہے (عالمگیری)

سوال جیسے وقتی نماز میں اقتدا مقیم نے مسافر کا کر لیا کیا اسی طرح قضا نماز میں بھی کرے ؟

جواب ہاں کرے مقیم کو بعد وقت کے بھی مسافر کا اقتدا درست ہے، برخلاف مسافر کے کہ اسکو مقیم امام کا اقتدا بعد وقت کے جائز نہیں ۔

سوال اسکی وجہ نہیں معلوم کہ وقت کے اندر تو مسافر کیوں اقتدا مقیم کا کرے اور بعد وقت کے کیوں نہیں کرے ؟

جواب اسکی وجہ یہ ہے کہ مسافر کے فرض وقت کے اندر بتابع امام پورے چار ہو جاتے ہیں اور بعد وقت کے حکم یہ نہیں ہے اب اگر وقت کے بعد امام کے پیچھے نماز پڑھیگا تو فرض پڑھنے والے کا اقتدا غیر فرض پڑھنے والے کے پیچھے ہوگا اور یہ نا جائز ہے یعنے مقیم امام پر بیچ کا قعدہ واجب ہے اور مقتدی مسافر پر فرض اسی طرح پچھلے دوگانہ میں مقیم امام پر قرأت سنت ہے اور مقتدی مسافر پر فرض، غرض ظہر اور عصر اور عشاء میں مسافر کو قضا نمازوں میں مقیم کا اقتدا صحیح نہیں، ہاں مغرب و فجر میں درست ہے (درمختار)

سوال اگر مقیم مقتدی مسافر امام کے پیچھے دوسری رکعت میں آکر شریک ہوا تو بقیہ نماز کس طرح ادا کرے ؟

جواب ایک رکعت تو مسافر امام کے ساتھ ہو ہی چکی ۔ اب تین رکعت بعد سلام امام مسافر کے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں کہ جو واقعہ میں دوسری ہے قرأت نہ پڑھے مقدار قرأت خاموش کھڑا رہے ۔ پھر رکوع و سجود کر کے قعدہ کرے ۔ بعد قعدہ کے پھر دوسری رکعت میں کہ جو واقعہ میں تیسری ہے کچھ نہ پڑھے ۔ اس رکعت کے ختم کے بعد قعدہ نہ کرے سیدھا کھڑا ہو جائے ۔ اب تیسری رکعت میں کہ جو واقعہ میں چوتھی ہے سبحانک اللھم اور الحمد اور سورۃ سب پڑھے اسلئے کہ اس رکعت میں مسبوق ہے اور ان دونوں میں مثل لاحق کے (عالمگیری ۔ درمختار)

Marfat.com

سوال اگر مقیم مقتدی مسافر امام کی اقتدا قعدہ میں کرے تو بقیہ نماز مقتدی مقیم کس طرح ادا کرے؛
جواب پہلی دو رکعتوں میں کچھ قرأت نہ پڑھے کیونکہ ان میں مقیم حکماً مقتدی ہی پچھلی دو رکعتوں میں قرأت وغیرہ پڑھے مسافر کو مستحب ہے کہ قبل نماز کے یا بعد نماز کے کہدے کہ میں مسافر ہوں تم اپنی نماز پوری کر لو (درمختار و عالمگیری)
سوال مسافر کو سفر کون سے دن بہتر ہے؛
جواب پنجشنبہ اور شنبہ کی صبح کو اکثر روحی فداہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پنجشنبہ کو سفر فرمایا کرتے تھے (احیاء العلوم)

# باب مریض کی نماز کے بیان میں

سوال کیسا بیمار نماز فرض، واجب بیٹھ کر پڑھے؛
جواب وہ بیمار کہ جو عاجز ہے کھڑے ہونے سے اور عجز کے معنی جس پر فقہاء کا فتوےٰ ہے یہ ہیں کہ بیمار کو کھڑے ہونے سے ضرر ہوتا ہے خواہ ضرر حقیقی ہو جیسے درد کا زیادہ ہونا یا پیپ کا بہنا یا ضرر حکمی ہو جیسے خوف زیادتی مرض یا تاخیر صحت مرض (درمختار وغیرہ)
سوال ایک شخص سارے قیام پر تو قادر نہیں مگر تھوڑے قیام پر قادر ہے اس کے لئے کیا حکم ہے؛
جواب یہ شخص جسقدر قیام پر قدرت رکھتا ہو اسیقدر قیام کرنا اس پر واجب ہی اگرچہ تکبیر تحریمہ و ایک آیت ہی کی مقدار ہوا ور لاٹھی یا دیوار یا آدمی کے سہارے سے ہی ہوجائے غور ہے کہ قیام اس مقدار کا بھی درکار ہے تو ذرا سے عذر کے ساتھ بیٹھکر نماز کس طرح جائز ہو جائے گی۔ اس مسئلہ کو خوب یاد رکھنا چاہئے کہ لوگ اس سے غافل ہیں (عالمگیری۔ غایۃ الاوطار)
سوال ایک شخص قیام تو کر سکتا ہے مگر رکوع اور سجود سے عاجز ہے وہ کس طرح نماز ادا کرے؛
جواب یہ شخص اگر رکوع اور سجد دونوں سے عاجز ہے تو کھڑا ہونے سے اس کو بیٹھکر اشارے سے نماز پڑھنا افضل ہے (درمختار)
سوال ایک شخص سیدھا لیٹ کر نماز نہیں پڑھ سکتا، ہاں اگر دیوار یا آدمی وغیرہ کا سہارا لگ جائے تو بیٹھکر پڑھ سکتا ہے، یہ شخص کس طرح نماز ادا کرے؛
جواب یہ شخص اگر سہارے سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ تو پھر لیٹ کر پڑھنا اسکو جائز نہیں سہارے سے ہی پڑھے (عالمگیری)

Marfat.com

سوال ایک شخص نہ قیام پر قادر ہے نہ رکوع اور سجود پر مگر صرف بیٹھنے پر قادر ہے یہ شخص کس طرح نماز پڑھے

جواب یہ شخص بیٹھکر سر کے اشارہ سے نماز ادا کرے مگر رکوع سے سجدہ کے لئے زیادہ جھکے اگر رکوع اور سجدہ کے جھکنے میں فرق نہ کرے گا۔ تو نماز نہ ہو گی (عالمگیری)

سوال اگر بیمار یا حاملہ عورت سجدہ کے لئے کوئی چیز آگے رکھ لے درست ہے یا نہیں؟

جواب درست ہے بشرطیکہ وہ چیز زمین پر ہو۔ اگر کسی کے ہاتھ پر ہوگی تو نماز مکروہ تحریمی ہو گی +

سوال اگر کسی کی پیشانی میں زخم ہوا اور ناک پر نہیں تو یہ شخص سجدہ کرنے کے حق میں عاجز ہے یا نہیں؟

جواب عاجز نہیں ہے۔ اس شخص پر واجب ہے کہ ناک پر ہی سجدہ کرے اگر ناک پر سجدہ نہ کرے گا اور اشارہ سے سجدہ کرے گا تو نماز نہ ہو گی + (عالمگیری)

سوال لیٹ کر نماز پڑھنا کس حالت میں جائز ہے؟

جواب جس وقت سہارے سے بیٹھنے پر قادر نہ ہو + (عالمگیری)

سوال لیٹ کر مریض کس طرح نماز ادا کرے؟

جواب چت لیٹ کر اپنے پاؤں قبلہ کی طرف کرے مگر کھڑے رکھے اس لئے کہ پاؤں پھیلانا قبلہ کی طرف مکروہ ہے اور اپنے سر کو تکیہ وغیرہ سے اُبھارے تاکہ مشابہ ہو جائے بیٹھنے والوں کی پھر سر کے اشارہ سے رکوع اور سجدہ کرے اور اگر چت نہ لیٹا جائے تو داہنے پہلو سے لیٹ کر نماز پڑھے۔ اور اگر ایسے بھی نہ پڑھ سکے تو بائیں پہلو سے مگر چارپائی کو پھرا لے تاکہ منہ قبلہ کی طرف ہو (درمختار)

سوال اگر کوئی منہ کا پھیرنے والا قبلہ کی طرف موجود نہ ہو۔ تو کیا کیا جائے؟

جواب جدھر منہ ہو اشارہ سے نماز ادا کرے اصل یہ ہے کہ جب عذر[1] سے ارکان ساقط ہو گئے تو شرائط بطریق اولیٰ ساقط ہو جائیں گے سوائے وقت کے (غایۃ الاوطار)

سوال اگر کوئی سر کے اشارہ سے بھی نماز نہ پڑھ سکے تو کیا کرے؟

جواب اس وقت اس مریض سے نماز ساقط ہے مگر جب اس کے مرض کو تخفیف ہو جائے تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس مریض پر ایسی حالت کا زمانہ کس قدر گذرا، اگر ایک رات دن یا اس سے کم گذرا۔ تو پانچ نمازیں یہ مریض قضا کرے اگر زمانہ اس مرض کا ایک رات دن سے زیادہ گذرے تو پھر بصورت تخفیف مرض

[1] یہ عذر اسی وقت ہے جب کوئی چارپائی کا پھیرنے والا موجود نہ ہو اور اگر آدمی موجود ہوں اور مریض ان سے چارپائی پھیرنے کو نہ کہے اور بے استقبال قبلہ نماز ادا کرے تو اس کی نماز جائز نہ ہوگی۔ اسی طرح اور شرائط و ارکان کی نسبت بھی یہی حکم ہے ۱۲ منہ (عالمگیری)

Marfat.com

قضا بھی نہیں اور یہی حکم اس بیہوشی کا ہے جبکی بیہوشی بیماری سے ہو یا خوف سے اگر نشہ وغیرہ سے ہوگی تو خواہ کتنی ہی نمازیں کیوں نہ ہوں سب کی قضا واجب ہوگی مثل سونے والے کے (درمختار، عالمگیری)

سوال ایک مریض بیہوش تو رہتا ہے مگر کبھی کبھی اسکو ہوش بھی آجاتا ہی اُسکے لئے کیا حکم ہے؟

جواب اگر یہ افاقہ وقت مقررہ پر ہوتا ہے مثلاً دن رات بیہوش رہتا ہے مگر صبح کے وقت ہوش میں آجاتا ہے تو نمازوں کی قضا ہے اور اگر وقت معین نہیں ہے تو قضا نہیں ہے (درمختار)

سوال اگر مریض قرأت اور تسبیح اور تشہد پڑھنے سے بھی عاجز ہو تو کیا کرے؟

جواب حتے الامکان ادا کرے ورنہ ترک کرے (عالمگیری)

سوال اگر مریض رکعتوں اور سجدوں کے شمار کو یاد نہ رکھ سکتا ہو تو کیا کرے؟

جواب کسی دوسرے آدمی کو نماز پڑھنے کے وقت اپنے پاس بٹھالے تاکہ وہ اُس کو بتلاتا جائے اور یہ بتلانا وتعلیم نہیں ہے جس سے نماز میں فساد لازم آئے۔ بلکہ یہ یاددہانی ہے (غایۃ الاوطار)

# باب جنازہ کے بیان میں اور جو اس سے متعلق ہے

سوال جان کنی کی علامت کیا ہے؟

جواب پاؤں کا سست ہوجانا اس طرح کے کھڑے نہ ہوسکیں خصیونکی کھال کا کھچ جانا، ناک کا ٹیڑھا ہوجانا دونوں کنپٹیوں کا بیٹھ جانا، مُنہ کی کھال کا اس طرح تن جانا کہ اس میں نرمی نہ رہے (عالمگیری)

سوال جب یہ علامتیں ظاہر ہوجائیں اُسوقت اقربا میت کو کیا کرنا چاہئے کہ جو سنت اور مستحب ہیں؟

جواب اوّل اُسکے مُنہ کو قبلہ کی طرف پھیردیں کہ یہ سنت ہے، دوسرے غرغرے سے پہلے اُسکے پاس پکار کر شہادتین تلقین کریں یعنی اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ پڑھیں یا صرف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اِس سے یہ نہ کہیں کہ تو پڑھ اسلیئے کہ خوف ہی کہ مبادا وہ جھڑک دے اور جب شہادتین ایک بار کہہ لے تو پھر تلقین نہ کریں ہاں اگر وہ کوئی کلام کرے تو پھر تلقین کریں تاکہ اخیر کلمہ زبان پر شہادتین ہو اور یہ تلقین بالاجماع مستحب ہے، تیسرے سورۂ یاسین اور سورۂ رعد اُسکے رُوبرو پڑھیں کہ یہ بھی مستحب ہی، چوتھے خوشبو اس کے پاس رکھیں (درمختار)

جان کنی کے وقت اگر کوئی توبہ اپنے گناہوں کی کرلے تو مقبول ہے یا نہیں؟

Marfat.com

جواب بیشک گناہوں کی توبہ مقبول ہے مگر کفر کی توبہ مقبول نہیں اس وقت کا فر مسلم نہیں ہو سکتا (غایۃ الاوطار)
سوال یہ باتیں تو جانکنی کے وقت کی بتلائیں اب یہ بتلایئے کہ جب دم نکل جائے تو کیا کرنا چاہیے؟
جواب پہلے اسکے جبڑے ایک چوڑی پٹی سے باندھیں اور اسکے سر پر گرہ دیدیں پھر آنکھیں بند کریں نہایت نرمی اور آسانی سے آنکھیں بند کرنیوالا یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ عَلَیْہِ اَمْرَہٗ وَسَھِّلْ عَلَیْہِ مَابَعْدَہٗ وَاَسْعِدْہُ بِلِقَآئِکَ وَاجْعَلْ مَاخَرَجَ اِلَیْہِ خَیْرًا مِّمَّا خَرَجَ عَنْہُ اس کے بعد ہر ایک جوڑ اور بند ڈھیلا کرے اس طرح کہ پہلے دونوں بانہیں اسکی بازو کی طرف لیجائے اور پھر پاؤں کی طرف پھیلائے پھر اسکے ہاتھوں کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف موڑ کر سیدھی کرے اور پھر پنڈلیوں کو رانوں کی طرف موڑ کر سیدھا کرے اور جن کپڑوں میں وہ مرا ہے وہ اتار لیں اور ایک کپڑے سے تمام بدن ڈھک دیں اور اسکے پیٹ پر لوہا یا مٹی کا بڑا ڈلا رکھدیں تاکہ پھولے نہیں پھر اس کے فرض کے ادا کرنے میں جلدی کریں (عالمگیری)
سوال اگر معاذ اللہ کسی سے بوقت تلقین کلمات کفریہ سرزد ہوں تو کیا حکم ہے؟
جواب اس وقت کے کلمات کا کچھ اعتبار نہیں اس کے ساتھ وہی معاملہ کیا جائیگا جو مسلمان مردوں کے ساتھ کیا جاتا ہے (عالمگیری)
سوال حیض و نفاس والی عورت یا جنبی کا بیٹھنا موت کے وقت مردہ کے پاس جائز ہے یا نہیں؟
جواب جائز ہے مگر نیک اور صالح لوگوں کا اس وقت بیٹھنا بہتر ہے (عالمگیری)
سوال اگر کوئی عورت مرے اور اسکا بچہ پیٹ میں تڑپتا ہو تو اس وقت کیا کیا جائے؟
جواب پیٹ چاک کر کے نکال لیا جائے (عالمگیری)
سوال مردہ کے غسل کی ترکیب بطریق مسنون مفصل بیان کیجیے؟
جواب جب ارادہ غسل کا کریں تو پہلے اس تخت کو کہ جس پر غسل دینا منظور ہے میت کے رکھنے سے پہلے بعد وطاق یعنے تین یا پانچ یا سات مرتبہ لوبان وغیرہ کی خوشبو سے دھونی دیں اس طرح سے کہ تختے کے گرد اس خوشبو کی چیز کو پھرادیں، پھر مردہ کو لٹادیں۔ جس طرح آسان ہو، خواہ قبلہ کی طرف منہ کر کے جیسا کہ حالت مرض میں اشارہ سے نماز پڑھانیکے لئے لٹاتے ہیں خواہ شمالاً جنوباً جیسا کہ قبر میں مسنون ہے۔ اس جگہ پردہ بھی کر لینا مستحب ہے تاکہ سوائے غسل دینے والے اور اسکے مددگار کے کوئی

Marfat.com

نہ دیکھے، پھر ناف سے گھٹنے تک کسی کپڑے سے ڈھک کر پہلے استنجا کراویں۔ طریقہ استنجا کرانے کا یہ ہے کہ غسل دینے والا اپنے دونوں ہاتھوں کو کپڑے سے لپیٹ لے۔ پھر نجاست کے مقام کو دھوئے کپڑا یوں لپیٹا جاتا ہے کہ جس طرح ستر کو دیکھنا حرام ہے۔ اسی طرح بے حجاب چھونا بھی حرام ہے۔ مرد مرد کی ران اور عورت عورت کی ران کو بھی بے حجاب نہ دیکھے۔ کہ یہ بھی ستر غلیظہ میں داخل ہے۔ پھر تختہ پر لٹانے کے بعد مردہ کو اول وضو کرائیں، شروع مردہ کے وضو کا ہاتھوں سے نہ ہوگا۔ بلکہ منہ اور ناک سے ہوگا اس طرح کہ بجائے کلی اور ناک میں پانی ڈالنے کے غاسل ایک کپڑا اپنی انگلی پر لپیٹ کر مردہ کے منہ میں داخل کرے اور اس کے دانتوں اور لبوں اور مسوڑوں اور تالو کو صاف کرے اور اس کے نتھنوں میں بھی انگلی داخل کر کے صاف کرے، پھر منہ پر پانی ڈال کر دھودے پھر مسح سر کا کرے، یہ مردہ کا وضو ہوا۔ پھر غسل شروع کریں اس طرح پر کہ اول اس کے سر اور ڈاڑھی کے بالوں کو گلخیرو یا صابون یا ملتانی مٹی سے دھودیں اور اگر بال نہ ہوں تو نہ دھویا جائے اور یہ پانی وہ ہو کہ جس میں بیری کے پتے جوش دیئے گئے ہوں اور اگر بیری کے پتے نہ ملیں تو خالص پانی ہی سے کافی ہے مگر گرم پانی سے غسل دینا ہمارے یہاں افضل ہے پھر بائیں کروٹ پر مردہ کو لٹا دیں تاکہ پانی اول اس کے دائیں طرف پڑے پھر نہلادیں یہاں تک کہ پانی بدن کے اس حصہ پر پہنچے۔ جو تخت سے ملا ہوا ہے۔ پھر داہنی طرف کروٹ پر لٹا کر اسی طرح پانی ڈالا جائے، پھر مردہ کو سہارے کے ساتھ بٹھا دیں اور اس کے پیٹ کو نرمی کے ساتھ سونتیں۔ اگر کچھ نجاست نکلے تو دھو ڈالیں غسل اور وضو کا اعادہ نہ کریں۔ پھر بٹھانے کے بعد اس کو بائیں کروٹ پر لٹا کر غسل دیں اور یہ غسل تیسری مرتبہ کا ہے تاکہ عدد مسنون حاصل ہو جائیں پھر لٹانے کے بعد تین مرتبہ پانی بہائیں اس طرح کہ اول داہنے پہلو پر پھر بائیں پہلو پر پھر دائیں پہلو، پھر کسی پاک کپڑے سے بدن کو خشک کریں اور بغیر کنگھی کے اس کی داڑھی اور سر میں عطر ملیں کہ یہ مستحب ہے۔ اور کافور اس کے سجدے کے مقامات یعنی پیشانی ناک دونوں ہتھیلیوں دونوں گھٹنے دونوں پاؤں پر ملا جائے اس ترکیب غسل کو یاد رکھنا چاہئے (عالمگیری، درمختار، کبیری)

**سوال** کیا بچوں کو بھی غسل کراویں؟

جواب ہاں اِن کو بھی وضو کراویں اسلیئے کہ وضو غسل میت کی سنت ہے (شامی)
سوال کیا عورت اور بچوں کو بھی اِسی ترکیب سے غسل دیا جائے گا؛
جواب ہاں غسل کی ترکیب سب کے لئے اسی طرح کی ہے خواہ عورت ہو یا بچہ وہ ہو کہ جس کے پیدا ہونے کے وقت کوئی حرکت زندگی کی پائی گئی ہو (عالمگیری)
سوال جو بچہ کہ پیٹ سے ہی مُردہ پیدا ہوا ہو اُس کے لئے غسل کا کیا حکم ہے؛
جواب اس کو بھی غسل دیں اسی طرح مختار قول کے موافق اور اس بچہ کو بھی غسل دیں جسکے بعض اعضاء ناتمام ہوں اور حمل میں سے گر جائے (عالمگیری)
سوال اگر مُردہ کے بال اور ناخن بڑھ رہے ہوں تو تراش دیئے جائیں یا نہیں؛
جواب تراشے نہ جائیں اگرچہ زیر ناف اور بغل اور بھوؤں کے ہی بال ہوں اور اگر کاٹے جائیں یا ٹوٹا ہوا ناخن علیحدہ کیا جائے۔ تو مُردہ کے کفن میں ہی رکھدیئے جائیں (غایۃ الاوطار)
سوال مُردے کے کان ناک منہ وغیرہ کے سوراخوں میں روئی رکھنا کیسا؛
جواب کچھ مضائقہ نہیں مگر پاخانہ اور پیشاب کے مقام پر نہ رکھیں (غایۃ الاوطار)
سوال اگر کوئی پانی میں ڈوب کر مرے تو کیا اس کو بھی غسل دیا جائے؛
جواب ہاں اس کو بھی غسل اسی طرح دیا جائے گا اور اگر پانی سے نکالتے وقت بہ نیت غسل پانی میں ہلالیں تو پھر دوبارہ غسل کی ضرورت نہیں (عالمگیری)
سوال اگر کوئی مردہ ایسا سڑ گیا ہو کہ اس کو چھو بھی نہیں سکتے تو کیا کریں؛
جواب ایسے مردہ پر صرف پانی بہا دیا جائے + (عالمگیری)
سوال اگر کسی کا مُردہ بدن نصف سے زیادہ مع سر کے ملے تو اسکو بھی غسل اور کفن دیا جائے یا نہیں؛
جواب ہاں دیا جائے اور نماز بھی پڑھی جائے برخلاف اس کے کہ جس کا نصف بدن بے سر کا ہو، یا نصف بدن طول میں چرا ہوا ملے یا نرا سر ملے تو اسکو غسل اور کفن نہ دیں نہ اس پر نماز پڑھیں ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کردیں (عالمگیری درمختار)
سوال خاوند اپنی بیوی کو بعد مرنے کے غسل دے سکتا ہے یا نہیں؛
جواب ہرگز نہیں اسلیئے کہ ہمارے امام کے نزدیک مرد کو عورت کے مرنے کے بعد

Marfat.com

علاقہ نہیں رہتا۔ برخلاف عورت کے کہ وہ خاوند کو نہلا دیگی کہ اُس کا علاقہ ایام عدت تک قائم ہے بشرطیکہ عورت سے کوئی حرکت ایسی نہ ہو کہ اگر وہ زندہ ہوتا تو اس کے نکاح میں نہیں رہتی مثلاً میت کے بیٹے کو یا باپ کو شہوت سے چھو لیا ہو وغیرہ (عالمگیری)

**سوال** اگر مرد درمیان عورتوں کے یا عورت درمیان مردوں کے مرجائے تو کیا کیا جائے؟

**جواب** ایسی صورت میں تیمم کرایا جائے مگر عورت کو عورت کا مرد محرم اور مرد کو مرد کی محرم عورت تیمم کراویں اگر محرم بھی موجود نہ ہو تو اجنبی مرد یا عورت ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر مردہ کو تیمم کرا دے مگر عورت کی باہوں پر نظر پڑنے کیوقت اپنی آنکھ کو بند کرلے مگر خاوند کو آنکھ بند نہ کرنا جائز ہے (عالمگیری)

**سوال** اگر کوئی جہاز میں مرجائے تو کیا کیا جائے؟

**جواب** اس کو غسل و کفن دے کر نماز پڑھیں اور کچھ بوجھ باندھکر دریا میں ڈال دیں (عالمگیری)

**سوال** وہ کون شخص ہیں جن کو نہ غسل دیا جائے اور نہ انپر نماز پڑھی جائے؟

**جواب** ایک تو وہ ہے کہ جو اپنے ماں باپ کو عمداً ہلاک کرے۔ دوسرے وہ ہیں جو امام سے باغی ہو جائے، تیسرے وہ ہے جو گلا گھونٹ کر لوگوں کو مارا کرتا ہو، چوتھے وہ ہے جو راتوں کو ہتھیار باندھکر غارت گری کرے۔ باغی اور گلا گھونٹ کر مارنے والے اور لوٹنے والے پر یہ حکم اس وقت ہے جب کہ امام سے لڑائی کے وقت مارے جائیں۔ اور اگر قبل گرفتاری اپنی موت سے مریں تو غسل اور نماز سب ہوگی (شامی)

**سوال** نہلانے والا اگر اجنبی ہو تو کیسا؟

**جواب** مکروہ ہے۔ اسی طرح حیض و نفاس والی کا نہلانا بھی مکروہ ہے۔ مگر بے وضو کا نہلانا بالاتفاق مکروہ نہیں ہے (عالمگیری)

**سوال** مردہ کو نہلانا کس کے حق میں مستحب ہے؟

**جواب** جو سب سے زیادہ میت کا رشتہ دار ہو اور اگر وہ نہلانا نہ جانتا ہو تو ثقہ آدمی جو غسل اچھی طرح جانتا ہو نہلا دے نہلانے والا اگر کوئی بات مُردہ کی مثل منہ سیاہ ہونے یا بدبو وغیرہ کے دیکھے کسی کے سامنے ذکر نہ کرے مگر بدعتی کی حالت کا ذکر کرنا درست ہے تاکہ لوگ اس عقیدے سے توبہ کریں اور اگر اچھی بات مثل نُور وغیرہ کے دیکھے تو لوگوں میں ذکر کرنا مستحب ہے (عالمگیری)

Marfat.com

سوال نہلانے والے کو نہلانے پر اُجرت لینا جائز ہے یا ناجائز؟
جواب اگر کوئی اور بھی نہلانے والا اس جگہ موجود ہو تو اجرت لینا جائز ہے۔ ورنہ نہیں اور نہ لینا ہر طرح افضل ہے (عالمگیری)
سوال لڑکوں کو اگر عورتیں نہلاویں یا لڑکیوں کو مرد نہلاویں۔ تو کیسا؟
جواب اگر لڑکا ایسا ہو جسکو عورتوں کی خواہش نہ ہوتی ہو تو عورتوں کو نہلانا درست ہے ورنہ نہیں اسی طرح مردوں کو اس لڑکی کا جسکی خواہش مردوں کو نہ ہوتی ہو نہلانا درست ہے ورنہ نہیں ہے (عالمگیری)
سوال ایک شخص کی بوجہ نہ ملنے پانی کے تیمم کرا کر نماز پڑھادی گئی پھر پانی مل گیا۔ اب کیا کیا جائے؟
جواب پھر کرے غسل دے کر نماز پڑھیں (عالمگیری)
سوال کفن دینا کیسا ہے؟
جواب فرض کفایہ ہر ایک کے دینے سے سب پر سے گناہ اُٹھ جاویگا ورنہ سب گنہگار ہونگے (عالمگیری وغیرہ)
سوال اگر کسی محلہ میں ایک آدمی کو توفیق کفن دینے کی نہ ہو تو کیا کیا جائے؟
جواب بیت المال میں سے دیا جائے اور اگر بیت المال نہ ہو۔ تو مسلمانوں سے سوال کرکے کفن دیا جائے اور اگر یہ بھی نہ ہو تو گھاس میں لپیٹ کر دفن کردیا جائے (عالمگیری)
سوال اگر ایک مردہ کے لئے چندہ کرکے کفن تجویز کیا پھر کچھ دام بچ رہے تو انکا کیا کیا جائے؟
جواب اگر بچے ہوئے دام معلوم ہوں کہ فلاں شخص کے ہیں تو اس شخص کو واپس کردے۔ ورنہ کسی دوسرے محتاج کے کفن میں صرف کرے اور اگر یہ بھی نہ ہو تو خیرات کرے (عالمگیری)
سوال کفن میں سنت کے ہیں؟
جواب مرد کے لئے تین کپڑے سنت ہیں۔ ایک تہ بند۔ دوسرے کفنی تیسرے چادر لپیٹنے کی جس کو پوٹ بھی کہتے ہیں۔ اور عورت کے لئے پانچ کپڑے، ایک تہ بند، دوسرے کفنی، تیسرے اوڑھنی، چوتھے سینہ بند، پانچویں چادر لپیٹنے کی (عالمگیری)
سوال ہر ایک کپڑے کی شرح مفصل بیان کیجئے کہ کس قدر ہو؟
جواب تہ بند سر سے پاؤں تک۔ کفنی گردن سے پاؤں تک۔ چادر سر سے پاؤں تک ان تینوں کپڑوں میں تو مرد عورت دونو برابر ہیں۔ اب عورت کے لئے وہ کپڑے جو زائد ہیں وہ یہ ہیں

Marfat.com

سینہ بند کہ وہ چھاتیوں سے رانوں تک ہے اور اوڑھنی مقدار اسکی دو گز کی ہے (غایۃ الاوطار)
سوال اگر کسی کو کفن سنت میسر نہ ہو تو کس مقدار پر کفایت کرنا چاہیے؟
جواب مرد کے لئے دو کپڑوں یعنی کفنی اور لپیٹنے کی چادر پر کفایت کرے اور عورت کے لئے تین کپڑوں یعنی کفنی اور لپیٹنے کی چادر اور اوڑھنی پر (عالمگیری)
سوال عورت اور مرد کی کفنی میں کیا فرق ہے؟
جواب یہ فرق ہے کہ مرد کی کفنی کا گریبان مونڈھوں کی طرف ہوگا اور عورت کی کفنی کا سینہ کی طرف (غایۃ الاوطار)
سوال کفن ضرورت کس مقدار کا ہوتا ہے؟
جواب کفن ضرورت کی مقدار وہ ہی جو میسر ہو، اسکی کمتر مقدار وہ ہے جو سارے بدن پر آجائے۔
سوال بچوں کیلئے کفن دینے کا کیا حکم ہے؟
جواب بہتر تو یہی ہے کہ بالغ کی طرح دیا جائے اور اگر دو کپڑوں سے دیا جائے تو بھی اچھا ہے اور اگر ایک کپڑے سے دیا جائے تو بھی جائز ہے (غایۃ الاوطار)
سوال پیٹ سے مردہ بچہ پیدا ہو یا حمل سے گر پڑا ہو اس کیلئے کفن کا کیا حکم ہے
جواب اس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کریں۔ (درمختار)
سوال اگر مردہ کا کفن چوری گیا یا نعش کسی وجہ سے برآمد ہوئی اور کفن نہیں ہے تو کیا کیا جائے؟
جواب پھر دوبارہ کفن دیا جائے پھر اگر ایسا ہی معاملہ ہو تو جب تک بدن نہ بگڑے کفن دیئے چلے جائیں اگرچہ مال اُسکا وارثوں میں بٹ گیا ہو (درمختار)
سوال کفن کیسا ہونا چاہیے؟
جواب سفید سب سے بہتر ہے۔ مردوں کو بھی اور عورتوں کو بھی اور اگر عورتوں کا کفن ریشمی یا رنگین ہو تو بھی جائز ہے۔ اصل اس میں یہ ہے کہ جو کپڑا اس کو زندگی میں پہننا درست ہے اُسی کا کفن بھی درست ہے (عالمگیری)
سوال کفن زیادہ قیمت کا ہونا چاہیے یا کم کا؟
جواب مرد کو ایسا ہونا چاہیے جس قیمت کے کپڑے وہ عیدین میں پہنا کرتا تھا اور عورت کو اس قیمت کا ہونا چاہیے جس قیمت کے وہ کپڑے اپنے ماں باپ کے گھر پہنکر جایا کرتی تھی (عالمگیری)
سوال کفن پہنانے کی ترکیب ترتیب وار مشروحاً بیان کیجیے؟

Marfat.com

**جواب** پہلے سب کپڑوں کو معطر کرکے اول چادر پوٹ کی بچھائی جائے۔ پھر اُس پر دُوسری چادر جو تہ بند ہی بچھادیں، پھر قمیص یعنی کفنی جسکا گریبان مونڈھوں پر سے چاک ہو پہنا کر مرد میت کو لٹادیں اور اسکا بایاں پلہ لپیٹ کر داہنا پلہ لپیٹیں پھر پوٹ کی چادر اسی طرح یعنے اول بائیں طرف پھر دائیں طرف مردہ پر لپیٹیں۔ تاکہ دائیں جانب بائیں جانب کے اوپر رہے۔ اور عورت کو کفن دینے کا طریقہ یوں ہے کہ اول وہی اوپر کی چادر، پھر تہ بند کی چادر بچھاویں جیسے کہ مرد کے لئے بیان کیا پھر عورت میت کو وہ کفنی کہ جس کا گریبان سینہ پر سے چاک ہو پہناویں اور اُس کے بالوں کی دو زُلفیں کر کے سینہ پر کفنی کے اُوپر رکھدیں اور اُس کے اوپر اوڑھنی اوڑھادیں۔ اس طرح کہ بالوں کے اوپر اور چادروں کے نیچے اوڑھنی رہے پھر تہبند کی چادر اور پوٹ کی چادر کو لپیٹیں جس طرح کہ ہم نے مرد کے واسطے بیان کیا پھر سب کے اوپر چھاتیوں پر سینہ بند باندھیں (عالمگیری۔ غایۃ الاوطار)

**سوال** جنازہ کو جب قبرستان میں لے جائیں تو کس طرح چارپائی اٹھائیں اور کس طرح لے جائیں؟

**جواب** جنازہ کے اٹھانے میں دو چیزیں ہیں ایک اصل سنت دوسرے کمال سنت، اصل سنت تو یہ ہے کہ چار پایوں کو چار آدمی پکڑ کر دس دس قدم چلیں اس اصل سنت کو سب ادا کرسکتے ہیں اور کمال سنت یہ ہے کہ اُٹھانے والا اول مردہ کے سرہانے کے داہنے پایہ کو پکڑے اور اپنے داہنے کاندھے پر رکھے، پھر اس کی پائنتی کے داہنے پایہ کو اپنے داہنے کاندھے پر رکھے۔ پھر مُردہ کے سرہانے کے بائیں پایہ کو اپنے بائیں کاندھے پر رکھے۔ پھر اُس کی پائنتی کے بائیں پایہ کو اپنے بائیں کاندھے پر رکھے یہ کمال سنت سب سے ادا نہ ہوگی۔ دو شخصوں کا جنازہ کو اُٹھانا لکڑیاں وغیرہ باندھکر مکرُوہ ہے۔ اس کا کچھ مضایقہ نہیں کہ چارپائی کے پایہ کو کاندھے پر رکھے یا ہاتھ پر مگر نصف کاندھے پر اور نصف گردن کی جڑ پر رکھنا مکرُوہ ہے اور لے چلنے میں جنازہ کے جلدی نہ کریں اور چلنے میں سرہانہ چارپائی کا آگے کو رکھے (عالمگیری)

**سوال** بچوں کو کس طرح لے جائیں؟

**جواب** اگر بچہ شیر خوار ہو یا اُس سے زیادہ عُمر کا جب تک کہ اچھا بڑا نہ ہو۔ اس کو ہاتھوں پر لے جائیں تو کچھ مضایقہ نہیں۔ ورنہ چھوٹے کھٹولے پر یا چارپائی پر لے جائیں۔

**سوال** جو لوگ کہ جنازہ کے ہمراہ ہوں اگر وہ جنازہ کے آگے یا دائیں بائیں چلیں تو کیسا؟

Marfat.com

جواب تمام آدمیوں کا آگے جنازہ سے چلنا تو مکروہ ہے ہاں اگر کچھ آگے جنازہ سے دور چلیں تو جائز ہے مگر داہنیں بائیں جنازہ کے ہمراہ چلنا جائز ہے افضل جنازہ کے پیچھے ہی چلنا ہے (عالمگیری)

سوال رشتہ دار یا پڑوسی اور کسی صالح یا عالم مشہور کے جنازہ کے ساتھ جانا کیسا ہے؟

جواب ثواب میں نوافل سے افضل ہے (عالمگیری)

سوال اکثر لوگ بازاروں میں جنازہ کو دیکھکر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ کیسا ہے؟

جواب اگر اس کے ساتھ جانیکا ارادہ ہو تو مضایقہ نہیں ورنہ بمشابہت کفار ممنوع ہے (شامی)

سوال جو لوگ کہ جنازہ کے ہمراہ ہوں انکو کلمہ طیبہ راستہ میں پڑھنا کیسا؟

جواب پکار کر پڑھنا تو مکروہ ہے دل میں اگر پڑھیں تو مضایقہ نہیں، بہتر خاموشی ہے (عالمگیری)

سوال گورستان میں جنازہ کو زمین پر رکھنے سے پہلے آدمیوں کو بیٹھنا کیسا؟

جواب مکروہ ہے۔ بعد رکھنے کے درست ہے اور افضل یہ ہے کہ جبتک مٹی اسپر ڈالیں اسوقت تک نہ بیٹھیں

سوال جنازہ کی نماز کیسی ہے؟

جواب فرض کفایہ ہے اور اس میں شرط جماعت کی بھی نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اگر ایک آدمی بھی پڑھے گا تو فرضیت ساقط ہو جائے گی (عالمگیری)

سوال جنازہ کی نماز کس شخص کی درست ہے؟

جواب جو مسلمان پیدا ہونے کے بعد مرے خواہ بچہ ہو یا بڑا، عورت ہو یا مرد، آزاد ہو یا غلام، نمازی ہو یا بےنمازی، سوائے ان لوگوں کے جن کا ذکر اوپر ہو چکا نہلانے کے بیان میں (عالمگیری)

سوال اگر کسی مسلمان کو بغیر نہلائے اور نماز پڑھے دفن کر دیا تو کیا کیا جائے؟

جواب اسکی قبر پر بعد دفن کے نماز پڑھیں۔ جب تک گلنے سڑنے کا یقین نہ ہو (عالمگیری)

سوال اگر کسی کی نماز غسل سے پہلے پڑھ لی جائے تو کیا کیا جائے؟

جواب بعد غسل کے دوبارہ پڑھی جائے اسلئے کہ غسل میت شرط نماز میت ہے الا بضرورت (عالمگیری)

سوال جنازہ کی نماز کون پڑھاوے؟

جواب اگر بادشاہ یا حاکم موجود ہو تو اول انکو نماز جنازہ پڑھانا واجب ہے۔ اور اگر یہ نہ ہوں تو ولی اقرب پڑھاوے اور اگر ولی اقرب بھی نہ ہو تو پھر امام محلہ ہو جب امام محلہ بھی ہو اور ولی لائق نہ ہو تو باجازت ولی جو چاہے پڑھاوے (عالمگیری)

Marfat.com

**سوال** اگر کوئی یہ وصیت کر جائے کہ میرے جنازہ کی نماز فلاں پڑھائے تو یہ وصیت کیسی ؛

**جواب** یہ وصیت باطل ہے اُسکے وُرثار کو اختیار ہے جس سے چاہیں نماز اسکی پڑھوادیں (عالمگیری)

**سوال** ماں کی ولایت بیٹے کو حاصل ہے یا باپ کو ؛

**جواب** بیٹے کو۔ مگر بیٹے کو چاہئے کہ باپ کو اپنی اجازت سے مقدم کرے اسلئے کہ باپ کے ہوتے ہوئے بیٹے کو مقدم ہونا مکروہ ہے بشرطیکہ باپ لایق امامت ہو (عالمگیری)

**سوال** جنازہ کی نماز کا دوبارہ پڑھنا کیسا ہے ؛

**جواب** نادرست ہے اسلئے کہ جنازے کی نماز کا ایک ہی دفعہ پڑھنا مشروع ہے (درمختار۔ عالمگیری)

**سوال** ولی اگر نماز میں شریک نہ ہوا اور بعد ہو چکنے نماز کے آیا تو اُسکے لئے کیا حکم ہے ؛

**جواب** ولی اپنے حق کے سبب سے اُس وقت تک دوبارہ پڑھ سکتا ہے جب تک پیٹ پھول جانے کا یقین نہ ہو بشرطیکہ نماز پڑھانے والا اس سے زیادہ ولایت کا حق نہ رکھتا ہو اگرچہ اسقاط فرضیت تو پہلے ہو چکی ہے کیونکہ خاص ولی کے حق کے لئے ہے، دوسرے کو بعد نماز ہو جانے کے درست نہیں (غایۃ الاوطار)

**سوال** جنازے کی نماز کا وقت کیا ہے ؛

**جواب** حضور جب نہ وقت ہے (غایۃ الاوطار)

**سوال** جنازہ کی نماز میں کیا کیا شرطیں ہیں ؛

**جواب** اوّل تو وہی شرطیں ہیں جو اور نمازوں میں ہیں یعنی مسلمان ہونا۔ حقیقی حکمی نجاست سے پاک ہونا، سترِ عورت، استقبالِ کعبہ، نیت۔ لیکن خاص شرطیں جو اسی نماز سے مخصوص ہیں۔ وہ یہ ہیں میت کا سامنے موجود ہونا، میت کا زمین پر ہونا، اگر جنازہ غائب ہو یا سواری پر یا ہاتھوں پر ہو یا پیچھے ہو تو نماز درست نہیں (درمختار، عالمگیری)

**سوال** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی اصحم کی نماز غائب پڑھائی اور آپ منع کرتے ہیں یہ کیونکر ہے ؛

**جواب** یہ نماز حضور کے خواص میں سے شمار کی گئی ہے۔ دوسروں کو ناجائز ہے (درمختار، عالمگیری)

**سوال** جنازہ کی نماز میں کیا کیا رکن ہیں ؛

**جواب** دو رکن ہیں۔ ایک تو چار تکبیر کہ جو قایم مقام چار رکعتوں کے ہیں، دوسرے کھڑا ہونا اگر کوئی بلا عذر بیٹھکر جنازے کی نماز پڑھے تو درست نہیں (غایۃ الاوطار)

Marfat.com

سوال جنازے کی نماز میں واجب کیا ہے؟

جواب دُعا کرنا میّت کے لئے واجب (درمختار)

سوال جنازے کی نماز میں سنّت کیا کیا ہیں؛

جواب ثناء اور درود پڑھنا (درمختار)

سوال مفسدات نماز جنازہ کیا کیا ہیں؟

جواب جو مفسدات اور نمازوں کے ہیں وہ ہی اُس کے ہیں سوائے عورت کی برابری کے کہ اس میں عورت کی برابری درست ہے (عالمگیری)

سوال جنازے کی نماز کس طرح ادا کرے؛ مفصل بیان کیجئے؛

جواب امام سینۂ میت کے مقابلے میں کھڑا ہو کر پہلے نیت کرے کہ میں اللہ کی عبادت کے لئے اس فرض کے ادا کرنے کی نیت کرتا ہوں اور کعبہ کی طرف ہوں اگر مقتدی ہو تو اقتدار کی نیت کرے پھر امام تکبیر تحریمہ یعنی اللہ اکبر بلند آواز سے کہے اور مقتدی آہستہ کہے پھر پڑھے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ پھر اللہ اکبر بدون رفع یدین یعنے ہاتھ اُٹھانے کے کہے اور پھر پڑھے وہ دُرود کہ جو فرض نماز کے قعدۂ اخیرہ میں پڑھا جاتا ہے پھر اسی طرح تکبیر کہکر یہ دُعا پڑھے:- اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ پھر چوتھی بار تکبیر کہکر سلام پھیرے اس طرح کہ اوّل سلام ہے دوسرا سلام آہستہ ہو اور قوم سب اسی طرح نماز پڑہیں، امام تکبیریں بلند آواز سے کہے گا باقی آہستہ (عالمگیری)

سوال اگر کسی کے یہ دُعا یاد نہ ہو تو کیا پڑھے؛

جواب یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اگر یہ بھی یاد نہ ہو تو جو چاہے پڑھے۔

سوال کیا عورتوں کی نماز بھی اسی طرح پڑھ لی جائیگی؛

جواب ہاں اسی طرح پڑھی جائے گی (درمختار)

سوال کیا بچوں کی نماز بھی اسی طرح پڑھے؛

جواب ہاں اسی طرح پڑھی جائے گی۔ صرف دُعا اور پڑھی جائیگی۔

Marfat.com

سوال وہ کیا دُعا ہے؟

جواب تیسری تکبیر کے بعد اگر لڑکا نابالغ ہے تو یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اور اگر لڑکی نابالغہ ہے تو صرف ضمیر تذکیر تانیث کی بدلے یعنی یوں کہے:۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا شَافِعَۃً وَّمُشَفَّعَۃً۔

سوال ایک شخص جنازے کی جماعت میں حاضر ہوا اُسوقت امام ایک تکبیر کہہ چکا تھا تو اب یہ کس طرح نماز پڑھے؟

جواب یہ شخص اگر پہلے سے موجود تھا اور پھر کسی وجہ سے تکبیر تحریمہ میں شریک نہ ہوا تب تو بلا انتظار تکبیر ثانی جماعت میں مل جائے اور اگر بعد میں آیا تو اب اسکو دوسری تکبیر کے کہنے تک امام کا انتظار کرنا چاہیے۔ جب امام دوسری تکبیر کہے اس وقت تکبیر کہکر مل جائے اور جب امام نماز سے فارغ ہو اُس وقت اِس تکبیر کو کہہ لے جیسے مسبوق اپنی بقیہ رکعت کو بعد فراغ نماز پڑھتا ہے یہی حکم دوسری اور تیسری تکبیر کے بھی ملنے کا ہے (عالمگیری)

سوال اگر کوئی چوتھی تکبیر کے بعد حاضر ہوا تو کیا کرے؟

جواب اگر امام نے ابھی سلام نہیں پھیرا ہے تو فوراً مل جائے اور جبتک جنازہ کو ہاتھوں پر اُٹھائیں پہلے اپنی تکبیریں ادا کرے، دُعائیں چھوڑ دے نماز ہو جائے گی۔

سوال اگر امام دوسری یا تیسری تکبیر کے بعد بھول کر سلام پھیر دے تو کیا کرے؟

جواب کچھ بھی نہ کرے اِسی طرح پڑھتا رہے یہ سلام ایسا ہی جیسے کوئی نماز کے قعدۂ درمیانی میں سہواً سلام پھیر دے

سوال اکثر لوگ جنازے کی نماز میں جوتی نہیں اُتارتے یہ کیسا ہے؟

جواب اگر ان لوگوں کو اپنی جوتیوں کی طہارت کا یقین ہو تو مضائقہ نہیں ورنہ اُتار کر پڑھنا چاہیئے۔

سوال اگر بہت سے جنازے حاضر ہوں تو ایک ایک جنازہ کی علیحدہ علیحدہ نماز پڑھے یا سب کی ایک ہی نیت ادا کرے

جواب اسکو اختیار ہے خواہ ایک ایک کی علیحدہ پڑھے خواہ سب کی ایک نیت سے ادا کرے (عالمگیری)

سوال اگر بہت سے جنازے آجائیں تو انکے رکھنے کی کیا ترکیب ہے؟

جواب خواہ طول میں صف کے طور پر یعنی ایک جنازہ کے پیروں میں دوسرا جنازہ اس طرح رکھیں خواہ یکے بعد دیگرے قبلہ کی طرف رکھیں مگر امام کے روبرو مرد کا جنازہ ہوگا اگرچہ نابالغ لڑکے بھی شامل ہوں اور جو صالح تر ہو وہ امام کے سامنے ہو (عالمگیری)

سوال اگر جنازوں میں مرد عورت اور لڑکے سب ہوویں تو کس طرح جنازوں کو رکھیں؟

Marfat.com

جواب پہلے امام کے سامنے مرد آزاد کا جنازہ اس کے بعد لڑکوں کا جنازہ پھر عورتوں کا جنازہ رکھیں اور یہ قبلہ کو رکھے جائیں گے برخلاف زندوں کی ترکیب صفوں کے (عالمگیری)

سوال جنازہ کی نماز میں بھی خلیفہ کرنا درست ہے یا نہیں؛

جواب ہاں درست ہے (عالمگیری)

سوال مسجدوں میں نماز جنازہ کی پڑھنی کیسی؛

جواب مطلقاً مکروہ ہے مگر بعذر بارش مکروہ نہیں (شامی۔عالمگیری)

سوال ہمراہیان جنازہ کو کب تک واپس گھر کو نہ آنا چاہئے؛

جواب جب تک نماز نہ ہولے اور بعد نماز کے دفن سے پہلے بغیر اجازت ولی کے نہ لوٹے اور بعد دفن کے بغیر اذن بھی لوٹ آنا جائز ہے +

سوال یہ بھی بتلا دیجئے کہ مردے کی قبر کس طرح کھودیں؛

جواب قبر طول میں آدمی کے قد کے برابر کھودی جائے اور چوڑائی میں بقدر نصف قد آدمی کے اور گہرائی میں آدمی کے سینہ کے برابر اور قبر میں لحد کھودنا سنت ہے نہ شق (عالمگیری)

سوال لحد کس کو کہتے ہیں اور شق کس کو؛

جواب لحد اس کو کہتے ہیں کہ جو قبر پوری کھودنے کے بعد اسکے اندر قبلہ کی طرف گڑھا کھودا جائے پٹے ہوئے مکان کی صورت اور شق اس کو کہتے ہیں کہ جو مثل نہر کے ایک گڑھا قبر کے بیچ میں کھودا جائے اور اس کے دونوں طرف کچی اینٹیں یا اور کچھ لگادیں (عالمگیری)

سوال لحد تو وہاں ہوسکتی ہے۔جہاں زمین سخت ہو اور جہاں زمین نرم ہو وہاں کیا کرے؛

جواب وہاں شق ہی کھودنا چاہئے؛

سوال قبر میں مردہ کے نیچے چٹائی یا گدا وغیرہ بچھانا جائز ہے یا ناجائز؛

جواب ناجائز ہے +

سوال لکڑی یا لوہے کے صندوق میں میت کا رکھنا کیسا؛

جواب بلاضرورت مکروہ ہے اور اگر ضرورت ہو تو اس میں بھی مردہ کے نیچے مٹی بچھادیں اور گرداگرد کچی اینٹیں لگادیں اور صندوق کی چھت میں بھی مٹی لیس دیں تاکہ لحد کی صورت ہوجائے۔ کچی اینٹیں

Marfat.com

لحد میں لگانا اس صورت سے کہ مردہ کے متصل ہو مکروہ ہے (درمختار۔ عالمگیری)

سوال گھروں میں مردہ کو دفن کرنا کیسا ہے؛

جواب نہیں چاہیے۔ کہ یہ طریقہ انبیا علیہم السلام کے لئے خاص ہے (عالمگیری)

سوال مُردہ کو قبر میں کس طرح اُتاریں؛

جواب قبلہ کی طرف سے اتاریں اور اتارنے والے قوی اور صالح ہوں عورت کے اتارنیوالے اسکے رشتہ دار محرم ہوں اور اگر وہ نہ ہوں تو رشتہ دار غیر محرم اتاریں اور اگر وہ بھی نہ ہوں تو اجنبی لوگ اس کو قبر میں اُتاریں مگر پردہ اوروں سے کرلینا چاہیئے عورت کو نعش قبر میں داخل ہو واسطے اُتارنے کے (عالمگیری)

سوال اُتارنے والے اس وقت کیا پڑھیں؛

جواب یہ پڑھیں بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ (درمختار۔ عالمگیری)

سوال مُردہ کو لحد میں کس طرح رکھیں ؟

جواب داہنی کروٹ پر قبلہ کی طرف لٹا دیں۔ اور اس وقت تینوں گرہ کھول دی جائیں اس لئے کہ اب خطرہ کفن کے کھل جانے کا نہیں رہا اور کچی اینٹیں لحد کے مُنہ پر رکھی جائیں اور ڈھیلوں یا گارہ سے اُن کی درزوں کو بند کردیا جائے پھر مٹی ڈالی جائے۔ اسیقدر جس قدر کہ قبر میں سے نکلے اس سے زیادہ ڈالنا مکروہ ہے اسلئے کہ وہ بجائے عمارت کے ہے (غایۃ الاوطار)

سوال مٹی کس طرف سے ڈالنا مستحب ہے؛

جواب سر کی طرف مٹی ڈالنا مستحب ہے +

سوال مٹی کس طرح ڈالیں ؛

جواب اول دونوں ہاتھوں میں مٹی لیکر کہے مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ اوراس کو قبر پر ڈال دے دُوسری مرتبہ مٹی ہاتھوں میں لیکر کہے وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ اور مٹی ڈال دے اور پھر کہے وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اور مٹی ڈال دے اوراس میں مضایقہ نہیں کہ پھر قبر پر پھاوڑوں سے مٹی ڈالی جائے یا ہاتھوں سے مگر قبر کوہان شتر کی صورت ایک بالشت اونچی بنائی جائے اور چورس نہ بنائی جائے اُسپر پانی چھڑک دینے کا کوئی مضایقہ نہیں +

سوال اگر کوئی شخص اپنے لئے قبر زندگی میں کھودے تو جائز ہے یا نہیں ؛

Marfat.com

جواب جائز ہے بلکہ اجر پاوے گا (عالمگیری)
سوال ایک قبر میں کئی مُردوں کا دفن کرنا کیسا؟
جواب ایک وقت میں بلا ضرورت ناجائز ہے اور ضرورت کے وقت جائز ہے ان میں اگر مرد بھی اور عورتیں بھی تو قبلہ کے رخ مرد کو رکھیں اور اُسکے پیچھے عورت کو اور اگر مرد ہی مرد ہوں تو فضلیت کا لحاظ تقدیم و تاخیر میں کیا جائیگا اور جب گل سڑ جائے تو پھر اسمیں دوسرے کو دفن کرنا بھی جائز ہے اور اس جگہ کھیتی اور عمارت بھی درست ہے (عالمگیری)
سوال اولیاء اللہ کے مزارات کے قریب میت کو دفن کرنا کیسا ہے؟
جواب مستحب ہے (عالمگیری۔ درمختار)
سوال ایک شہر سے دوسرے شہر مردہ کو لے جانا کیسا؟
جواب جائز ہے مگر مستحب یہی ہے کہ اسی شہر کے گورستان میں دفن کریں۔ بعد دفن کے نکال کر لیجانا جائز نہیں لیکن اس صورت میں بعد دفن کے نکالنا اور دوسری جگہ لیجانا بھی درست ہے جب کہ زمین غصب کی ہو یا کوئی بطور شفعہ کے اس کو لے لے۔ (عالمگیری)
سوال دفن کرتے وقت قبر میں اُتارنیوالے کا کچھ مال رہ جائے اور مٹی وغیرہ ڈالنے کے بعد یاد آئے تو کیا کرے؟
جواب قبر کو کھود کر مال نکال لیوے خواہ ایک ہی درہم ہو (عالمگیری)
سوال قبرستان کی لکڑی اور گھاس کاٹنا کیسا؟
جواب خشک کا مضائقہ نہیں مگر تر کا کاٹنا مکروہ ہے (عالمگیری)
سوال قبرستان میں جوتیاں پہنے جانا مکروہ ہے یا نہیں؟
جواب ہمارے ہاں مکروہ نہیں۔
سوال قبر کے پاس قرآن خوانوں کو بٹھلا کر قرآن پڑھوانا واسطے ایصال ثواب مُردہ کے کیسا؟
جواب درست ہے (درمختار۔ ردالمحتار)
سوال قبروں کی زیارت کرنا کیسا؟
جواب مستحب ہے (شامی)
سوال کونسا دن زیارت کے واسطے افضل ہے؟ جواب جمعہ کا یا اس سے ایک دن پہلے یا پیچھے کا یعنی پنجشنبہ یا شنبہ کا اور دوشنبہ کا دن بھی زیارت کیلئے موجب برکت ہے (شامی)

Marfat.com

سوال عورتوں کو بھی واسطے زیارت کے قبروں پر جانا درست ہے یا نہیں ؛

جواب بوڑھی عورتوں کو درست ہی اور جوان عورتوں کو مکروہ (درمختار۔ شامی)

سوال جب زیارت کے لئے جاوے تو ایصال ثواب کس طرح کرے ؛

جواب زیارت قبور اور ایصال ثواب کا طریقہ مسنون یہ ہے کہ اول قبرستان میں پہونچکر یہ دعا پڑھے :
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَنَحْنُ لَکُمْ تَبَعٌ وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ یَرْحَمُ اللّٰہُ الْمُتَقَدِّمِیْنَ وَالْمُتَاَخِّرِیْنَ اَسْئَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ وَیَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ اور اگر اس قدر یاد نہ ہو تو یہ پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ پھر قبلہ کی طرف پشت کرکے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے جو کچھ قرآن شریف یاد ہو پڑھکر سلام بخشے حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی گیارہ مرتبہ قل ہو اللہ پڑھکر مردوں کو بخشے تو موافق شمار مردوں کے اس کو ثواب عطا کیا جاتا ہے دوسری حدیث میں وارد ہے کہ جو کوئی الحمد اور قل ہو اللہ اور سورہ تکاثر پڑھکر مردوں کو ثواب بخشے مردے اس کیلئے شفیع ہونگے اگر سورہ یٰسین پڑھکر بخشے تو مردوں کیلئے موجب تخفیف عذاب ہے اور اسکے حق میں ثواب بعدد شمار مردوں کے اور سورہ تبارک الذی واسطے رفع عذاب قبر کے مخصوص ہے (درمختار)

سوال قبرستان میں اور کیا کیا باتیں ممنوع ہیں ؛

جواب جو باتیں غفلت کی ہیں وہ سب ممنوع ہیں جیسے پکار کر بات کرنا کلام دنیاوی بیفائدہ کرنا کھانا پینا ہنسنا وغیرہ

سوال میت کے ساتھ توشہ کی روٹیاں یا غلہ لے جانا کیسا ؛

جواب بہ نیت فاسد لیجانا ناجائز ہے مستحقوں کو گھر پر اللہ تعالیٰ کیواسطے دینا اور ثواب مردے کو بخشنا ہر طرح سے درست ہے خواہ اسی دن ہو یا دوسرے دن یا تیسرے دن یا دسویں یا بیسویں یا چالیسویں دن خواہ روٹی پر ہو یا حلوے پر غرض جب توفیق ہو اسی نیت ایصال ثواب مالی و بدنی سب طرح سے کرے اور اپنی میت کو بخشے کہ یہ فعل باعث مزید

سوال میت والے کے یہاں اسکے قریب کے رشتہ دار احباب کھانا پکا کر بھیجتے ہیں یہ کیسا ہے ؛

جواب مستحب ہے +

سوال مصیبت والوں کو سوگ کرنا کیسا ؛

جواب تین دن تک جائز ہے اس سے زیادہ کسی کو درست نہیں سوائے عورت کے کہ وہ اپنے خاوند کیلئے چار ماہ دس دن سوگ کرے

Marfat.com

سوال ماتم پرسی کیسی ہے؟

جواب ایک بار مستحب ہے۔ اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس نے صبر دلایا اپنے بھائی کو کسی مصیبت میں اللہ تعالے اس کو قیامت کے دن کرامت کا لباس پہناوے گا (شامی)

سوال تعزیت یعنی ماتم پرسی کس جگہ مکروہ ہے؟

جواب مسجد میں، قبر کے پاس، دروازہ مکان اہل میت کے پاس ان مقاموں کی تعزیت کرنا مکروہ ہے (درمختار)

سوال تعزیت کس طرح کرے؟

جواب تعزیت اِن کلموں سے کرے اَعْظَمَ اللّٰهُ اَجْرَكَ وَاَحْسَنَ عَزَاءَكَ وَغَفَرَ لِمَيِّتِكَ یعنے اللہ تعالے تیرا ثواب زیادہ کرے اور تیرا صبر اچھا کرے اور تیری میت کو بخشے (درمختار)

# باب شہید کے بیانمیں

سوال شہید کس کو کہتے ہیں؟

جواب جو اللہ کی راہ میں مارا جائے۔

سوال شہید کے قسم کا ہوتا ہے؟

جواب دو قسم کا ایک کامل۔ دوسرا ناقص

سوال شہید کامل کی کیا تعریف ہے؟

جواب جو بحالت بلوغ وعقل وطہارۃ اسلام بفعل دشمن یا کافر یا راہزن وغیرہ سے براہ ظلم وبصورت مقابلہ یا غیر مقابلہ آلہ جارحہ سے قتل کیا جائے یا اور کسی طرح سے مارا جائے مثلاً جلا یا جائے یا اس پر دیوار گر جائے یا ڈبو دیا جائے وغیرہ وغیرہ۔

سوال اگر مسلمان کسی مسلمان کو براہِ ظلم مار ڈالے تب بھی یہی حکم ہے یا کیا؟

جواب یہی حکم ہے بشرطیکہ آلہ جارحہ یعنے تلوار چھری وغیرہ سے مارا ہو برخلاف کافر حربی کے کہ وہ جس طرح ماریگا شہید ہوگا اسلیئے کہ اس میں اصل شہدائے اُحد کی نظیر ہے وہ جنگ اُحد میں ہر طرح مارے گئے تھے اور پھر سب شہید کامل شمار کیے گئے اور جو قتل کہ موجب قصاص ہوگا وہ مقتول کیلئے ہر طرح کمال شہادت ہے۔

سوال باپ اپنے بیٹے کو قتل کر ڈالے اس پر قصاص نہیں آتا آیا یہ بیٹا مقتول شہید کامل ہوا یا نہیں؟

جواب۔ ہاں ہے۔

سوال اسکی وجہ کیا ہے؟

جواب اسکی وجہ یہ ہے کہ اصل میں اس جگہ بھی قصاص ہی واجب تھا مگر بوجہ تعظیم باپ ہونے کے قصاص ساقط ہوا نہ شہادت اسی طرح قتل و ملزم وغیرہ بھی مگر مقتول ان سب کا شہید کامل ہے

Marfat.com

**سوال** ایسے شہید کا حکم بیان فرمائیے؛

**جواب** دنیا میں ایسے شہید کے لئے یہ حکم ہے کہ اس کو غسل و کفن کچھ نہ دیا جائے بلکہ اسی صورت سے معہ خون اور انہی کپڑوں کے نماز پڑھا کر دفن کرادیا جائے اور آخرت میں حیات ابدی مخصوص اور رزق ابدی مخصوص عطا کیا جاتا ہے اور بہر دیگر ثواب کی خصوصیت دوسرے مردوں سے ہوگی +

**سوال** اگر اُس کے کپڑوں میں نجاست غلیظ لگی ہوئی ہو تو اس کو بھی دھووے یا نہیں؛

**جواب** ہاں اس کو دھووے +

**سوال** اس شہید کے بدن پر ہتھیار ہوں مثل تلوار وغیرہ کے وہ بھی اُتار لیں یا کیا؛

**جواب** ہاں اتار لیں اور جو چیزیں جنس کفن سے نہ ہوں جیسے پوستین، زرہ، ٹوپی، موزے وغیرہ وہ بھی نکال لئے جاویں +

**سوال** اگر کفن مسنون سے اُس کے پاس کپڑا کم ہو تو زیادہ کرے یا نہیں؛

**جواب** ہاں زیادہ کردے۔ اسی طرح اگر زیادہ ہو تو کم۔ (عالمگیری)

**سوال** مرتث کس کو کہتے ہیں؛

**جواب** مرتث وہ شخص ہے جو کچھ زندہ رہنے کی وجہ سے شہید کامل کے حکم سے جُدا ہو کر غسل و کفن دیا جائے مثلاً بعد زخمی کے کچھ کھایا پیا سویا یا دوا کی ہو یا معرکہ سے اس کو زندہ اُٹھالائے (یہ اُٹھالانا اگر گھوڑوں کے روندنے کے خیال سے ہوگا تو مرتث نہ ہوگا) یا ہوش و حواس کے ساتھ اتنی دیر تک زندہ رہے کہ ایک وقت نماز کا گزر جائے یا خرید و فروخت کی یا دنیا کی باتیں بہت کیں اسی میں وصیت دنیاوی بھی داخل ہے بشرطیکہ یہ سب باتیں بعد لڑائی کے ہوں، اگر درمیان لڑائی کے پائی جاوینگی تو مرتث نہ ہوگا +

**سوال**۔ شہید ناقص کی کیا تعریف ہے اور اس کے لئے کیا حکم ہے؛

**جواب**۔ جس کی موت کا سبب علاوہ ان اسباب کے کہ جو اوپر بیان ہوئے دوسرے سبب ہوں حکم اس شہید کا ہے کہ دنیا میں غسل و کفن دیا جائیگا اور نماز پڑھائی جائیگی اور آخرت میں مثل کامل کے ثواب پائیگا

**سوال** شہید ناقص کی تعداد بھی بیان فرمائیے کہ وہ کون کون اشخاص ہیں؛

**جواب** (۱) تو وہ ہے جو لڑائی میں دشمن کا قصد کرتا تھا اور خطائً اپنے ہی کو مار کر مر گیا (۲) پانی میں ڈوب کر مرنیوالا (۳) مکان وغیرہ سے دبکر مرنے والا (۴) جل کر مرنیوالا (۵) سفر میں مرنیوالا (۶) دستوں یا استسقاء سے مرنے والا (۷) وبائے طاعون یا ہیضہ سے مرنیوالا (۸) پسلی کے درد سے مرنیوالا (۹) سل کی بیماری سے

ؔ اسی طرح ایام وبا میں جو شخص اپنے شہر میں صبر کرکے بہ نیت حصول ثواب ٹھیرا رہے وہ اگر مرض میں کسی اور مرض سے مرے تو بھی شہید ہوگا (درمختار)

Marfat.com

مرنیوالا (۱۰) مرگی کی بیماری سے مرنیوالا (۱۱) تپ سے
مرنیوالا (۱۲) اپنے گھر کی حفاظت میں مرنیوالا (۱۳) اپنے
مال کی حفاظت کے اندر مرنیوالا (۱۴) جان بچانے
کے اندر مرنیوالا (۱۵) ظلم ظالم سے مرنیوالا (۱۶) عشق
میں بشرط پارسائی یا پوشیدگی مرنیوالا (۱۷) پانی
پینے کے وقت پانی کے پھندے سے مرنے والا (۱۸)
علم شرعی کی طلب میں مرنیوالا (۱۹) اذان دینے
والا (۲۰) سانپ بچھو وغیرہ کے کاٹنے سے مرنیوالا
(۲۱) سوداگر سچ بولنے والا (۲۲) جہاز میں متلی اور قے
سے مرنیوالا (۲۳) اپنے زن و فرزند کو حلال کمائی
کھلانیوالا اور اللہ تعالیٰ کا حکم انپر جاری کرنیوالا
(۲۴) ہر روز پچیس مرتبہ یہ دعا پڑھنے والا اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَ فِیْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ (۲۵) چالیس
مرتبہ مرض موت میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ
کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھنے والا (۲۶) سو مرتبہ ہر روز
درود شریف پڑھنے والا (۲۷) ہر رات میں سورۂ
یاسین پڑھنے والا (۲۸) ہر صبح کو تین بار اَعُوْذُ
بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنے
والا تین بار سورۂ حشر کی اخیر کی آیتیں پڑھنے والا
(۲۹) جمعہ کی رات یا دن میں مرنیوالا (۳۰) راتکو با
طہارت سونیوالا (۳۱) زندگی میں تواضع اور مدارات
لوگوں کی کرنے والا (۳۲) سواری کے جانور پر
سے گر کر مرنے والا (۳۳) سچے دل سے

شہادت کی دعا مانگنے والا (۳۴) حاجت کیوقت
مسلمانوں کے ایک شہر سے کسی دوسرے شہر میں غلہ
لیجانے والا (۳۵) اُمت کے فساد کی حالت میں
سنت نبوی پر قائم رہنے والا (۳۶) زہر سے مرنے
والا (۳۷) وہ شخص جو بادشاہ کے خوف سے چھپتا
پھرتا ہووے اور مر جائے یا ظالم بادشاہ نے
قید کیا ہو اور بحالت قید مر جائے یا بادشاہ نے
ظلماً پٹوایا اور مر جائے (۳۸) عورت عزت پر
صبر کر کے مرنیوالی (۳۹) عورت جننے کے وقت
یا نفاس کی مدت کے اندر مرنیوالی یہ سب شہید آخرت ہیں
اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَھَادَۃً کَامِلَۃً مُّوْصِلَۃً اِلَی الرِّضْوَان

## باب ہر قسم کی دعاؤں کے بیان میں

سوال۔ یہ بھی بتلا دیجئے کہ بعد پنجگانہ نماز کے
مختصر وظائف کیا کیا ادا کر لیا کریں کہ موجب
فلاحیت دارین ہوں؛

جواب بعد نماز فجر کے سات مرتبہ اَللّٰھُمَّ
اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ پھر سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اور کم از کم
تین سو مرتبہ درود شریف پڑھ لیا جاوے
بعد نماز ظہر ۵۰۰ مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل
اول و آخر سو مرتبہ درود شریف کیساتھ پڑھ لیجائے
بعد نماز عصر ختم خواجگان کہ جس کی ترکیب ہے

Marfat.com

اول سات مرتبہ الحمد شریف پھر ایک سو ایک بار دُرود
شریف پھر ۹۰ مرتبہ اَلَمْ نَشْرَحْ پھر گیارہ
بار قُلْ ھُوَ اللّٰہ پھر سات مرتبہ الحمد شریف پھر
۱۰۱ مرتبہ دُرود شریف پھر ایکسو ایک مرتبہ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
پھر ایک سو ایک بار یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ پھر ۱۰۱ مرتبہ
یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ پھر ۱۰۱ بار یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ
پھر اسی قدر یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ پھر اسی قدر
یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ پھر اسی قدر یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ
پھر اسی قدر یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھ کر
سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت خواجہ ابویوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ اور
حضرت خواجہ علی عزیزان رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ اور
حضرت خواجہ باباسماسی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ سید
امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ خواجگان
پیر پیران خواجہ بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ اور
حضرت خواجہ ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ
کی ارواح پاک کو بخشدے ثواب اسکا پھر دعا مانگے
یہ ختم جمیع حاجات دینی و دنیوی کیلئے اکسیر اعظم ہے
اگر روزمرہ نہ ہو سکے تو جب کوئی مشکل پیش آوے
اسوقت ضرور پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے
بعد حاجت رفع پائیگا بعد مغرب کے ۷ مرتبہ اَللّٰھُمَّ
اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ پڑھے پھر بعد عشا کے استغفار اور
درود شریف اور سورہ تَبَارَکَ الَّذِیْ پڑھکر سوئے
یہ مختصر سے وظائف ہیں انکو ضرور ادا کرے +

**سوال** ۔ درود شریف اور استغفار بھی بتلا دیجیے کہ کونسی پڑھی جائے ؟

**جواب** ۔ درود شریف یہ ہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور استغفار یہ ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ +

**سوال** ۔ کوئی اور چیز مختصر سی پنجوقتہ وظائف کے لئے بتلا دیجیے ؟

**جواب** ۔ اس دُعا کو ۷ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کیجیے :۔ اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ اور ایک اس دعا کو بھی سات مرتبہ پڑھ لیا کرو اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اخْتِیَارِیْ ان دونوں دعاؤں کے پڑھنے والے کا کوئی کام خراب نہوگا اور تین مرتبہ صبح و شام رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اور دن میں سو مرتبہ کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بھی پڑھتے رہو

Marfat.com

سوال ظفریابی دشمن کے لئے اور ہر بلا سے بچنے کے لئے کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب بعد نماز فجر و عشاء ۱۴ مرتبہ یَا عَزِیْزُ اور ۱۲ مرتبہ یَا سُبُّوْحُ اور لِاِیْلٰفِ شریف کا بھی پڑھنا اس کام کے لئے مجربات سے ہے +

سوال تنگی معاش سے نجات حاصل کرنے کے لئے کیا پڑھنا چاہئے؟

جواب ایک ہزار مرتبہ استغفار دوسرے بعد نماز ظہر سورہ اَرَاَیْتَ الَّذِیْ ۴۱ بار تیسرے حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل ۵۰۰ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ ضرور اللہ تعالیٰ اسکی روزی فراخ کرے گا +

سوال اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو تو وہ کیا پڑھے؟

جواب استغفار کی کثرت کرے انشاءاللہ ضرور اس کے اولاد ہوگی +

سوال اخلاص حاصل کرنے کے لئے کیا پڑھے!

جواب سورہ اخلاص ۴۲ مرتبہ پڑھے، اول آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ۔ جو کوئی اسکو پڑھتا رہیگا جمیع مخلوق اُس سے محبت رکھیگی اور خالق مخلوق کا بھی منظور ہوگا +

سوال جب بازار میں جاوے تو کیا پڑھے؟

جواب اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْہِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْھَا یَمِیْنًا فَاجِرَۃً وَصَفْقَۃً خَاسِرَۃً لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (ترجمہ) اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اس بازار کی بھلائی اور جو بھلائی اُسکے اندر ہے اور پناہ مانگتا ہوں اُسکی بدی سے اور جو بدی اُسکے اندر ہے اے اللہ تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں اس میں جھوٹی قسم کو نہ پہنچوں اور بیع نقصان والی کو نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے کہ وہ ایک ہے اُسکا کوئی شریک نہیں ہے اُسی کا ملک ہے اور اُسی کیلئے سب تعریف ہے جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اُسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر شئے پر قادر ہے اور اگر یہ دُعا یاد نہ ہو تو صرف چوتھا کلمہ ہی پڑھ لے یعنی یہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ حدیث شریف میں آیا ہے جو کوئی اس کلمہ کو پڑھیگا اللہ تعالیٰ بعد شمار بازاریوں کے اُسکے گناہ بخشدیگا اور اُس کو ذاکرین میں لکھ لیگا +

سوال کھانا کھانے کے وقت اور بعد کھانے کے کیا دُعا پڑھے

جواب بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر کھاوے اگر اس کھانے میں زہر بھی ہوگا تو انشاءاللہ اثر نہیں کریگا اور بعد فارغ ہونے کے اگر اپنے ہی

گھر کا کھانا کھایا ہے تو یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَبَارِکْ لِیْ اور اگر دوسرے کے یہاں کھانا کھایا ہے تو یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاغْفِرْلَہٗ وَارْحَمْہُ وَبَارِکْ لَہٗ +

سوال بیوی سے صحبت کرتے ہوئے کیا پڑھے ؟

جواب اول بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ پڑھ کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مِمَّا رَزَقْتَنَا۔ حدیث میں وارد ہے کہ جو کوئی اس طرح صحبت کریگا اسکی اولاد شیطان سے محفوظ پیدا ہو گی اور بروقت انزال دل میں پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَہٗ نَسَبًا وَّصِھْرًا (غنیۃ)

سوال آئینہ دیکھتے وقت کونسی دعا پڑھی جاتی ہے ؟

جواب یہ دعا پڑھی جاتی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ مِنْ غَیْرِیْ (غنیۃ الطالبین)

سوال اگر کوئی بیمار پرسی کو جائے تو کیا پڑھے ؟

جواب بیمار کا ہاتھ پکڑ کر یہ دعا پڑھے۔ لَا بَأْسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی +

سوال جب خود بیمار ہو یا کوئی عزیز اور دوست کی بیماری کی خبر سنے تو کیا پڑھے ؟

جواب یہ پڑھے رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُکَ اَمْرُکَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ کَمَا رَحْمَتُکَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَکَ فِی الْاَرْضِ اِغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَخَطَایَانَا یَارَبَّ الطَّیِّبِیْنَ اَنْزِلْ رَحْمَۃً مِّنْ رَحْمَتِکَ وَشِفَآءً مِّنْ شِفَآئِکَ عَلٰی ھٰذَا الْوَجْعِ الَّذِیْ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہو گا (غنیۃ)

سوال مشرکوں اور کفاروں کے گروہوں اور انکے معبدوں کو دیکھکر یا اُن کے سنکھوں کی آواز سنکر مسلمانوں کو کیا پڑھنا چاہیے ؟

جواب اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ حدیث شریف میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ بعدد اُن کافروں کے اُسکی بخشش کرتا ہے (غنیۃ الطالبین)

سوال رعد یعنی کڑک کے وقت کیا پڑھنا چاہیے ؟

جواب یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ (غنیۃ الطالبین)

سوال آندھی کیوقت کی بھی دعا بتلا دیجیے ؟

جواب اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَمِنْ شَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِہٖ (غنیۃ)

سوال چاند دیکھنے کے وقت کیا پڑھا جاتا ہے ؟

جواب یہ پڑھا جاتا ہے اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ (غنیۃ الطالبین)

سوال جب کسی ایسے شخص کو دیکھے کہ جو کسی بلا میں مبتلا ہو تو کیا پڑھے ؟

Marfat.com

جواب یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلَیْکَ وَعَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اللہ تعالیٰ اس شخص کو کبھی اس بلا میں مبتلا نہ کریگا ۔

**سوال** حاجی جب حج کرکے آویں تو اُن سے ملاقات کے وقت کیا پڑھے ؟

**جواب** یہ پڑھے۔ تَقَبَّلَ اللّٰہُ نُسُکَکَ وَاَعْظَمَ اَجْرَکَ وَاَخْلَفَ نَفَقَتَکَ (غنیۃ الطالبین)

**سوال** جب نیا کپڑا پہنے تو کیا پڑھے ؟

**جواب** یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا الثَّوْبَ فَلَکَ الْحَمْدُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِہٖ وَخَیْرِ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ

**سوال** جب مکروہ اور بدشگونی والی کوئی چیز دیکھے تو کیا پڑھے ؟

**جواب** یہ ہے اَللّٰھُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَذْھَبُ بِالسَّیِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (غنیۃ الطالبین)

**سوال** جب کسی سواری پر مثل گھوڑے و اونٹ اور بیل وغیرہ کے سوار ہو تو کونسی دعا پڑھے؟

**جواب** یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ۔ [illegible]

**جواب** یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْغَمِّ یَا مُجِیْبَ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ رَحْمَۃً مِّنْ عِنْدِکَ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ تو نے وہ دعا سنی کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سکھلائی ہے اور فرمایا کہ عیسےٰ بن مریم علیہ السلام بھی یہی دعا اپنے ساتھیوں کو سکھلاتے تھے فرمایا جو کوئی اسکو پڑھیگا اگر کوہ احد کے برابر بھی قرض ہو تو اللہ تعا اسکا قرض ادا کریگا دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضرت حسن بصریؒ کے پاس ان کا ایک دوست آیا اُس نے کہا کہ حضرت مجھ کو اسم اعظم سکھلا دیجئے فرمایا اگر تو چاہتا ہے تو اُٹھ اور وضو کر۔ وہ اُٹھ اور وضو کیا۔ فرمایا کہہ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہُ بَلٰی وَاللّٰہِ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اللّٰہُ اللّٰہُ اَللّٰہُ وَاللّٰہِ اِنَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَارْزُقْنِیْ بَعْدَ الدَّیْنِ پھر صبح کے وقت اُس نے مسجد میں ایک لاکھ درہم قسم قسم کے دیکھے اور ہمیان کے منہ پر لکھا تھا اگر تو اس سے زیادہ مانگتا تو ہم تجھے دیتے تو نے جنت کیوں نہ مانگی پھر وہ حسنؒ کے پاس آیا حسنؒ اسکے ساتھ گئے اور درہموں کو دیکھا اس شخص نے کہا کہ میں شرمندہ ہوں اسلئے کہ میں نے جنت کیوں

Marfat.com

نہ مانگی، حسنؒ نے کہا میں نے تجھکو یہ اسم کئی بھلائیوں
کیلیے سکھلایا ہے تو اس اسم کو چھپا اسکو حجاج نہ
سنے ورنہ اس سے کوئی خلاصی نہ پائیگا۔ اس سے
ثابت ہوتا ہے کہ کچھ قرض کیلئے ہی نہیں بلکہ جس مقصود
اور مراد کیلیے اسکو پڑھیگا وہ پوری ہوگی (افنیۃ)

سوال وہ دعا کونسی ہے جسکو حضرت امام اعظم رح
نے بعد زیارت ننانویں بار اللہ پاک سے مغفرت
مسلمانوں کیلئے دریافت کیا اور آپ کو بارگاہ رب العزت
سے تلقین فرمائی گئی اور حکم ہوا کہ جو کوئی صبح و
شام اس دعا کو تین مرتبہ پڑھتا رہیگا ہمارے عذاب
سے قیامت کے دن محفوظ رہے گا +

جواب وہ دعا یہ ہے سُبْحَانَ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ
سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ
رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَيْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ
عَلٰی مَاءٍ جَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصٰهُمْ
عَدَدً سُبْحَانَ مَنْ قَسَمَ الرِّزْقَ وَلَمْ يَنْسَ
اَحَدًا سُبْحَانَ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا
سُبْحَانَ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۵

سوال جب کھیت بوئے تو کیا پڑھے؟
جواب پہلے بونے سے دو رکعت نفل کھیت پر پڑھکر
اس دعا کو قبلہ رخ بیٹھکر پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ
ضَعِيْفَةٌ سَلَّمْتُ هٰذَا اِلَيْكَ فَسَلِّمْهُ لِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ

سوال راس تیار ہونیکے وقت کونسی دعا پڑھی جاتی ہے؟
جواب وہ یہ ہے اور اس کو بعد دو رکعت نفل کے
پڑھے:۔ يَا رَبِّ اِنِّيْ اَلْقَيْتُ بَذْرًا قَلِيْلًا فَاَعْطِنِيْ
شَيْئًا كَثِيْرًا فَاجْعَلْهَا قُوَّةَ طَاعَتِيْ وَلَا تَجْعَلْهَا
قُوَّةَ مَعْصِيَتِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ جو کوئی
اس دعا کو پڑھکر اس اناج کو اپنے گھر لائے گا جب
تک وہ اناج رہیگا اللہ کے ذکر اور فکر میں معروف
رہیگا اور اناج میں برکت حاصل ہوگی +

سوال جب کوئی جانور خریدے یا دلہن گھر
میں لائے تو کیا پڑھے؟
جواب اسکی پیشانی پر ہاتھ رکھکر یہ دعا پڑھے
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا
عَلَيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهَا اسکے
پڑھنے سے انشاءاللہ جانور اور آدمی شر سے محفوظ رہے گا +

سوال نماز کے بعد کس طرح دعا مانگے؟
جواب اس طرح مانگے رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا
بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۵ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا
حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ۵ اس کو ضرور پڑھتا رہے تاکہ دین
اور دنیا اس کی درست رہے اور عقاید حقہ
سے بھی اس کو کبھی گمراہی حاصل نہ ہوگی +

سوال شجرہ [illegible] بعد دعا مانگنا

بھی بیان فرما دیجئے: جواب: وہ یہ ہے:

# شجرۂ خاندانِ عالیشان نقشبندیہ مجددیہ امامیہ:

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخشدے یارب محمد مصطفےٰ کے واسطے ۔ حضرت صدیق اکبر باخدا کے واسطے
خواجہ سلمان خواجہ قاسم خواجہ جعفر کے طفیل ۔ رحم فرما بایزید رہنما کے واسطے
اپنے محبوب سبحان شاہِ خرقان بوالحسن ۔ بوعلی و خواجہ یوسف مقتدا کے واسطے
پیر برحق عبد خالق خواجہ عارف کے طفیل ۔ خواجہ محمود حبیب کبریا کے واسطے
قدوۂ اہلِ صفا خواجہ علی رامیتنی ۔ بابا سماسی کلالِ مقتدا کے واسطے
فخر جملہ خواجگان خواجہ بہاؤالدین شاہ ۔ خواجہ یعقوب امام الاولیا کے واسطے
حامیٔ دینِ متین خواجہ عبید اللہ شاہ ۔ خواجہ زاہد پیر برحق پارسا کے واسطے
خواجہ درویش خواجہ اسکنگی کے صدقہ میں خدا ۔ رحم فرما باقی باللہ باخدا کے واسطے
ابرِ رحمت خواجہ سرہندا احمد کے طفیل ۔ خازن الرحمۃ سعید باصفا کے واسطے
خواجہ معصوم اور عبدالاحد محبوب حق ۔ شہ حنیف رازداں رازِ خدا کے واسطے
اپنے خواجہ محمد رازداں پیر کے ۔ شہ محمد مظہری باصفا کے واسطے
ازبرائے شہ زماں و حاجی احمد متقی، ۔ خواجہ حاجی حسین دلربا کے واسطے
ازبرائے حضرتِ سید امام باعلی ۔ فضل کر مسعود شاہ اولیا کے واسطے

سوال: شجرۂ خاندانِ عالیشان قادریہ اویسیہ کا بھی بیان فرما دیجئے؛ جواب وہ یہ ہے:

# شجرۂ خاندان عالی شان قادریہ اویسیہ

[illegible] مصطفےٰ کے واسطے ۔ حضرت مولا علی مشکلکشا کے واسطے
[illegible] ۔ جعفر و کاظم علی موسیٰ رضا کے واسطے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت کرخی وسقطی اور بغدادی جنید | بوبکر عبدالعزیز مقتدا کے واسطے |
| بوالحسن قرشی ومخزومی مبارک بوسعید | عبدقادر شیخ محبوب خدا کے واسطے |
| حضرت عالی اویسی علی دستار بند | حاجی احمد متقی وپارسا کے واسطے |
| شہ حسینی وحضرت سید امام باعلی | پیر ما مسعود قطب الاولیا کے واسطے |

سوال حضرت خواجہ دستار بند رحمۃ اللہ علیہ کون ہیں ؟

جواب یہ حضرت مشائخ عظام سلسلہ قادریہ سے ہیں اور نسبت قادریہ بلاواسطہ بھی حضرت محبوب سبحانی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل تھی مگر بوجہ غلبہ حال سلسلہ کی اشاعت کی طرف متوجہ نہ ہوئے باشارہ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت خواجہ حاجی احمد متقی کو یہ نسبت تمام وکمال عطا فرما کر راہی ملک بقا ہو گئے لہذا یہ نسبت اویسیہ قادریہ ہمارے خاندان میں علاوہ امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے اس طریقے سے بھی پہنچی ہے ۔ لازم ہے مریدان سلسلہ کو اسامی مبارک اپنے پیران عظام کا وظیفہ صبح وشام رکھیں تاکہ حصول برکات سے متمتع رہیں ۔ الٰہی ببرکت اسمائے مبارک حضرت خواجگان نقشبندیہ وقادریہ جمیع منتسبین سلسلہ کو توفیق عطا فرمائیو اور حسن خاتمہ سے مشرف اور سب کے صدقہ اور طفیل میں مؤلف رسالہ کو بھی ۔ آمین ثم آمین + تمت بالخیر

# استفتا از موضع بڈیڈہ تحصیل فیروزپور جھرکہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ تحصیل فیروزپور جھرکہ ضلع گوڑگانوہ میں موضع بڈیڈہ واقع ہے جس میں قریب دو سو گھر کے آبادی ہے ۔ ضروریات روزمرہ میسر آتی ہیں پانچ سات دکانیں بقال وبزاز وغیرہ کی بھی ہیں نیز ایک ایک دو دو کوس کے فاصلہ سے تین چار گاؤں واقع ہیں نماز جمعہ اور عیدین میں دیہات کے لوگ اکٹھے ہوکر موضع بڈیڈہ میں دوگانہ ادا کرتے ہیں اور ہر جمعہ میں قریب سو ڈیڑھ سو آدمیوں کے جمع ہو جاتے ہیں کبھی کم وبیش ادا کرتے ہیں ہمیشہ ایسا ہی طریقہ جاری تھا ۔ حال میں دو مولوی صاحبان وہاں پہنچے اور موضع مذکور کے لوگوں کو جمعہ اور عیدین کی نماز سے روک دیا اور فرمایا کہ گاؤں میں چونکہ جمعہ جائز نہیں ہے لہذا تم ہرگز مت پڑھو ورنہ سخت گنہگار ہوگے اور جو کچھ نہ پڑھنے کا گناہ ہوا ... [illegible]

Marfat.com

ہم ہو گئے چونکہ ایسے اصرار اور سختی سے مولوی صاحبان نے نماز جمعہ سے ڈرایا۔ گاؤں کے
ناواقف مسلمانوں نے جمعہ بھی چھوڑ دیا اور بعض بعض لوگوں نے یہ حال دیکھکر پنجوقتہ نماز بھی
چھوڑ دی کہ جب جمعہ جیسی شان وعزت کی نماز ہم سے چھوٹ گئی تو معمولی پنجوقتہ بھی کس کام آویگی
اور جن لوگوں نے نماز پنجوقتہ ابھی تک ترک نہیں کی ہے وہ بھی ترک کے خیال میں ہیں اور منتظر
ہیں کہ جمعہ کے متعلق کب حکم دیگر علماء دیں اگر جمعہ ترک کر دیا گیا تو یقیناً یہ نمازی بھی نماز کو خیرباد
کہدیں گے، لہٰذا ہم نہایت حیران و پریشان ہیں کہ اس معاملہ میں حکم شرعی ہمارے لئے
کیا ہے اگر ہماری نماز جمعہ جائز نہیں تو پچھلی پڑھی ہوئی نمازوں کے لئے کیا حکم ہے قضا کی
جاویں یا نہیں تو اکثر ایسی کثیر التعداد نمازیں کس طرح ادا کریں (بَیِّنُوْا وَ تُوْجَرُوْا)

## الجواب

نماز جمعہ اس موضع میں درست ہے اسلیئے کہ مانعین کا استدلال صرف یہ ہی کہ منجملہ شرائط ادائے جمعہ
کے مصر ہونا مفقود ہے لہٰذا جمعہ جائز نہیں حالانکہ معانی مصر میں فقہا کی عبارتیں نہایت مختلف
ہیں حتےٰ کہ مصر کے بعض کتب فقہ میں بیس بیس معنے تک دیکھے گئے ہیں۔ لیکن دیکھنا اس امر
کا ہے کہ قول راجح اور معتمد علیہ کونسا ہے شرح وقایہ جلد اول باب صلوٰۃ الجمعہ میں اس کا اچھا
فیصلہ کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے اِخْتَلَفُوْا فِی تَفْسِیْرِ الْمِصْرِ فَعِنْدَ الْبَعْضِ ھُوَ مَوْضِعٌ لَہٗ اَمِیْرٌ
قَاضٍ یُنْفِذُ الْاَحْکَامَ وَ یُقِیْمُ الْحُدُوْدَ یعنے اختلاف کیا فقہا نے تفسیر مصر میں
پس بعض کے نزدیک مصر وہ موضع ہے جہاں کوئی امیر و حاکم ہو کہ احکام شرع کو جاری اور حدود
کو قایم کرے یہ تفسیر صاحب ہدایہ اور علامہ کبیری نے اختیار کی اور شارح منیہ نے اسکی تصحیح کی
لیکن اس تفسیر کے موافق آجکل بلاد اسلامی کا کوئی بڑے سے بڑا شہر مصر قرار نہیں پاتا اور
یہ شعائر اسلامی یعنے جمعہ اور عیدین وغیرہ ترک کرنے کے لئے حیلہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی
بے حد تاکید قرآن مجید اور احادیث نبوی صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، نظر بریں دقاحت
صاحب وقایہ اور اکثر فقہا نے دوسری تفسیر کو اختیار کیا چنانچہ عبارت مرقومہ کے بعد
[illegible] وعند البعض ھو موضع اذا اجتمع اھلہ فی اکبر مساجد لم
[illegible] یسع اکبر مساجدہ اھلہ مصرہ یعنے بعض

Marfat.com

فقہا کے نزدیک مصر وہ موضع ہے کہ تمام لوگ اپنی منح کی سب سے بڑی مسجد میں جمع ہوں تو مسجد اُن کی گنجایش نہ رکھے پس اختیار کیا مصنف وقایہ نے اس قول کو اور کہا کہ وہ موضع کہ جس کے سبب سے بڑی مسجد اس موضع والوں کی گنجایش نہ رکھے یعنے تمام موضع کے مکلف مسلمان موضع کی بڑی مسجد میں سما سکیں وہ مصر ہی آگے شارح اختیار ماتن کی وجہ تبلاتے ہیں وانما اختار ھذا القول من التفسیر الاول لظھور التوانی فی احکام الشرع لاسیما فی اقامۃ الحدود فی الامصار یعنے مصر کی تفسیر مصنف نے اسلیئے اختیار کی ہے کہ لوگوں میں احکام شرع کی بابت سستی ظاہر ہو چکی ہے خصوصاً حدود قایم کرنے میں اور اسی تفسیر پر فتوے اکثر فقہا کا ہے جیسا کہ مجتبےٰ میں مذکور ہے اور اسی تفسیر کی تصحیح فتاوے اولوالجیہ میں کی گئی ہے اور یہی مذہب جمہور علما کا ہے چنانچہ تفسیر احمدی و شیخ الاسلام و درالمختار و بحرالرایق و جامع الرموز اور ارکان اربعہ وغیرہ وغیرہ میں بھی مذکور ہے اور علمائے حرمین شریفین نے بھی اسی پر فتوے دیا ہے چنانچہ مفتی مکہ معظمہ علامہ عبدالرحمن سراج و مفتی مکہ مکرمہ علامہ محمد صالح کے فتوے موجود ہیں پس ثابت ہوا کہ یہ تفسیر مصر کی مفتی بہ ہے اول اس معتبر و مفتی بہ تفسیر کی رُو سے اکثر دیہات پر مصر کی تعریف صادق آتی ہے اور ہر گاؤں میں جمعہ واجب ہوتا ہے چنانچہ فتوے شیخ الاسلام میں ہے ان القریۃ الکبیرۃ فی حکم المصر اور قریہ کبیرہ کی تفسیر جلالی سے یوں منقول ہے وھی التی فیہ ما فوق ثلثین بیتا یعنے بڑا گاؤں شہر کے حکم میں ہے اور بڑا گاؤں وہ ہے جس میں وہ ہے جس میں سے زیادہ گھر ہوں پس عبارت مسطورہ سے معلوم ہوا کہ موضع مذکور میں جس میں سوا دو سو گھر کی آبادی ہے نماز جمعہ جایز بلکہ واجب ہے خصوصاً اس حالت میں جب کہ جمعہ موقوف ہونے سے پنجوقتہ نماز بند ہو جانے کا خوف ہو ایسے موقعہ پر نماز جمعہ سے منع کرنیوالا گمراہ اور گمراہ کرنے والا ہے مسلمانوں کو ہرگز اسکی بات نہ سُننا چاہیئے معلوم ہوتا ہے کہ ان ہدایت و ارشاد کے پتلوں کو اب تک عدم وجوب و ناجایز کا فرق ہی نہیں معلوم ہوا۔ اگر بعض فقہاء سے عدم وجوب تسلیم بھی کر لیا جاوے تو اُسکے یہ معنی کیونکر ہو سکتے ہیں کہ نماز جمعہ بصورت ادا ناجایز ہو گی کیونکہ جو چیز ناجایز ہوتی ہے وہ حرام ہے پس ان حضرات کے نزدیک نماز جمعہ حرام ٹھیری اور اثبات حرمت کیلئے دلیل قطعی اور نص یقینی کی ضرورت ہے قیاس اور اجماع بھی چونکہ مثبت نہیں بلکہ مظہر ہیں اثبات حرمت میں کافی نہیں لہذا ہم ان گمراہ خلق کے ٹھیکہ داروں کو

Marfat.com

قیامت تک مہلت دیتے ہیں کہ ایک آیت یا حدیث قطعی الثبوت حرمت نماز جمعہ فی القریٰ کی بابت پیش کریں۔ ہماران مفتی صاحبان کا یہ قول (کہ تم جمعہ چھوڑ دو اور تمہارے گناہ اور مواخذہ کے ہم ذمہ دار و جوابدہ ہیں تم سبکدوش ہو) صریح کذب اور خلاف نص قرآنی ہے اس کلمہ سے بوئے کفر آتی ہے۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے لَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی یعنی قیامت کے دن کوئی کسی کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھاویگا اور یہ حضرات خدا کے کلام کی پرواہ نہ کرتے ہوئے بیباکی و جرأت سے قیامت میں دوسرے لوگوں کے گناہوں کے ذمہ دار ہوتے ہیں نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ھٰذَا الْھَذَیَانَاتِ اگر جواز جمعہ میں بوجہ اختلاف تفاسیر مصر وغیرہ کچھ شک ہے تو وہ یوں رفع ہو سکتا ہے کہ ایسے مقام پر بعد ادائے جمعہ چار رکعت بہ نیت احتیاط ظہر ادا کر لیا کریں جیسا کہ فتاوےٰ عالمگیری جلد اول صفحہ ۱۴۵ مطبوعہ مصر میں ہے ثُمَّ فِیْ کُلِّ مَوْضِعٍ شَکٍّ فِیْ جَوَازِ الْجُمُعَۃِ بِوُقُوْعِ الشَّکِّ فِی الْمِصْرِ اَوْ غَیْرِہٖ اِقَامَ الْجُمُعَۃِ یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلُّوْا بَعْدَ الْجُمُعَۃِ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ وَیَنْوُوْنَ بِھَا الظُّھْرَ حَتّٰی لَوْ لَمْ تَقَعِ الْجُمُعَۃُ مَوْقِعَھَا یَخْرُجُوْنَ عَنْ عُھْدَۃِ فَرْضِ الْوَقْتِ بِیَقِیْنٍ کَذَا فِی الْکَافِیْ وَھٰکَذَا فِی الْمُحِیْطِ یعنے پھر جس موضع میں جواز جمعہ میں شک واقع ہو جاوے بہ سبب ہونیکے مصر میں یا دیگر شرائط میں اور وہاں کے لوگ جمعہ ادا کریں تو چاہیئے کہ بعد نماز جمعہ چار رکعت بہ نیت ظہر پڑھ لیں تا کہ اگر جمعہ نہ ہوا ہو تو فرض وقت ذمہ سے یقینی طور سے ساقط ہو جاوے ایسا ہی کافی اور محیط میں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب ؁

حررہٗ خادم الطلبار محمد یونسؔ عفا اللہ عنہ مہتمم انجمن ہدایت الاسلام۔ دھلی

| | | | |
|---|---|---|---|
| الجواب صحیح | الجواب صحیح | جواب صحیح ہے | جواب صحیح |
| ابو محمد عبد الحق حقانی | محمد حسین واعظ انجمن ہدایت الارشاد | عبد الصمد واعظ دہلی | سید دہلی |
| جواب صحیح ہے | الجواب صحیح | | الجواب صحیح |
| کرامت اللہ خاں بغدادی آبادی | محمد رکن الدین نقشبندی مجددی الوری | | عبد الرشید مہتمم مدرسہ نعمانیہ دہلی |

الدفتر انجمن ہدایت الاسلام دہلی نمبر رسالت ۲۵۷ جواب بلا اشتباہ درست ہے۔ البتہ بعد نماز جمعہ حسب تحقیق علامہ شامی علیہ الرحمۃ چار رکعت فرض بہ نیت عن ظہر ادرکنا وقتہ ولم ادد اکثر فقہاء کے [illegible] ہو کر تنفیذ حدود قصاص سے مجبور ہو کر مستحسن ہے

[illegible] الوری عفی عنہ درعن والدیہ ؁

Marfat.com

مجیب کی عبارت سے ثابت ہو گیا کہ فی زمانہ جمعہ کے باب میں تفسیر ثانی ہی کا اختیار کرنا اولی اور انسب معلوم ہوتا ہے بلکہ اپنے شہروں کیواسطے تو حضرت تابعین نے بھی تفسیر اوّل کو اختیار نہیں کیا پھر نہ معلوم دیہات میں ایسی کونسی خصوصیت ہے جس نے مضطر کر رکھا ہے اُسکے واسطے تفسیر اوّل ہی کے راجح کرنے پر اہالیان دیہات پر واضح ہے کہ اس خیال خام سے کہ ہمارے مواخذہ میں علماء گرفتار ہوں گے ہم بچ رہینگے ہرگز ہرگز جمعہ ترک نہ کریں ورنہ ایک روز بڑی مشکل کا سامنا ہوگا اسکے واسطے بڑی سخت وعیدیں آئی ہیں چنانچہ مسلم میں حضرت ابن عمر اور ابی ہریرہ رضی اللہ تعالے عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ وَدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ اَوْ لَيَخْتِمَنَّ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ثُمَّ لَيَكُوْنُنَّ مِنَ الْغٰفِلِيْنَ یعنے چاہیئے کہ باز رہیں قومیں اپنے چھوڑنے کے فعل سے جمعوں کو یا ضرور ہے کہ مُہر کر دیگا اللہ اُنکے دلوں پر پھر ضرور وہ غافلوں سے ہو جائینگے قلب پر مُہر کرنے سے کنایہ ہے کہ اُنکے دِل اس قابل نہ رہیں گے کہ وہ نصیحت قبول کریں اسی طرح ترمذی وغیرہ کے اندر حضرت ابی جعد الضمیری سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا مَنْ تَرَكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ تَهَاوُنًا طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ یعنے جس نے چھوڑے تین جمعہ بسبب سستی کے ساتھ اُنکے مہر کر دیگا اللہ اُسکے دِل پر پس وائے ہے اُن اشخاص پر جنہوں نے اسکے ترک کے ساتھ عمر صرف کرنے پر کمر باندھ رکھی ہے مسلم شریف ہی میں ایک اور روایت حضرت ابن مسعود رضہ سے آئی ہے قال لقوم يتخلفون عن الجمعة لقد هممت ان امر رجلا يصلي بالناس ثم احرق على رجال يتخلفون عن الجمعة بيوتهم یعنے فرمایا حضور نے اُن لوگوں کے حق میں جو پیچھے رہتے ہیں جمعہ سے البتہ تحقیق قصد کیا میں نے اس کا کہ حکم کروں ایک شخص کو کہ وہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر جلاؤں لوگوں کو پھر جلاؤں میں گھر اُن لوگوں کے جو پیچھے رہ جاتے ہیں جمعہ سے۔ غور کرو کہ اس میں کیسی وعید آئی ہے پس آیندہ اس کو ترک کرنا کیا معنے تساہل بھی نہ کرو۔ اس میں البتہ بوجہ شک واقع ہو جانے کے چار رکعات بہ نیت احتیاط ظہر ادا کر لیا کرو۔ فقط

محمد مظہر اللہ دہلوی عفی عنہ

تمت بالخیر

Marfat.com

Marfat.com

ولقد فتنا سلیمن والقینا علی کرسیه جسدا ثم اناب

# اعلان

... طلب فرما کر آزمائیں

ملک دین محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

جمال پرنٹنگ پریس اندرون لوہاری دروازہ لاہور

Marfat.com

اگر کوئی شدید ظالم کو شہر سے نکالنا چاہے تو ہر روز سات میں سرخ گھونگچی پر ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگچی کو کنوئیں میں ڈالتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص اس شہر سے جلد نکل جائے گا اس عمل میں ترک حیوانات لازمی مگر اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ نقصان ہوگا

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ

ان آیات شفا کو جس مرض میں چاہے طشتری پر لکھ کر مریض کو پلا دے یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ صحت ہوگی اگرچہ ایسا سخت [illegible] کیوں نہ ہو

آیت لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ = درد سر کے واسطے [illegible] دم کر [illegible] يعقلون

دونوں مجہول فعلوں میں حکم پایا جاتا ہے۔ اور حکم کو امر قریب کہیں۔ امر اسکے فعل
فعل امر تاکید ہیں۔ تعریف جن فعل میں حکم پایا جاتا ہے اسے امر کہتے ہیں
مضارع کے ماضی اور حروف کی بنا مختلف ہوں ہے۔ میں مستقبل کو بھی معلوم
ہوتا۔ اور یہ مضارع پر بلکہ ہے ماضی مستقبل دو صیغے ہیں پایا گیا
فعل میں دو متعدی ہے۔ اور مجہول فعل تاکید کہنے زمانے جب یہ فعل جدا کیا۔
مسود فعل [illegible] جمل کر لیا گیا۔ کان مضارع کہ پہلے زیادہ ہے
ماضی [illegible] صیغہ میں جاتا ہے۔ کان یفعل وہ [illegible]
[illegible] مضارع [illegible] ماضی مضارع [illegible] جاتا ہے [illegible]
[illegible] فعل ماضی [illegible] کام [illegible]
[illegible]

[illegible]

عرش حق ہے [illegible] رسول اللہ کے دیکھی [illegible] رسول اللہ کی

قبر میں ہر ایک کے تا حشر چپتے رہیں گے جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی

کا فر دل پر تیغ والا ہے کڑی برق غضب ابر آسا چھا گئی ہیبت رسول اللہ کی

لا و رب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

ذکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے پھر کہے مردک کہ ہوں امت رسول اللہ کی

نجدی اس نے تجھ کو مہلت دی کہ اس عالم میں ہے کافر و مرتد پہ بھی رحمت رسول اللہ کی

ہم بھکاری وہ کریم ان کا خدا ان سے فزوں اور نا کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی

اہلسنت کا ہے بیڑا پار اصحاب حضور نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

ٹوٹ جائیں گے گنہگاروں کے فوراً قید و بند حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللہ کی

یارب اک ساعت میں دھل جائیں سیہ کاروں کے جرم جوش میں آ جائے اب رحمت رسول اللہ کی

ہے گل باغ قدس رخسار زیبائے حضور سرو گلزار قدم قامت رسول اللہ کی

اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

Marfat.com

# اشتہار نیلام احاطہ جات منڈی

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ منڈی صادق آباد جو کہ ریلوے پاکستان لودھراں ... پر
واقع ہے ۹۵ قطعہ جات و دکانات بازار منڈی اور ... 
تعمیر ... بالکل موزوں ۱۰-۱۱ ستمبر ... بمقام منڈی صادق آباد

[illegible]

یوسف ... دکان زلیخا ہر دم ... بار ... ۔ کیتے دینی گلیں ... کیوں دیر لگائی ۔

ہر دم ... رب ... ۔ ہر دم ... عمل ... ۔

آہ ... یوسف ... ۔ ... ۔

... یوسف ... ۔ دروازے ... قفل لگا یا

... ۔ قفل ... ۔

یوسف ... ۔ ... قفل ... ۔

... دروازہ آپ یوسف ... ۔ مگر ... ۔

ہر دروازے ... ۔ ... حال ادرسی ۔

آن ملی دروازے ... ۔ ... یوسف دور گیا سو ۔

... ۔ ... کو لیا ۔

Marfat.com

Marfat.com

اس کتاب کا مالک غلام رسول جماعت ششم میں پڑھتا ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نام طالب علم غلام الرسول
بقلم خود جماعت ششم میں
پڑھتا ہے

Gulam rasool

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

377

Marfat.com